# ناموسِ اسلام

یعنی

# شانِ حسینؑ

(حصّہ اوّل)

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّہِمْ یُرْزَقُوْنَ

مُصَنَّفَہ

فضیلت مآب سیادت انتساب خلیفہ سیّد محمّد ہاشمؒ صاحب

پٹیالوی مرحوم و مغفور

ناشر

مکتبہ امامیہ مشن پاکستان پاک نگر، اکرم روڈ پوسٹ بکس ۲۸۵ لاہور

Marfat.com

۲۹۷٫۶۹۹۲۱
م۵۱ ح
۱۶۹۳۲

بار دوم ... ... ... مارچ ۱۹۷۰ء
تعداد اشاعت ... ... ایک ہزار
طابع ... ... ... مینجنگ ٹرسٹی امامیہ مشن لاہور
مطبع ... ... ... ... تعلیمی پریس لاہور
کتابت ... ... ... محمد اصغر قریشی طاہر رقم
قیمت ... کاغذ سفید 6/00 پانچ روپے 00
ناشر
مکتبہ امامیہ مشن پاکستان پاک نگر اکرم روڈ لاہور
پوسٹ بکس ۴۸۵

Marfat.com

# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| حالات مصنف (مولانا سید خلیفہ محمد ہاشم صاحب مرحوم) | ۹ |
| عرض ناشر | ۱۴ |
| تمہید | ۱۵ |
| **باب اول** | |
| سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کا تعارف | ۲۵ |
| حسینؑ کی شخصیت | " |
| حسینؑ کی شان قرآن مجید سے | ۲۶ |
| حسینؑ بحکم خدا فرزند رسولؐ ہیں | ۲۹ |
| حسینؑ ہم صورت نبیؐ ہیں | ۳۱ |
| حسینؑ کے ساتھ رسولؐ کا طریقہ سلوک | ۳۲ |
| حسینؑ کا رونا رسولؐ کو بےچین کرتا ہے | ۳۶ |
| حسنؑ و حسینؑ نماز کی حالت میں پشت رسولؐ پر سوار ہو جاتے ہیں | ۳۶ |
| شہادت حسینؑ کی پیشین گوئیاں رسول مقبولؐ کی زبانی | ۳۷ |
| **باب دوم** | |
| حسینؑ صحابہ کی نظر میں | ۴۵ |
| اصحاب کبار کی نظر میں حسینؑ کی عزت اور حسینؑ کے ساتھ انکا سلوک و طریق اور محبت | ۴۵ |
| حسینؑ کی محبت حضرت ابوبکر اور ابو ایوب انصاری کے دل میں | ۴۵ |
| حدیث رسول حضرت ابوبکر کی زبانی علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ، حسینؑ کا دوست رسول اللہؐ کا دوست ہے اور انکا دشمن رسولؐ کا دشمن | ۴۸ |
| حسینؑ کی عزت و منزلت حضرت عمر کے دل میں | ۵۰ |
| حسینؑ سیرت و شمائل میں نمونۂ رسولؐ ہیں | ۵۱ |
| **باب سوم** | |
| امام حسینؑ کا اسوۂ حسنہ | ۵۱ |
| حسینؑ کا اخلاق اور عطا و سخاوت | ۵۳ |
| حسینؑ کی عبادت نماز اور حج وغیرہ | ۶۰ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |


| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| معشوق اپنے عاشق کو جواب دیتا ہے | ۶۲ |
| حسینؑ کی عبادت شب عاشورا اور نماز ہائے روز عاشورا | ۶۴ |
| حسینؑ کا علم و فضل | ۶۶ |
| **باب چہارم** | |
| امام حسینؑ کی محبت کے متعلق اسلام کا قانون | ۷۰ |
| حسینؑ کی محبت تمام مسلمانوں پر فرض ہے | ۷۷ |
| حدیث حسینُ مِنّی و انا من الحسینؑ | ۸۲ |
| خدا کا حسینؑ سے کیوں پیار ہے اور رسول اللہؐ کو حسینؑ سے کیوں محبت ہے؟ | ۸۳ |
| **باب پنجم** | |
| حسینؑ اور اسلام | ۸۶ |
| حسینؑ نے اسلام کو کیونکر زندہ فرمایا؟ | ″ |
| ایک جرمن فلاسفر کی رائے حسینؑ کے متعلق | ۹۰ |
| ملک عرب کی تاریکی کا زمانہ اور آفتاب رسالت کا طلوع | ۹۸ |
| **باب ششم** | |
| محافظ اسلام اور دشمنان اسلام میں تصادم | ۱۱۴ |
| خلافت یزید اور واقعۂ کربلا کا آغاز | ″ |
| بنی امیہ، یزید اور واقعۂ کربلا و مدینہ و مکہ معظمہ کی تباہی کی بابت مورخین یورپ کے بیانات | ۱۲۹ |
| مدینہ سے حسینؑ کی روانگی | ۱۳۴ |
| حسینؑ کا مکہ میں قیام | ۱۴۰ |
| اہل کوفہ کی دعوت اور ہدایت کے لیے حسینؑ کو بلانا | ۱۴۳ |
| حسینؑ کی مکہ سے روانگی کی شان اور اس کی علت | ۱۵۱ |
| حرمت کعبہ اور فتح مکہ | ۱۵۲ |
| رسول اللہؐ کی ہجرت مکہ سے | ۱۵۳ |
| حسینؑ کی مکہ سے روانگی | ۱۶۲ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| حسینؑ کا مکہ سے سفر اور ڈاکٹر یسو باربین جرمنی کی رائے | ۱۷۵ |
| اہلِ کوفہ کون تھے ؟ | ۱۸۰ |
| حسینؑ کے ایلچی کی شہادت | ۱۸۸ |
| حسینؑ کی حُر سے ملاقات اور آنحضرتؑ کا لشکرِ حُر کو پانی پلانا | ۱۹۴ |
| حسینؑ کا کربلا میں ورود | ۱۹۹ |
| ابن زیاد کا خط لیکر شمر کا کربلا پہنچنا اور لشکرِ یزید کا آمادۂ جنگ ہونا حسینؑ کا عبادتِ خدا کے لیے ایک شب کی مہلت مانگنا | ۲۰۱ |
| شبِ عاشور حسینؑ کا خطبہ اور اصحاب کے جواب | ۲۰۳ |
| صبح عاشور | ۲۱۶ |
| حسینؑ کا حلیہ روزِ عاشور | ۲۱۸ |
| حُر کا حسینؑ کی طرف آنا | ۲۲۳ |
| حسینؑ کے اصحاب و اقربا کی جنگ | ۲۲۵ |
| عابس کی شہادت | ۲۲۰ |
| مسلم ابن عوسجہ | ۲۲۷ |
| وہب کلبی | ۲۲۹ |
| جابر ابن عروہ غفاری | ۲۳۲ |
| جَون | ۲۳۳ |
| حبیب ابن مظاہر | 〃 |
| شہادت علی اکبر علیہ السلام | ۲۳۷ |
| شہادت فرزندانِ مسلمؑ و اولادِ عقیل | ۲۴۰ |
| اولاد حضرت جعفر فرزندان حضرت زینب کی شہادت | ۲۴۱ |
| فرزندان حضرت حسنؑ کی شہادت | ۲۴۱ |
| اولادِ علیؑ فرزندان حیدرِ کرارؑ کی شہادت | ۲۴۲ |
| حضرت عباس کی شہادت | ۲۴۳ |
| شہادت علی اصغرؑ | ۲۵۱ |
| حسینؑ کی اہلبیت سے آخری رخصت | ۲۵۵ |
| حسینؑ کا آخری جہاد | ۲۵۸ |
| حسینؑ کی مناجات | ۲۶۹ |
| حسینؑ قربانگاہِ الٰہی میں ایک اور قربانی چڑھاتے ہیں | ۲۷۳ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| حسینؑ کی شہادت | ۲۷۷ | تقاریظ | ۳۱۸ |
| حسینؑ کی خدمت میں مؤلف کا مودبانہ ومخلصانہ خطاب | ۲۸۹ | قطعات تاریخ تالیف و | ۳۲۱ |
| | | طبع کتاب ہذا | ۳۲۴ |
| برادران اسلام کی خدمت میں ایک مخلصانہ اپیل | ۳۰۳ | فہرست ان کتابوں کی جن سے اس کتاب میں استفادہ کیا گیا ہے | ۳۲۵ |
| خاتمۂ کتاب | ۳۱۴ | | |


Marfat.com

# جناب مولانا خلیفہ سید محمد ہاشم صاحب مرحوم

## مصنف "ناموسِ اسلام" حصہ اول و دوم اور رسالہ "نعرۂ حق"

مولانا خلیفہ سید محمد ہاشم صاحب مرحوم سادات نقوی البخاری اولاد جناب مخدوم سید جلال الدین بخاری اعلی اللہ مقامہ کے سے تھے جن کا مزار اوچ شریف تعلقہ بہاولپور میں ہے۔ ان کے مورث اعلیٰ بغرض تبلیغ اسلام سامانہ (ریاست پٹیالہ) میں سکونت پذیر ہوئے۔

ریاست پٹیالہ سے ان کے خاندان کی وابستگی ریاست پٹیالہ کے بانی راجہ آلہ سنگھ کے عہدِ حکومت میں اس طرح ہوئی کہ ان کے پردادا حکیم سید غلام حسن صاحب مرحوم کو جو اپنے زمانے کے یگانہ و منفرد طبیب تھے راجہ نے پٹیالہ بلا کر اپنا خاندانی معالج مقرر کیا۔ اس کے بعد ان کے بیٹے حکیم سید سعادت علی صاحب اپنے باپ کے جانشین ہوئے پھر اپنی خداداد قابلیت اور علم و فضل کی بنا پر ولیعہد ریاست کی اتالیقی کے لیے منتخب ہوئے اس وجہ سے ان کی اولاد "خلیفہ" کے لقب سے سرفراز ہوئی۔

حکیم سید سعادت علی صاحب کے چھ فرزند ہوئے۔ (۱) وزیر الدولہ مدبر الملک خان بہادر خلیفہ سید محمد حسن صاحب مرحوم مصنف "اعجاز التنزیل" و تاریخ پٹیالہ (۲) مشیر الدولہ ممتاز الملک خان بہادر خلیفہ سید محمد حسین صاحب مرحوم مترجم "مقاطع برنیر" (۳) مولانا خلیفہ سید محمد کاظم صاحب مرحوم (۴) خلیفہ سید محمد محسن صاحب مرحوم متین۔ ان باکمالوں نے ریاست پٹیالہ کی شہرت کو چار چاند لگائے اور انکی خدمات ریاست و ملک و ملت ہمیشہ زندہ و یادگار رہیں گی۔ اسلامی دنیا عموماً اور مومنین پنجاب

بالخصوص جو ان کے احسانات ہوئے وہ ناقابلِ فراموش ہیں۔
خلیفہ محمد ہاشم صاحب کے والد ماجد جناب مولانا خلیفہ سید کاظم صاحب مرحوم سیشن جج و ڈپٹی وزیر خارجہ کے عہدہ پر ممتاز رہے۔ محبت آلِ محمد علیہم السلام ان کے رگ و ریشہ میں خون کی طرح دوڑی ہوئی تھی۔ انہی پر موقوف نہیں یہ سارا خاندان اس دولت سے مالا مال تھا۔ مولانا سید محمد کاظم صاحب مرحوم کی تنخواہ کا زیادہ حصہ یتیموں بیواؤں اور نادار مومنین کی اعانت میں خرچ ہوتا تھا۔ وہ بڑے عبادت گزار، متقی و پرہیزگار اور عابدِ شب زندہ دار تھے۔ انھوں نے ہمیشہ اہل اللہ کی سی زندگی بسر کی۔ فرائضِ منصبی کی ادائیگی کے علاوہ جو وقت بچتا تھا وہ یا تو علمی اذکار میں صرف ہوتا تھا یا عبادت الٰہی میں گزرتا تھا۔ سال کے ۳۶۵ دنوں میں سے ۳۰۰ دن ان کے مکان پر مجالس و محافل منعقد ہوا کرتی تھیں۔ یکم محرم الحرام سے ۸ ربیع الاول تک تو مسلسل شب کو مجلس جناب سید الشہداء علیہم السلام برپا ہوتی تھی۔ جن لوگوں نے پٹیالہ کی بہاریں دیکھی ہیں ان کا کہنا ہے کہ ہندوستان کے ہر عالم و واعظ کا بیان ہم نے خلیفہ صاحب مرحوم کی بدولت سنا۔ مومن نوازی کا یہ عالم تھا کہ ان کا گھر "ہوٹل المومنین" مشہور تھا۔ ان کے تقدس کی بنا پر نہ صرف شیعہ و سنی حضرات بلکہ ہندو و سکھ تک ان کا احترام کرتے تھے۔ یہ کوئی مبالغہ آمیز تعریف نہیں بلکہ سرتاسر ایک حقیقت ہے۔
ان کو عزائے حسین علیہم السلام سے والہانہ عشق تھا۔ خود بہت پائے کے واعظ تھے اللہ تعالیٰ نے محبت اہلبیت کے صدقہ میں نہایت نورانی چہرہ عطا فرمایا تھا مجالس میں ان کا بیان بڑا پُر اثر ہوتا تھا۔ بالخصوص مصائب ایسے دردناک انداز میں بیان فرماتے تھے کہ لوگ پھوٹ پھوٹ کر روتے تھے ان کی موت کا واقعہ ان کی پاکیزگی نفس کی روشن دلیل ہے۔ اپنے گھر کی مجلس اربعین پڑھ کر جب ممبر سے اترے تو نماز شکرانہ ادا کی اور جانماز پر بیٹھے ہوئے خلیفہ

سید محمد ہاشم صاحب کو اپنے پاس بلا کر خدا حافظ کہا اور اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر کے جوار سید الشہداء کی سمت کوچ کر گئے۔

ان کے تین بیٹے تھے۔ سید محمد قاسم صاحب، سید محمد ہاشم صاحب و سید محمد سالم صاحب۔ سید محمد قاسم صاحب نے والد کی حیات میں انتقال کیا اور سید محمد سالم صاحب ان کی رحلت کے بعد عنفوان شباب میں انتقال فرما گئے لہٰذا دونوں بھائیوں کی اولاد بھتیجوں کو انتہائی شفقت و محبت سے پرورش کیا۔ خود لا ولد تھے خلیفہ سید محمد ہاشم صاحب کی پرورش و تربیت جس ماحول میں ہوئی اس کا تذکرہ اوپر ہو چکا۔ پدر بزرگوار کے علاوہ ان کی والدہ مرحومہ دختر جناب شمس العلماء مولانا محمد حسین آزاد دہلوی مرحوم تھیں جو خلیفہ صاحب مرحوم کی تعلیم و تربیت میں خود نمایاں حصہ لیتی رہیں جس کا نتیجہ یہ تھا کہ کم سنی میں اردو، فارسی، عربی میں کافی دستگاہ حاصل ہو گئی مجالس پڑھنے کا شوق جناب مولانا سید محمد سبطین صاحب مرحوم و مغفور نے ان کے اندر پیدا کیا۔ ۱۹۱۸ء میں ان کے چھوٹے بھائی خلیفہ سید محمد سالم مرحوم ہوسل کے مریض تھے بغرض علاج کمارہٹی (شملہ) پہاڑ پر تھے۔ محرم آ گیا۔ ان کی حالت نازک تھی اس وجہ سے بھائی کے پاس رکنا ضروری تھا اور پٹیالہ نہ پہنچنے کی وجہ سے بہت بے چین ہو گئے۔ مولانا مرحوم نے تحریر فرمایا کہ خود پڑھیے۔ وہاں انھوں نے ابتدا کی اور پھر منزل کمال کو پہنچے۔

تصنیف کی ترغیب جناب ادیب اعظم مولانا سید ظفر حسن صاحب امروہوی مدظلہ نے دلائی، ان کے اور جناب مولانا سید محمد سبطین صاحب مرحوم کے صلاح و مشورہ سے "ناموس اسلام" لکھی گئی اور آقا محمد طاہر صاحب مرحوم نبیرہ آزاد مرحوم کی کاوش سے زیور طبع سے آراستہ ہوئی۔ حقیقت ہے مرحوم نے فضائل پنجتن پاک اور واقعات زندگی امام حسین علیہم السلام

Marfat.com

کا سدابہار گلدستہ تیار کیا جو نظر نواز اور روح افزا ہی نہیں بلکہ مشعلِ راہ ہے۔
مرحوم کی یہ خصوصیت تھی کہ جو حوالے انھوں نے کسی کتاب سے دیئے ہیں ان کو اصل کتاب میں خود دیکھ کر درج کیا ہے اور ایسی تمام کتب ان کے کتب خانہ میں موجود تھیں۔ تقسیمِ ملکی کے بعد ان کا تمام کتب خانہ ظالموں نے برباد کر دیا جبکہ وہ چھوڑ کر لاہور آئے تھے۔ اس کا صدمہ تا دمِ مرگ ان کو رہا۔ "نعرۂ حق" مرحوم نے ساداتِ عظام و مسلمانانِ پنجاب کو قانونِ شریعت پر عمل کی ترغیب کے لیے تصنیف کیا تھا اور اس کو "یادگارِ حسینی" ۱۹۴۲ء کے موقع پر ملک میں مفت تقسیم کیا۔ یہ اس تحریک کا نتیجہ تھا کہ مسلمانانِ پٹیالہ نے اسی سال حکومتِ پٹیالہ سے درخواست کی کہ ہم وراثت میں قانونِ شریعت کی پابندی کریں گے۔
خلیفہ سید محمد ہاشم صاحب اپنے والد مرحوم کے صحیح جانشین تھے۔ عباداتِ الٰہی کے بعد ذکرِ محمدؐ و آلِ محمدؑ ان کا وظیفہ و فریضہ تھا اور اس کی ہر وقت تعلیم و ہدایت فرماتے رہتے تھے۔ مومنین کی پرورش، یتیم پروری اور غربا نوازی ان کا شعار تھا۔ خود تکلیف اٹھاتے تھے لیکن ان امور سے کبھی غافل نہ ہوتے تھے۔
تقسیمِ ملک کے وقت جب پٹیالہ میں فسادات ہوئے اور ان کے محلہ کو خطرہ لاحق ہوا تو سب اہلِ خاندان نے اصرار کیا کہ آپ خاندان کے ان مکانات میں تشریف لے جائیں جہاں سب افرادِ خاندان ہیں۔ چونکہ مومنین محلہ تیار نہ ہوئے لہٰذا وہاں جانے سے انکار کر دیا۔ محلہ اور کوٹھی پر جب حملہ ہوا تو خلیفہ صاحب معجزانہ طور پر ہلاکت سے بچے۔ رات کو گھر کے سامنے امامباڑہ میں منتقل ہوئے۔ وہاں بھی حملہ ہوا لیکن وہ اور ان کے ساتھ ۳۷۰ افراد محفوظ رہے۔ ایک سکھ سب انسپکٹر پولیس جس پر

ان کے پوتے خلیفہ سید سعید حسن مرحوم کے احسانات تھے انھیں وہاں سے نکال لے گیا۔
خلیفہ صاحب مرحوم نے فرمایا کہ میرے ساتھ جو لوگ ہیں انھیں بھی لے کر چلو۔ اس نے
معذوری ظاہر کی، اس پر انھوں نے آنے سے انکار کر دیا۔ آخر وہ سب کو لے کر آیا۔

تقسیم ملک کے بعد جب لاہور پہنچے تو سب اہلِ خاندان کو جمع کیا۔ مردوں، عورتوں
اور بچوں سے فرمایا کہ دیکھو، ہجرت سنتِ رسولؐ ہے، نقصانات و تکالیف سے مت
گھبراؤ، بس دامنِ محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام کو تھامے رہنا۔ ذکرِ حسین علیہ السلام
کو کسی حال میں فراموش نہ کرنا۔ جب تک حالات درست نہ ہوں ٹھنڈا پانی لینا
اور ذکرِ حسینؑ کرنا۔ جیسے جیسے حالات سنورتے جائیں اس عملِ خیر کو ترقی دینا
انشاءاللہ تم لوگ خوش و خرم اور شاد و آباد رہو گے۔

مجالس و محافل "گلستانِ زہرا" ایبٹ روڈ لاہور ان ہی کی یادگار ہیں۔ مرحوم کی ملکیت
۷۰۰ ایکڑ اراضی زرعی تھی وہ سب مجالس حضرت امام حسین علیہ السلام و امورِ خیر کیلئے وقف فرمائی۔

۹ ذی الحجہ ۱۹۴۹ء کی شب کو خواب دیکھا کہ ارواحِ اعزا تشریف لائی ہیں اور
ان کے والد مرحوم فرما رہے ہیں کہ "محمد ہاشم تم بہت بیمار اور تکلیف میں ہو، تمھیں
لینے آئے ہیں، چلو۔" عرض کی "محرم کا چاند ہونے والا ہے اور مجھے آقا و مولا حسینؑ
کی صفِ ماتم بچھانا ہے، یہ کام انجام دے کر چلوں گا۔"

۳ محرم الحرام کی سہ پہر کو اس دارِ فانی سے رحلت کی اور ۴ محرم کی صبح کو
قبرستانِ مومن پورہ لاہور میں دفن ہوئے۔ آغا محمد طاہر مرحوم نے ان کی قبر کے
لیے مندرجہ ذیل شعر تجویز کیا جو پتھر پر کندہ کر دیا گیا ~

داغِ فراقِ صحبتِ غم کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی تھی سو وہ بھی خموش ہے

Marfat.com

# عرضِ ناشر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاہِرِیْنَ

اسلام اور انسانیت کے محسن، ناموسِ اسلام کے محافظ، احرارِ زمانہ کے سرخیل، گلشنِ رسالت کے سدا بہار شگفتہ پھول فرزندِ رسول الثقلین سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کے مجاہدۂ کربلا کے خوشگوار اثرات کی چھاپ تاریخ اسلام کے ہر اہم واقعہ پر ثبت ہو چکی ہے۔ ان کی زندگی کے مقدس واقعات اس قدر مرغوب و مطلوب ہیں کہ ہر ایک انسان کو ان کے ساتھ اس قدر گہری دلچسپی ہے کہ ہر آن ہر زبان میں ان پر لٹریچر شائع ہوتا رہتا ہے۔ ہر سال انکا تذکرہ کروڑوں اربوں انسان قلبی عقیدت اور والہانہ عشق و محبت سے کرتے ہیں مگر فطرتِ انسان ہے کہ سیر نہیں ہوتی۔

زیرِ نظر کتاب بھی باشعور عقیدت اور باذوق مودّت کے ساتھ امام حسین علیہ السلام کے حالات پر ایک عمدہ دستاویز ہے جس میں قرآن و حدیث کے آئینہ میں امام پاک کی عظمتِ شان، واقعۂ ہائلہ کربلا کے اسباب و نتائج اور شہدائے کربلا کی بے نظیر قربانیوں کی دلدوز اور ایمان افروز تفصیلات کے ساتھ ساتھ دشمنوں کے پیدا کردہ بعض شبہات اور بے معرفت ناسمجھ احمقوں کے اعتراضات کا مسکت جواب بھی شامل ہے۔ اسلوبِ نگارش عمدہ اور طرزِ استدلال بہت موثر ہے۔

عرصہ سے یہ مفید کتاب نایاب تھی فاضل مصنف کے ورثاء نے اس امر کو پسند کیا کہ اسکی اشاعت پاکستان میں علوم محمدؐ و آلِ محمدؐ کی مثالی نشرگاہ امامیہ مشن پاکستان ٹرسٹ کے ذریعہ ہو۔ محترم المقام تقدس مآب خلیفہ سعادت حسین صاحب نے اس کتاب کی اشاعت کے کارِ خیر میں اعانت کے طور پر مبلغ پانچصد روپیہ عنایت فرمایا ہے جس کے لیے ہم سپاس گزار ہیں۔ امید واثق ہے کہ تمام حلقوں میں اس کتاب کو پسند کیا جائیگا اور مشن کی توسیعِ رکنیت میں ہمارے ساتھ تعاون کیا جائیگا۔ قارئین کرام مصنف اعلام اور اس خاندان کے اخلاف صالحین کے لیے خوشحالی، بہبودی اور مغفرت کیلیے دعا فرمائیں۔ والسلام

اخلاص کیش:

(الحاج خواجہ) حبیب علی مینجنگ ٹرسٹی امامیہ مشن پاکستان ٹرسٹ لاہور

Marfat.com

# تمہید

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ ؕ

وہ واجب الوجود ذات، ان دیکھی، ان بوجھی ہستی جو اللّٰہ کے پیارے نام سے پکاری جاتی ہے جس طرح اپنے وجود و ذات میں یکتا اور بے مثل و بے نظیر ہے اسی طرح وہ وحدہٗ لاشریک ذات اپنے کمال و صفات میں بھی جو اس کی عین ذات ہیں بے عدیل و بے مثال ہے۔ وہ پاک و پاکیزہ ذات جو نہ دیکھنے میں آسکتی ہے اور نہ چھوئی جاسکتی ہے مگر ہر جگہ موجود اور ہر زمانہ میں حاضر و ناظر ہے جب کچھ نہ تھا تب بھی وہ تھا اور جب کچھ نہ ہوگا اس وقت بھی وہی ہوگا جو اب بھی ہے۔ یہ تماشہ گاہِ عالم، یہ ہست و نیست ہونے والی دنیا اپنی زائل و فانی ہونے والی ہستیوں سے اس لازوال ہستی کا نشان دے رہے ہیں اور یہ آناً فاناً بدلنے والی کائنات اور یہ گھٹنے بڑھنے والے موجودات اس غیر فانی و ناتغیر پذیر حقیقی وجود کا پتہ بتا رہے ہیں کہ جس کے وجود سے جملہ موجوداتِ عالم قائم و برقرار ہیں۔ ہمارا ہونا اس کے ہونے کی دلیل ہے اور ہر ایک مصنوع اپنے صانع کا بینہ ہے۔

پھولوں میں اسی کی مہک ہے۔ ذرّوں میں اسی کی چمک ہے۔ غنچوں میں اسی کی چٹک ہے۔ کانٹوں میں اسی کی کھٹک ہے۔ بجلی میں اسی کی کڑک ہے۔ دنیا میں اسی کی جھلک ہے ؎

گلشن میں صبا کو جستجو تیری ہے ۔ بلبل کی زباں پہ گفتگو تیری ہے

ہر رنگ میں جلوہ ہے تری قدرت کا　　جس پھول کو سونگھتا ہوں بو تیری ہے

موجوداتِ عالم کا ذرہ ذرہ اپنے خالقِ حقیقی اور صانعِ اصلی کے وجود کا پتہ دے رہا ہے ؎

ہر گیا ہے کہ از زمیں روید　　وحدہٗ لاشریک لہٗ گوید

؎

برگ درختانِ سبز در نظرِ ہوشیار　　ہر ورقے دفتریست معرفتِ کردگار

پس ان آنکھوں سے دور مگر دل سے قریب سمیع و بصیر، علیم و خبیر شاہدِ حقیقی نے اپنی معرفت و شناسائی کا جلوہ دکھانے کے لیے اس نمائش گاہِ دنیا کو اپنے گوناگوں ایجادات اور رنگارنگ مصنوعات سے سجایا (حدیث قدسی کنت کنزاً مخفیاً فخلقت الخلق لکی اعرف) انسان ضعیف البنیان کو جملہ مصنوعات و مخلوقاتِ عالم کا مجموعۂ کمال بنا کر (اتزعم انک جسم صغیر و فیک انطوی العالم الاکبرُ۔ امیرالمومنین علیؑ) اشرف المخلوقات کا لقب دیا اور سرداری کا شرف بخشا۔ پھر اس نوعِ انسانی میں سے کچھ برگزیدہ ہستیوں کو اپنے خاص کمال اور صفاتِ علم و عمل سے مزین فرما کر انسانِ کامل بنا کر اشرف الانسان بنایا اور اپنی معرفت کے جام پلائے اور درجۂ تقرب بخشا۔ کسی کو روح اللہ فرمایا تو کسی کو کلیم اللہ کا خطاب دیکر واصطنعتک لنفسی ارشاد ہوا۔ کسی کو خلیل اللہ کے لقب سے یاد فرمایا تو کسی کو ذبیح اللہ کا خلعت بخشا۔ کسی بزرگوار کو نجی اللہ فرمایا تو کسی کو نعم العبد ایوبؑ سے یاد کیا گیا۔ کسی کو نبی بنایا تو کسی کو رسالت کا عہدہ بخشا، اور بمصداق تلک الرسل فضلنا بعضھم علیٰ بعض، بعض کو بعض پر فضیلتیں بخشیں اور اپنے آسمانِ ہدایت کو صراطِ مستقیم کے ان روشن تاروں

سے جگمگایا (وبالنجم ھم یھتدون۔ سورۃ نحل) اور دنیا کی رہبری و ہدایت کے لیے بھیجا۔

اس خالق حقیقی اور صانع ازلی نے اپنے دستِ قدرت سے ان سب مقدس ہستیوں میں سب سے افضل اور سب سے اعلیٰ ایک ایسی نورانی اور مقدس ہستی کو اپنے جملہ فضل و کمال کی صنعتوں اور تمام حسن و جمال کی طلعتوں کا ایسا کامل و اکمل آئینہ بنایا کہ خود مصورِ قدرت نے بھی اس پیکرِ جمال و کمال کی تصویر کھینچ کر اپنی صنعت و قدرت کے ہاتھوں کو چوم لیا اور فتبارک اللہ احسن الخالقین فرمایا اور خود وہ صانع حقیقی اور خالق ازلی اپنی اس مصنوع کا فریفتہ اور اپنی اس مخلوق کا شیدا بن گیا۔ زبانِ قدرت سے کبھی محبوب کے پیارے نام سے یاد فرمایا اور کبھی لولاک لما خلقت الافلاک سے خطاب کیا۔

اس ملکِ جلیل حامد و محمود خالق کون و مکان نے اپنی اس پیاری مخلوق، نورانی ہستی، جانِ جہان کو محمدؐ کے پیارے نام سے مسمیٰ فرما کر اور انتہائی درجۂ قربت دنیٰ فتدلیٰ فکان قاب قوسین او ادنیٰ مرحمت فرما کر سب نبیوں کا سردار اور سب رسولوں کا سالار بنایا اور سید المرسلین خاتم النبیین کے خلعت سے سرفراز فرمایا اور قیامت تک دینِ محمدی کو اپنا دین اسلام اور اپنا صراط مستقیم بنایا۔ انک لعلیٰ صراط مستقیم فرما کر ان الدین عند اللہ الاسلام کا ارشاد بھی ہوا۔ پس خدا کے اس پیارے رسولؐ نے اور اس حبیب رب العالمین نے اپنے عاشق اور اپنے پیارے محبوب وحدہٗ لاشریک کے نام کو، اس کی توحید کو اور اس کے دین اسلام کی شعاعوں کو مشرق سے مغرب تک پھیلایا اور چار دانگ عالم میں توحید کے ڈنکے بجا دیے خدائے پاک کے دین اور اس کے اسلام کے نورانی احکام سے عالم

کو روشن فرمایا۔ اپنی روشن برہان سے اپنے علم وکمال سے، اپنے افعال واقوال سے اپنی سیرت وطریق سے، اپنے خلق واحسان سے توحیدِ الٰہی اور اسلام کے حسن وخوبی کے سکے دنیا کے دلوں پر جما دیے اور ہر ایک چھوٹے سے چھوٹے اور بڑے سے بڑے دینی ودنیوی، تمدنی ومعاشرتی، سیاسی وملکی امور ومعاملات کے متعلق شریعتِ محمدی وقانونِ اسلامی کے ایسے نورانی احکام قیامت تک کے لیے ایسے اٹل اور ناقابلِ ترمیم واصلاح قائم فرمائے جو ہر زمانہ میں، ہر عہد میں، ہر ملک میں، ہر قوم میں بہتر سے بہتر اور مفید سے مفید ثابت ہوئے اور ہو رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔ غرضکہ دنیا کی کوئی قوم، کوئی ملت کسی اپنے ایسے ہادی ورہبر کو اس محبوبِ الٰہی وہادئ برحق محمدؐ عربی کے مقابلہ میں پیش نہیں کر سکتی جو اس بانئ اسلام سے زیادہ بڑھ کر سیرت وصورت میں روحانیت وانسانیت میں کمالات عالیہ کا نمونہ اور صفاتِ الٰہیہ کا آئینہ ہو اور جس کے اقوال وافعال حکمتِ الٰہی کا خزینہ اور جس کی پیروی تہذیب، اخلاق وتزکیۂ نفس کے لیے اور دین ودنیا کی فلاح وبہبود کے لیے ترقی کا زینہ ہو۔ بلاشک دنیا کی کوئی قوم کسی اپنے ہادی ورہبر کا کوئی ایسا جامع وکامل خدائی قانون پیش نہیں کر سکتی جیسا کہ دینِ محمدی کے بانی نے اپنے خالق ومالک خدائے جلیل کا ایک کامل واکمل یونیورسل لاء دنیا کی ہدایت ورہبری کے لیے چھوڑا ہے۔ کل شیء احصیناہ فی امام مبین ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین دینِ محمدی کے زرّیں اصولوں اور اسلام محمدی کے بے مثال فلاح وبہبود کے مبارک قانون کو آج دنیا کی دوسری قومیں اپنی ترقی وفلاح وبہبود کے لیے اختیار کرتی جاتی ہیں اور اگرچہ بظاہر دینِ اسلام اور طریقۂ محمدی کی قبولیت سے تنگ دلی کی جاتی ہے اور تعصب سے زبانِ اعتراض بھی کھول اٹھتے ہیں مگر محمدؐ

عربی کے فضل وکمال اور دینِ اسلام کی فوقیت و برتری کا اقرار کیے بغیر بھی نہیں رہا جاسکتا۔ یورپ و ایشیا کے بعض محققین علماء و حکمائے سابق وحال کی تصانیف کو ملاحظہ فرماؤ اور دینِ محمدی کی حقانیت کا جلوہ دیکھو۔ الفضل ماشہدت بہ الاعداء۔ ملاحظہ ہو، اسلام کے متعلق مسٹر باسورتھ سمتھ صاحب ایم۔اے اپنی کتاب "محمدؐ اینڈ محمدن ازم" میں لکھتے ہیں۔" اللہ سب سے بڑا ہے اور اس کے سوا اور کوئی شئے بڑی نہیں ہے۔ یہی مسلمانوں کا مذہب ہے اسلام۔ یعنی انسان کو چاہیے کہ خدا کی مرضی پر توکل کرے اور ایسا کرنے میں نہایت خوش ہو۔ یہی مسلمانوں کا طرزِ زندگی ہے۔"

نیز آنریبل سر ولیم میور صاحب اپنی کتاب لائف آف محمدؐ" کی جلد دوم کے صفحہ ۲۶۹ و ۲۷۱ مطبوعہ ۱۸۶۱ء میں ارقام فرماتے ہیں کہ" ہجرت سے تیرہ برس پہلے تو مکہ ایسی ذلیل حالت میں بے جان پڑا تھا مگر ان تیرہ برسوں نے کیا ہی اثرِ عظیم پیدا کیا کہ سینکڑوں آدمیوں کی جماعت نے بت پرستی چھوڑ کر خدائے واحد کی پرستش اختیار کی اور اپنے اعتقاد کے موافق وحیِ الٰہی کی ہدایت کے مطیع و منقاد ہوگئے۔ اسی قادرِ مطلق سے بکثرت و بشدت دعا مانگتے۔ اسی کی رحمت پر مغفرت کی امید رکھتے اور حسنات و خیرات اور پاکدامنی اور انصاف کرنے میں بڑی کوشش کرتے تھے۔ اب انھیں شب و روز اسی قادرِ مطلق کی قدرت کا خیال تھا اور یہ کہ وہی رزاق ہمارے ادنیٰ حوائج کا بھی خبر گیراں ہے" (اعجاز التنزیل صفحہ ۲۸ و صفحہ ۳۳) اور نیز ملاحظہ ہو کہ لالہ لاجپت رائے صاحب اپنی کتاب سوانح عمری سوامی دیانند صفحہ ۵۷ میں کیا تحریر فرماتے ہیں۔ وہو ہذا۔" جس وقت بھارت ورش میں مذہبی کمزوری اپنا پاؤں جمارہی تھی اس وقت عرب کے ریگستان میں ایک مہا پرش (عظیم الشان انسان) ایک عجیب و غریب مذہب کی تعلیم دے رہا تھا۔ اسلام کی وحدانیت کیا ہے؟ ایک

Marfat.com

آتش خیز پہاڑ تھا جس کی ابلتی ہوئی لہر کے سامنے نہ بت پرستی ٹھہری نہ انسان پرستی ٹھہری نہ عیسیٰ پرستی۔ جہاں جہاں تک یہ لہر پہنچی راستہ میں صفائی کرتی چلی گئی۔[1]

غرض کہ یہ دین اسلام جس نے اپنی خوبیوں سے دنیا کو روشن و منور فرمایا اور عالم کے گوشہ گوشہ میں اس کے جلوے نظر آئے دنیا کا کوئی حصہ باقی نہیں ہے کہ جہاں اس کے نور کی شعاعیں نہ پہنچی ہوں مگر اس اسلام کی تاریخ میں بانیٔ اسلام کے تقریباً نصف صدی بعد ہی ایک ایسا دردناک و غم انگیز عظیم الشان واقعہ نظر آتا ہے کہ جو معرکۂ کربلا کے نام سے مشہور ہے اور جس کا ہیرو اس بانیٔ اسلام کا پیارا جان و جگر حسینِ مظلوم ہے کہ جس نے عالم کو ہلا دیا، دنیا کو تہ و بالا کر دیا۔ جو دنیا کی تاریخ میں ہر شان سے اور ہر پہلو سے کیا بلحاظ اپنی مصیبتِ عظیم اور بے نظیر دردناک واقعہ کے اور کیا بلحاظ اپنی صداقت و حقانیت کے اور اپنے صبر و استقلال کے اپنی نظیر آپ ہی ہے جس کا دردناک نظارہ ہر وقت تازہ اور جس کا غمناک سین ہر زمانہ میں خون کے آنسو رلانے والا ہے جیسا کہ انگلستان کے مشہور مورخ مسٹر گبن نے اپنی تاریخ ڈاون فال آف رومن امپائر (زوال سلطنتِ روم) میں اس واقعۂ حسینؑ کی عظمت و شان اور اس کے پُر اثر ہونے پر ان پُر زور الفاظ سے روشنی ڈالی ہے:۔

---

[1] نیز مسٹر گبن، باسورتھ سمتھ، سر ولیم میور، کارلائل، ریورنڈ راڈویل، سیل وغیرہ علماء و فضلاء یورپ و ایشیا کی تصنیفات اور رایوں کو ملاحظہ فرماؤ اور رسولِ عربیؐ کی شان اور اسلامی فوقیت و برتری کو دیکھو (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو "تحقیق التنزیل" مؤلفہ جناب مرحوم و مغفور وزیر الدولہ مدبر الملک خلیفہ سید محمد حسن خان بہادر وزیر اعظم ریاست پٹیالہ اور کتاب "حقائق اسلام" مولفہ جناب مولانا مولوی فرح اللہ صاحب لکھنوی۔

*In a destent age and Climate the tragic Scene of the death of Hosain will awaken the sympathy of the coldest reader.*

صدیوں اور زمانوں کے گزر جانے پر بھی دور دراز ملکوں میں بھی ہر جگہ شہادت حسینؑ کا دردناک نظارہ ہمیشہ ہمیشہ پتھر سے پتھر دلوں کو بھی پگھلائیگا اور ہمدردی حاصل کرتا رہیگا۔

نیز دیکھو مسٹر ای براؤن نے اپنی تاریخ لیٹریری ہسٹری آف پرشیا جلد اوّل صفحہ ۲۲۶ میں بذیل حالات یزید و واقعۂ کربلا لکھا ہے "خصوصیت سے کربلا کے حادثہ نے دنیائے اسلام میں ایک خوفناک سنسنی پھیلا دی اور ایسا کون متنفس ہے کہ جو درد بھرا دل رکھتا ہو اور پھر حالات کربلا کو پڑھ کر اس کا دل نہ پسیجے"

بلاشک، کربلا کا واقعہ حق و باطل کا مقابلہ ہے۔ صدق و کذب کی جنگ ہے۔ ایک طرف صبر و استقلال اپنے انتہائی کمال کے جلوے دکھلا رہا ہے تو دوسری جانب سے منتہائے ظلم و جور اور سنگدلی کے نظارے پیش کیے جاتے ہیں۔ ایک طرف اگر راہِ مستقیم دکھلائی جاتی ہے تو دوسری طرف کفر و ضلالت کی دعوت دی جاتی ہے۔

مسٹر جان اوتنگ چار سو شعر میں حسینؑ مظلوم کا دردناک مرثیہ لکھتا ہے۔ کربلا کا خونی منظر دکھلاتا ہے اور حسینؑ کی تعریف و توصیف کرکے آخری رائے یہ ظاہر کرتا ہے کہ :-

" حسینؑ دیندار، خداپرست، فروتن، خلیق اور بے مثل بہادر تھا۔ حسینؑ سلطنت و حکومت کے لیئے نہیں لڑتا تھا بلکہ خداپرستی کے جوش میں وہ یزید سے اس واسطے بیزار تھا کہ یزید کے افعال

دینِ احمدی کے خلاف تھے۔" (رسالہ نظام المشائخ محرم ۱۳۲۸ھ جو زیرِ سرپرستی و زیرِ ادارت جناب مولانا خواجہ حسن نظامی صاحب شائع ہوتا ہے)

نیز سوامی شنکر اچاریہ جی فرماتے ہیں کہ "اگر حسینؑ نہ ہوتا تو دنیا سے اسلام کا وجود مٹ جاتا اور دنیا ہمیشہ کے لیے خدا پرستی اور نیکیوں سے خالی ہو جاتی۔ میں نے حسینؑ سے بڑھکر کوئی شہید نہیں دیکھا اور حسینؑ کی شہادت کے اثر سے زیادہ کسی شہید کی قربانی کا اثر نہیں ہوا" (اخبار پیغامِ عمل فیروزپور ۹ جولائی ۱۹۲۶ء)

فی الحقیقت جس طرح بانیٔ اسلام محمد عربیؐ نے کفر و ضلالت کی تاریکیوں کو ہٹا کر شمعِ اسلام کو روشن فرمایا اور اذیتیں جھیل کر، تکلیفیں اٹھا کر باغِ اسلام کو سرسبز و شاداب بنایا اسی طرح رسول اللہ کے بعد تیز و تند آنے والی آندھیوں کی زد سے اور یزید و بنی امیہ کے کفر و ضلالت کی فنا کرنے والی سیل سے اسلام کو بچانے اور محفوظ رکھنے کے لیے حسینؑ نے اپنے خون سے نہایت مضبوط اور اٹل سدِ سکندری تیار کی جو قیامت تک قائم و برقرار رہے گی اور اسلام کی حقانیت و صداقت کی حفاظت کرے گی۔

کوئی محقق ہو یا فلاسفر، عالم ہو یا مورخ، یورپ کا ہو یا ایشیا کا، مسلم ہو یا غیر مسلم، دوست ہو یا دشمن، جس نے بھی اپنی تحریریں یا تقریریں مورخانہ نظر سے یا فلسفیانہ خیال سے تاریخ اسلام پر روشنی ڈالی ہے ممکن نہیں کہ واقعۂ کربلا کا ذکر کرتے ہوئے حسینؑ کی دردناک مصیبت اور معرکۂ شہادت پر اپنی قلم سوز رقم سے صفحۂ قرطاس پر خون کے دو قطرے نہ ٹپکاتا گیا ہو۔

پس ہماری اس کتاب کا موضوع وہی مظلوم و غریب شہرۂ آفاق حسینؑ

۱۶۹۳۲

Marfat.com

ہے کہ جس کا پیارا نام ہر ایک مسلمان کی زبان پر ہے اور جس کو کم و بیش تمام مسلمان ضرور محبت سے یاد کرتے ہیں اور غیر مسلم اقوام کے ریفارمر اور لیڈر اصحاب بھی اس کی صداقت و حقانیت کو تسلیم کرتے ہوئے اس کو اور اس کے کارناموں کو عزت و احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ بلاشک حسینؑ سب مسلمانوں کا یکساں پیارا اور تمام اہلِ اسلام کا یکساں دوست ہے بلاشبہ حسینؑ تمام مسلمانوں میں کلمۃ سواء بیننا و بینکم کی شان رکھنے والا اور بے شک حسینؑ ہی واعتصموا بحبل اللہ جمیعا کا مصداق ہے۔ مسلمان خواہ ہندی ہو یا سندھی، عربی ہو یا عجمی، ایرانی ہو یا ترکی، حجاز کا ہو یا عراق کا، مکہ کا ہو یا مدینہ کا، افریقہ کا ہو یا امریکہ کا، یورپ کا ہو یا ایشیا کا جو حسینؑ کے نانا کا کلمہ گو، رسولِ عربیؐ کا ماننے والا، اسلام کا قائل و معتقد ہے وہ ضرور حسینؑ کا دوست، حسینؑ کا فدائی اور حسینؑ کا عاشق ہوگا۔[1]

قبل اس کے کہ میں اصل مضمون کو شروع کروں اپنے ناظرینِ کرام کی خدمت عالی میں یہ عرض کر دینا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ میری اس ناچیز تحریر کو اس بزرگ مقدس و برگزیدہ ہستی یعنی حسین مظلومؑ کی تاریخ یا سوانحعمری نہ سمجھا جائے کیونکہ یہ عظیم الشان کام میری قوت و طاقت سے بدرجہا بالا و برتر ہے۔ یہ کامل اور وسیع المعلومات، عالی قدر مؤرخین و مصنفین کا ہی کام ہے اور ہر زمانہ

---

[1] ہمارے اس قول کی تصدیق رسالہ نظام المشائخ ۱۳۲۸ھ میں مضمون "اخبار کے آنسو" ملاحظہ ہو۔ قابل مضمون نگار کی عبارت یہ ہے: "دنیا جانتی ہے کہ وہ لوگ جو حضرت محمد رسول اللہؐ کا کلمہ پڑھتے ہیں شیعہ ہوں یا سنی، مقلد ہوں یا غیر مقلد، صوفی ہوں یا وہابی سب کے سب لازمی طور پر حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت سے کچھ نہ کچھ ضرور متاثر ہوتے ہیں۔"

Marfat.com

میں ہر قوم و ملک کے نامور اور لائق اہلِ علم اس موضوع پر بہت کچھ لکھ چکے ہیں۔ اور لکھتے رہتے ہیں۔ زبان اردو کا خزانہ بھی اس دولت سے خالی نہیں ہے بہت کچھ ذخیرہ موجود ہے، نمونہ اور مثال کے طور پر ہم جناب محترم محقق ذی حشم حضرت ریاض بنارسی کی تصنیف انیقؔ "شہیدِ اعظم" اور جناب مخدوم و معظم خان بہادر سیّد اولاد حیدر صاحب فوقؔ بلگرامی کی "ذبحِ عظیم" اور حضرت فاضل اجل مرحوم و مغفور مولانا سیّد محمد ہارون صاحب کی "شہیدِ اسلام" کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو تاریخ حسینؑ کے متعلق زبانِ اردو میں نہایت اعلیٰ درجہ کی تصنیفات ہیں۔ پس میں جو کچھ یہاں عرض کر رہا ہوں یہ صرف حسینؑ کی عظیم الشان ہستی کی عظمتِ ذاتی اور شخصیت کا بیان ہے اور اسی لیے اس ناچیز تالیف کا نام تاریخ حسینؑ نہیں بلکہ ناموس اسلام یعنی شانِ حسینؑ ہے۔

## باب اوّل

# سیّد الشہداء امام حسین علیہ السّلام کا تعارف

این حسینؑ کیست کہ عالم ہمہ دیوانۂ اوست
این چہ شمعیست کہ دنیا ہمہ پروانۂ اوست

# حسینؑ کی شخصیت

یہ حسینؑ کون ہے؟ حسینؑ کی حقیقت و شخصیت کیا ہے؟ حسینؑ کی شان کیا ہے؟ حسینؑ کا اسلام سے کیا تعلق، خدا سے کیا واسطہ اور اس کا رسولؐ سے کیا رشتہ ہے؟ حسینؑ کی محبت مسلمانوں پر کیوں فرض کی گئی ہے؟ کیوں مسلمان حسینؑ پر فریفتہ اور حسینؑ کے شیدائی ہیں؟

پس یہی میرا مقصد اور یہی میرا مدعا ہے کہ میں اپنے پیارے مسلمان بھائیوں کو خصوصاً اور عام ناظرین کو عموماً اس کربلا کے ہیرو مسلمانوں کے پیارے نبیؐ کے پیارے نواسے کی شان و شخصیت دکھلاؤں۔ اگرچہ میری حقیقت اور بساط کیا ہے کہ میں حسینؑ جیسے مقدس و عظیم الشان ذات کی منزلت جلیلہ و شخصیت عظیمہ کو بیان کر سکوں۔ بیشک حسینؑ کی قدر و منزلت رسولؐ کے دل سے پوچھو اور حسینؑ کی شان و عظمت کو خدا سے دریافت کرو لیکن بمصداق مالایدرک کلہ لایترک کلہ جو کچھ بھی مجھ سے ممکن ہے اور جس قدر بھی اپنی کم بضاعتی و استعداد علمی سے بیان کر سکتا ہوں وہ اپنے ناظرین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

Marfat.com

درحقیقت حسینؑ کی ذات عجیب مبارک ذات اور حسینؑ کی ہستی عجیب مقدس اور بزرگ ہستی ہے۔ جیساکہ حسینؑ سا مظلوم بندہ، خدا کا فدائی، اسلام کا شیدائی دنیا میں نہیں ہوا ویسا ہی رسول عربیؐ کے بعد بلحاظ خصائص تعلیم عملی اور تبلیغ اسلامی اپنے زمانہ میں حسینؑ سی بزرگ و پاک ہستی بھی دنیا میں نظر نہیں آتی۔

مسلمان کیوں نہ حسینؑ پر قربان ہوں، کیوں نہ حسینؑ کی محبت کا دم بھریں حسینؑ مسلمانوں کا غم گسار، امت کا جان نثار، حسینؑ خدا کا پیارا، رسولؐ کا پیارا، خدا کے محبوب کا محبوب، اسلام کا شیدائی، توحید کا فدائی، محمدؐ کا لخت جگر، علیؑ کا نور نظر، فاطمہ زہراؑ کا چاند، عرش اعظم کا تارا، جبرئیلؑ کا شہزادہ، حق کا دلدادہ صداقت کا شہزادہ، ایثار کا مجسمہ صبر واستقلال کا پتلا، خلق و مروت کا پیکر، رحم وانصاف کا ہیرو، ہمت کا دھنی، دنیا کی زیب، عقبےٰ کی زینت، بس خدا کا عاشق، نبیؐ کا محبوب، جمال و کمالِ محمدی کا آئینہ، قدرت و شانِ الٰہی کا نمونہ ہے۔ ہر امتی کا پیشوا، ہر کلمہ گو کا رہنما۔ روحی وارواح العالمین لہ الفدا۔

پس ہم اول حسینؑ کے فضائل و مراتب اور خدائے جلیل و رسولِ کریمؐ کے اکرام وافضال فرمائی اور سلوک وطریق کو جو حسینؑ کے متعلق مرعی رکھا گیا بیان کرتے ہیں اور پھر حسینؑ کے فضائل وسیرت کو مختصراً بیان کرتے ہوئے اسلام کے متعلق حسینؑ کے اس عظیم الشان کارنامہ کو جو میدان کربلا میں واقع ہوا اور جو قیامت تک دنیا میں یادگار رہے گا دکھلائیں گے۔ عظم اللہ اجورنا واجورکم بمصائبنا بالحسین علیہ السلام۔

## حسینؑ کی شان قرآن مجید سے

حسینؑ خدا کا عاشق ہے، خدا کا پیارا ہے، خدا کے محبوب

Marfat.com

کا محبوب ہے یحسینؑ کو دربارِ الٰہی سے خلعتِ عصمت و طہارت بخشا جاتا ہے۔ آیۂ تطہیر
انّما یرید اللہ لیذھب عنکم الرّجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا
کا نزول ہوتا ہے۔ رسول اللہؐ علیؑ و فاطمہؑ حسنؑ و حسینؑ کو بلاتے ہیں، چادر اُڑھاتے
ہیں اور فرماتے ہیں کہ اللّٰھم ھٰؤلاءِ اھل بیتی وھامتی وخاصتی فاذھب
عنھم الرّجس وطھرھم تطھیرا۔ یعنی بارِ الٰہا! یہی میرے اہل بیتؑ
ہیں، یہی میرے حسبی نسبی میرے قریبی ہیں، یہی میرے خاص ہیں۔ اللّٰھم انّھم
منّی وانا منھم فاجعل صلواتك وبرکاتك ورحمتك و
غفرانك ورضوانك علیّ وعلیھم۔ خداوندا! یہ مجھ سے ہیں اور
میں ان سے ہوں۔ اپنی صلوات، برکات، اپنی رحمتیں، رضوان اور غفران
میرے لیے اور ان کے لیے قرار دے۔ انا حرب لمن حاربکم و
سلم لمن سالمکم۔ اے میرے اہل بیت! جس نے تم سے جنگ کی
اس نے مجھ سے جنگ کی، جس نے تم سے صلح کی اور تم سے اچھا رہا وہ مجھ سے
اچھا رہا۔ ام سلمہ زوجۂ رسولِ کریمؐ آتی ہیں، زیرِ چادر شامل ہونے کی اجازت
مانگتی ہیں۔ فرمایا جاتا ہے، نہیں۔ انت علی الخیر۔ بے شک تم خیر پر ہو
مگر اس خلعت و عطیۂ الٰہی میں شریک نہیں ہو سکتیں۔ ملاحظہ ہو تفسیر جامع البیان
سید معین الدین بن شیخ صفی الدین صفحہ ۳۶۲ سورۂ احزاب:۔

| | |
|---|---|
| فی مسلم ان علیا و فاطمۃ | صحیح مسلم میں ہے کہ بتحقیق علیؑ اور |
| وحسنا وحسینا جاؤا فادخلھم | فاطمہ اور حسن و حسین (علیہم السلام) |
| النبی علیہ السلام فی کساء | رسولؐ کے پاس آئے۔ رسول اللہؐ بیا |
| من شعر اسود کان علیہ | بالوں سے بُنی ہوئی چادر اوڑھے ہوئے |
| ثم قال انّما یرید اللہ | تھے۔ ان سب کو رسولؐ نے اس چادر |

ليذهب عنكم الآية وفى مسند
الامام احمد وغيره بروايات عن
ام سلمة انه عليه السلام كان
فى بيتها فجاء على وفاطمة وابنا
هما وجلس عنده على كساء
خيبرى فانزل الله هذه الآية
فاخذ فضل الكساء وغطاهم
به ثم اخرج يده ورائى الى
السماء وقال اللهم هؤلاء اهل
بيتى فاذهب الرجس عنهم
وطهرهم تطهيرا قالت
فادخلت راسى البيت فقلت
وانا معكم يا رسول الله
فقال انك الى خير انك
الى الخير واحاديث التى
هى اصرح فى هذا المعنى
كثيرة

میں لے لیا اور فرمایا کہ انما یرید
اللہ لیذہب عنکم الرجس الخ
یعنی سوائے اس کے نہیں کہ خدائے
جلیل نے تم سے رجس وناپاکی کو دور
فرمایا ہے اور تم کو پاک وپاکیزہ کردیا ہے
اور مسند امام احمد حنبل وغیرہ میں بروایات
حضرت ام سلمہ ام المومنین منقول ہے
جناب رسالتمآب ام سلمہ کے گھر میں
تشریف رکھتے تھے، پس علیؑ اور
فاطمہؑ اور ان کے دونوں بیٹے
آئے اور رسول اللہ کے پاس
بیٹھے۔ آنحضرت ایک خیبری چادر
اوڑھے ہوئے تھے۔ پس خدا نے
اس آیت کو نازل فرمایا۔ رسولؐ
نے چادر ان کو اڑھائی اور آسمان
کی جانب رخ کرکے فرمایا۔ اللھم ھؤلاء
اہل بیتی فاذھب الرجس عنھم
وطھرھم تطھیرا۔ خدایا! یہی میرے
اہل بیت ہیں پس ان سے رجس کو دور
فرما اور ان کو پاک وپاکیزہ گردان۔
ام سلمہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے اپنا

Marfat.com

سر داخل کر کے عرض کی، یا رسول اللہؐ میں بھی آپ حضرات کے ساتھ ہوں آنحضرتؐ نے فرمایا، تو خیر پہ ہے، تو خیر پر ہے۔ پس ایسی حدیثیں جو اس معنیٰ کی تشریح و تصریح کرتی ہیں کہ یہ آیت شان میں علیؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ کی نازل ہوئی ہے بکثرت ہیں [1]

## حسینؑ بحکم خدا فرزند رسولؐ ہیں

نصارائے نجران کا وفد آیا ہے۔ بشپ اور پادری ساتھ ہیں۔ توحید و تثلیث کا مقابلہ ہے۔ برہان و دلائل سے افہام و تفہیم ہو چکی ہے۔ آخر مباہلہ کے لیے فرمانِ الٰہی نازل ہوتا ہے۔ فمن حاجك من بعد ما جاءك من العلم فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتهل فنجعل لعنة الله علی الکاذبین۔ "پھر جو شخص اس بارے میں تجھ سے حجت کرے بعد اس کے کہ تیرے پاس حکم آگیا ہے تو تو کہہ دے کہ آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو اور اپنی بی بیوں کو اور تمہاری بی بیوں کو اور اپنے نفسوں کو اور تمہارے نفسوں کو، پھر دعا مانگیں پھر لعنت کریں اللہ کی جھوٹوں پر۔" صرف ان ہی اہل بیت کو لے کر رسولؐ

---

[1] زیادہ تفصیل اور دیگر حوالجات کے لیے دیکھو مناقب احمد حنبل، صحیح ترمذی صفحہ ۵۳۰۔ صحیح مسلم صفحہ ۲۸۳ باب فضائل حسنین۔ تذکرہ خواص الامہ صفحہ ۱۳۴ صواعق محرقہ صفحہ ۱۳۷۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۱۰۷۔ مودۃ القربیٰ ص۳۸۔ فصول المہمہ علی ابن محمد ابن صباغ المالکی صفحہ ۹ و ۱۱۔ مطالب السئول ابو طلحہ شافعی صفحہ ۲۵۔ تفسیر حسینی ملا حسین کاشفی صفحہ ۱۶۱۔ ہدایت المسائل نواب صدیق حسن خاں صاحب مرحوم بھوپالی صفحہ ۵۴۔ کتاب الشفا فی حقوق المصطفیٰ قاضی عیاض جلد دوم صفحہ ۴۱ نیز ابن جریر و طبرانی۔

Marfat.com

مباہلہ کے لیے تشریف لے جاتے ہیں، حسینؑ نانا کی گود میں ہیں، حسنؑ کی انگلی پکڑے ہوئے ہیں۔ علیؑ اور فاطمہؑ پیچھے ہیں۔ یہ عاشقانِ توحید، فدائیانِ اسلام حجتِ خدا، مجسم برہانِ الٰہی، یقین کے پتلے، حق کے بندے، صداقت پر قائم استوار و کامگار و پائدار جھوٹے کے لیے بد دعا کرتے نصرانیوں سے مباہلہ کے لیے تیار ہیں۔ تبلیغِ توحید فرماتے ہیں۔ نصرانی ان نورانی صورتوں کو مباہلِ توحید کو دیکھ کر خوف زدہ ہو جاتے ہیں، کانپ اٹھتے ہیں، سرِ تسلیم خم کر کے مباہلہ سے باز آتے ہیں اور جزیہ کی ذلت قبول کر کے صلح کر لیتے ہیں۔ صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۲۷۸ کو ملاحظہ کیجیے۔ ولما نزلت هٰذه الاٰية ندع ابناءنا الخ دعا رسول الله عليا وفاطمة وحسنا وحسينا فقال اللّٰهم هٰؤلاء اهلی یعنی جبکہ آئتہ ندع ابناءنا وابناءکم الخ نازل ہوا تو رسول اللہؐ نے علیؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ کو بلایا اور فرمایا، خدایا یہ میرے اہل ہیں۔[1]

بس دیکھو خدا تعالیٰ خود اپنے حسینؑ کو اپنی توحید کی حجت قرار دیتا ہے۔ حسینؑ ابھی بچہ ہی ہیں مگر نانا کے ساتھ توحید کی تبلیغ میں شامل کیے جاتے ہیں اور توحید و اسلام کی صداقت پر فدا ہوتے کے لیے مباہلہ میں پیش ہوتے ہیں۔

---

[1] دیکھو جامع ترمذی صفحہ ۴۸۸۔ صواعق محرقہ صفحہ ۸۷۔ اکلیل جلال الدین سیوطی صفحہ ۸۳۔ جامع البیان صفحہ ۵۲ و ۵۳۔ مدارک صفحہ ۱۰۵۔ تفسیر حسینی صفحہ ۷۵۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۵۲۔ فصول المہمہ صفحہ ۸۔ سنن ابن ماجہ مودۃ القربیٰ وغیرہ وغیرہ۔

Marfat.com

# حسینؑ ہم صورتِ نبیؐ ہیں!

حسینؑ صورت و سیرت میں، شکل و شمائل میں تصویرِ محمدیؐ ہے[1]۔ فاطمہؑ رسولؐ کی پیاری بیٹی، حسینؑ کی مادرِ گرامی حسینؑ کو لوری دیتی ہیں اور فرماتی ہیں:-

انت شبیہٌ بابی لست شبیہٌ بعلی

"اے پیارے حسینؑ تُو تو میرے باپ کی ہمشکل ہے علیؑ کی شبیہہ نہیں"

زید بن ارقمؓ، رسولؐ کے صحابی بیان کرتے ہیں کہ میں کوفہ میں موجود تھا۔ اپنے گھر میں بالاخانہ کے اندر بیٹھا ہوا تھا، لشکرِ یزید حسینؑ کو شہید کر کے حسینؑ اور اصحاب و اقربائے حسینؑ کے سروں کو نیزوں پر رکھے آلِ محمدؐ کو اسیر اور قیدی بنائے کوفہ میں داخل ہوئے۔ ہائے ہُو، ہنسی خوشی کی آوازیں جو بلند ہوئیں میں نے دریچہ سے سر نکال کر دیکھا۔ کیا دیکھا، قیامت کا منظر نظر آیا۔ آسمانِ رسالت کا آفتاب سوا نیزے پر بلند ہے۔ فاطمہ زہراؑ کا چاند خون میں ڈوبا ہوا ایک نیزۂ طویل پر جلوہ گر ہے۔ راس قمریٌ زھریٌ اشبہ الخلق بیرسول اللہ۔ ایک چاند سا چمکتا دمکتا سرِ اطہر رسول اللہؐ سے صورت میں زیادہ تر مشابہ ایک بلند نیزہ پر رکھا ہوا قرآن کی تلاوت فرما رہا ہے۔ جب میری کھڑکی کے قریب آیا میں نے سنا کہ سورۂ کہف کو تلاوت فرماتا ہے۔ ام حسبت ان اصحاب الکھف والرّقیم کانوا من اٰیاتنا عجبا (ترجمہ) کیا تو گمان کرتا ہے کہ اصحابِ کہف و رقیم ہماری آیاتِ عجیبہ میں سے تھے" (سعادت الکونین ص۶۲ وسیلۃ النجاۃ ص۳۰۳)

---

[1] ترمذی ص۲۲۵۔ سر الشہادتین ص۳۶۔ شہیدِ اسلام اور صواعقِ محرقہ ص۱۰۵۔ ینابیع المودۃ ص۱۲۸ وغیرہ کو ملاحظہ کریں۔

Marfat.com

# حسینؑ کے ساتھ رسولؐ کا طریقِ سلوک

علمائے اسلام، بزرگانِ دین، مفسرین و محدثین کی کتابوں، تاریخوں اور سیر پر نظر ڈالو اور ملاحظہ فرماؤ کہ ہمارے نبئ کریم رسولِ رب العالمین، خاتم النبیین، سید المرسلین، عالم کے سردار، نبیوں کے سالار، رسولوں کے سرتاج، جمال و کمالِ الٰہی کا مظہرِ اتم، ع بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر، جس کی شان ماینطق عن الھوٰی ان ھو الّا وحیٌ یوحیٰ ہے، جس کا قول، قولِ خدا، جس کا فعل فعلِ الٰہی، جو حبّ فی اللہ اور بغض فی اللہ کا دارا اور ماسواء اللہ سے دست بردار ہے اس کا وہی محبوب ہے جو خدا کا محبوب ہے۔ اس کا وہی عزیز ہے جو خدا کو عزیز ہے، اس کا وہی قریب ہے جو مقربِ دربارِ الٰہی ہے۔

پس اس کی سیرتِ پاک اور اس کے حالاتِ زندگی پر نظر ڈالو، مطالعہ کرو اور دیکھو وہ خدا کا محبوب، خدا کا عاشق حسینؑ کے روزِ ولادت سے اپنی رحلت فرمائی کے وقت تک کیونکر اور کس طرح حسینؑ کو اپنی آغوشِ محبت میں پالتا ہے اور کیونکر حسینؑ کی تربیت فرماتا ہے، کیسی کیسی ناز برداریاں حسینؑ کی کرتا ہے۔ کبھی حسینؑ کو زبانِ مبارک چوساتے ہیں، لعابِ دہن پلاتے ہیں، کبھی حسینؑ کے ہونٹوں کو چوستے ہیں، گلے کو بوسے دیتے ہیں گود میں اٹھاتے ہیں، سینہ پر لٹاتے ہیں۔ تھپک تھپک کر سلاتے ہیں، شانوں پر بٹھلاتے ہیں، کاندھوں پر چڑھاتے ہیں اور حسینؑ کی سواری کا اونٹ بنتے ہیں۔

دیکھو! حسینؑ نانا کے کاندھے پر سوار ہیں حضرت عمر خلیفۂ دوم رسولؐ کی خدمت میں تشریف لاتے ہیں۔ دیکھتے ہیں کہ حسینؑ نانا کے دوشِ مبارک پر بیٹھے ہیں۔ حضرت عمر محبت سے فرماتے ہیں۔ نعم الجمل جملك یا ابا عبد اللہ

(ابا عبداللہ حسینؑ کی کنیت ہے) آپ کی سواری کا اونٹ کیسا اچھا ہے۔ یہ سنکر رسول اللہؐ فرماتے ہیں۔ نعم الراکب ھو۔ اے عمرؓ! یہ سوار بھی تو دیکھو کیسا اچھا ہے۔ یہ ہے حسینؑ کی شان۔[1]

کبھی دونوں صاحبزادوں حسنؑ و حسینؑ کو کاندھے پر بٹھاتے ہیں اور فرماتے ہیں نعم المطی مطیکما ونعم الراکبان انکما وابوکما خیر منکما۔ "تم دونوں سوار کیسے اچھے ہو اور تمہاری سواری کیسی اچھی ہے اور تمہارا باپ تم دونوں سے بہتر ہے۔"

کبھی فرماتے ہیں اللھم انی احبھما فاحبھما واحب من یحبھما "اے خدا میں ان دونوں سے محبت رکھتا ہوں تو بھی ان سے محبت فرما۔"

کبھی ارشاد فرماتے ہیں۔ حسنؑ و حسینؑ میرے فرزند ہیں، میرے ریحانۂ قلب ہیں۔ جنت کی زینت ہیں۔ عرش الٰہی کے گوشوارے ہیں۔ سیف الٰہی ہیں۔ سیدا شباب اھل الجنۃ "جوانانِ بہشت کے سردار ہیں خدا کے پیارے ہیں۔"

من احب حسنا وحسینا فقد احبنی ومن ابغضھما فقد ابغضنی "جو حسنؑ و حسینؑ کا دوست ہے وہ میرا دوست ہے، جو اُن کا محب وہ میرا محبوب اور جو اُن کا دشمن وہ میرا دشمن۔"[2]

حسینؑ کی اذیت رسولؐ کی اذیت ہے۔ دیکھو تذکرہ سبط ابن جوزی روایت ام الفضل۔

---

[1] دیکھو ناسخ التواریخ، کشف المحجوب، وسیلۃ النجات ملا مبین فرنگی محلی صفحہ ۲۶۶ و ۲۶۷ - ینابیع المودۃ صفحہ ۱۶۷ [2] صحیح ترمذی صفحہ ۲۱۸، تذکرہ خواص الامہ سبط ابن جوزی بحوالہ صحیح بخاری، صحیح نسائی، صواعق محرقہ۔ احمد حنبل۔ ابو یعلی۔ ابن ماجہ۔ امام حاکم۔ حافظ ابو نعیم طبرانی۔ دیلمی۔ ناسخ التواریخ۔ مدارج النبوۃ جلد اول۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۱۶۶، وسیلۃ النجاۃ صفحہ ۲۲۷۔

کبھی ارشاد فرماتے ہیں الحسن والحسین اماماں قاما او قعدا۔ حسنؑ اور حسینؑ دونوں ہر حال میں امام ہیں، امت کے پیشوا ہیں، قائم بامامت ہوں یا نہ ہوں، با اختیار ہوں یا بے اختیار یعنی امت خواہ ان کو امام سمجھے یا نہ سمجھے۔ (صاحب ناسخ التواریخ بطریق عامہ وخاصہ)

حسینؑ بچوں میں کھیل رہے ہیں۔ رسول اللہؐ تشریف لاتے ہیں۔ حسینؑ بھاگتے ہیں۔ رسولؐ دوڑ کر پکڑ لیتے ہیں۔ ایک ہاتھ سر پر ایک ٹھوڑی کے نیچے رکھتے ہیں۔ سینہ سے لپٹاتے ہیں۔ گلے کو چومتے ہیں (امام ابو حاکم)

مسجد نبوی میں اصحاب کا مجمع ہے۔ رحمۃ للعالمین منبر پر تشریف فرما ہیں وعظ فرما رہے ہیں حسنینؑ نانا کے سلام کو مسجد میں آ رہے ہیں۔ لمبے لمبے عربی کرتے زیب بدن ہیں۔ حسینؑ کا پاؤں الجھتا ہے، لڑکھڑاتے ہیں، رسولؐ منبر پر بے چین ہو جاتے ہیں، نیچے تشریف لاتے ہیں۔ گود میں اٹھاتے ہیں، گلے سے لگاتے ہیں منبر پر ساتھ لے جاتے ہیں [1]

حضرت سلمان فارسی بیان کرتے ہیں۔ ایک روز میں رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ دیکھا حسینؑ رسول اللہؐ کے زانو پر بیٹھے ہیں اور رسولؐ حسینؑ کے رخساروں اور منہ کو چومتے ہیں اور فرماتے ہیں۔ انت سید وابن السید انت امام ابن امام واخو الامام وانت حجۃ واخو الحجۃ وانت ابو تسعۃ حجج تاسعھم قائمھم یعنی "اے حسینؑ تو خود سردار، سردار کا بیٹا، سردار کا بھائی۔ تو خود امام، امام کا بیٹا، امام کا بھائی، تو حجت خدا، حجت الٰہی کا پسر حجت خدا کا بھائی اور تو حجۃ الٰہی کا باپ ہے کہ نواں ان میں کا قائم آل محمدؐ ہے۔"

---

[1] صحیح ترمذی صفحہ ۲۱۸، ینابیع المودۃ صفحہ ۱۶۶، سنن ابن ماجہ، ابو داؤد۔ مستدرک امام حاکم وغیرہ ۱۲۔

Marfat.com

د حضرت مہدی عجل اللہ ظہورہ [۱]

ابوہریرہ صحابیٔ رسولؐ ناقل ہیں۔ میں نے دونوں کانوں سے سنا، دونوں آنکھوں سے دیکھا۔ رسولؐ حسینؑ کے دونوں ہاتھ پکڑے ہوئے ہیں۔ حسینؑ کے ننھے ننھے پاؤں نانا کے پاؤں پر رکھے ہوئے ہیں اور رسولؐ فرماتے ہیں۔ ترق یا عین بقہ "اوپر چڑھ اے ننھے بچے۔" حسینؑ چڑھتے ہیں۔ سینۂ اقدس پہ پاؤں رکھ لیتے ہیں۔ رسولؐ فرماتے ہیں۔ اے پیارے منہ کھولو۔ حسینؑ منہ کھولتے ہیں۔ رسولؐ منہ چوم لیتے ہیں اور فرماتے ہیں اللّٰھم احبہ فانی احبہ۔" بارِ الٰہا! میں حسینؑ کو دوست رکھتا ہوں تو بھی حسینؑ کو دوست رکھ۔" [۲]

کبھی حسینؑ کے لبوں کو اس طرح چوستے ہیں جیسے کوئی چھوہارہ یا کھجور کو چوستا ہے تمیص لعاب الحسین کما تمیص الرجل تمرہ۔

کیوں بھائیو! کیوں مسلمانو! یہ وہی حسینؑ کے لب ہیں کہ جن پر ایک روز یزید ملعون جو اسلام کا دعویٰ کرتا ہے اور مسلمانوں کا خلیفہ اور امیرالمومنین کہلاتا ہے حسینؑ کے لبوں پر "جن کو رسول چومتے تھے، بوسے دیتے تھے" چھڑی مارتا ہے، گستاخیاں کرتا ہے، تخت پہ بیٹھا ہے، دربار لگا ہوا ہے، شراب پی رہا ہے، نشہ میں چور ہے۔ حسینؑ کا کٹا ہوا سر خون میں ڈوبا ہوا، سونے کے لگن میں سامنے رکھا ہے۔ آلِ محمدؐ، نبیؐ کی نواسیاں، فاطمہؑ کی بیٹیاں، علیؑ کی ذریت، گریباں چاک، پریشان حال، منہ پر خاک ملے، قیدی بنی ہوئی۔ رسیوں میں جکڑی سامنے کھڑی ہیں۔ یزید حسینؑ کے ہونٹوں پر چھڑی مارتا ہے اور کہتا ہے کہ حسینؑ! تیرے نانا نے جو حرام کیا ہے اسے حلال کرتا ہوں۔ ابوہریرہ اسلمی اور سمرہ بن جندب رسولؐ کے

---

[۱] ینابیع المودۃ ص۱۶۸، مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی۔ [۲] ینابیع المودۃ ص۱۲۸، زمخشری، امام طبرانی، امام ابوعمر رحمۃ للعالمین قاضی محمد سلیمان صاحب، سلمہ، جلد ۲ ص۱۴۵۔

Marfat.com

صحابی جو دربار میں موجود ہیں - یہ قیامت خیز نظارے نہیں دیکھ سکتے - بیتاب ہو کر اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہاں ہاں اے یزید! خدا کے واسطے چھڑی اٹھا لے - خدا کی قسم ہم نے رسول اللہ کو دیکھا ہے کہ ان ہونٹوں کو چومتے تھے - بوسے دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ خدا قتل کرے تمہارے قاتل کو اور لعنت کرے اس پر - (ناسخ التواریخ - ابن جوزی وصواعق محرقہ)

ہائے افسوس! انا للہ وانا الیہ راجعون ع

اے فلک آں ابتدا ایں انتہائے اہل بیتؑ

## حسینؑ کا رونا رسولؐ کو بے چین کرتا ہے

حضرت عائشہ ام المومنینؓ کے گھر سے رسولؐ نکلتے ہیں - حسینؑ کے رونے کی آواز فاطمہؑ کے گھر سے سنتے ہیں - بے قرار ہو جاتے ہیں اور فرماتے ہیں - اے فاطمہؑ! اے نور دیدہ! حسینؑ کو بہلاؤ - خاموش کرو - کیا تم نہیں جانتیں کہ حسینؑ کے رونے سے میں بے چین ہو جاتا ہوں [1]

## حسنؑ و حسینؑ نماز کی حالت میں پشت رسولؐ پر سوار ہو جاتے ہیں

رسول کریمؐ نماز پڑھ رہے ہیں - حسنؑ و حسینؑ دونوں صاحبزادے آتے ہیں - نانا سجدہ میں جاتے ہیں - دونوں صاحبزادے کبھی گردن مبارک پر سوار ہو جاتے ہیں - کبھی پشت اقدس پر بیٹھ جاتے ہیں - رسول اللہؐ سجدہ کو طول دیتے ہیں -

[1] ینابیع المودۃ شیخ الاسلام قسطنطنیہ علامہ قندوزی، ذخائر العقبیٰ علامہ احمد ابن عبداللہ شافعی، نزل الابرار علامہ بدخشی مندرجہ خدیجۃ عظیم، سعادت الکونین فی فضائل الحسنین صفحہ ۳۵ - مفتی اکرام الدین، تمیرہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی -

ذکر سجدہ کو مکرر بار بار ادا فرماتے ہیں۔ جب تک حسنینؑ نہیں اترتے۔ سر نہیں اٹھاتے۔ اس روایت کو حضرت ام سلمہ، ام المومنین، ابو ہریرہ، انس بن مالک، اور ابن مسعود خفیف اختلاف الفاظ و حالات سے علیحدہ علیحدہ بیان فرماتے ہیں۔[1]

## شہادت حسینؑ کی پیشین گوئیاں رسول مقبولؐ کی زبانی

کربلا کا خونی نظارہ، حسینؑ کی شہادت کا دردناک منظر، دشمنوں کا ہجوم، حسینؑ کی تنہائی، پیاس کا غلبہ، زخموں سے چور، خون بھری تصویر آنکھوں کے سامنے پھرتی ہے۔ محزون و مغموم ہوتے ہیں۔ دل سے دھواں اٹھتا ہے۔ آنکھیں ڈبڈبا تی ہیں اور خود روتے ہیں اور اہل بیتؑ کو رلاتے ہیں۔ شہادت حسینؑ کی پیشین گوئیاں فرماتے ہیں۔ کربلا کی خاک، مقتل حسینؑ کی مٹی سونگھتے ہیں۔ آبدیدہ ہو کر اصحاب کو دکھاتے ہیں۔ حسینؑ کے قاتل پر لعنت فرماتے ہیں اور نصرت حسینؑ کی ہدایت فرماتے ہیں۔ حسینؑ کی مدد خدا کی مدد ہے۔ حسینؑ کی نصرت خدا کی نصرت ہے۔

کبھی ام المومنین ام سلمہ رسول خدا سے روایت کرتی ہیں۔ کبھی ام المومنین عائشہ بیان فرماتی ہیں۔ کبھی ام المومنین حضرت زینب سے روایت ہے، کبھی ام الفضل اور کبھی امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب بیان فرماتے ہیں۔ کبھی عبداللہ ابن عمر اور کبھی عبداللہ ابن عباس ان احادیث نبوی کی روایات کو بیان کرتے ہیں اور کبھی امیر معاویہ بیان کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو سیرۃ محمدیہ مولانا مولوی کرامت علی صاحب مرحوم دہلوی :۔

---

[1] دیکھو مسند احمد حنبل۔ امام ابو حاتم۔ امام نسائی، علامہ دیلمی۔ امام حاکم، مستدرک۔ مدارج النبوۃ۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۱۶۱۔ طبقات ابن سعد۔ بغوی۔ بیہقی۔ ابو نعیم۔ وسیلۃ النجاۃ صفحہ ۲۶۵

Marfat.com

عن عائشة قالت قال رسول اللّٰہ
ان جبرئیل ارانی تربة
التی یقتل علیها الحسین
فاشتد غضب اللّٰہ تعالیٰ
علیٰ من یسفك دمه یا عائشة
والذی نفسی بیده انه
یحزننی فمن هذا من
امتی یقتل حسینا بعدی۔

حضرت ام المومنین عائشہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا، جبرئیل امین نے مجھے وہ مٹی دکھلائی ہے جس پر میرا حسینؑ قتل کیا جائے گا اور جو حسینؑ کا خون بہائے گا اس پر خدا کا غضب شدید ہوگا اے عائشہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ امر مجھے بہت ہی غمناک کرتا ہے، میری امت میں کون ایسا شخص ہوگا جو میرے بعد میرے حسینؑ کو قتل کرے گا

(علامہ ابن سعد نے بھی اپنی طبقات میں اس روایت کو درج کیا ہے)

ام سلمہ ام المومنین کے گھر میں حضرت رسولؐ تشریف فرما ہیں۔ جبرئیل امین آتے ہیں۔ نزول وحی ہوتا ہے۔ رسول اللہؐ حجرے میں تشریف لے جاتے ہیں۔ ام سلمہ سے فرماتے ہیں، کسی کو ہمارے پاس نہ آنے دینا۔ یکایک حسینؑ آجاتے ہیں۔ نانا کے پاس حجرہ میں جانا چاہتے ہیں۔ ام سلمہ روکتی ہیں، گلے لگاتی ہیں، گود میں لیتی ہیں بہلاتی ہیں مگر حسینؑ روتے ہیں، مچلتے ہیں، نانا کے پاس جانے کے لیے کوشش کرتے ہیں۔ آخر ام سلمہ چھوڑ دیتی ہیں۔ حسینؑ دوڑ کر حجرے میں گھس جاتے ہیں۔ نانا کی گود میں جا بیٹھتے ہیں۔ جبرئیلؑ عرض کرتے ہیں یا رسول اللہ آپ کی امت عنقریب آپ کے اس حسینؑ کو قتل کرے گی اور ہاتھ بڑھا کر ایک مٹھی مٹی کی رسولؐ کو دیتے ہیں اور عرض کرتے ہیں۔ حسینؑ اس جگہ شہید کیے جائیں گے۔ رسول اللہ حسینؑ کو گود میں اٹھائے محزون و مغموم، ملول و مہموم حجرہ سے باہر تشریف لاتے ہیں۔ ام سلمہ خیال کرتی ہیں کہ حسینؑ کے اندر چلے جانے سے رسولؐ ناخوش ہوئے

Marifat.com

ام سلمہ عرض کرتی ہیں۔ یا نبی اللہؐ میں قربان ہو جاؤں، حضور نے ارشاد فرمایا ہے کہ حسینؑ کو روکے نہ دینا، پس حسینؑ آگئے تھے۔ میں نے ہر چند روکا مگر حسینؑ نہ رکے اور آپ کی خدمت میں پہنچ گئے۔ رسول اللہؐ نے ام سلمہ کو کچھ جواب نہ دیا۔ اور اسی طرح باہر اصحاب کے مجمع میں تشریف لے گئے۔ حضرت ابوبکر و حضرت عمر اور دیگر اصحاب سب موجود تھے۔ اصحاب سے فرمایا، میری امت میرے بعد میرے حسینؑ کو شہید کرے گی اور وہ مٹی اصحاب کو دکھائی کہ یہ مٹی اس جگہ کی ہے۔ جہاں حسینؑ شہید کیا جائے گا۔ (دیکھو طبرانی، معجم کبیر ابی امامہ باہلی)

مسند امام احمد حنبل جلد ۳ صـ۲۴۲ میں ہے۔ ثابت نے انس بن مالک سے روایت کی ہے کہ ملک مطر پانی برسانے والا فرشتہ بعد اذن خدائے جلیل، رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضرت ام سلمہ سے رسول اللہؐ نے فرمایا، تم دروازہ پر بیٹھو اندر کسی کو نہ آنے دو۔ حسینؑ آگئے۔ ام سلمہ نے منع فرمایا مگر حسینؑ اچھل کر اندر نانا کے پاس چلے گئے اور کبھی نانا کی پشت مبارک پر بیٹھتے تھے اور کبھی شانے پر سوار ہو جاتے تھے اور کبھی گود میں۔ فرشتہ نے پوچھا کہ یا رسول اللہؐ! حسینؑ آپ کو بہت زیادہ پیارے ہیں؟ حضور نے فرمایا کہ ہاں۔ تو فرشتہ نے عرض کی، یا رسول اللہؐ ایک زمانہ آئے گا کہ آپ کی امت آپ کے اس پیارے حسینؑ کو قتل کرے گی۔ آپ اگر فرمائیں تو میں وہ جگہ بھی حضور کو دکھا دوں جہاں حسینؑ قتل ہوں گے۔ پھر فرشتہ نے ہاتھ مار کر ایک سرخ مٹی حضور کو دی جو رسول اللہؐ نے ام سلمہ کو دے دی۔ ام سلمہ نے اپنے آنچل میں باندھ لی (شہادت حسینؑ حسن میاں صاحب پھلواری صـ۲۷۔ سعادت الکونین صـ۳۸)

امیرالمومنین علیؑ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول کریمؐ ہمارے گھر تشریف لائے۔ ہم نے آپ کے لیے کھانا تیار کیا تھا اور تھوڑا دودھ بھی جو ام ایمن نے بھیجا تھا حاضر کیا۔ حضرت نے کھانا تناول فرمایا۔ دودھ نوش کیا۔ میں نے حضرت کے ہاتھ دھلائے۔

حضرت نے چہرۂ مبارک اور ریشِ اقدس پہ ہاتھ پھیر کر دعا فرمائی، اور سجدۂ فرمایا اور رونا شروع کیا۔ ہمیں جرأت نہ ہوسکی کہ وجہ بکا دریافت کریں اور کچھ عرض کریں لیکن حسینؓ حضرت کی پشتِ مبارک پر گر پڑے اور رونا شروع کیا۔ رسولؐ اپنا رونا بھول گئے، حسینؓ سے فرمایا، بابی انت و امّی، میرے ماں باپ تم پہ قربان ہوں اے میرے پیارے حسینؓ تم کیوں روتے ہو؟ حسینؓ نے عرض کی، حضور! ہم نے کبھی آپ کو اس قدر روتے نہیں دیکھا۔ حضور کے گریہ کی کیا وجہ ہے؟ حضرت نے فرمایا، کہ اے فرزند میں آج تمھیں دیکھ کر ایسا مسرور اور خورسند ہوا کہ پہلے کبھی نہ ہوا تھا۔ جبرئیلِ امین، ربِ جلیل کی طرف سے ابھی یہ خبر لے کر آئے ہیں کہ اے حسینؓ میری امت تم کو غربت و بیکسی میں شہید کرے گی۔ (رسالہ بلاء المبین۔ جذب القلوب، الی دیار المحبوب شیخ عبدالحق محدث دہلوی۔ وسیلۃ النجات ملا محمد مبین فرنگی محلی ص۲۷۷)

دوسری روایت ابنِ عمر بیان کرتے ہیں:۔

قال رسول الله یزید لابارك الله فی یزید الطّعان اللعان اما انه نُعیَ الیّ حبیبی وخلیلی حسین اُتیت بتربة ورایت قاتله الا انه لایقتل بین ظهرانی قوم فلاینصروه الاعمهم الله بعقاب

فرمایا رسول اللہؐ نے خدا نہ برکت دے یزید لعنتی طاغی باغی کو آگاہ ہو مجھے میرے پیارے جانی حسینؓ کے قتل کی خبر دی گئی ہے اور وہ مٹی میرے پاس لائی گئی ہے (جہاں حسینؓ قتل کیا جائیگا) اور اس کے قاتل کو بھی مجھے دکھلا دیا گیا ہے۔ آگاہ ہو کر میرے بعد اسکو ایک قوم قتل کرے گی اور جو اسکی امداد نہیں کرے گا اللہ اس کو عذاب میں مبتلا کریگا، یا کرے (بطریق بددعا)

(سیرۃ محمدی۔ سعادت الکونین ص۲)

Marfat.com

تیسری روایت بھی اس کے قریب قریب ہے۔ جو معاذ سے مروی ہے۔ اس میں بھی یہی فرمایا ہے کہ لابارک اللہ فی یزید۔ اور حسینؑ کی مدد نہ کرنے والوں کو مبغوضِ الٰہی فرمایا ہے۔ (سیرت محمدی۔ سعادت الکونین صـ۲۷)

ملا متقی صاحبِ کنز العمال نے بھی اس حدیث کو اسی طرح کنز العمال میں نقل فرمایا ہے۔

مولوی کرامت علی صاحب مرحوم نے اپنی اسی کتاب سیرۃ محمدیہ میں متعلق پیشین گوئی شہادتِ حسینؑ متعدد احادیثِ رسولؐ درج فرمائی ہیں۔ جو روایات حضرت ام المومنین عائشہ اور حضرت زینب و حضرت ام سلمہ اور ام الفضل و ابنِ عباس سے مروی ہیں اور وسیلۃ النجاۃ صـ۲۷۵ و ۲۷۶ و ۲۷۷)

نیز ملاحظہ ہو کتاب ینابیع المودۃ صـ۳۱۸ شیخ الاسلام قسطنطنیہ علامہ قندوزی درج فرماتے ہیں :۔

| | |
|---|---|
| فی الاصابہ انس بن الحارث بن نبیہ قال البخاری فی تاریخہ والبغوی و ابن السکین وغیرھا، عن انس بن الحارث قال سمعت رسول اللہ یقول ان ابنی ھذا یعنی الحسین یقتل بارض یقال لھا کربلاء فمن شھد ذلک منکم فلینصرہ فخرج انس بن الحارث الی کربلا فقتل بھا مع الحسین | یعنی انس بن مالک بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ کو کہتے سنا۔ حضرت نے فرمایا یہ میرا فرزند یعنی حسینؑ زمین کربلا پر شہید کیا جائے گا۔ پس جو تم میں سے اس وقت ہو، اس کو ضرور چاہیے کہ حسینؑ کی نصرت کرے پس انس کربلا گئے اور حسین (علیہ السلام) کے ساتھ شہید ہوئے۔ |

صاحب مشیر الاحزان نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ حضرت سرور عالم مرض الموت میں بستر بیماری پر لیٹے ہوئے ہیں۔ حسینؑ کو سینۂ اقدس سے لپٹاتے ہیں۔ منہ چومتے ہیں، پیار کرتے ہیں۔ رسول اللہ کا پسینہ حسینؑ پر بہتا ہے۔ رسولؐ فرماتے ہیں۔ مالی ولیزید لا بارک اللہ فیہ اللھم العن یزید۔ میرا یزید سے کیا تعلق، میں نے یزید کا کیا بگاڑا۔ خدا کی لعنت ہو یزید پر۔ خدا اس کو برکت نہ دے۔ یہ فرماتے ہیں اور بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ پھر ہوش میں آتے ہیں اور حسینؑ کو پیار کرتے ہیں اور فرماتے ہیں۔ اما ان لی ولقاتلک مقاماً بین ید اللہ عز و جل" ۔ اے پیارے حسینؑ میں خدا کے سامنے تیرے قاتل سے داد خواہی کے لیے کھڑا ہوں گا۔

صاحب روضۃ الصفا نے بھی امیر معاویہ کی زبانی اس روایت کو درج کیا ہے مگر امیر معاویہ نے یزید کا نام حذف کر دیا (روضۃ الصفا جلد ۳ صفحہ ۵۶۴)

پھر امیر معاویہ خود یزید سے فرماتے ہیں" عبد اللہ ابن عباس بامن گفتہ کہ درحالتِ نزع بر سر بالینِ رسولؐ حاضر شدم، دیدم کہ امام حسینؑ را بسینۂ خویش ضم کردہ می گفت، این فرزند از ابرار عترت واخیار ذریت من است، خداوندا برکات از آں کس برگیر کہ بعد از وفات حرمت او نگاہ ندارد۔ چوں ایں کلمات بر زبان معجز نشان جاری شد غش براو طاری شد۔ چوں بہ ہوش آمد گفت مرا و کشندۂ ترا روزِ قیامت مقاومتے وخصومتے خواہد بود و دل من خوش است کہ خدائے تعالیٰ مرا در روزِ قیامت خصم آنکس خواہد گرداند کہ با تو جنگ کردہ ترا بکشد۔

Marfat.com

بعد ازاں معاویہ بایزید گفت کہ من خود از مصطفےٰ شنیدم کہ فرمود روزے جبرئیلؑ نزد من آمد و گفت پسر ترا امت تو خواہد کشت و کشندہؑ او لعین است خواہد بود آنحضرت نیز بر قاتل حسین لعنت کردہ است (ارشاد الصفا جلد ۳ ص ۵۶۴)

مولانا مفتی اکرام الدین نبیرۂ شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنی کتاب سعادت الکونین فی فضائل الحسنین میں صفحہ ۲۷ پر تحریر فرماتے ہیں کہ:-

"طبرانی در کبیر و خطیب و ابن عباس از ام سلمہ آوردہ کہ آنحضرت فرمود کہ بعد از مرور شصت سال ہجرت من حسینؑ مقتول خواہد شد"

پھر ارقام فرماتے ہیں :-

"در غنیۃ الطالبین کہ منسوب بہ حضرت غوث الاعظم است مذکور است کہ روایت کردہ شدہ است از ام سلمہ کہ گفت بود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم در مکان من کہ حسین رضی اللہ عنہ آمد پس دیدم من آنحضرت و حسین را و حسین بر سینۂ آنحضرت بود کہ بازی می کرد و در دست رسول خدا پارہ از گل بود و اشک مبارک جاری بودند پس عرض نمودم کہ مادر و پدر من فدائے تو باد ایں حالت چیست و در دست تو ایں گل چیست و چرا گریہ می کنی۔ فرمود کہ من وقتیکہ خوش شدم از حسین دراں حالت کہ بر سینۂ من لعب می کرد، جبرئیل آمد و داد مرا خاک را کہ بر آں قتل کردہ خواہد شد، بنابراں می گریم۔ (سعادت الکونین ص ۳۹)

صحیح ترمذی۔ مسند امام حنبل ۔ مستدرک امام حاکم ۔ مسند حمید۔ کشی و حافظ ابو نعیم وغیرہ نے متعدد احادیثِ رسولؐ شہادتِ حسینؑ کی پیشین گوئی اور رسول اللہؐ کے رونے اور محزون ومغموم ہونے کی درج فرمائی ہیں۔ نیز کنز العمال، صواعق محرقہ، ازالۃ الخفاء شاہ ولی اللہ دہلوی ص ۱۵۴، مشکوٰۃ شریف ص ۵۶۴، سعادت الکونین فی فضائل الحسنین مولفہ مولانا مفتی اکرام الدین نبیرہ مولوی شیخ عبدالحق محدث دہلوی میں مرقوم ہیں۔

---

باب دوم

# حسین علیہ السلام صحابہ کی نظر میں!

## اصحاب کبار کی نظر میں حسینؑ کی عزت

## اور حسینؑ کے ساتھ ان کا سلوک وطریق اور محبت

رسولؐ کے بعد اصحاب کبار رضوان اللہ علیہم اجمعین کے سلوک کے طریقہ کو دیکھو۔ حسینؑ کے ساتھ کس محبت و عزت کا سلوک کرتے ہیں۔ رسولؐ کے طریقہ اور محبت رسولؐ کو حسینؑ کے ساتھ دیکھ چکے ہیں۔ حسینؑ کی شخصیت اور حقیقت سے واقف ہیں۔ حسینؑ کی قدر و منزلت رسولؐ سے سن چکے ہیں۔

ہمیں یہاں خلافت کے مسئلے، سقیفہ کے معاملے اور جناب امیرؑ کے ساتھ اصحاب رسولؐ کے تفصیلی تعلقات اور معاملات سے بحث نہیں ہے۔ وہ کیسے ہی کیوں نہ ہوں مگر حسینی شخصیت ان حضرات میں بھی خصوصیت کے ساتھ نمایاں نظر آتی ہے۔

## حسینؑ کی محبت حضرت ابوبکر اور حضرت ابو ایوب انصاری کے دل میں

ابن عباس بیان کرتے ہیں، رسول اللہؐ مسجد میں رونق افروز ہیں۔ ہم سب حاضر ہیں۔ فاطمہؑ زہرا مادر حسنینؑ روتی ہوئی بابا کی خدمت میں حاضر ہوتی ہیں اور عرض کرتی ہیں۔ بابا! آپ کے دونوں فرزند حسنؑ و حسینؑ آج صبح سے گم ہیں، معلوم نہیں کہاں

چلے گئے۔ رسول اللہ نے فرمایا، بیٹی تیرا باپ تجھ پہ فدا ہو، روؤ نہیں۔ خداوند عالم
ان کا خالق و مالک اور سب سے زیادہ ان پہ رحیم و مہربان ہے اور ہاتھ اٹھا
کر دعا فرمائی۔ جبرئیل امین رب العالمین کی طرف سے نازل ہوتے۔ عرض کی
یا رسول اللہ کچھ رنج و فکر نہ فرمائیے۔ هما فاضلان فی الدنیا والآخرة
وابوهما خیر منهما۔ یہ دونوں افضل و اشرف ہیں دنیا و آخرت میں اور ان کا
باپ ان سے بہتر ہے۔ آپ کے یہ دونوں فرزند خطیرۂ بنی نجار میں آرام فرما رہے ہیں
خداوند عالم نے ان کی حفاظت کے لیے ایک فرشتہ کو مامور فرمایا ہے۔

رسول اللہ مع اصحاب باغ بنی نجار کو فرزندوں کی تلاش میں تشریف لے
جاتے ہیں۔ ملاحظہ فرماتے ہیں کہ دونوں بھائی ایک دوسرے کے گلے میں ہاتھ ڈالے آرام
فرما رہے ہیں۔ رسول اللہ بوسے لیتے ہیں، پیار کرتے ہیں، محبت سے جگاتے ہیں، دونوں
کو کاندھوں پر اٹھا کر واپس تشریف لاتے ہیں۔ حضرت ابوبکر خلیفہ اول اور حضرت
ابو ایوب انصاری بڑھ کر عرض کرتے ہیں، یہ شرف ہم کو عطا ہو۔ ایک شہزادہ ہم
کو دے دیجیے ہم اٹھا کر لے چلیں۔ رسول اللہ فرماتے ہیں۔ دعاهما فانهما
فاضلان فی الدنیا والآخرة وابوهما خیرٌ منهما۔ نہیں نہیں
چھوڑ دو۔ یہ دنیا و آخرت میں سب سے افضل اور اشرف ہیں۔ اور باپ ان کا ان
سے بہتر ہے۔ خدا کی قسم میں آج وہ شرف و بزرگی جو خدا نے ان کو عطا فرمائی
ہے بیان کروں گا۔ منبر پہ تشریف لے گئے اور حسنؑ و حسینؑ بھی ساتھ ہیں۔ بعد
حمد و ثنائے الٰہی خطبہ فرمایا اور ارشاد کیا۔ یا ایها الناس! نانا اور نانی کے اعتبار
سے جو دنیا میں سب سے بہتر ہے وہ حسنؑ و حسینؑ ہیں۔ ان کا نانا میں محمد مصطفےٰ
خاتم النبیین، رسول رب العالمین ہوں۔ اور ان کی نانی خدیجہ بنت خویلد جو سابق
الایمان ہیں اور یہ از روئے مادر و پدر سب سے افضل اور اعلیٰ ہیں۔ باپ ان

کا علیؑ ابن ابی طالب (نفسِ رسول، امیر المومنین) اور ان کی والدہ فاطمہؑ بنت محمدؐ (سیدۃ نساء العالمین) ان کا چچا جعفر ابن ابی طالب اور ان کی پھوپھی ہانی بنت ابی طالب، ان کے ماموں قاسم ابنِ رسول اللہؐ اور ان کی خالہ زینب بنت رسول اللہؐ ہیں۔ پس کسی کو دنیا میں نہ ایسے نانا، نانی ملے نہ ایسے ماں باپ ملے نہ ایسے چچا پھوپھی اور نہ ایسے ماموں خالہ ملے جیسے کہ حسنینؑ کے ہیں یہ آگاہ ہو یہ دونوں جنت میں ہیں۔ ان کے نانا نانی جنت میں ہیں۔ ان کے باپ ماں جنت میں ہیں ان کے چچا پھوپھی جنت میں ہیں۔ ان کے ماموں خالہ جنت میں ہیں۔ ان کے چاہنے والے، ان کو دوست رکھنے والے سب جنتی ہیں (سعادت الکونین فی فضائل الحسنین مؤلفہ مولانا مفتی اکرام الدین نبیرۂ شیخ عبدالحق محدث دہلوی صفحہ ۸۔ ینابیع المودۃ شیخ الاسلام قندوزی)

اسی کے قریب حذیفہ یمانی صحابی رسولؐ سے منقول ہے کہ ربیعۃ السعدی نے حذیفہ سے محبتِ آلؑ کی بابت پوچھا تو حذیفہ نے بیان کیا کہ مجھ سے سن اور یاد رکھ اور لوگوں کو پہنچا دے، میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ کانوں سے سنا۔ حسینؑ آئے رسول اللہؐ کے پاس، منبر پر چلے گئے۔ رسولؐ نے اپنے کاندھوں پر حسینؑ کو بٹھا لیا اور فرمایا۔ ایہا الناس! ہٰذا الحسینؑ۔ یہ حسینؑ وہ ہے جو باعتبار نانا و نانی کے تمام لوگوں سے افضل ہے۔ اس کا نانا محمد رسول اللہؐ، اسکی نانی خدیجۃ الکبریٰ ہے۔ یہ حسینؑ سب لوگوں سے افضل ہے باعتبار ماموں اور خالہ کے۔ اس کے ماموں قاسم، عبداللہ و ابراہیم ہیں اور خالہ زینب۔ رقیہ و ام کلثوم ہیں۔ یہ سب سے افضل و برتر ہے از روئے چچا اور پھوپھی کے۔ اس کے چچا حمزہ، جعفر و عقیل اور اسکی پھوپھی ام ہانی۔ ایہا الناس! یہ وہ حسینؑ ہے جو باعتبار والد اور والدہ اور بھائی اور بہن کے سب لوگوں سے اشرف و اعلیٰ ہے۔ اس کا باپ علی مرتضیٰؑ

Marfat.com

اس کی ماں فاطمہ زہراؑ، اس کا بھائی حسن مجتبیٰؑ، اس کی بہنیں زینب وام کلثوم ورقیہ ہیں۔ اس کے بعد رسول اللہؐ نے حسینؑ کو کاندھے پر سے اتار کر گود میں بٹھالیا اور ارشاد فرمایا۔ ایہاالناس! آگاہ ہو، یہ وہ حسینؑ ہے جس کا نانا بھی جنت میں، نانی بھی جنت میں، باپ بھی، ماں بھی، بھائی بھی، بہنیں بھی اور ماموں بھی، خالہ بھی، چچا بھی، پھوپھی بھی اور یہ خود بھی، سب جنت میں ہیں (بیشک جنت ان کے لیے ہے اور یہ جنت کے لیے ہیں۔ ع "دل و جانم فدائے نام حسینؑ) ایہاالناس! یہ وہ حسینؑ ہے جس کو پروردگار نے وہ جملہ فضائل عطا فرمائے ہیں جو انبیاء سابقین کی ذریت میں سے سوائے جناب یوسفؑ اور کسی کو عنایت نہیں فرمائے۔ پھر فرمایا، ایہاالناس! بزرگی وشرف منزلت وہدایت رسول اللہؐ اور اس کی ذریت طاہرہ کے ہی لیے مخصوص ہیں۔ آیندہ جھوٹی چیزیں تم کو گمراہ نہ کریں[1]

## حدیث رسولؐ حضرت ابوبکر کی زبانی

### علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ وحسینؑ کا دوست رسول اللہؐ کا دوست ہے اور انکا دشمن رسولؐ کا دشمن

محب طبری ریاض النضرہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

عن ابی بکر الصدیق قال رایت رسول اللہ خیم خیمۃ وھو متکیٌ علی قوس عربیۃ وفی الخیمۃ علیٌ وفاطمۃ

---

[1] ملا علی ہمدانی نے مودۃ القربیٰ میں شیخ ابن حبان کی تنبیہہ الکبیر سے اور جلال الدین زرندی سے اور ذخائر العقبیٰ کے حوالہ سے صاحب ینابیع المودۃ امام قندوزی شافعی نے ص۲۷۵ میں اور ابوسعید سمانی نے ذکر خلافت ثانیہ کی ذیل میں اسی کے قریب قریب درج فرمایا ہے۔ ذبح عظیم صفحہ ۱۵۔ شہید الاسلام مولوی محمد ہارون صاحب مرحوم ص۲۷۔

والحسن والحسین قال یا معشر المسلمین انا سالمٌ لمن سالم اہل ھٰذا الخیمۃ وحربٌ لمن حاربھم وولیٌّ لمن والاھم لایحبّہم الّا سعید الجسد طیّب الولادۃ ولایبغضہم الاشقی الجسد ردی الولادۃ ۔ یعنی حضرت ابوبکر صدیق ارشاد فرماتے ہیں۔ ہم نے دیکھا رسول اللہؐ کو ایک خیمہ لگائے ہوئے ہیں اور آپ ایک عربی کمان پر تکیہ لگائے ہوئے تھے اور اس خیمہ کے اندر علیؑ، فاطمہؑ، حسنؑ وحسینؑ موجود تھے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا اے مسلمانو! جو لوگ اس خیمہ میں ہیں جو شخص ان کے ساتھ صلح رکھے میں اس کے ساتھ صلح رکھنے والا ہوں۔ اور جو شخص ان کے ساتھ جنگ کرے اس کی جنگ مجھ سے ہے۔ جو ان کو دوست رکھتا ہے میں اس کو دوست رکھتا ہوں اور ان کو وہی دوست رکھے گا کہ جو نیک بخت سعید پاکیزہ ولادت والا ہے اور ان سے دشمنی نہ کرے گا مگر وہی جو شقی بدبخت ناپاک ولادت کا ہوگا۔ (محب طبری ریاض النضرہ - ذبح عظیم ص۳۷)

امام احمد، امام حاکم اور طبرانی کی روایات کو ملاحظہ فرمایئے۔

عن ابی ھریرۃ قال نظر رسول اللہ الیٰ فاطمۃ وعلیّاً والحسن والحسین فقال انا حرب لمن حاربکم وسلم لمن سالمکم۔

ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا ؐ نے نظر فرمائی۔ فاطمہؑ و علیؑ اور حسنؑ وحسینؑ پر، اور فرمایا، جو ان سے برسرِ جنگ ہو وہ مجھ سے برسرِ جنگ ہے اور جو ان سے صلح رکھے اس نے مجھ سے صلح رکھی۔ (ینابیع المودۃ ص۲۶۱)

"جو شان حسینؑ کی ہے وہی شان حسنؑ کی ہے' وہ سبطِ اکبر یہ سبطِ اصغر۔ دونوں عرشِ اعظم کے درخشاں ستارے ہیں، دونوں آسمانِ رسالت کے آفتاب ہیں، دونوں باغِ محمدیؐ کے سدا بہار پھول ہیں، دونوں معدنِ نبوت کے لعلِ بے بہا ہیں، دونوں صدفِ امامت کے گوہرِ نایاب ہیں ھما امامان قاما او قعدا۔

دونوں اسلام کے فدائی ہیں۔ دونوں توحید کے شیدائی ہیں۔ دونوں شہید راہِ خدا ہیں۔ جو فضائل حسن کے ہیں وہی مراتب حسینؓ کے ہیں۔ حسنؓ دائیں بازو پر ہیں تو حسینؓ بائیں پر۔ حسینؓ کا گلا چومتے ہیں تو حسنؓ کے دہن مبارک کو بوسے دیتے ہیں۔ حسنؓ زہر دغا پی کر نانا کی شہادت سری کا ثبوت دیتے ہیں تو حسینؓ تین دن کی بھوک پیاس میں زیرِ خنجر سجدہ کر کے گلا کٹاتے ہیں اور نانا کی شہادت جہری کو ظاہر کرتے ہیں۔ حسنؓ کے جنازے پر تیر برستے ہیں تو حسینؓ کی لاش پر گھوڑے دوڑائے جاتے ہیں۔[1]

## حسینؓ کی عزت و منزلت حضرت عمر کے دل میں

حضرت عمر خلیفۂ دوم کے پاس حسینؓ ملنے کے لیے جاتے ہیں۔ وہاں پہلے سے حضرت عمر کے بیٹے عبداللہ موجود ہیں۔ ان کو اجازتِ حاضری نہیں ملتی (بروایت مسند خطیب۔ معاویہ سے تخلیہ تھا) حسینؓ یہ دیکھ کر خود ہی بلا اطلاع کرائے اس خیال سے کہ ہم کو بھی اجازت نہیں ملے گی واپس چلے آتے ہیں۔ اس کی اطلاع حضرت عمر کو ہوتی ہے کہ حسینؓ آئے تھے اور واپس چلے گئے۔ خود حسینؓ کی جستجو کرتے ہیں۔ مخصوص حسینؓ سے ملتے ہیں اور فرماتے ہیں۔ یا ابنِ اخی! آپ کیوں چلے آئے؟ آپکو اجازت لینے کی ضرورت کب ہے؟ فھل نبت الشعر علیٰ رؤسنا الا اٰیات۔ کیا ہمارے سروں پر یہ بال آپ کی بدولت نہیں اُگے؟ یہ عزت، یہ شرف، یہ اسلام کیا آپ ہی کے گھر سے ہم کو نہیں ملا؟[2]

اور بروایت تذکرۂ خواص الامہ سبط ابن جوزی ص۱۳۲۔ خلافت ثانیہ کا زمانہ ہے حضرت عمر

---

[1] دیکھو سرّ الشہادتین شاہ عبدالعزیز دہلوی

[2] ریاض النظرہ۔ صواعق محرقہ۔ وسیلۃ النجات مولوی محمد مبین صاحب فرنگی محلی ص۱۷۳ اور سعادت الکونین فی فضائل الحسنینؓ مولانا مفتی اکرام الدین صاحب ص۳۵

Marfat.com

منبر رسولؐ پر بیٹھے ہیں حسینؑ آتے ہی فرماتے ہیں کہ اے عمر! منبر سے اترو! یہ تو میرے باپ کا منبر ہے۔ حضرت عمر حسینؑ کو گود میں لیتے ہیں اور منبر پر بٹھا لیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ہمارے سروں پر یہ بال آپ ہی کی بدولت اُگے ہیں۔ ھل نبت الشعر علی رؤسنا الا ابك۔ (نیز ملاحظہ ہو ینابیع المودۃ شیخ سلیمان قندوزی صفحہ ۱۶۵ اور سعادت الکونین فی فضائل الحسنین مولانا مفتی اکرام الدین صاحب نبیرہ مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص ۳۵)

فتح مدائن کے بعد مالِ غنیمت تقسیم ہوتا ہے حسینؑ اپنا حصہ طلب کرتے ہیں حضرت عمر نہایت مسرت اور خوشی کے ساتھ بالرحبۃ والکرامۃ فرما کر ایک ہزار درہم حسینؑ کو پیش کرتے ہیں۔ عبداللہ ابن عمر بھی اپنا حصہ مانگنے آتے ہیں تو ان کو پانچسو درہم دیے جاتے ہیں، اس پر وہ چیں بجبیں ہو کر ناراض و ناخوش ہو جاتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ مجھے حسینؑ کے برابر کیوں نہیں دیا جاتا۔ حضرت عمر فرماتے ہیں، تو حسینؑ کے برابر کب ہو سکتا ہے؟ حسینؑ کا نانا تیرے نانا سے بدرجہا افضل، حسینؑ کا باپ تیرے باپ سے بہتر، حسینؑ کی ماں تیری ماں سے بدرجہا اعلیٰ، حسینؑ کی نانی تیری نانی سے اشرف و اعلیٰ، تجھے کب یہ شرف و عظمت حاصل ہے جو حسینؑ کو ہے۔[۱]

طبقات ابن سعد سے منقول ہے کہ عبداللہ ابن عباس حسنؑ و حسینؑ کی رکاب تھامنا اور دونوں شہزادوں کو سوار کرانا اپنا فخر سمجھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ دونوں بزرگوار رسول اللہؐ کے فرزند ہیں۔
(تذکرہ سبط ص ۱۴۴)

## حسینؑ سیرت و شمائل میں نمونۂ رسولؐ ہیں!

حسینؑ جس طرح صورت و شکل میں تصویرِ محمدی ہیں اسی طرح سیرت و شمائل میں

---

[۱] علامہ سبط ابن جوزی تذکرہ خواص الامہ ص ۱۴۴۔ سعادت الکونین فی فضائل الحسنین ص ۱۔ وسیلۃ النجات ملا محمد مبین فرنگی محلی ص ۲۶۸

خلق و احسان میں، بخشش و عطا میں، ایثار و مروت میں، حلم و فضل میں، محبت و عبادت الٰہی میں، زہد و تقویٰ میں، نانا کے جمال باکمال کا آئینہ ہیں۔ علمائے اکرام و مورخین عظام کی کتب تاریخ و سیر جو حالات حسینی سے مزین ہیں ملاحظہ فرماؤ اور حسینؑ کی شان کو دیکھو۔

بچپن سے ہی ایفائے عہد بخشش و عطا، یتیم پروری، اسیر نوازی، رحم دلی اور ایثار کے جوہر دکھلاتے ہیں۔ بابا کے ساتھ، ماں کے ساتھ، بھائی کے شامل روزہ پر روزہ رکھتے ہیں اور اپنا حصہ سب کے شامل مسکین و یتیم و اسیر کو بخش دیتے ہیں یطعمون الطعام علی حبہ مسکینا و یتیما واسیرا (دیکھو شان نزول سورہ ھل اتی) ثعلبی، قتادہ، مجاہد، خطیب مکی۔ واحدی۔ ابوبکر شیرازی تفسیر مدارک وغیرہ وغیرہ۔

---

Marfat.com

## باب سوم

# اسوۂ حسنہ

## حسینؑ کا اخلاق اور عطا و سخاوت

اندھیری راتوں میں جبکہ دنیا سوتی ہے حسینؑ کھانے کی زنبیل، روٹیوں، کھجوروں کا انبار خود پشت مبارک پر اٹھائے ہوئے ہیں۔ محتاجوں، غریبوں، فاقہ کشوں، یتیموں، بیواؤں کے گھروں پر جاتے ہیں۔ منہ چھپاتے ہیں اور دے دیتے ہیں۔ حسینؑ کو بخشش و عطا نانا سے ورثہ میں ملی ہے۔ جناب سیدۂ طاہرہؑ حسینؑ کی والدۂ گرامی بابا سے وقتِ رحلت سرورِ عالمؐ عرض کرتی ہیں کہ بابا! یہ دونوں حضور کے فرزند ہیں، ان کو کچھ عطا فرمایا جائے۔ آنحضرتؐ فرماتے ہیں اما الحسن فلہ ھیبتی وسؤددی والحسین فلہ جرأتی وجودی۔ حسنؑ کو میں نے اپنی سرداری اور ہیبت دی اور حسینؑ کو اپنی شجاعت و جرأت اور جود و سخا کی صفت کرامت فرمائی ہے (سعادت الکونین فی فضائل الحسین ص۸)

حسینؑ کی وہی سخاوت و عطا ہے جو رسولِ عربیؐ کی ہے۔ سائل آتے ہیں اور حسینؑ کی جود و سخا اور بخشش و عطا سے مالا مال ہو کر جاتے ہیں۔

ایک مرد سائل مدینہ میں آیا۔ لوگوں سے دریافت کیا کہ سب سے زیادہ سخی کون ہے۔ لوگوں نے حسین علیہ السلام کے گھر کا پتہ بتا دیا۔ یہ سائل حاضر ہوا۔ حضرت نماز میں مشغول تھے۔ اس نے چند شعر حضرت کی مدح میں پڑھے اور سوال کیا ؎

انت جواد وانت معتمد ابوک قد کان قاتل الفسقۃ

آپ جواد ہیں، آپ عطا و بخشش فرمانے والے ہیں۔ آپ کے پدر بزرگوار

Marfat.com

فاسقوں کو قتل کرنے والے ہیں۔"

آپ نے نماز سے فارغ ہو کر خادم سے فرمایا کہ مالِ حجاز سے تیرے پاس کیا باقی ہے؟ اس نے عرض کی چار ہزار دینار۔ آپ نے فرمایا، ہم سے زیادہ اس مال کا مستحق آگیا ہے اور وہ سب دینار رومال میں لپیٹ کر دروازے کے پیچھے چھپ کر باہر ہاتھ نکالا اور اس سائل کو وہ مال عطا فرمایا۔ اور اسی قافیہ وردیف میں اشعار فی البدیہہ فرمائے ہے

خذها وانی الیک معتذر ' واعلم انی الیک ذو شفقۃ

"ہاں بھائی یہ لے، میں تجھ سے اس قلیل رقم کے لیے عذر چاہتا ہوں مگر جان لے کہ میں تجھ پر بہت مہربان ہوں"

حسینؑ نانا کے روضہ سے زیارت کر کے مسجد نبوی سے بعد نماز فارغ ہو کر بیت الشرف کو تشریف لیے جا رہے ہیں۔ راستہ میں چند مسکین غریب فقیر بیٹھے ہوئے ہیں جو کچھ گدائی کر کے لائے ہیں سامنے رکھے کھا رہے ہیں حسینؑ کو دیکھ کر سلام عرض کرتے ہیں اور عرض کرتے ہیں بسم اللہ یا ابن رسول اللہ۔ حسینؑ اس خلق مجسم کا فرزند ہے جس کی شان انک لعلیٰ خلق عظیم ہے۔ فوراً ان فقیروں محتاجوں کے پاس نہایت مسرت، خوش روئی، خوش خلقی سے زمین پر بیٹھ جاتے ہیں اور ارشاد فرماتے ہیں کہ بھائیو تم لوگ جانتے ہو کہ صدقہ ہم آلِ محمدؐ پر حرام ہے۔ اس لیے میں تمہارے اس طعام میں شرکت سے معذور ہوں۔ تم سب میرے ہاں مہمان ہو، چلو اور میری دعوت قبول کرو۔ سب کو ساتھ لے کر درِ دولت پر تشریف لاتے ہیں۔ عمدہ عمدہ نفیس کھانے تیار کیے جاتے ہیں۔ دستر خوان بچھتا ہے۔ سب کو اپنے برابر بٹھاتے ہیں۔ خود شریک ہوتے ہیں اور سب کو نہایت محبت و شفقت سے سیر فرماتے ہیں۔

خود ارشاد فرماتے ہیں کہ ہمارے نانا رسول اللہؐ کا قول افضل الاعمال بعد الصلوٰۃ ادخال السرور فی قلب المومن بما لا اثم فیہ یعنی بعد نماز،

Marfat.com

مومن کے دل کو خوش کرنا سب اعمال سے بہتر ہے مگر ایسا فعل نہ ہو کہ جو معصیتِ الٰہی ہو۔ نہایت درست و صحیح ہے۔ فرماتے ہیں کہ ہم نے ایک روز دیکھا کہ ایک غلام سرِ راہ بیٹھا ایک کتے کو کھانا کھلا رہا ہے۔ ہم نے اس سے حال دریافت کیا تو اس نے کہا کہ میں ایک غمزدہ انسان ہوں۔ میں نے چاہا کہ اس حیوان مخلوقِ الٰہی کو خوش کروں۔ شاید اس کے بدلے میں خدا میرے غم کو دور فرمائے۔ میں ایک یہودی کا غلام ہوں چاہتا ہوں کہ اس سے علیحٰدہ ہو جاؤں۔ اس کے بیان سے حسینؑ رحمِ مجسم رحمۃ للعالمین کے دلبند متاثر ہوئے۔ فوراً اس یہودی کے گھر تشریف لے گئے۔ دو سو دینار (اشرفی) اس غلام کی قیمت دی اور غلام کو آزاد کرا دیا۔ یہودی اس خلق و رحم و بخشش کو دیکھ کر حیران ہو گیا اور عرض کی۔ اے فرزندِ رسولؐ! آپ کے اس عطیہ و رحم اور عزت افزائی کے سبب میں یہ غلام بھی حضور کی نذر کرتا ہوں۔ اپنا باغ بھی اس غلام کو دیتا ہوں اور آپ کا یہ زرِ قیمت بھی آپ کی خدمت میں واپس پیش کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ یہ روپیہ میں نے تجھے ہبہ کر دیا ہے۔ یہودی نے عرض کی، مولا! میں نے یہ رقم بھی اس غلام کو بخش دی۔ حضرت نے ارشاد فرمایا کہ ہم نے یہ غلام مع اس مال و باغ کے راہِ خدا میں آزاد کر دیا۔ یہودی کی بیوی یہ دیکھ کر حیرت میں آئی اور عرض کی میں نے بھی اپنا مہر شوہر کو بخشا اور اسلام قبول کیا۔ یہودی یہ دیکھ کر اٹھا اور عرض کی کہ میں بھی مشرف بہ اسلام ہوتا ہوں اور اپنا مکان اپنی بی بی کو ہبہ کرتا ہوں۔

سبحان اللہ! یہ ہے حسینؑ کی تبلیغ، یہ ہے حسینؑ کا رحم و اخلاق، یہ ہے حسینؑ کی جود و سخا۔ اللھم صلِّ علیٰ محمدؐ و آلِ محمدؐ۔ حسینؑ کے حالاتِ جود و سخا، بخشش و عطا، خلق و احسان، علم و فضل کے واقعات کتبِ تاریخ و سیر میں بکثرت موجود ہیں۔ اگر ان سب کو جمع کیا جائے تو بڑی بڑی ضخیم جلدیں تیار ہو سکتی ہیں۔

Marfat.com

حسینؑ یہ بھی سکھلاتے تھے کہ بخشش و عطا بقدر علم و معرفت ہونی چاہیے۔ دیکھو! ایک اعرابی حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے کہ میں ایک دیت کاملہ کا ضامن ہوں اور نادار ہوں۔ اس قدر مرحمت فرمائیے کہ میں اس دیت کو ادا کروں۔ آپ فرماتے ہیں کہ اے بھائی میں تجھ سے تین سوال کرتا ہوں اگر تو ایک سوال کا جواب صحیح دیگا تو ایک تہائی حصہ اگر دو کا جواب دیگا تو دو تہائی اور اگر تینوں کا جواب صحیح دیا تو کل ادا کر دوں گا۔ اس نے عرض کی یا ابن رسول اللہؐ آپ جیسا صاحب علم و فضل جو معدن علم نبوتی ہے جس کے گھر سے علم کے چشمے نکلے ہیں مجھ جیسے شخص سے سوال علمی فرمائے۔ آپ نے فرمایا کہ ہاں، میں نے اپنے نانا رسول اللہؐ سے سنا ہے کہ احسان بقدر معرفت و علم کرنا چاہیے۔ تاکہ وہ اس کی قدر کر سکے (اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ علم کی قدر و منزلت کس قدر ضروری ہے۔ صاحبان علم زیادہ تر احسان اور ہر قسم کے نیک سلوک کے مستحق اور اہل ہیں) اس اعرابی نے عرض کی۔ اے فرزند رسولؐ! بہتر۔ مجھے جو کچھ معلوم ہوگا عرض کروں گا۔ اور اگر معلوم نہ ہوگا تو حضور سے دریافت کر لوں گا۔

حسینؑ نے دریافت کیا:۔

حسینؑ : دنیا میں بہترین عمل کیا ہے؟

اعرابی : الایمان باللہ۔ خدائے جلیل پر ایمان لانا۔ اس کی توحید کا اقرار۔

حسینؑ : ہلاکت سے نجات کس چیز میں ہے؟

اعرابی : الثقۃ باللہ۔ خدا پر بھروسہ کرنا۔

حسینؑ : انسان کی زینت کس چیز سے ہے؟

اعرابی : العلم مع الحلم۔ علم جو حلم و بردباری کے ساتھ ہو۔

حسینؑ : اگر یہ حاصل نہ ہو تو پھر کیا ہونا چاہیے؟

اعرابی : المال مع المروۃ۔ تو پھر مال ہو مگر مروت اور احسان کرنے کے ساتھ۔

Marfat.com

حسینؑ : اگر یہ بھی نہ ہو؟

اعرابی : تو پھر الفقر مع الصبر۔ تو پھر فقر ہو مگر صبر کے ساتھ۔

حسینؑ : اگر اس پر بھی قدرت نہ ہو؟

اعرابی : تو بس ایسا شخص مستحق ہے کہ اس پر بجلی گرے اور وہ دنیا سے اُٹھ جائے۔

حسینؑ ہنسے اور اعرابی کو ایک ہزار دینار دیت کے عطا فرمائے۔ اور ایک قیمتی انگوٹھی زیادہ عنایت فرما کر ارشاد کیا کہ اپنی دیت کو ادا کرو اور اس انگوٹھی کو فروخت کر کے اپنے نفقہ میں صرف کرو۔

فی الحقیقت حسینؑ کا لقب ابوالمساکین صحیح ہے۔ راتوں کو کھانے، روٹیوں اور کھجوروں کے پشتارے اپنی پیٹھ پر اٹھا کر لے جاتے تھے اور غریب محتاج بیواؤں اور یتیم بچوں کو پہنچاتے تھے جس کے نشان پشتِ مبارک پر پڑ گئے تھے (شہیدِ اعظم ص۴۷)

حسینؑ کا علم ملاحظہ ہو۔ ایک روز حسینؑ مدینہ کے باہر کہیں تشریف لے جا رہے تھے۔ کہ ایک شخص آتا ہے اور حسینؑ کے رفقا اور ہمراہیوں سے سوال کرتا ہے کہ یہ کون شخص ہے کہ جو رسول اللہؐ کا عمامہ سر پر رکھے اور پیرہن مبارک نبوی پہنے تلوارِ رسولؐ کمر میں لٹکائے آ رہا ہے؟ انھوں نے کہا، تو نہیں جانتا؟ یہ رسول اللہؐ کا نواسہ حسینؑ ابن علیؑ ہے۔ اس شخص نے حسینؑ کے سامنے آکر حضور کو سب وشتم اور بُرا بھلا کہنا شروع کیا۔ حسینؑ نے سنا اور مسکرا کر فرمایا کہ اے عزیز، اگر صحرا اور جنگل کی ہوا نے تیرے دماغ میں خشکی پیدا کر دی ہے تو میرے پاس چند روز قیام کر تا کہ ہم تجھے راحت و آرام پہنچائیں اور علاج کرا دیں اور اگر تیری بی بی نے تجھ کو ستایا ہے اور اس سے لڑ کر نکلا ہے تو روپیہ ہم سے لے اور اسکو دے کر خوش کر۔ نہایت ہی خلق و احسان اور نرمی سے اس سے گفتگو فرمائی۔ رفیقوں اور اصحاب نے چاہا کہ اس گستاخی پر اس کو سزا دیں اور قتل کریں۔ حضور نے منع فرمایا اور کہا کہ ہم حلم و بردباری کے پہاڑ ہیں۔ کوئی چیز ہم کو

نہیں ہلا سکتی (وسیلۃ النجاۃ مولوی محمد مبین فرنگی محلی ص۲۷۱)

حسینؑ دولت سرا میں بیٹھے کھانا نوش فرما رہے ہیں۔ ایک کنیز کے ہاتھ سے کھانے کا گرم گرم پیالہ حسینؑ کے چہرۂ انور پر گر پڑتا ہے حسینؑ کنیز کی طرف دیکھتے ہیں۔ کنیز فوراً عرض کرتی ہے الکاظمین الغیظ (یعنی غصہ کھا جانے والے) حسینؑ فرماتے ہیں کظمت غیظی (میں نے اپنا غصہ کھا لیا) کنیز دوسری آیت پڑھتی ہے والعافین علی الناس (لوگوں کو معاف کرنیوالے) حسینؑ فرماتے ہیں۔ عفوت عنك (میں نے تجھے معاف بھی کیا) پھر کنیز بولتی ہے واللہ یحب المحسنین (اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے) حسینؑ فرماتے ہیں۔ انت حرۃ لوجہ اللہ سبحانہ (میں نے تجھے خدائے سبحانہ وتعالیٰ کی خوشی کے لیے آزاد کیا) اور جو وظیفہ اس کنیز کا مقرر ہے وہ بھی قائم و برقرار رکھا جاتا ہے۔ (وسیلۃ النجاۃ مولوی محمد مبین فرنگی محلی ص۲۷۲، شہید اسلام ص۸۳ نیز کشف الغمہ اور شواہد النبوۃ)

ایک مرتبہ ایک کنیز ریحان کے پھولوں کا ایک گلدستہ نذر گزرانتی ہے حسینؑ خوش ہو کر اس کو آزاد کر دیتے ہیں۔ انس بن مالک خدمت میں موجود ہیں۔ عرض کرتے ہیں کہ یا ابن رسول اللہؐ پھول کے ایک گلدستہ پر اس قدر قیمتی لونڈی کو آپ نے آزاد کر دیا۔ حسینؑ فرماتے ہیں۔ دیکھو خدائے جلیل کیا ارشاد فرماتا ہے اذا حییتم بتحیۃ فحیوا باحسن منہا او ردوھا (جبکہ تمھیں کوئی ہدیہ پیش کیا جائے پس اس سے بہتر تحفہ اسے دو یا اس ہدیہ کو واپس کر دو) پس اس سے بہتر اس کنیز کے لیے اور کیا تحفہ ہو سکتا ہے کہ اس کو آزاد کر دیا جائے (وسیلۃ النجاۃ صفحہ ۲۷۱، شہید اسلام ص۸۳)

ان ہر دو واقعات کو ملاحظہ فرماؤ اور دیکھو کہ دین اسلام اور اس کے بانی و حامی کیونکر اور کس طرح پر رضائے الٰہی کے لیے انسانی غلامی کی رسم کو مٹانے کی کوشش کرتے ہیں اور خدا کے بندوں کو اپنا بندہ اور غلام بنانا پسند نہیں کرتے۔ حریت اور

Marfat.com

مساوات کی تعلیم دیتے ہیں اور نیز غصہ کھانے اور عفو و بخشش کرنے اور اخلاقِ حسنہ کی عملی تعلیم کا سبق دیتے ہیں۔

ایک روز حسنؑ و حسینؑ دونوں بھائی ایک بڈھے پیرمرد کے پاس سے گزرے جو غلط وضو کر رہا تھا۔ اس کو ہدایت فرمانی بھی ضروری ہے مگر اس بڈھے عمر رسیدہ شخص کی دلشکنی بھی خلاف خلق محمدی ہے کہ اس ناواقف سفید ریش کو یہ کہا جائے کہ تو جاہل مسئلہ ہے اور وضو سے واقف نہیں۔ پس اس امر کو ملحوظ رکھ کر یہ گلشن ہدایت کے پھول، خلق محمدی کی مہک پھیلانے میں دیکھو کس خوبی سے اس بیچارے بوڑھے شخص کو تلقینِ وضو فرماتے ہیں۔ دونوں بھائیوں نے آپس میں گفتگو شروع کی اور ایک نے دوسرے سے کہا کہ تم اچھی طرح وضو کرنا نہیں جانتے۔ یہ کہتے ہوئے اس بوڑھے کے پاس آئے اور کہا، ایہا الشیخ! تو ہم دونوں کے درمیان فیصلہ کر اور بتا کہ ہم میں کون وضو صحیح کرتا ہے۔ اور پھر دونوں صاحبزادوں نے اس کے سامنے وضو کرنا شروع کیا۔ وضو تمام ہوا۔ بوڑھے نے دیکھا اور عرض کی کہ بیشک آپ دونوں کا وضو صحیح اور درست ہے۔ بس میں ہی نادان و ناواقف ہوں کہ میرا وضو صحیح نہیں تھا۔ آپ دونوں بزرگواروں کی برکت سے میں نے وضو سیکھ لیا۔

سبحان اللہ! ہر ایک فعل میں خُلق محمدی بھی اپنی مہک دے رہا ہے اور ہدایت کے پھول بھی کھل رہے ہیں۔

علم و معرفت حسینؑ کی گھٹی میں پڑی ہے۔ مدینۃ العلم کی زبان مبارک سے حسینؑ نے علم کی دھاریں پی ہیں۔ چشمۂ معرفتِ نبوی سے حسینؑ سیراب ہوئے ہیں۔ گہوارۂ علم و عرفان میں حسینؑ نے پرورش پائی ہے۔ حسینؑ کا علم، علمِ نبیؐ ہے۔ حسینؑ کی معرفت معرفتِ رسولؐ ہے۔ حسین منّی وانا من الحسین (حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں) ارشادِ رسولؐ ہے۔

Marfat.com

حذیفہ یمانی صحابیٔ رسولؐ بیان کرتے ہیں میں نے حسینؑ کو بچوں میں کھیلتے دیکھا۔ بچے کھیل رہے تھے مگر حسینؑ دیوار سے لگے کھڑے تھے اور بیان کر رہے تھے کہ بنی امیہ مجھے قتل کریں گے۔ گویا میں دیکھتا ہوں کہ اپنے خون میں غوطے لگا رہا ہوں۔ اپنی شہادت کی خبریں بچپن ہی سے دے رہے ہیں۔ حذیفہ پوچھتے ہیں یا ابن رسول اللہؐ آپ کو کیونکر معلوم ہوا؟ فرماتے ہیں ہم جانتے ہیں، ہم کو علم ہے۔ حذیفہ رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر سب واقعہ بیان کرتے ہیں۔ رسول اللہ فرماتے ہیں۔ اے حذیفہ دعہ علمہ علمی، اس بات کو جانے دو۔ تم نہیں جانتے۔ حسینؑ کا علم میرا علم ہے۔ (اعلام الوریٰ۔ بحار مجلسی)

## حسینؑ کی عبادت نماز اور حج وغیرہ

بیت اللہ کا شیدائی، دار المحبوب محبوب کا عاشق صادق، پچیس حج پا پیادہ[1] فرماتا ہے۔ نوکر چاکر، خدم حشم، رفیق احباب سب قافلہ سوار ہے مگر یہ عشق الٰہی کے متوالے محبوب خدا کے فرزند، حسنؑ و حسینؑ دیارِ محبوب کے راستہ کو محبت و عشق کے جوش میں سر کے بل آنکھیں بچھاتے پا پیادہ طے کر رہے ہیں۔ چلتے چلتے پاؤں میں کانٹے لگتے ہیں، چھالے پڑتے ہیں۔ پاؤں ورم کر جاتے ہیں مگر یہ محبتِ الٰہی کے دھنی اسی طرح پا پیادہ حاضر ہوتے ہیں۔ کوئی شخص حسینؑ سے عرض کرتا ہے۔ یا ابن رسول اللہؐ آپ بہت خوفِ خدا کرتے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے قیامت میں وہ بے خوف نہیں ہوگا جو دنیا میں خدا سے نہیں ڈرتا۔

ایک مرتبہ اسی طرح پا پیادہ حج کو تشریف لیے جا رہے ہیں۔ راستہ میں حاجیوں کا قافلہ ملتا ہے۔ لوگ بوجہ احترام فرزندِ رسولؐ اپنی اپنی سواریوں کو چھوڑ کر پیدل

---

[1] صواعق محرقہ۔ مطالب السئول ص۲۲۵۔ تذکرہ خواص الامہ سبط ابن جوزی بحوالہ طبقات ابن سعد نیز رحمۃ للعالمین جلد ۲ ص۱۴۵۔ وسیلۃ النجاۃ ص۳۶۹۔

Marfat.com

ہوجاتے ہیں۔ سعد بن ابی وقاص (عمر سعد کا باپ) عرض کرتے ہیں کہ مولا! حضور سوار ہوجائیں کیونکہ ہم لوگ بھی حضور کی وجہ سے سوار نہیں ہو سکتے۔ یہ سن کر حسینؑ دوسرا راستہ اختیار کرتے ہیں مگر سوار نہیں ہوتے اور پیدل ہی حج کو تشریف لے جاتے ہیں۔

عبادت و طاعت خداوندی کا عاشق، محبت الٰہی کا فریفتہ، بچپن ہی سے نانا کے ساتھ محراب عبادت میں کھڑا ہوتا ہے۔ نانا رسول کریمؐ، محبوب الٰہی نیت باندھ کر اللہ اکبر فرماتے ہیں۔ حسینؑ بھی پہلو میں کھڑے تکبیر کہتے ہیں۔ بچپن کی وجہ سے صاف الفاظ نہیں نکلتے۔ رسول اللہؐ مکرر اللہ اکبر فرماتے ہیں۔ ساتویں مرتبہ حسینؑ بھی صاف اللہ اکبر فرماتے ہیں۔ اس روز سے یہ چھ ابتدائی تکبیریں سنت قرار پاتی ہیں۔

انس بن مالک رسول اللہؐ کے صحابی بیان کرتے ہیں کہ حسینؑ مناجات الٰہی کا عاشق، نماز کا متوالا، استغراق فی اللہ کا مجسمہ مکہ معظمہ سے باہر خدیجۃ الکبریٰ ام المومنین کی قبر کے سرہانے نماز اور مناجات الٰہی میں دنیا کو بھلے ہوئے ذوق شوق کے ساتھ محبت الٰہی میں مستغرق، آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں اور اپنے محبوب سے عرض کر رہے ہیں ؎

یا ربّ یا ربّ انت مولاہ      فارحم عبیدا الیک ملجاہ

"اے ربّ جلیل تو ہی مولا اور آقا ہے، اپنے ذلیل و حقیر بندہ پر جس کا تو ہی ماوا و ملجا ہے رحم فرما"

یاذا المعالی علیک معتمدی      طوبیٰ لمن کنت انت مولاہ

"اے میرے مالک! بڑے مراتب اور بزرگیوں والے! میرا بھروسہ تجھی پر ہے، خوشا حال جس کا تو مولا اور آقا ہو"

طوبیٰ لمن کان خائفا ارقا      یشکو الی ذی الجلال بلواہ

"خوشا حال اس بندۂ خدا عاشق الٰہی کا جو اپنے محبوب مولا سے خائف و ترساں

Marfat.com

رات کی نیند اچاٹ کیے ہوئے اپنے رنج و فراق کے مصائب اور بلاؤں کی شکایت اپنے خالق، مالک، صاحبِ جلال و عظمت سے کر رہا ہے۔"

وما به علۃ و لا سقم　　اکثر من حبہ لمولاہ

"وہ عاشقِ صادق جو اپنے مولا، اپنے مالک اور محبوب کی محبت میں ڈوبا ہوا ہے اس کو کسی مرض و بیماری کی تکلیف محسوس ہی نہیں ہوتی گویا اس کو کوئی مرض و بیماری ہوتی ہی نہیں۔"

اذا اشتکی بثہ و غصتہ　　اجابۃ اللہ ثم لباہ

"جب وہ اپنے رنج و مصیبت، حزن و الم کی شکایت اپنے محبوب سے کرتا ہے اس کا محبوب خدائے جلیل اس کو جواب دیتا ہے، اس کی صدائے محبت پہ لبیک فرماتا ہے۔"

اذا ابتلی بالظلام مبتھلا　　اکرمہ اللہ ثم ادناہ

"جبکہ وہ اندھیری راتوں، تاریک راستوں میں اپنے محبوب کی عبادت و طاعت میں تضرع اور زاری سے مصروف ہوتا ہے تو خداوندِ عالم اللہ تعالیٰ (اس کا محبوب)، اس کا اکرام کرتا ہے اور اس کو اپنے قریب کرتا ہے۔"

## معشوق اپنے عاشق کو جواب دیتا ہے:

انس جو حسینؓ سے علیحدہ ہو گئے تھے اور حسینؓ کی نظروں سے دور چھپ کر کھڑے حسینؓ کو دیکھ رہے تھے بیان کرتے ہیں کہ حسینؓ کی اس مناجات پر آسمان سے یہ آواز سنی گئی ؎

لبیک عبدی وانت فی کنفی　　کلما قلت قد علمناہ

"ہاں ہمارے (عاشق) بندے! میں تو تیرے پاس موجود ہوں، تو ہماری حمایت میں ہے۔ جو کچھ تو نے کہا ہم اس کو جانتے ہیں ہمیں تیری محبت و عشقِ صادق

Marfat.com

کا علم ہے"

صلوتك لتشتاقه ملائکتی      نحسبك الصوت قد سمعناه

"اے ہمارے عاشق! تیری (محبت بھری) آواز کے تو مشتاق ہمارے فرشتے رہتے ہیں مگر تیرے لیے یہی کافی ہے کہ ہم نے تیری آواز کو سنا ہے"

دعاك عندی یجول فی حجب      نحسبك الستر قد سفرناه

"تیری آوازیں، تیری دعائیں ہمارے حجابِ قدرت کے پاس گونجتی رہتی ہیں (اے ہمارے عاشق) تیرے لیے یہی کافی ہے کہ ہم نے پردہ درمیان سے اٹھا دیا ہے"

لو هبت الریح من جوانبه      خر سریعا لما تغشاه

(ہمارے عاشق کی محبت میں) یہ حالت ہے کہ اگر ہوا کا جھونکا بھی اس کو لگے تو فوراً اس حالتِ عشق کے عارضہ سے خاک پر گر پڑے گا (ہمارے عشق و محبت میں وہ ایسا کاہیدہ ہوگیا ہے)"

سلنی بلا رغبة ولا رهب      ولا تخف اننی انا الله

"ہاں ہاں! اے ہمارے عاشق! کچھ خوف و ہراس نہ کر۔ بلا خطر جو چاہے ہم سے مانگ، میں ہوں خدائے بزرگ" (عیون المجالس۔ مناقب ابن شہر آشوب شہیدِ اسلام ص۹۱)

کسی شخص نے امام زین العابدینؑ سے دریافت کیا کہ یا حضرت! آپ کے والدِ ماجد امام حسین علیہ السلام کی اولاد کم تھی۔ آپ نے فرمایا کہ ہم کو یہی تعجب ہے کہ ہم کیونکر پیدا ہوئے، کیونکہ ہمارے والدِ محترم حسینؑ ہر وقت طاعت و عبادت میں ہی مصروف رہتے تھے اور ہر دن رات میں ایک ہزار رکعت نماز ضرور ادا فرماتے تھے (سعادۃ الکونین ص۲۱ ناسخ التواریخ ص۴۸)

Marfat.com

حسینؑ اس عابدِ حقیقی محبِ صادق، رسولِ عربیؐ کا فرزند اور پیارا نواسہ ہے جو نماز کا اپنی طاعت و عبادتِ الٰہی کا عاشق ہے جس نے وہ نمازیں پڑھی ہیں اور عبادت و طاعتِ الٰہی میں وہ مشقتیں جھیلی ہیں کہ خود خدائے جلیل نے اپنے محبوب سے فرمایا کہ طٰہٰ ما انزلنا علیک القراٰن لتشقیٰ (طہٰ) "اے رسولؐ! ہم نے یہ قرآن تجھ پر اس لیے نازل نہیں کیا کہ تو سختی اٹھائے) اور جو نماز کا عاشق ہے اور جس کا مقولہ قرۃ عینی فی الصلوٰۃ (میری خنکیٔ چشم نماز میں ہے) حسینؑ اسی کا فرزند ہے۔ اسی کا لختِ جگر ہے اور اسی طرح نماز و عبادتِ الٰہی کا والہ و شیدا ہے۔

## حسینؑ کی عبادت شبِ عاشورا اور نماز ہائے روزِ عاشورا

دیکھو نویں محرم کی شام ہے لشکرِ یزید نے چڑھائی کی ہے اس چھوٹی سی حسینؑ کی جماعت کو اور خیام کو گھیر لیا ہے اور اسی وقت لڑائی اور جنگ کرنے اور ان خدا کے عابد، زاہد بندوں، اللہ والے لوگوں کو قتل و شہید کرنے کا ارادہ کر کے فوج کشی کی ہے حسینؑ اس وقت بھی ایک رات کی مہلت عبادتِ الٰہی اور پیاری نماز کو رخصت کرنے کے لیے مانگتے ہیں اور تمام رات عبادت و طاعتِ الٰہی، امر بالمعروف، نہی عن المنکر، حمایتِ دین، نمازوں اور تلاوتِ کلامِ الٰہی میں بسر ہوتی ہے۔ تسبیح و تقدیس اور تکبیر و تہلیل کی آوازیں زمین و آسمان میں گونج جاتی ہیں۔

بس عاشورہ کے دن دسویں محرم کو جو نمازیں حسینؑ نے پڑھی ہیں اور حسینیوں نے اس فرضِ الٰہی کو جس طرح حسینؑ کے ساتھ ادا کیا ہے خود نماز کو ان پر ناز ہے ؎

گر نماز آں بود کہ کرد آں مرد　　　　در جہاں ہیچ کس نماز نہ کرد

صبح سے میدانِ کارزار گرم ہے آفتاب نصف النہار پر پہنچ چکا ہے۔ دشمن گھٹا کی طرح چھائے ہوئے ہیں۔ تلواریں چمک رہی ہیں۔ تیر برس رہے ہیں۔ لاشہ پر لاشہ گر رہا ہے۔ رفقاء اور انصارِ حسینؑ وفا کے پتلے حق کے متوالے پروانہ کی طرح شمعِ توحید پر قربان ہو

Marfat.com

رہے ہیں۔ گردنیں کٹائے برچھیاں کھائے، لہو میں ڈوبے کوثر پر پہنچ رہے ہیں۔ پیاس سے زبانیں خشک ہیں۔ کانٹے پڑ گئے ہیں مگر حمدِ الٰہی سے رطب اللسان ہیں۔

ابو ثمامہ صیداوی حسینؑ کے سامنے آتے ہیں۔ عرض کرتے ہیں۔ یا ابن رسول اللہؐ! میری جان قربان ہو حضور پر، جب تک میرے دم میں دم ہے حضور پہ آنچ نہ آنے دوں گا۔ میری تمنا ہے کہ نمازِ ظہر باجماعت حضور کے ساتھ ادا ہو جائے۔ خدائے جلیل کے اس آخری فریضہ سے حضور کے ساتھ فارغ ہو کر دربارِ الٰہی میں پہنچوں اور پھر جنت میں کوثر کے کنارے حضور کے جدِ امجد کے ساتھ عصر کی نماز ادا کروں۔

حسینؑ آسمان کو دیکھتے ہیں اور فرماتے ہیں۔ جزاک اللہ (خدا تجھ کو جزائے خیر دے) بیشک ظہر کا وقت ہو گیا ہے، تم نے نماز کو یاد کیا، خدا تمھیں نماز گزاروں میں شمار کرے۔ بسم اللہ۔ ان ظالموں سے نماز کے لیے مہلت طلب کرو کہ نماز ادا کر لی جائے۔ پھر یہی میدان ہے اور ہمارے گلے ہیں۔

نماز کے لیے مہلت طلب کی جاتی ہے مگر ایک ظالم کہتا ہے کہ تمھاری نماز قبول نہیں اور فرزندِ رسولؐ کو ادائے نماز کی مہلت نہ دی گئی۔ حسینؑ نماز کو اس شان سے ادا کرتے ہیں کہ حسینؑ کے ساتھی خون سے وضو کیے، نیزوں سے زخمی، پیاس سے بے حال، مختصر جماعت صف باندھتی ہے۔ زہیر قین اور سعید حسینؑ کے آگے آ کر کھڑے ہوتے ہیں اور عرض کرتے ہیں، حضور نماز شروع کریں۔ ہم ان کے تیروں اور تلواروں کے حملوں کو اپنے سینوں پر روکیں گے۔ حسینؑ نماز شروع کرتے ہیں۔ ظالم تیر برساتے ہیں۔ نیزوں سے حملے کرتے ہیں زہیر اور سعید بڑھ بڑھ کر سینے تانتے ہیں، خود تیر کھاتے ہیں اور حسینؑ کو بچاتے ہیں۔

دیکھو اس طرح حسینؑ اور حسینؑ کے ساتھی کس وقت میں اور کس طرح پر اپنے معبودِ حقیقی، وحدہٗ لاشریک کی عبادت اور طاعت کے فریضہ نماز کو ادا کر رہے ہیں۔ امت کو بتلاتے ہیں سکھلاتے ہیں کہ خدائے جلیل کی اطاعت اور فرماں برداری اور اس کی نماز ہر حال میں، ہر

مصیبت میں اور ہر آفت میں لازمی اور ضروری ہے۔ اے مسلمانو! نماز کو کسی حال میں بھی نہ بھولنا۔ سبحان اللہ! قربان اس نماز کے، فدا اس امام کے۔ صدقے ان نمازیوں کے۔ نہ امام ایسا ہوگا پھر نہ مصلی ایسے سے

زاہد ایسے تھے کہ ہمتا نہ تھے ابرار میں     عابد ایسے تھے کہ سجدے کیے تلواروں میں

عصر کی نماز حسینؑ کی آخری نماز ہے۔ اب نہ کوئی رفیق ہے نہ عزیز، نہ انصار ہے نہ مددگار، نہ مؤذن ہے نہ جماعت سب بہشت بریں میں سرکار رسولؐ میں، دربار الٰہی میں سرخرو ہو ہو کر پہنچ چکے ہیں۔ امام تنہا موجود ہے، زخموں سے چور ہے۔ کمر عباسؑ کے غم میں جھک گئی ہے بدن سے خون کے فوارے بہ رہے ہیں۔ گھوڑے پر جھوم رہے ہیں۔ اس نماز کا قیام بھی علیحدہ ہے۔ رکوع بھی جدا ہے، سجدہ بھی عجیب ہے۔ ایسی نماز نہ دنیا میں ہوئی ہے اور نہ ہوگی۔ گھوڑے سے نیزہ کھا کر زخمی ہو کر گرتے ہیں اور بسم اللہ وباللہ علی ملت رسول اللہ فرماتے ہیں اور کھڑے ہو جاتے ہیں اور پھر بیٹھ جاتے ہیں۔ آخری سجدہ زیر خنجر ہوتا ہے۔ سبحان ربی الاعلیٰ کی صدا بلند ہوتی ہے تو تشہد اور ذکر تسبیح نوک نیزہ پر ادا کیا جاتا ہے اور کٹا سر نوک نیزہ پر شام تک تلاوت قرآن اور ذکر توحید و تسبیح فرماتا چلا جاتا ہے۔

دیکھو! یہ ہے حسینؑ کی شان۔ یہ ہے حسینؑ کی نماز۔ یہ ہے عبادت الٰہی۔ یہ ہے حسینؑ کا عشق اور کیوں نہ ہو حسینؑ اس عاشق الٰہی کا فرزند ہے جو طٰہٰ ما انزلنا علیک القرآن لتشقیٰ کا مصداق ہے۔ بیشک حسینؑ اس کا ہی نور نظر ہے جس کا قول قرۃ عینی فی الصلوٰۃ ہے اور حسینؑ اسی کا جان و جگر اور اسی سچے عابد اور موحد حقیقی کا دلبند ہے جو خانہ خدا میں محراب عبادت میں۔ سجدۂ الٰہی میں، طاعت خداوندی میں تلوار کھا کر جان دیتا اور فزت برب الکعبہ فرماتا ہے۔

## حسینؑ کا علم و فضل

حسینؑ کے علم و فضل کے لیے حسینؑ کے نانا مدینۃ العلم کا وہی ارشاد جو حذیفہ سے

Marfat.com

فرمایا ہے کہ دعہ علمہ علمی حسینؑ کا علم میرا علم ہے۔ بہت کافی شہادت ہے بیشک حسینؑ نے مدینۃ العلم کی زبان چوس کر پرورش پائی ہے اور باب العلم کی گود میں حسینؑ پلا ہے۔ حسینؑ کا علم و معرفت وہی ہے جو حسینؑ کے نانا رسول عربیؐ کا ہے اور حسینؑ کی فصاحت و بلاغت اور تفقہ و حکمت وہی ہے جو حسینؑ کے بابا علی مرتضیٰؑ کی ہے۔

اگر ہم حسینؑ کے خطبات اور علم و حکمت اور معرفت و حقانیت کے زرّیں مقولوں اور فصاحت و بلاغت بھرے فی البدیہہ شعروں اور مناجاتوں اور دعاؤں کو سیر و تاریخ و احادیث وغیرہ کی کتب سے ایک جگہ جمع کریں تو واقعی کیا بلحاظ لٹریچر، ادب اور فصاحت و بلاغت کے اور کیا بلحاظ علم و حکمت کے ایک نہایت مفید و کارآمد ضخیم کتاب تیار ہو سکتی ہے۔

حسینؑ کی دعاؤں اور مناجاتوں کو غور سے پڑھو تو علم و حکمت کا دریا لہریں مارتا دکھلائی دیگا اور توحید و معرفت کے جلوے چمکتے نظر آئیں گے۔ خطبوں پر نظر ڈالو تو فصاحت و بلاغت کے چشمے اُبلتے دکھائی دینگے۔ ہدایت و ارشاد کے ستارے نور برساتے نظر آئیں گے۔ حسینؑ کے مقولے جواہرات کے ٹکڑے اور اخلاق کے خزانے ہیں۔ حسینؑ کے فی البدیہہ اشعار فصاحت و بلاغت کے معدن اور دُرِّ شہوار کی لڑیاں ہیں۔ شائقین کلام و علم حسینؑ، حسینؑ کے خطبوں کو اور حسینؑ کی دعاؤں اور مناجاتوں کو ملاحظہ فرما کر ہمارے اس بیان کی خود تصدیق فرما سکتے ہیں۔

ہم یہاں صرف تبرکاً و تیمناً ایک واقعہ کو اپنے ناظرین کی دعوت طبع کے لیے درج کرتے ہیں۔ خلافتِ ثانیہ کا عہد ہے۔ حج کا موسم ہے۔ ابوسلمہ راوی بیان کرتا ہے کہ ابطح کے مقام پر ایک مرد اعرابی حضرت عمر خلیفۂ دوم کی خدمت میں حاضر ہو کر پوچھتا ہے کہ یا امیرالمومنین! میں بقصد زیارت مکہ معظمہ حج بیت اللہ گھر سے نکل کر احرام باندھ چکا تھا کہ راستہ میں جنگل سے شتر مرغ کے انڈے اٹھائے اور بھون کر کھائے۔ اب میرے لیے کیا حکم ہے؟ یہ گفتگو ہو رہی ہے کہ حضرت علیؑ مع اپنے فرزند حسینؑ کے تشریف لے آئے۔

حضرت عمر نے فرمایا۔ یا علیؑ اس کے مسئلہ کا جواب دیجیے۔ اور اس اعرابی سے فرمایا کہ اپنے واقعہ کو حضرت علیؑ سے بیان کرو۔ حضرت علیؑ نے امام حسینؑ علیہ السلام کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اے اعرابی تمہارا جو مطلب ہے اور جو سوال ہے اس کو ہمارے اس بچہ سے پوچھ لے وہ تجھ کو جواب پورا دیں گے۔ پہلے تو یہ سنکر وہ اعرابی حیران ہوا اور کہا تعجب ہے کہ میں جس سے پوچھتا ہوں وہ دوسرے کا حوالہ دیتا ہے مگر جب لوگوں نے اسے سمجھایا اور کہا کہ خاموش ہو تو نہیں جانتا کہ یہ فرزند رسولؐ ہیں تو اعرابی نے اپنا مسئلہ اور سفر کی کیفیت حسینؑ سے عرض کی حسینؑ نے حالات کو سنکر فوراً جواب دیا اور فرمایا، اے اعرابی تیرے پاس کچھ اونٹ ہیں؟ اعرابی نے عرض کی ہاں یا ابن رسول اللہؐ! میرے پاس کچھ اونٹ موجود ہیں۔ حسینؑ نے فرمایا، تو جتنے انڈے شترمرغ کے تو نے اٹھائے ہیں ان کی تعداد کی موافق اونٹنیوں کو نر اونٹوں سے ملا کہ وہ حاملہ ہو جائیں اور پھر جب ان سے بچے پیدا ہوں تو ان بچوں کو خانہ کعبہ میں بھیجکر اس کا فدیہ نحر کر دے۔ یہی اسکا کفارہ ہے۔

حضرت عمر نے یہ سنکر فرمایا کہ یاحسین النوق یزلقن اکثر اونٹنیوں کے بچے ساقط بھی تو ہو جاتے ہیں تو حسینؑ نے فوراً فرمایا، یا عمر ان البیض یمرقن۔ اکثر انڈے بھی تو خراب اور گندے ہو جاتے ہیں اور بچے نہیں نکلتے۔ حضرت عمر نے یہ فی البدیہ جواب سنکر فرمایا، صدقت وبرزت یاحسین بے شک صحیح ہے خوب کہا یاحسینؑ۔ امیر المومنین علیؑ کھڑے ہو گئے اور حسینؑ کو گلے لگا کر فرمایا۔ ذریۃ بعضہا من بعض واللہ سمیع علیم (آئیہ قرآن مجید) اولاد انبیاء بعض بعض کی اولاد ہیں (ناسخ التواریخ ص ۲۸۹)

ہم بڑے زور سے عرض کرتے ہیں کہ کتب سیر و تاریخ کو مطالعہ کرو اسلامی وغیر اسلامی مصنفوں کی کتابوں کو دیکھو۔ بلا شک حسینؑ کے نورانی پیکر پر کسی پہلو اور کسی صورت سے بھی جب نظر ڈالی جائے گی تو اس تصویر محمدی کے نورانی اور روشن سعید

Marfat.com

پیکر پر ایک سوئی کی نوک کے برابر بھی کہیں کوئی سیاہ دھبہ نظر نہیں آئیگا جس طرح پر کہ حسینؑ کے مخالف و مدعی دشمنِ دینِ محمدی یزید کی کاغذی تصویر پر کسی جگہ مکھی کے سر کے برابر بھی کوئی سفید نقطہ دکھلائی نہیں دے گا۔ بلاشک حسینؑ روحِ دین و ایمان اور جانِ اسلام، خیر و برکت کا مجسمہ ہے اور یزید کفر و ضلالت اور بے دینی کا پیکر اور کفر کی تصویر ہے جیسا کہ یزید کے کیرکٹر اور حالات سے اور علمائے اسلام کی تصنیفات سے بخوبی ثابت ہو رہا ہے جس کو ہم انشاءاللہ آئندہ اسی حصہ میں یا حصہ دوم میں مفصل لکھیں گے۔

---

## باب چہارم

# امام حسینؑ کی محبت کے متعلق اسلام کا قانون

## حسینؑ کی محبت تمام مسلمانوں پر فرض ہے!

مسلمانو! پیارے بھائیو! نبیؐ کے کلمہ گویو! بلا شک وشبہ تمام مسلمانوں کا مسلمہ عقیدہ اور جمہور اسلام کا متفقہ مسئلہ ہے کہ رسول کریمؐ کی محبت اور ان کی پیروی اور اتباع ہر ایک مسلمان کے لیے لازمی فریضہ اور واجبی حکم ہے۔ بلا محبت نبیؐ اور بغیر اتباع و پیروی رسولؐ کوئی مسلمان مسلمان نہیں ہو سکتا۔ عقل اس پر گواہ اور شریعت اس پر شاہد ہے۔

خداوند عالم کا حکم واجب العمل لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ (تمہارے لیے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کے اسوۂ حسنہ کی پیروی ضروری ہے۔ اور اس کا ارشاد واجب الانقیاد قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفرلکم ذنوبکم واللہ غفور رحیم (یعنی اے رسولؐ تو کہدے۔ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو تاکہ اللہ تم سے محبت کرے اور تم کو بخش دے تمہارے گناہ، اور اللہ بڑا بخشنے والا رحیم ہے) خود اس دعوے کی صداقت اور شہادت کی روشن دلیلیں ہیں بیشک بغیر اتباع وپیروی رسولؐ اور بلا محبت ومودت نبی کریمؐ کوئی شخص مسلمان اور مومن نہیں کہا جا سکتا بلکہ خدا اور اس کے رسولؐ کی محبت مومنوں اور مسلمانوں پر ہر ایک شئے کی محبت سے بڑھ کر واجب ہے اور مومن صادق کے لیے کوئی چیز ان سے زیادہ محبوب نہیں ہونی چاہیے۔ جو انکے مقابلہ میں کسی اور شئے کو زیادہ محبوب رکھے وہ فاسق العقیدہ ہے جو کبھی راہ نجات کی ہدایت نہیں پا سکتا۔ کلام پاک میں اس کو نہایت توضیح وتفصیل سے

Marfat.com

بیان کیا گیا ہے جیسا کہ فرماتا ہے۔ قل ان کان اٰباؤکم وابناؤکم واخوانکم وازواجکم وعشیرتکم واموال اقترفتموھا وتجارۃ تخشون کسادھا ومساکن ترضونھا احب الیکم من اللہ ورسولہ وجھاد فی سبیلہ فتربصوا حتی یاتی اللہ بامرہ واللہ لایھدی القوم الفاسقین۔

اے ہمارے رسولؐ! اپنی امت سے کہدے کہ اگر تم اپنے ماں باپ کو، اپنی اولاد اور بھائیوں کو اور اپنی بی بیوں اور کنبہ والوں کو اور اپنے مالوں کو جو تم کماتے ہو اور اپنی تجارت کو جس کی کساد بازاری سے تم ڈرتے ہو اور اپنے مکانوں کو جن میں تم رہتے ہو خدا اور رسولؐ سے اور جہاد راہِ خدا سے زیادہ دوست اور محبوب جانتے ہو تو عذاب کے منتظر رہو اور سمجھ لو کہ خدا ایسے فاسقوں کو ہدایت نہیں فرماتا۔ نیز احادیث نبوی اور قول رسول کریمؐ بھی ملاحظہ ہوں:۔

| | |
|---|---|
| اکون احب الیہ من ولدہ و والدہ والناس اجمعین، (وعن ابو ھریرہ نحوہ) | مسلمانو! تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک مجھے اپنے ماں باپ اور اپنی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ نہ چاہتا ہو (کتاب الشفاء فی حقوق المصطفےٰ قاضی عیاض حصہ دوم صـ۱۵) |

نیز حضرت عمر خلیفہ دوم نے رسول اللہؐ سے عرض کی کہ آپ مجھے ہر شے سے زیادہ محبوب ہیں مگر جان سے زیادہ نہیں۔ الا نفسی التی بین جنبی۔ رسول اللہؐ نے فرمایا کوئی شخص تم میں مومن نہیں ہو سکتا جب تک مجھے اپنی جان سے زیادہ دوست نہ رکھے۔ یہ سنکر حضرت عمر نے فرمایا، اگر ایسا ہے تو حضرت میں آپ کو اپنی جان سے بھی زیادہ دوست رکھتا ہوں۔ (کتاب الشفاء، قاضی عیاض جلد ۲ صـ۱۵)

علیؑ ابن ابی طالب سے دریافت کیا گیا کہ آپ رسول اللہؐ کو کیسا دوست رکھتے

Marfat.com

ہیں؛ حضرت علیؑ نے فرمایا۔ واللہ احب الینا من اموالنا و اولادنا و اٰبائنا و امہاتنا ومن الماء البارد علی الظماء (کتاب الشفاء قاضی عیاض جلد دوم ص۱۱)
یعنی خدا کی قسم رسول اللہؐ ہم کو آل، اولاد، ماں باپ اور واقعی پیاس اور پانی کی چاہت میں ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب اور پیارے ہیں۔ کل شیئ حیّ من الماء کے مطابق بے شک پانی ہی زندگی اور قیام نفس کا موجب ہے۔ اگر پانی نہ ملے تو زندگی ممکن نہیں۔ پس علیؑ نے پیاس کی شدت میں پانی کا ذکر کر کے یہ بتایا اور فرمایا ہے کہ رسول اللہؐ ہم کو جان سے بھی زیادہ عزیز اور پیارے ہیں اور جیسا کہ علیؑ نے شب ہجرت بستر رسولؐ پر آرام فرما کر اپنے اس قول کا ثبوت بھی عملاً دکھلا دیا۔
نیز ملاحظہ فرمائیں کہ اسی طرح اسی علیؑ کا فرزند دلبند حسینؑ بھی اپنے بابا علیؑ کے اس قول کی تصدیق و پیروی کرتے ہوئے کیونکر حکم الٰہی اور فرمان رسولؐ کی تعمیل فرما اور اپنی محبت خدا و رسولؐ کا ثبوت پیش کرتا ہے۔ روز عاشور تین دن کی سخت و شدید پیہم پیاس کی انتہائی تکلیف میں جبکہ زخموں سے چور ہے گرمی اور دھوپ کی شدت سے بے حال ہے۔ زبان پر خشکی سے کانٹے پڑ گئے ہیں۔ زبان پھٹ گئی ہے۔ شدت تشنگی سے کلیجہ کباب ہے جگر سے دھوئیں اٹھتے ہیں اور سامنے دریائے فرات کا پانی لہریں مار رہا ہے۔ دشمن پکار رہے ہیں کہ اے حسینؑ! دیکھو فرات کیسی موجیں مارتا ہے۔ پانی کیسا صاف و شفاف مچھلی کے پیٹ کی طرح چمکتا ہے۔ بیعت یزید (فاسق و فاجر بے دین) قبول کرو اور اس کے آگے سر اطاعت و فرماں برداری خم کرو تو پانی موجود ہے ورنہ ایک قطرہ بھی تم کو نہ دیا جائے گا۔ مگر حسینؑ کو خدا و رسولؐ کی محبت اور اس کے دین حق کی الفت ٹھنڈے پانی سے، اپنی جان سے، عزیز و اقرباء سے، گھربار سے، غرضکہ ماسواء اللہ سب سے زیادہ محبوب و پیاری ہے۔ سب مصیبتیں اور سب تکلیفیں منظور و قبول ہیں مگر محبت خدا و رسولؐ اور اپنے نانا کے دین اسلام کی محبت کو چھوڑنا

Marfat.com

ایک آن کے لیے بھی حسینؑ کو گوارا نہیں۔ بس یہی فرماتے ہیں کہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اور آخر اسی طرح محبت خدا و رسولؐ میں دینِ اسلام پر قربان ہو جاتے ہیں۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی میں علامہ بیہقی اور شیخ دیلمی سے مروی ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا:۔

| | |
|---|---|
| لا یؤمن عبد حتّٰی اکون | یعنی کوئی بندہ مومن نہیں ہو سکتا جب |
| احبّ الیہ من نفسہ وتکون | تک مجھے اور میری عترت کو اپنی جان |
| عترتی احب الیہ من نفسہ | سے زیادہ اور میری ذات کو اپنی |
| وتکون اھلی احب الیہ من | ذات سے زیادہ اور میرے اہل |
| اھلہ وتکون ذاتی احب الیہ | بیتؑ کو اپنے اہل وعیال سے زیادہ |
| من ذاتہ۔ | عزیز و محبوب نہ رکھتا ہو۔ |

ہمارے مکرم و محترم دوست جناب قاضی حاجی محمد سلیمان صاحب پنشنر مجسٹریٹ ریاست پٹیالہ نے بھی اپنی کتاب رحمۃ للعالمین کی جلد دوم ص ۱۵۰ میں اس حدیث کو جو انس بن مالک سے مروی ہے اور نیز دوسری حدیثِ رسولؐ لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من اھلہ ومالہ" یعنی کوئی تم میں سے مومن نہیں ہو سکتا جب تک مجھے اپنے اہل وعیال سے زیادہ دوست نہ رکھے" درج فرمائی ہیں نیز حضرات علماء نے اپنی کتابوں میں محبت کی علامتیں بھی درج فرمائی ہیں اور واقعی بدیہی اور مسلّمہ امر ہے کہ محبِ اصلی اور سچا عاشق اور پکا دوست وہی کہا جا سکتا ہے جس کے دل میں اس کے محبوب کی یاد اور اس کا ذکر و خیال ہر وقت و ہر زمان جما ہوا ہو اور محبوب کا ہر فعل اور اس کی ہر شئے جو اس کو محبوب و پیاری ہے محب کو بھی ویسی ہی پیاری اور جان سے زیادہ عزیز ہو۔ اگر یہ نہیں تو واقعی دعوائے محبت غلط اور دوستی کا ادعا جھوٹ ہے۔ دیکھیے قاضی عیاض نے کتاب الشفاء میں

Marfat.com

خوب لکھا ہے۔ وہ لکھتے ہیں۔ اعلم ان من احب شیئًا اثرہ واثر موافقتہ والا لم یکن صادقًا۔ یعنی جو شخص کسی شے کو دوست رکھتا ہے تو وہ اس کو اپنے نفس پر مقدم رکھتا ہے اور اس کی موافقت اور مطابعت کو بھی مقدم سمجھتا ہے ورنہ وہ سچا دوست اور محب نہیں ہے ؎

تعصی الالہ وانت تظھر حبہ ۔۔۔ ھذا العمری فی القیاس بدیع

لو کان حبک صادقا لاطعتہ ۔۔۔ ان المحب لمن یحب مطیع

یعنی خدا کی محبت کا اظہار کرنا اور اس کی نافرمانی کرنا قسم ہے اپنی جان کی۔ یہ بات قیاس میں نہیں آسکتی۔ بہت ہی عجیب امر ہے۔ اگر تیری محبت سچی ہے تو ضرور تو اس کی اطاعت و فرماں برداری کرے گا کیونکہ دوست کے لیے اپنے محبوب کی اطاعت لازمی اور ضروری ہے (کتاب الشفا قاضی عیاض جلد ۲ ص)

پھر قاضی عیاض اسی ذکرِ محبت میں لکھتے ہیں۔ المحبۃ دوام الذکر للمحبوب محبوب کو ہمیشہ یاد کرنا محبت کی علامت ہے اور نیز محبتِ رسول کی علامتوں میں درج کرتے ہیں۔ من علامات محبۃ النبی کثرۃ ذکرہ لہ فمن احب شیئًا اکثر ذکرہ (ص ۲۱) یعنی محبت نبی کی علامات میں سے ہے کہ اکثر حضور کا ذکر خیر زبان پر جاری رہے کیونکہ جس کو جو چیز پیاری ہے وہ ہر وقت اسی کا ذکر کرتا رہتا ہے۔ پس رسول کریم کا ذکر اور یاد اور ان کے پیاروں کی یاد اور ذکر جو بلاشک رسول کو پیارا اور محبوب ہے واقعی ذکرِ رسول اور بلاشبہ یادِ نبی ہے۔ اور رسول و آلِ رسول کی خوشی سے خوش ہونا محمد و آلِ محمد کے غم و مصیبت سے غم کھانا، محزون و مغموم ہونا لاریب رسولِ کریم کی پیروی اور نبی عربی کی تاسی اور اقتداء ہے۔ ہمارے مکرم و محترم قاضی محمد سلیمان صاحب نے بھی اپنی کتاب رحمۃ للعالمین جلد دوم میں ص ۲۷۶ پر بذیل علامات محبتِ نبی، آلِ محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین

کی محبت کو رسول اللہؐ کی محبت کی علامت درج فرمایا ہے۔ قاضی صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ:۔
"دوسری علامت محبتِ نبیؐ کی یہ ہے کہ آلِ نبیؐ کے ساتھ سچے دل اور شفاف قلب سے محبت ہو۔ امامین شہیدین حسنینؑ اور ان کے ابوین طیبین (علیؑ و فاطمہؑ) کی محبت عین محبتِ نبیؐ ہے اور ان کے فضائل یاد رکھنا، بیان کرنا، ان کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنا عین محبتِ نبوی ہے"
بے شک اسی طرح آلِ محمدؐ عترتِ نبیؐ اور جانِ رسول حسینؑ مظلوم کے فضائل و مناقب اور اسلام و دین کی خدمات میں جو جو مصیبتیں اور اذیتیں ان بزرگواروں نے جھیلیں اور ظالموں بے دینوں کے ظلم و جور صبر و استقلال سے اٹھائے ان کا ذکر کرنا اور محزون و مغموم ہونا واللہ ثم باللہ عین تاسیٔ نبیؐ اور اقتدائے رسولؐ ہے۔ (دیکھو قبل از شہادتِ حسینؑ رسول اللہؐ حسینؑ کے قتل و شہادت و مصیبت کا ذکر فرماتے اور محزون و مغموم ہوتے تھے۔
چنانچہ شہادتِ حسینؑ کی پیشین گوئیوں اور رسولِ عربیؐ کے محزون و مغموم ہونے کی احادیث درج کی جا چکی ہیں۔ اور بمصداق حدیث شریف رسولِ کریمؐ من احیاء سنتی فقد احیانی ومن احیانی کان معی فی الجنۃ (قاضی عیاض جلد ۲ صفحہ ۱) یعنی جس نے میری سنت و طریق کو زندہ کیا اس نے مجھے زندہ کیا اور جس نے مجھے زندہ کیا وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔"
پس ان سب احادیث اور اقوال و افعالِ رسول کریمؐ پر نظر کرتے ہوئے اور رسول اللہؐ کی محبت و پیروی کا دم بھرتے ہوئے ضروری اور لازمی ہے کہ باتباع و پیروی سرورِ عالم رسول کریمؐ ہر ایک مسلمان جو نبیؐ کا کلمہ گو ہے وہ ضرور ہے کہ حسینؑ کا عاشق و فدائی اور حسینؑ کی یاد کو اور حسینؑ کے ذکر کو تازہ کرنے والا اور حسینؑ کے رنج و الم سے محزون و مغموم ہونے والا اور حسینؑ کے دشمن و قاتل مرتد پر لعنت کرنے والا بھی ضرور ہو۔
پس اب اس کے بعد رسول اللہؐ کی ان دوسری اور متواتر اور مسلمہ احادیث کو بھی جو عترتِ رسولؐ، اہلبیت اطہارؑ علیؑ و فاطمہؑ حسنؑ اور حسینؑ کی محبت و مودت کے لیے مجتمعاً و منفرداً

Marfat.com

بتاکید اور بکثرت وارد ہوئی ہیں اور کتب احادیث و تفسیر میں موجود ہیں ملاحظہ فرمایئے اور خدائے جلیل کے اس کھلم کھلا واجب التعمیل حکم کو جو اس کے کلام پاک میں ہے جس کو رسولؐ کی معرفت تمام مسلمانوں کو پہنچایا گیا ہے مطالعہ فرمائیے۔ علمائے جلیل القدر و بزرگان دین کی تفسیروں اور اقوال و مختار پر بھی نظر ڈالو جو برو سے ارشادات و احادیث نبوی اسی آیہ وافی ہدایہ قل لا اسئلکم علیہ اجراً الا المودۃ فی القربیٰ کی تفسیر و تشریح میں درج ہیں۔ پھر دیکھو اور سمجھو کہ عترت اطہار، ذریت رسولؐ اور حسینؑ کی محبت والفت کیونکر اور کس طرح ہر ایک مسلمان پر فرض اور واجب قرار دی گئی ہے۔

سواد اعظم اسلامی کے عالی منزلت علماء اور مستند و مسلمہ ائمہ دین امام شافعی، امام فخرالدین رازی، علامہ شمس الدین ابن عربی، علامہ جلال الدین سیوطی، ابن صباغ مالکی، ینابیع شیخ الاسلام قندوزی، کتاب فصل الخطاب خواجہ محمد پارسا بخاری نقشبندی، مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی، مطالب السئول ابوطلحہ شافعی، تفسیر ثعلبی، علامہ ابن حجر مکی صاحب صواعق محرقہ، علامہ حسن بن محمد نیشاپوری، علامہ حسین البغوی صاحب معالم التنزیل، درمنثور و اکلیل، تفاسیر علامہ جلال الدین سیوطی، تفسیر حسینی ملا حسین واعظ کاشفی، تفسیر مدارک علامہ نسفی جیسے محقق و معتبر بزرگواروں کی تفاسیر اور اقوال کو ملاحظہ فرمائیے کہ عترت اطہار نبوی، اہلبیت محمدی علیؑ و فاطمہؑ حسنؑ و حسینؑ علیہم السلام کی محبت والفت کو کتنا کچھ ضروری، واجب عینی اور فریضۂ الٰہی سمجھتے ہیں اور مانتے چلے آئے ہیں۔

امام فخرالدین رازی نے جو حکیم اسلام ہیں اپنی تفسیر کبیر میں کس شرح و بسط کے ساتھ بدلائل واضح محبت آل محمدؐ کو واجب اور فریضۂ الٰہی ثابت کیا ہے۔ دیکھو جزو ۷ تفسیر کبیر امام فخرالدین رازی صفحہ ۴۰۶۔ ۴۰۵۔ اور نیز امام فخرالدین رازی نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اہل بیت اطہار آل محمد علیہم السلام رسول اللہؐ کے ساتھ مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں شریک اور مساوی و ہمتائی ہیں (ملاحظہ ہو صواعق محرقہ ص ۸۹ مطبوعہ مصر اور ینابیع المودۃ ص ۴۲ مطبوعہ مصر)

اوّل : جس طرح خداوند عالم نے اپنے حبیب رسولِ کریمؐ کو پاک و معصوم فرمایا اور طٰہٰ کے پیارے لقب سے یاد کیا اسی طرح عترتِ نبوی، ذریتِ محمدی علیؑ و فاطمہؑ، حسنؑ و حسینؑ کو تطہیر کی چادر اوڑھا کر انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا (سوائے اس کے نہیں کہ اللہ تعالیٰ ارادہ کیے ہوئے ہے کہ وہ تم کو اے اہلِ بیتِ رسولؐ ہر رجس اور ناپاکی سے ایسا پاک و پاکیزہ رکھے جو پاک و پاکیزہ رکھنے کا حق ہے) کے پیارے خطاب سے مخاطب فرما کر پاک و پاکیزہ فرمایا اور خلعتِ عصمت بخشی

دوم : جس طرح اپنے محبوب نبیٔ عربیؐ پر سلام نازل فرمایا اور السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کا ارشاد ہوا اسی طرح آلِ محمدؐ پہ سلامٌ علیٰ آلِ یاسین سے سلامِ الٰہی نازل فرمایا گیا (یٰسین آنحضرتؐ کا نام ہے اور سلامٌ علیٰ آلِ یٰسین بنا برقرآتِ صحیحہ قرآن میں نازل ہوا ہے)

سوم : جس طرح اپنے پیارے رسول محمد مصطفےٰؐ کی محبت کو قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ کے حکم سے ہر ایک مسلمان پر واجب قرار دیا اسی طرح ذریتِ رسولؐ آلِ محمدؐ کی محبت و مودت قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ (اے رسولؐ! تم کہہ دو اپنی امت سے کہ میں تم سے رسالت کا کوئی معاوضہ نہیں چاہتا مگر یہ کہ تم میرے قریبی عزیزوں سے محبت و مودت رکھو) کے حکم سے ہر ایک مسلمان کے لیے واجب اور فرض گردانی گئی۔

چہارم : جس طرح صدقہ رسولؐ پہ حرام ہے اسی طرح آلِ محمدؐ پہ حرام ہوا (ملاحظہ ہو ہدایت السائل نواب صدیق حسن خاں مرحوم دربارہ صدقہ وغیرہ)

پنجم : درود بغیر شرکتِ آلِ محمدؐ ناتمام ہے اور نماز جو رکنِ دین اور اسلام کی علامت ہے بغیر درود ناقص ہے اور قابلِ قبولیت نہیں (دیکھو صواعق محرقہ صفحہ ۸۸

نووی شرح صحیح مسلم جلد اول ص ۱۷۵ - کنز العمال وہدایت السائل وغیرہ)
بیشک اہل بیتؑ کی مودت اور حسینؑ کی محبت اسلام کی جڑ اور دین کی بنیاد ہے۔
امام شافعی علیہ الرحمۃ کے مشہور اشعار اسی پر گواہی دے رہے ہیں ؎

یا اھل بیت رسول اللہ حبکم ۔۔۔ فرض من اللہ فی القرآن انزلہ
کفاکم بھذا الفضل انکم ۔۔۔ من لم یصلّ علیکم لاصلوٰۃ لہ

(صواعق محرقہ ابن حجر مکی مطبوعہ مصر ص۸۸)

"آل محمدؐ کی محبت فریضۂ الٰہی ہے۔ قرآن میں نازل ہے۔ ہر ایک مسلمان پر واجب ہے۔ نماز کی قبولیت بغیر آلِ محمدؐ پر درود بھیجے کے ممکن نہیں"

اسی طرح شیخ شمس الدین ابن عربی نے بھی اپنے اشعار میں اس آیۂ مودت کی تفسیر بیان فرمائی ہے اور محبت آلِ محمدؐ کو فرض اور واجب سمجھا ہے ؎

رایت ولائی ال طٰہٰ فریضۃ ۔۔۔ علی رغم اھل البعد یورثنی القربیٰ
فما طلب المبعوث اجرا علی الھدیٰ ۔۔۔ بتبلیغہ الا المودۃ فی القربیٰ

(مخالف کی ناک رگڑنے کے لیے میں محبتِ آلِ محمدؐ کو اپنا فریضہ سمجھتا ہوں جو رسول اللہؐ سے میرے تقرب کو بڑھاتا ہے)

"رسولِ کریمؐ مبعوث برسالت نے اپنی تبلیغ وہدایت فرمائی کے بدلے میں کوئی اجر و مزدوری نہیں چاہی مگر محبت اپنے ذوالقربیٰ کی اور واقعی یہ بھی کوئی اجر اور مزدوری نہیں ہے بلکہ یہ خود یعنی محبتِ اہل بیتؑ وسیلۂ ہدایت ہے۔" (وما سئلتکم من اجر فھو لکم - آیہ قرآن مجید) (فلک النجاۃ ص۴۹)

علامہ ابن صباغ مالکی نے اپنی کتاب فصول المہمہ میں مندرجۂ ذیل اشعار درج فرمائے ہیں ؎

ھم العروۃ الوثقیٰ لمعتصم بھا ۔۔۔ مناقبھم جائت بوحی وانزال

Marfat.com

مناقب فی شوریٰ وسورۃ ھل اتیٰ — وفی سورۃ الاحزاب یعرفھا العالی
وھم آل بیت المصطفیٰ فودادھم — علی الناس مفروض بحکم اسجالی

"یعنی یہ اہل بیت محمدی عروۃ الوثقیٰ خدا کی مضبوط رسی ہے جس کو پکڑنا ضروری ہے۔ ان کے فضائل و مناقب بذریعہ وحی نازل ہوئے ہیں۔ ان کے فضائل و مراتب سورۂ شوریٰ[1] میں، سورۂ ہل اتیٰ[2] میں اور سورۂ احزاب[3] میں ہیں۔ اور یہی ہیں اہل بیت مصطفےٰ جن کی محبت لوگوں پر خدا کے حکم سے واجب کی گئی ہے۔"

علامہ جلال الدین سیوطی نے اپنی تفسیر اکلیل میں بذیل اسی آیۂ مودّۃ کے تحریر فرمایا ہے۔ فیہ وجوب محبۃ قرابۃ۔ عن ابن عباس قال لما نزلت ھٰذہ الاٰیۃ قالوا یا رسول اللہ من ھؤلاء الذین امر اللہ بمودتھم قال فاطمۃ وولدھا۔ یعنی اس آیۂ مجیدہ میں رسول اللہ کے ذوالقربیٰ سے وجوب محبت کا حکم ہے۔ ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو دریافت کیا گیا یا حضرت وہ کون لوگ ہیں جن کی محبت کا حکم خدا نے فرمایا ہے؟ رسول اللہ نے فرمایا فاطمہ اور اور ان کی اولاد علیہم السلام (حاشیہ تفسیر جامع البیان صفحہ ۳۵۶)

علامہ حسن بن محمد مشہور بہ نظام نیشاپوری اپنی تفسیر میں درج فرماتے ہیں جلد ۳ پارہ ۲۵ سورۂ شوریٰ تفسیر نیشاپوری۔

عن سعید بن جبیر لما نزلت ھٰذہ الاٰیۃ قالوا یا رسول اللہ — یعنی سعید بن جبیر صحابی رسول سے روایت ہے جب یہ آیۂ وافی ہدایہ نازل ہوا تو

---

[1] آیۂ مجیدہ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ سے مراد ہے۔
[2] یوفون بالنذر ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا ویتیما واسیرا کی طرف اشارہ ہے جو سورۂ ہل اتیٰ میں ہے۔ [3] آیۂ تطہیر انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس الخ ..... (فصول المہمہ مطبوعہ طہران صفحہ ۱۳)

من ھٰؤلاء الذین وجبت علینا مودتھم بقرابتك فقال علی و فاطمۃ و ابناھما ولا ریب ان ھٰذا فخر عظیم و شرف تام اثبت بالنقل التواتر انہ کان یحب علیا والحسن والحسین و یقول فاطمۃ بضعۃ منی یوذینی مایوذیھا کان ذالك اوجب علینا بقولہ فاتبعوہ وکفی شرفًا لاٰل رسول اللہ وفخرا۔

لوگوں نے رسول اللہؐ سے دریافت کیا، یا حضرت آپ کے وہ رشتہ دار جن کی محبت ہم پر واجب کی گئی ہے، کون کون ہیں؟ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ علیؑ فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ اور کوئی شک نہیں کہ یہ بڑا ہی شرف اور فخر تمام اہل بیت اطہار علیہم السلام کے لیے ہے۔ متواتر حدیثوں سے ثابت ہے کہ رسول اللہؐ علیؑ اور حسنؑ و حسینؑ سے محبت فرماتے تھے اور فاطمہؑ کے متعلق فرماتے تھے کہ فاطمہؑ میرے جگر کا ٹکڑا ہے۔ جس نے فاطمہؑ کو ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی، پس بموجب قول و اتباع ان کی محبت ہم پر واجب اور آلِ رسولؐ کے لیے یہ شرف اور فخر کافی ہے۔

علامہ ابواسحاق ثعلبی نے اپنی تفسیر میں رسول اللہؐ کی اس طولانی حدیث کو درج فرمایا ہے جو حبِ آلِ محمدؐ کے متعلق جریر بن عبداللہ سے مروی ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ الا من مات علی حبّ ال محمّد مات شھیدا من مات علی حبّ ال محمّد مات مغفورا من مات علی حبّ ال محمّد بشرہ ملك الموت بالجنّۃ من مات علی بغض ال محمّد جاء یوم القیٰمۃ مکتوب بین عینیہ ائس من رحمۃ اللہ الا من مات علی بغض ال محمّد لم یشم رائحۃ الجنّۃ (ینابیع المودۃ ۲۶۹ اور تفسیر کبیر رازی صفحہ ۶ و ۴۰۵) ترجمہ: جان لو کہ جو کوئی آلِ محمدؐ کی محبت پر مرے گا

Marfat.com

وہ شہید ہوگا۔ اور جو شخص آلِ محمدؐ کی محبت پر مرے گا وہ بخشا جائے گا اور جو کوئی آلِ محمدؐ کی محبت پر مرے گا اسے ملک الموت جنت کی بشارت دیں گے اور جو شخص آلِ محمدؐ سے دشمنی پر مرے گا بروزِ قیامت اسکی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہوگا کہ یہ رحمتِ الٰہی سے مایوس ہے اور جو کوئی آلِ محمدؐ سے دشمنی پر مرے گا وہ ہرگز جنت کی خوشبو نہ سونگھے گا۔"

نیز ملاحظہ ہو حدیثِ رسولؐ مندرجہ کتاب شفا قاضی عیاض جلد ۲ صـــ۱۶ ـ - ان النبی اخذ بید حسن وحسین فقال من احبنی واحب ھذین وابا ھما وامھما کان معی فی درجتی یوم القیٰمۃ - (ترجمہ) "تحقیق جناب رسول مقبولؐ نے حسنؑ وحسینؑ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ جو کوئی دوست رکھے مجھ کو اور دوست رکھے ان دونوں کو ان کے باپ اور ماں کو وہ قیامت کے دن میرے ساتھ میرے ہی درجہ میں ہوگا"۔ نیز صفحہ ۲۱ میں دوسری حدیث کو بھی ملاحظہ فرمائیے۔ قال فی الحسن والحسین اللّٰھم انی احبھما فاحبھما۔ یعنی جناب رسولِ خداؐ نے حسنؑ وحسینؑ کے بارے میں فرمایا "خدایا - میں ان دونوں کو دوست رکھتا ہوں پس تو بھی ان کو دوست رکھ"۔ نیز صفحہ ۲۴ میں ہے۔ قال احب اللّٰہ من احب حسنا وحسینا۔ "جو حسنؑ وحسینؑ کو دوست رکھے خدا اس کو دوست رکھتا ہے"

نواب سید صدیق حسن خاں بھوپالی کی کتاب ہدایت السائل کے صـــ۵۷ کو ملاحظہ فرمائیے حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ یہ آیت ہمارے حق میں وارد ہوا ہے۔

حضرت ابوبکر خلیفہ اول کا ارشاد مندرجہ بخاری ومسلم ارقبوا محمد افی اہل بیتہ اسی پر دلالت کرتا ہے۔

مولانا عبدالحق دہلوی کی مدارج النبوۃ، شاہ عبدالعزیز دہلوی اور شاہ ولی اللہ کی تصانیف سر الشہادتین وازالۃ الخفاء وغیرہ متقدمین ومتاخرین علمائے اسلام کی تصانیف کو ملاحظہ کرو۔ شیخ احمد سرہندی معروف مجدد صاحب کے مکتوبات پر

Marfat.com

نظر ڈالو جو جلد ثانی ص۳۶ میں محبت آلِ محمدؐ کو جزوِ ایمان لکھتے ہیں اور سلامتی خاتمہ کے لیے ان کی محبت کو امرِ عظیم تحریر فرماتے ہیں۔ غرضیکہ تمام علمائے سابق و حال انہی خمسۂ نجباء رح "محمدؐ است و علیؑ، فاطمہؑ، حسینؑ و حسنؑ" کی ہی محبت و الفت کو وسیلۂ نجات اور ذریعۂ ہدایت اور واجب اور فرض سمجھتے ہیں اور اتباع و پیروی رسولؐ کو ہی اصل دین اور بنیادِ اسلام بیان کرتے اور بتلاتے چلے آئے ہیں۔

پس یہ امر یقینی طور پر درایت اور روایت سے بخوبی ثابت ہو چکا ہے کہ آلِ محمدؐ علیؑ و فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ علیہم السلام اور ان کی ذریتِ طاہرہ سے سچی محبت کرنا اور حقیقی نسبت کا دم بھرنا، اپنی جان و مال اور اہل و عیال سے زیادہ چاہنا عین محبتِ رسولؐ اور اتباعِ نبیؐ ہے۔

## حدیث حسین مِنّی وَ اَنا مِنَ الحُسین

اب ہمارے ناظرین اپنے پیارے نبی رسولِ کریمؐ کی اس متفق علیہ اور مشہور و مسلمہ حدیث کو بھی ملاحظہ فرمائیں جس میں رسولِ کریمؐ نے فرمایا کہ حسینُ منّی و انا من الحسین[1] احب اللہ من احب حسینا۔ یعنی حسینؑ مجھ سے ہے میں حسینؑ سے ہوں۔ جو میں ہوں وہ حسینؑ ہے۔ جو حسین ہے وہ میں ہوں۔ حسینؑ و نبیؐ میں جدائی نہیں۔ یہاں بال کی بھی رسائی نہیں۔ حسینؑ کا دوست خدا کا دوست، حسینؑ کا چاہنے والا خدا کا محبوب اور حسینؑ کا عاشق خدا کا پیارا ہے۔ بیشک حسینؑ کی محبت رسولؐ کی محبت، حسینؑ کا عشق رسولؐ کا عشق ہے اور حسینؑ کی دشمنی رسولؐ کی دشمنی اور حسینؑ کی ایذا رسولؐ کی ایذا ہے حسینؑ سے جنگ رسولؐ سے جنگ ہے حسینؑ سے صلح رسولؐ سے صلح ہے۔ حضرت ابوہریرہ کی روایت کو دیکھو جس میں علیؑ و فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ

---

[1] ینابیع المودۃ ص۲۲۳ ترمذی ص۶۶۲ سعادت الکونین ص۳۴ ارجح المطالب لوی عبداللہ امرتسری ص۲۸ فصول المہمہ ص۱۶۴ مطالب السئول ص۲۴۲۔ صواعق محرقہ ص۱۱۴۔ امام بخاری۔ امام احمد حنبل۔ حاکم۔ ابن ماجہ۔ حافظ ابونعیم ابن اثیر فی اسد الغابہ واخرجہ الدیلمی و ابن سعد و ابن ابی شیبہ۔

Marfat.com

کو رسول اللہ نے فرمایا انا سلم لمن سالمکم، انا حرب لمن حاربکم واللہ ثم باللہ حسینؑ کا قتل رسولؐ کا قتل ہے۔ اور حسینؑ کی شہادت رسولؐ کی شہادت ہے جس نے حسینؑ سے محبت کی اس نے رسولؐ سے محبت کی اور جس نے حسینؑ سے دشمنی کی اس نے رسولؐ سے دشمنی کی جس نے حسینؑ کو قتل کیا اس نے رسولؐ کو قتل کیا۔ وہ بلاشک ابدالآباد جہنمی ہے۔ کبھی مسلمان نہیں کہا جا سکتا چہ جائیکہ خلیفۂ رسولؐ اور امیر المومنین کہا جا سکے۔ بیشک حسینؑ ذبیح اللہ ہے اور حسینؑ کی مصیبت اسلام کی مصیبت ہے۔ دیکھو تاریخ بلاذری (ماخوذ از ثبوت شہادت صفحہ ۴۳) صفحہ ۲۶۴، حضرت عبداللہ ابن عمر کا خط یزید کے نام۔ لما قتل ذبیح اللہ الحسین ابن علی کتب عبداللہ ابن عمر الی یزید بن معاویہ۔ امّا بعد۔ فقد عظمت الرزیۃ وجلت المصیبۃ وحدث فی الاسلام حدث عظیم ولا یوم کیوم الحسین۔ (ترجمہ) جب کہ شہید کر دیے گئے ذبیح اللہ حسینؑ ابن علیؑ تو عبداللہ ابن عمر نے یزید بن معاویہ کو خط لکھا کہ اما بعد، یقیناً حسینؑ کی شہادت مصیبت عظیم اور ماتم سخت و شدید ہے اور یہ اسلام میں ایک حادثۂ عظیم ہے بیشک حسینؑ کی مصیبت سے بڑھکر کوئی مصیبت نہیں ہے۔

## خدا کا حسینؑ سے کیوں پیار ہے اور رسول اللہ کو حسینؑ سے کیوں محبت ہے؟

کیا وہ نبی امی، رسول عربی، اللہ کا عاشق، خدا کا محبوب، توحید کا فدائی، اسلام کا شیدائی نور الٰہی حسینؑ کے پیار و محبت میں اس قدر منہمک اور اس قدر والا و شیدا اس لیے ہے کہ حسینؑ پیاری بیٹی فاطمہ زہراؑ کا فرزند، جگر کا ٹکڑا، پیارا نواسہ ہے؟ نہیں نہیں ہرگز نہیں، رسولؐ کی محبت محبت الٰہی ہے، رسولؐ کا بغض بغض الٰہی ہے۔ ان کو تو وہی پیارا اور محبوب ہے جو خدا کو پیارا اور خدا کا محبوب ہے۔ بیشک وہ مدینۃ العلم جو واقف اسرار الٰہی اور عالم راز خداوندی ہے جس کی شان علمک مالم تکن تعلم ہے اور جو عالم کان دمایکون ہے۔ وہ

Marfat.com

مخبرِ صادق، توحید کا عاشق جانتا ہے اور واقف ہے کہ حسینؑ کو کس اہم اور بندگی کام کے لیے اور عظیم خدمتِ اسلامی کے لیے دنیا میں بھیجا گیا ہے۔ حسینؑ کیا کریگا اور کیا کر دکھلائیگا۔ اور اسی ضرورت خاص کے لیے اپنے فرزند حضرت ابراہیمؑ کو حسینؑ پر قربان کرتے ہیں اور حسینؑ کو فدیہ اسلام ہونے کے لیے زبانِ مبارک چبا کر پرورش فرماتے ہیں۔ ملاحظہ ہو وسیلۃ النجاۃ مولانا محمد مبین فرنگی محلی صفحہ ۶۶۔

پس وہ شے اور وہ چیز جو محبوب الٰہی کو سب سے زیادہ، اپنی جان سے زیادہ اور حسینؑ سے بھی زیادہ عزیز اور پیاری ہے، وہ کیا ہے؟ وہ دینِ اسلام اور کلمۂ توحید ہے۔ رسول اللہؐ جانتے ہیں کہ یہی میرا پیارا حسینؑ میرے قائم کردہ دین پر، اسلام پر، توحید پر جان قربان کرے گا، گھر بار لٹائے گا، مصیبتیں اٹھائے گا، خون میں نہائے گا مگر توحید الٰہی کو، دینِ محمدی کو، اسلام خداوندی کو قیامت تک زندہ کر جائے گا۔ اور دنیا کو صداقت و حقانیت کا سبق دے جائے گا۔ اسی لیے بار بار فرمایا۔ جتایا، دکھلایا کہ حسین منّی وانا من الحسین احب اللہ من احب حسینا۔

واقعی حسینؑ خلق و رحم میں، صبر و استقلال میں، ایثار و ہمدردی میں، عشق و محبتِ الٰہی میں، ہدایت و ارشاد میں اپنے نانا رسولِ امیؐ، انسانِ کامل، محمد عربیؐ کا مکمل نمونہ اور اعلیٰ آئینہ ہے۔ فاطمہؑ کا چاند ہے۔ علیؑ کی تصویر ہے۔ ابراہیمؑ کا فخر ہے، اسمٰعیل کا شرف ہے بقول ڈاکٹر سر محمد اقبال مرحوم سے

سرِّ ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ بود یعنی آں اجمال را تفصیل بود

حسینؑ کی نورانی تصویر کو معرکۂ کربلا میں دیکھو۔ حسینؑ نے تین دن کی بھوک پیاس میں دسویں محرم ۶۱ھ ہجری کو فرات کے کنارے کربلا کے میدان میں صبر و رضا کے وہ بے بہا جوہر ہدایت و ارشاد کے وہ بے نظیر جلوے، اخلاق و احسان کے وہ بے عدیل کرشمے ہمدردیٔ انسانی اور صلۂ رحم کے وہ بے مثال کارنامے، دینی احساس اور حق و صداقت

Marfat.com

کی تصویریں، ثابت قدمی کے نمونے، ملک و قوم کی بہبود و فلاح کی خاطر جان دینے اور حق پر قربان ہوجانے کے سچے جذبے اور حقیقی ولولے دکھلائے جو دنیا میں ہمیشہ یادگار رہیں گے اور صرف مسلمانوں ہی کی آئندہ ہدایت کے لیے نہیں بلکہ تمام دنیا، سارے جہان، کل عالم کے لیے اپنا سر دیکر، گلا کٹا کر، خون میں نہا کر، گھر لٹا کر، بچے جلوا کر، صراط مستقیم کی رہبری کے سبب وہ مشعل اور ہدایت کے مینارے روشن کر دیے ہیں کہ آج دنیا اسکی روشنی میں چلتی، اس کو احترام کی نگاہ اور عزت کی نظر سے دیکھتی اور اسکی صداقت و حقانیت کو اس کی ثابت قدمی اور ایثار کو اپنا لائحہ عمل بناتی اور اس کے اقوال و افعال سے، اس کے صبر و استقلال سے انسانی ہمدردی، مذہبی حمیت، قومی جوش، تہذیب نفس، درستی اخلاق، کل صفات حسنہ کے سبق حاصل کرتی ہے۔

حسینؑ نے حجاز کے گرم پہاڑوں میں، عراق کے ریتیلے راستوں میں، نینوا کے جلتے بلتے میدانوں میں کربلا کے خونی نظاروں میں، کوفہ کے گلی کوچوں میں، شام کے درباروں میں، دمشق کے بازاروں میں اپنے اقوال سے، اپنے افعال سے، اپنی رفتار سے، اپنی گفتار سے، تمام عالم کو، اسلامی دنیا کو، دین الہیٰ اور اسلام محمدیؐ کا سچا نقشہ اور مکمل نمونہ دکھلا دیا۔

باب پنجم

# حسینؑ اور اسلام

## حسینؑ نے اسلام کو کیونکر زندہ فرمایا؟

یہ مسلمہ اور بدیہی امر ہے کہ ذاتِ محمدی صفاتِ الٰہی کا مظہرِ اتم اور کمالاتِ خداوندی کا کامل و اکمل نمونہ ہے اور دینِ الٰہی و اسلامِ محمدی کا حقیقی مقصد اور اصلی غایت بلکہ اصل اصول خداشناسی، روحانی ترقی اور تکمیلِ انسانی ہی ہے تخلقوا باخلاق اللّٰہ اور لکم فی رسول اللّٰہ اسوۃ حسنہ کے یہی معنی اور یہی مطلب ہے۔ یہی بعثتِ محمدی کا مقصد ہے اور یہی سلطنت اسلامی ہے اور یہی ریاستِ محمدیؐ ہے اور اسی لیے آنحضرت کی شان انک لعلیٰ خلق عظیم ہے اور اسی واسطے ارشاد ہوا ہے بعثت لاتمم مکارم الاخلاق میں اسی لیے مبعوث برسالت ہوا ہوں کہ کمالاتِ روحانی و اخلاقِ انسانی کی تکمیل کروں۔ مگر انسانی مخلوق خاکی اور وہ بھی مدنی الطبع اور متضاد صفات کا مجموعہ ع "آدمی زادہ طرفہ معجون است" کا مصداق دنیا کی زندگی اور اس کے وجود و بقا کے لیے معاملات معاشرت اور تعلقات معاشرت وغیرہ میں فطرۃً تمدن اور سیاست کا محتاج ہے پس ضروری اور لازمی امر ہے کہ اس سیاست اور تمدن کے لیے کوئی ایسی تنظیم اور باقاعدگی کا قانون اور طریقہ ہو کہ جو امن و امان کے ساتھ دنیا کو منشائے الٰہی کے مطابق قائم و برقرار بھی رکھے اور بالآخر صراطِ مستقیم دکھلا کر تکمیل انسانی اور ترقی روحانی کی منزلِ مقصود پر بھی پہنچا دے۔

بس یہی خلیفۃ فی الارض کے معنی اور یہی سلطنتِ محمدی اور ریاست و حکومتِ اسلامی ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ اس دنیا کی بقا اور حق اللّٰہ اور حق النفس کا دارومدار، حق العباد کی ہی نگرانی اور

پر منحصر ہے اور حق العباد کی نگرانی اور حق الناس کی حفاظت حدود خداوندی کے اندر اور شریعت الٰہیہ کے مطابق عین دین اور عین اسلام ہے۔ نبیؐ کا وجود اور رسول کی ذات جسطرح روحانی مدارج اور مقامات اخروی کے لیے ہادی و رہبر ہے اسی طرح اس دارِ فانی اور عالم دنیوی کے لیے بھی ہر قسم کے معاملات میں معاشرتی ہوں یا تمدنی حقوق خلق کے متعلق ہوں یا حقوق الٰہی کے' وہی ذات قدسی خدا کا پیغام ہدایت و رہبری فرمانے والا اور تعلیم دینے والا ہے۔ اور اسکا قول اور اسکا عمل ہدایت و رہبری کا نمونہ ہے۔
بس اس بنیاد اور اس اصول کے مطابق سرورِ عالم رسولِ کریمؐ جس طرح دینی امور میں مخلوق الٰہی اور اس امت کے پیشوا اور ہادی و رہبر بادشاہ و مالک ہیں اسی طرح تمام امورِ دنیوی میں بھی وہی ذات اقدس سب پر حاکم و امیر اور سلطان و شہنشاہ ہے۔ انکا حکم اُن کا قول و فعل دین کے متعلق ہو یا دنیا کے امور میں ہر طرح واجب التعمیل اور قابلِ تقلید ہے اور جس طرح رسولِ مقبول دینی معاملات کو طے فرماتے تھے اسی طرح دنیوی امور میں بھی فیصلہ فرماتے اور حکم دیتے تھے اور وہ سب احکام و مسائل اور نبی کی سیرت اور اقوال و افعال عین احکام دینی اور مسائلِ اسلامی سمجھے جاتے اور قرار پاتے تھے۔
اور ظاہر ہے کہ اسی طرح بعد سرورِ عالم خلفائے رسولِ کریمؐ بھی دونوں امور میں دینی ہوں یا دنیوی' رسولؐ کے جانشین مسلمانوں کے ہادی و رہبر اور امیر و حاکم سمجھے جاتے اور سمجھے گئے اور جس طرح دینی امور میں ان کا حکم اور ان کا قول و فعل واجب العمل اور قابلِ تقلید سمجھا گیا اسی طرح دنیوی امور میں بھی مباشرتی ہوں یا معاشرتی ان کے حکم ان کے قول و فعل کو ان کے عمل کو اور انکی سیرت و طریق کو عین دین اور سیرت نبیؐ اور اصولِ مذہب اور مسائل اسلامی سمجھا گیا اور بیشک الناس دین ملوکھم یا امیرھم کے بدیہی اور کھلے مسلمہ اصول کے مطابق امیرالمومنین خلیفۂ رسولؐ بانیٔ اسلام کے جانشین کی سیرت کو' اس کے عمل کو' اس کے طور و طریق کو اور اسکے قول و فعل کو یقینی اور فطرتی امر ہے کہ بانیٔ اسلام کی سیرت اور اسکا طور و طریق اور اسکی سنت اور اس کا فعل' دینی حکم اور اسلامی سیرت اور مذہبی اصول سمجھ لیا جائے۔
پس اسی ہستی نے جو حسینؑ منی و انا من الحسین کا مصداق ہے اور جو بانیٔ اسلام کا جان و جگر

اسکی سیرت پر چلنے والا اسلام کا شیدائی اور توحید کا فدائی اور اپنے زمانہ میں وہی اسلام کا نبض شناس ہے نانا رسول عربی کی پیشین گوئی کے مطابق جب دیکھ لیا اور سمجھ لیا کہ اب کھلم کھلا علی الاعلان سیرت رسولؐ، طریق نبوی، سنت الہٰی، احکام دینی اور اصول اسلامی میں تغیر و تبدل اور رخنے ڈالے پڑنے لگے اور اسلام کے پاک وصاف نورانی احکام و اصول کے مٹنے اور یزید اور بنی امیہ کی بدکاریاں اور بدافعالیاں اور خلاف شریعت محمدی ان کی سیرت اور ان کے طور و طریق بحیثیت خلیفۂ رسولؐ و امیرالمومنین، احکام الہٰی اور سیرت رسول اور سنت نبیؐ و اصول اسلامی سمجھے جاکر حلال الہٰی حرام اور حرام الہٰی مباح وحلال قرار پاکر اسلام کی فوقیت و برتری اور صداقت وحقانیت کے ضائع ہونے کا وقت آگیا ہے۔ دیکھو حدیث نبوی، اول من یبدل سنتی رجل من بنی امیۃ یعنی میری سنت اور طور و طریق کو بدلنے والا پہلا شخص جو ہوگا وہ بنی امیہ میں سے ہوگا۔ دوسری حدیث اول من یثلمہ رجل من بنی امیہ یقال لہ یزید، یعنی جو پہلے میرے دین اسلام میں رخنہ ڈالے گا وہ بنی امیہ سے یزید نامی ہوگا (دیکھو سیرۃ محمدیہ، کنز العمال، صواعق محرقہ صفحہ ۱۳۲، تاریخ الخلفاء سیوطی صفحہ ۲۰۸ عن ابی درداء)

تو یزید جیسے فاسق و فاجر کی بیعت و خلافت سے انکار کرکے مصیبتیں جھیل کر ظلم و تشدد اٹھاکر، جان پر کھیل کر، خدا کے سچے دین کو، نانا کے پاک اسلام کو، یزید کی نجس و ناپاک، بے دینیوں اور بدمستیوں اور بنی امیہ کی بدکرداریوں اور بدافعالیوں کی تیز و تند آندھیوں سے بچا کر حق کو باطل سے جدا کرکے دکھلا دیا۔ اور بتا دیا کہ حقیقی اسلام کیا ہے اور پاک دین کیا ہے اور نجس دنیا کیا ہے۔ اور ناپاک حکومت و سلطنت کیا ہے۔ اور اس طرح پر نانا کے دین کو، خدا کے اسلام کو قیامت تک زندہ کر گیا۔ بقول ڈاکٹر سر اقبالؒ ؎

زندہ حق از قوت شبیری است　　　باطل آخر داغ حسرت میری است

کسی نے خوب کہا ہے ؎

تباہی میں سفینہ آچکا تھا امت جد کا　　　یہ کشتی بحر خوں میں ڈوب کر شہ نے نکالی ہے

خاندان بنی امیہ یزید وامیر معاویہ کے حالات زندگی ان کے کیرکٹر و سیرت کے متعلق اور ان کی قدیمی و نسلی دشمنی رسولؐ و آلِ رسولؐ کی بابت ہم انشاء اللہ حصہ دوم میں پوری تفصیل سے تاریخ واحادیث کے حوالجات کے ساتھ کافی بحث کرکے پوری روشنی ڈالیں گے اور نیز آفتاب رسالت کے طلوع وعروج پر اس خاندان بنی امیہ کا مٹ جانا اور پھر آفتاب رسالت کے غروب ہو جانے کے بعد ہی کیونکر بنی امیہ کے عنصر نے پھر دوبارہ نشوونما پایا۔ اور کیا کیا تبدیلیاں اور خرابیاں سنتِ رسولؐ، احکام نبوی اور اصولِ اسلامی میں ہو چلی تھیں۔ تاریخ وسیر کے حوالہ سے اس پر بھی کچھ روشنی ڈالیں گے۔

بے شک دنیائے اسلام میں حسینؑ اور ہاں ہاں صرف حسینؑ ہی وہ پہلا شخص اور اول وجود ہے کہ جس نے اپنے نانا رسول عربی بانیٔ اسلام کے بعد حق کو باطل سے جدا کرنے اور اسلام کی روحانیت وصداقت اور برتری و فوقیت کے ظاہر کرنے کے لیے کمر ہمت اس طرح باندھی اور ایسی صدائے احتجاج بلند فرمائی کہ مسلم وغیر مسلم کو بتا دیا اور دکھلا دیا کہ یزید ہو یا بنی امیہ کے خلفاء اور کوئی امیر ہو یا حاکم امیر المومنین اور خلیفہ رسولؐ کہلائے یا بادشاہ اسلام جو بھی احکام محمدی سیرتِ نبوی اور شریعتِ اسلامی کے خلاف فسق و فجور، ظلم و جور، حرام و ناجائز کا مرتکب ہوگا اور ایسے افعال واعمال کا عامل وعادی ہوگا کہ جو عقلاً یا نقلاً فطرۃً یا خلقاً ناجائز و مذموم ہیں اور جو حدودِ الٰہی کو توڑنے والے اور حقوق مخلوق میں دست اندازی کرنے والے ہیں۔ یاد رکھو اور سمجھ لو کہ ایسے شخص نہ مسلمانوں کی امارت کے قابل نہ امیر المومنین کہلانے کے اہل نہ خلیفۂ رسولؐ بننے کے حقدار اور ان کے افعال واعمال کو نہ حکم اسلامی سمجھو اور نہ سیرتِ محمدی جانو۔ ان کو اور ان کے اعمال کو نہ دینِ محمدی سے کوئی تعلق نہ اسلام سے واسطہ۔

حسینؑ کو نہ دنیا کی لالچ ہے نہ خلافت کی خواہش نہ سلطنت کی آرزو ہے نہ حکومت کی تمنا مطلب ہے تو صرف دین اور مقصد ہے تو فقط اسلام۔ اسی کے لیے تکلیفیں سہیں اور اذیتیں اٹھائیں۔ وطن چھوڑا گھر بار لٹایا، کنبہ کٹایا اور سر دیا۔ مگر اسلام کو بچایا۔ بیشک

جو کام حسینؑ نے کیا نہ عیسٰےؑ سے ہوا نہ بقراط سے اور نہ حسینؑ سے پہلے نہ حسینؑ کے بعد، حسینؑ اپنی شانِ شہادت میں اپنی نظیر آپ ہی ہے۔

# ایک جرمنی فلاسفر کی رائے حسینؑ کے متعلق[1]

دیکھو ڈاکٹر میسوبار بین جرمنی فلاسفر نے جو لبڈن کا مشہور اور نامور مورخ ہے سیاستِ اسلامی پر ایک مفصل رسالہ تحریر کیا ہے اور اپنے اس رسالہ میں شہادتِ حسینؑ کے فلسفہ پر ایک نہایت مبسوط اور بڑی محققانہ اور عالمانہ نظر ڈالی ہے جو اخبار حبل المتین کلکتہ ۱۳۲۸ھ میں شائع ہو چکی ہے۔ ڈاکٹر موصوف حسینؑ کی صداقت و حقانیت کو مانتے ہوئے اور کل ارباب دیانت پر حسینؑ کی فوقیت و برتری تسلیم کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:-

۱- فقرہ ۲۳ " جو شخص اس زمانہ کے حالات اور بنی امیہ کے طرزِ معاشرت اور تمام اسلامی گروہوں پر ان کا غالب آجانا اور مسلمانوں کی سست اعتقادی ان تمام باتوں سے واقفیت رکھتا ہے وہ بلا تامل اس امر کی تصدیق کر سکتا ہے کہ حسینؑ نے اپنی جان دے کر اپنے نانا کے دین اور اسلام کے قاعدوں کو زندہ کر دیا۔ اگر یہ واقعہ پیش نہ آتا اور یہ مادہ بصیرت آنحضرتؐ کے شہید ہونے سے مسلمانوں میں پیدا نہ ہو گیا ہوتا تو ہرگز اسلام اپنی موجودہ حالت پر باقی نہ رہتا اور چونکہ اس کا ابھی ابتدائی زمانہ تھا۔ اس لیے یہ بات ممکن تھی کہ اس کی رسوم اور قوانین بالکل مفقود ہو جاتے۔"

پھر اس کے بعد آگے چل کر لکھتا ہے کہ بہت بڑی دلیل اس بات پر کہ حسینؑ قتل گاہ تک گئے اور ہرگز ان کا قصد سلطنت و ریاست حاصل کرنے کا نہ تھا یہ ہے کہ حسینؑ اپنے اس علم و سیاست اور تجربہ سے جو انھیں اپنے پدر (بزرگوار) اور برادر (عالی قدر) کے زمانہ سے بنی امیہ کے ساتھ جنگ و جدل کرنے کے متعلق حاصل

---

[1] منقول از اخبار حبل المتین کلکتہ نمبر ۲ مورخہ ۱۹ محرم الحرام ۱۳۲۸ ہجری

Marfat.com

تھا خوب جانتے تھے کہ بحالت نہ مہیا ہونے اپنے اسباب کے اور بہ سبب یزید کے اس اقتدار و عظمت کے اس کے ساتھ مقابلہ کسی طرح ممکن نہیں ہے۔"

فقرہ ۲۴ : "دوسرے یہ کہ حسینؑ اپنے باپ کے مقتول ہونے کے بعد اپنے مقتول ہونے کی پیشین گوئی ہمیشہ کیا کرتے تھے اور جس وقت سے کہ مدینہ سے آپ نے حرکت کی صاف صاف باآواز بلند کہتے تھے کہ میں قتل ہونے کے لیے جا رہا ہوں اور یہی بات وردِ زبان تھی کہ قتل گاہ کا راستہ میرے سامنے ہے۔"

پھر اس کے آگے فقرہ ۳۹ میں لکھتے ہیں کہ "حسینؑ سے پہلے بھی بہت سے رؤسائے روحانی اور ارباب دیانت بحالت ظلم قتل کیے گئے ہیں اور ان کے قتل کے بعد بھی ریوولیوشن ہوا ہے اور ان کے تابعین نے ان کے دشمنوں پر تلوار کھینچی ہے جس طرح بنی اسرائیل میں مکرر اتفاق ہوا ہے اور حضرت یحییٰ کا قصہ تاریخی بڑے بڑے واقعات میں سے ایک بڑا واقعہ ہے اسی طرح جو سلوک یہود نے حضرت مسیحؑ سے کیا اس زمانہ تک اسکی نظیر واقع نہ ہوئی تھی مگر حسینؑ کے واقعہ نے تمام وقائع پر فوقیت پیدا کر لی۔ تاریخ سے کہیں ایسا معلوم نہیں ہوتا کہ روحانیین اور ارباب دیانت میں سے کسی شخص نے بھی خیالات عالیۂ متاخرہ کی وجہ سے اپنی ذات کو اپنے علم و ارادہ سے قتل کرا دیا ہو۔ یعنی ارباب دیانت سے جو شخص بھی قتل ہوا اس کے دشمنوں نے غفلتاً اس پر حملہ کر کے مظلومیت میں اسے قتل کر دیا اور موافق ان کی مظلومیت کے ریوولیوشن بھی ان کے بعد پیش آیا مگر حسینؑ کا واقعہ عالمانہ اور حکیمانہ اور سیاسی حیثیت کا تھا۔ اور دنیا کی تاریخ میں اس کی نظیر نہیں ہے کتنے برس تک حسینؑ اپنے مقتول ہونے کا انتظام اور تہیا کرتے رہے اور نہایت بلند اور عالی مقصد ان کے پیش نظر تھا تاریخ میں کہیں پتہ نہیں ہے کہ کسی نے آئندہ زمانہ میں بھی اپنے دین کی ترویج کے لیے بعلم و قصد اپنی جان دی ہو سوائے حسینؑ کے جو مصیبتیں کہ حسینؑ نے اپنے نانا کے دین

Marfat.com

کے زندہ کرنے میں برداشت کیں۔ گزشتہ ارباب دیانات پر فوق رکھتی ہیں اور سابقین میں سے کسی پر واقع نہیں ہوئیں اور بالفرض اگر کہا جائے کہ اور لوگوں نے بھی دین کے لیے اور دین کی راہ میں جان دی ہے مگر متر در حسینؑ کے طرز انداز پر ایسا نہیں ہوا حسینؑ نے اپنی جانِ شیریں دی۔ اپنے عزیز، فرزند، اپنے بھائی، اپنے بھانجے، اپنے دوست اقربا سب دے دیئے، مال دیا، عیال کی اسیری گوارا کی اور یہ مصیبتیں ایک دفعہ ناگہاں اور نادانستہ واقع نہیں ہوئیں کہ مجموعی حیثیت سے ایک مصیبت کامل پر اطلاق ہو سکے بلکہ فاصلہ ہو ہو کر یکے بعد دیگرے یہ مصیبتیں پیش آئیں اور وارد ہوئیں۔ دنیا کی تاریخ میں ایسے مصائب کا پے در پے ہجوم کرنا حسینؑ کے ساتھ خاص ہے۔

یہی سبب تھا کہ حسینؑ کے قتل ہوتے ہی اور ان دردانگیز واقعات کے پیش آتے ہی اور ان کی عورتوں اور بیٹیوں کے اسیر ہوتے ہی بنی امیہ کے باطن کا حال طشت از بام ہو گیا اور ان کے اعمال ناشائستہ کے قبائح عالم پر روشن ہو گئے۔ سیاسی احساس اور روولیوشن کا مادہ مسلمانوں میں پیدا ہو گیا اور سلطنت یزیدی اور بنو امیہ کے خلاف روولیوشن شروع ہو گیا۔ اور بنی امیہ کو مخرب اسلام جان کر ان کی بدعتوں اور اختراعی امور کو رد کرنے لگے اور انھیں ظالم و غاصب کہنے لگے اور اس کے برعکس بنی ہاشم کو مظلوم اور مستحق ریاست جاننے لگے اور حقیقی روحانیت اسلام ان میں سمجھی گئی۔ گویا مسلمانوں نے حیاتِ تازہ اور نئی زندگی حاصل کی اور اسلام کی روحانیت کے لیے نئی رونق پیدا ہو گئی۔ اسلام کی ریاست روحانی جو دفعتہً زائل ہو گئی تھی اور مسلمان جو کہ اسلام کے جنبۂ روحانیت کو فراموش کر بیٹھے تھے ایک خاص روحانیت اور شان کے ساتھ اس کی تجدید ہو گئی۔"

## ایک اور دوسرے عالم جرمنی کی رائے[1]

علاوہ ازیں ایک اور جرمنی عالم کی تحریر کو بھی ملاحظہ فرمایا جائے جو کتاب کی صورت میں

[1] منقول از اخبار مشرق گورکھپور مورخہ ۲۴ نومبر ۱۹۱۲ء

شائع ہو چکی ہے اور اس کے کچھ اقتباسات اخبار مشرق گورکھپور مورخہ ۲۴ نومبر ۱۹۴۲ء میں شائع ہو چکے ہیں۔

اس قابل و لائق جرمنی نے بھی مسئلۂ شہادت حسینؑ اور واقعۂ کربلا پر نہایت محققانہ نظر ڈالی ہے سب سے پہلے خود ایک سوال قائم کرتا ہے اور پھر خود ہی اس کا مکمل جواب دیتا ہے چنانچہ پہلا سوال اس جرمنی عالم نے یہ قائم کیا کہ کیا حسینؑ میدانِ کربلا میں ملک گیری اور حکمرانی کے لیے لڑ رہے تھے؟

اس کے جواب میں تاریخی اور قومی کارناموں کے حوالے سے دلچسپ بحث کر کے آخر میں لکھتا ہے۔

"اگر ہم بلا تعصب اس زمانہ کے حالات اور واقعات پر نظر ڈالیں گے تو معلوم ہو جائیگا کہ اس وقت دنیا پرست اور دولت پرست مسلمانوں میں حکومت کی بو آ گئی تھی اور امام مظلوم کی ہستی ان کی نظروں میں کھٹک رہی تھی۔ وہ اپنے خیال میں سمجھتے تھے کہ ہماری کوششوں میں حریفانہ رکاوٹ ڈالنے والا حسینؑ ہے۔ اگرچہ خود اس مقدس شخص نے کبھی اپنے فعل سے ایسا خیال کرنے کا موقع نہیں دیا۔ مگر جس طرح تاریکی کو روشنی سے خوف رہتا ہے اس طرح دنیا کے ظالموں اور غاصبوں کو مقدس اور معظم نفوس سے کھٹکا لگا رہتا ہے۔ افسوس ہے کہ اسی دھوکے میں بہت سے پاک خدا کے بندے ذبح کر ڈالے گئے۔ اسی دھوکے میں یہودیوں نے حضرت عیسیٰؑ کو صلیب پر چڑھایا تھا اور اسی دھوکے میں حضرت زکریاؑ کو آرے پر کھینچ دیا تھا۔"

دوسرا سوال اس نے یہ قائم کیا ہے کہ کیا حسینؑ اپنے دشمنوں سے ذاتی اغراض اور انتقام کے لیے لڑ رہے تھے؟ اس کے متعلق بھی اس جرمن مورخ نے نہایت دلچسپ اور فلسفیانہ بحث کی ہے اور یہ لکھ کر کہ "اس قدسی نفس نے کبھی بنی ہاشم کے دشمنوں سے بدلہ لینے کی کوشش نہیں کی۔" آخر میں لکھتا ہے کہ:۔

"حسینؑ صرف ایک عابد و زاہد ہی شخص نہ تھے بلکہ وہ امانتیں اور ذمہ داریاں

Marfat.com

بھی ان میں مستور تھیں جو عرب کے پیغمبرِ اعظمؐ میں ودیعت کی گئی تھیں جس طرح اس اولوالعزم نبیؐ کو خیال تھا کہ مسلمان قبیلے اور کنبوں کے جھگڑوں سے دور رہیں۔ اسی طرح آپ کے نواسوں میں بھی اس بات کا احساس تھا اور یہ ذمہ داری اس امر سے نہایت درجہ ثابت ہوتی ہے کہ میدانِ کربلا میں امام مظلومؑ نے تمام تدبیروں سے تھک کر یہ ظاہر کرنا شروع کیا کہ لوگو، یاد کرو، میں کون ہوں؟ کس کا بیٹا ہوں اور کس کا نواسہ ہوں؟ اور نہ صرف اس حسب و نسب کا ذکر کیا بلکہ اپنے علم و فضل اور آخرت کے اسرار بھی بیان فرمائے اور کیا اس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ امام مظلومؑ کو اپنی ذمہ داریوں کا پورا لحاظ تھا۔"

پھر تیسرا سوال نہایت معنی خیز یہ قائم کرتا ہے کہ کیا حسینؑ کسی عنوانِ شائستہ سے اس خونریز جنگ کو ادھر ادھر ٹال سکتے تھے؟

"یورپ کے بعض اہلِ قلم مظلوم امامؑ پر ناتجربہ کاری اور بلاوجہ خونریزی کا الزام لگاتے ہیں اور اس الزام دہی میں یہاں تک بڑھ گئے ہیں کہ بلاخوفِ تردید تمام واقعہ کا ذمہ دار امام معظمؑ کو ٹھہرایا ہے بلکہ یہاں تک آزادی سے کام لے کر لکھ گئے ہیں کہ امام مظلومؑ بغیر لڑے ہوئے یزید کے پاس چلے جاتے تو تمام شر و فساد رفع ہو جاتا۔"

اس اعتراض و سوال کا جواب بھی لائق مورخ مذکور نے بڑی قابلیت سے رد فرمایا ہے۔ لکھتا ہے کہ:۔

"قومِ عرب کے خصائل و عادات تمام دنیا سے نرالے تھے۔ وہ لوگ اپنے ایامِ جاہلیت میں بھی اپنی مہمان نوازی، حمیّت و غیرت میں مشہور تھے۔ قومِ عرب اس درجہ غیور تھی کہ وہ کسی حالت میں اپنے قبیلہ اور اپنے خاندان کی روایات اور حکایات کو ترک کرنا نہیں چاہتی تھی۔ وہاں کے ایک شاعر کا قصہ یوں کتابوں میں لکھا ہے کہ وہ کسی جنگل میں ڈاکوؤں میں گھر گیا تھا اور جب وہ اپنی جان بچا کر بھاگنا چاہتا تھا کہ ڈاکوؤں میں سے ایک نے بلند آواز سے پکار کر ایک

Marfat.com

شعر پڑھا جس میں اس نے اس خیال کو نظم کیا تھا کہ میدان میں دشمن سے لڑنا ہمارے لڑکوں کا کھیل ہے اور مرنا یا مارنا ہماری بازی کا پہلا قدم ہے۔ جب اس شاعر نے یہ سنا تو وہ پلٹ پڑا اور اس نے لڑکر اپنی جان دیدی۔ اسی طرح کے بہت سے واقعات ہوئے ہیں۔ ایسی غیور اور بہادر قوم کے افضل ترین قبیلے سے کیا ہم امید کر سکتے ہیں کہ وہ میدان کارزار سے محض جان بچانے کے لیے بھاگ کھڑا ہوگا کبھی نہیں اور ہرگز نہیں"

(دیکھو امام حسینؓ کے اشعارِ رجز جو تنہائی کے عالم میں بھوک پیاس کی شدت اور زخموں سے چُور ہوکر دشمنوں سے جنگ کرتے ہوئے فرماتے تھے ؎

الموت اولیٰ من قبول العار والعار اولیٰ من دخول النّار

"مرجانا ذلّت و عار قبول کرنے سے بہتر ہے مگر حق و صداقت کے مقابلہ میں جھوٹ اور ضلالت کو چھوڑ دینا ذلّت و عار نہیں۔ حق و صداقت کے آگے سر جھکا دینا جہنّم میں داخل ہونے سے بدرجہا بہتر ہے" مؤلف)

پھر اس کے آگے مورخ جرمنی مذکور لکھتا ہے کہ "حسینؓ نے چاہا کہ مخالفین انھیں یزید تک لے چلیں تاکہ اتمام حجّت ہوجائے۔ لیکن یزیدیوں نے اصرار کیا کہ بغیر یزید کے نام پر بیعت کیے ہوئے آپکا ایک قدم بھی ہم لوگ اسکی جانب نہ بڑھنے دیں گے" (یزید و ابن زیاد کا حکم ایسا ہی تھا جو ابن زیاد کے خط موسومہ عمر ابن سعد میں درج ہے جس کو ہم نے دوسری جگہ درج کیا ہے۔ مؤلف) اس لیے آپ نے مجبور ہوکر رفقاء کو سمجھایا کہ تم لوگ چلے جاؤ، میں اکیلے ان لوگوں سے نبٹ لوں گا۔ ہاں جیسی غیور اور باحمیت لوگوں سے امید ہوسکتی ہے ویسے ہی ظہور ہوا کہ کسی نے بھی آپ کا ساتھ چھوڑنا گوارا نہیں کیا۔ حتیٰ کہ عورتوں نے بھی آپ کا ساتھ چھوڑنا منظور نہیں کیا۔ اب بات اصول حق پرستی کی آگئی ہے۔ امام مظلومؑ دیکھ رہے ہیں کہ ایک دنیا امارت و حکومت کی پرستش میں خدائے واحد کی بادشاہت کو اپنے جور اور ظلم سے تباہ کرنے کی فکر میں ہے اور حق و ناحق کی فتح یا شرمندگی کی گھڑی آپہنچی

Marfat.com

ہے۔ امام مظلوم سمجھ رہے ہیں کہ جس طرح حضرت ابراہیمؑ کو حق کے لیے آگ میں جانا پڑا اور حضرت عیسیٰؑ کو سولی پر چڑھنا پڑا اسی طرح مجھے بھی جان دینا ہے لہٰذا انھوں نے ٹھان لی کہ میں اپنے خون سے اسلام کی کھیتی کو سینچوں گا۔ بہرحال حسینؓ نے کوئی دقیقہ اس شر و فساد کے رد کرنے کے لیے اٹھا نہیں رکھا۔ اگر انھوں نے بیعت کرلی ہوتی تو خاندان رسالت ہمیشہ کے لیے ذلیل ہو جاتا اور بنی ہاشم کی بزرگی خاک میں مل جاتی۔ اگر مظلوم امام نے یزیدیوں کو اپنا ساتھی مان لیا ہوتا تو پھر اسلام کا ساتھی کوئی نہ رہتا یعنی تکمیل رسالت عرب کے پیغمبرِ اعظمؐ پر ہوئی اور تکمیل جانبازی امامِ مقدس کی ذات پر ختم ہوئی۔"

چوتھا سوال یہ ہے کہ کیا حسینؑ اپنی جماعت کو لڑنے سے نہیں روک سکتے تھے اس کے جواب میں صرف یہ کہتا ہے کہ "ان کی جماعت بہت تھوڑی تھی۔ وہ کسی حال میں اپنے امام کو نہ چھوڑ سکتی تھی۔ خود انھی کے خاندان کے زیادہ تر لوگ تھے جو پہلے سے ہی دشمنوں کی نظر میں کھٹک رہے تھے۔ یہاں تک کہ بعض چھوٹے بچوں کو بھی دشمنوں نے فنا کیا۔ ایک فرد کو بھی زندہ رکھنا نہیں چاہتے تھے۔"

(صحیح ہے حتیٰ کہ امام زین العابدینؑ کو بھی بعد قتل و شہادت امام حسینؑ جب خیموں کو لوٹنے آئے اور شمر ملعون نے امام زین العابدینؑ کو بھی قتل کرنا چاہا تو حمید ابن مسلم نے یہ کہکر کہ سبحان اللہ اتقتل الصبیا وکان مریضاً تو ایسے لڑکے کو بھی قتل کیے ڈالتا ہے جو بیمار ہے حضرت کو بچایا۔ دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۴۸۔ نیز شمر کا یہ ارادہ بھی یزید کی تعمیل حکم میں ہی ہے۔ دیکھو یزید کا خط عبداللہ ابن زیاد کے نام کہ جب اس کو بصرہ اور کوفہ کا حاکم بنا کر حضرت مسلم کے قتل کرنے کی ہدایات کرکے بصرہ سے کوفہ کو بھیجا گیا تھا۔ اس خط میں یزید نے عبداللہ ابن زیاد کو لکھا ہے۔ امابعد۔ فقد بلغنی ان اھل الکوفۃ اجتمعوا علی البیعۃ للحسین فقد کتبت الیک کتابا فاعمل علیہ فانی لا اجد سھما ارمی بہ عدوی اجری منک فاذا قرات کتابی ھذا فارتحل من

وقتك وساعتك وایاك والتوانی راجتهد ولاتبق من نسل علی بن ابی طالب واحداً واطلب مسلم بن عقیل طلط رزه واقتله والعث الی مراسه والسلام۔ دیکھو مقتل ابو مخنف جو لشکر یزید کا نامہ نگار اور اس عہد میں موجود تھا۔ (ترجمہ) یعنی مجھے معلوم ہوا ہے کہ اہلِ کوفہ حسینؑ کی بعیت پر جمع ہو گئے ہیں پس میں نے جو حکم تم کو بھیجا ہے اسکی تعمیل کرو۔ میں اپنے دشمن کے مارنے کے لیے تم سے زیادہ تیز چلنے والا نیر نہیں پاتا پس اسی وقت فوراً روانہ ہو جاؤ۔ دیکھو تاخیر اور کاہلی نہ کرنا۔ کوشش کرو کہ نسل علیؑ ابن ابی طالبؑ میں سے کوئی فرد دنیا میں باقی نہ رہے مسلم کو پکڑو اور قتل کرکے مسلم کا سر میرے پاس بھیج دو۔)

اس کے بعد یہ جرمن مورخ پانچواں سوال لکھتا ہے جو تمام کتاب کی جان ہے۔ پوچھتا ہے کہ کیا حسینؑ کی لڑائی خدا کے لیے تھی؟

اس کے جواب میں لکھتا ہے کہ "میں اسکا جواب پوری طرح نہیں دے سکتا میں بس اس قدر کہنا چاہتا ہوں کہ اگر یہ واقعۂ شہادت اسلام کی تاریخ میں نہ ہوتا تو غیر مسلم دنیا کو اسلام کی تاریخ اور اسلام کی حقانیت سے دلچسپی نہ ہوتی۔

ایک شخص یکہ و تنہا بالو کے چٹیل میدان میں کھڑا ہے۔ تھوڑے سے رفقا اس کے ساتھ ہیں۔ زمین و آسمان تک اس وقت کسی آنے والے طوفان کے لیے ساکت ہیں اور تمام انسانی ہمدردی کی اعانت کا چشمہ بند ہے۔ ایک انسان اور محض انسان ایسی حالت میں بہت آسانی سے ایک ذرا سی بات مان لینے سے اپنی جان بچا سکتا ہے لیکن وہ دنیا کی ناپائیدار زندگی کو نہایت حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے۔ وہ اس میدان میں مر جانے کو حیاتِ جاوید سے بہتر جانتا ہے اس کے آگے خدا کا وہ کلام پیش پیش ہے جس میں خدائے برتر فرماتا ہے کہ جو لوگ ہماری راہ میں مارے جاتے ہیں وہ مرتے نہیں ہیں اور وہ زندہ رہتے ہیں یعنی ان کی زندگی ایک دوسری شکل میں بدل جاتی ہے۔ اس ربانی کلام پر دل و جان سے یقین کامل کرکے خدا کا مظلوم اور مجبور بندہ سر نیاز خم کرتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ میرے مخالفین زیادہ سے زیادہ میری جان طلب کر لیں گے اور مجھ سے اپنے

خیال کے موافق بیعت لینا چاہیں گے لیکن بر جنگ کثرت افواج کی نہیں ہے بلکہ اصول اور حق کی ہے۔ ایسی حالت میں وہ شخص سمجھ رہا ہے کہ حق پرستی اور عزت اور حمیت کا تقاضا صرف یہی نہیں ہے کہ زبان سے اسکا دعویٰ کیا جائے بلکہ قول کو فعل میں بدلنے کی ضرورت ہے اس لیے بغیر دنیاوی طمع کے یہ شخص تسلیم و رضا کی راہ میں اپنی جان نذر کرتا ہے تاکہ خدا کا کلام سچا ہو اور اس کی مخلوق کے درمیان سے سچائی اور روشنی نہ مٹنے پائے۔"

پھر نہایت جوش کے ساتھ لکھتا ہے کہ "حسینؑ اگر چاہتے تو یزید کی ماتحتی میں رہ کر کسی بڑی جگہ کے گورنر بن جاتے لیکن انھیں دنیا کی حکومت سے سخت نفرت تھی۔ جو روحانی حکومت اور سلسلۂ باطنی معرفت کا ان بزرگوں کے دم سے قائم تھا اس کی بلندی نے دنیا کی حکومت کو ہیچ کر دیا تھا۔ اس وجہ سے یزید کی بیعت کرنا کسی حال میں گوارا نہ کیا۔ اگر حسینؑ اپنے آباؤ اجداد کے کارناموں کو فنا کر کے اس زمانہ کی دنیا پرستی میں آجاتے تو یقیناً دنیاوی لحاظ سے انھیں کوئی تکلیف نہ پہنچتی لیکن جو شخص دنیا کی حقیقت سے واقف ہو اور خدا کی حکمت اور قدرت کا قائل ہو وہ کبھی دنیا کی عارضی زندگی کو عقبیٰ کی لازوال نعمت پر ترجیح نہیں دے سکتا۔"

## ملکِ عرب کی تاریکی کا زمانہ اور آفتابِ رسالت کا طلوع

تاریخ بتا رہی ہے کہ اب سے چودہ سو برس پہلے جبکہ عالم میں کفر و شرک کی تاریکی چھائی ہوئی تھی، جہالت و ضلالت نے دنیا کو گھیرا ہوا تھا، شرک و الحاد کی آندھیاں چل رہی تھیں۔ دنیا عیش پرستی میں غفلت کی نیند سو رہی تھی۔ توحید کا نام مٹ چکا تھا۔ احکام الٰہی مندرس ہو چکے تھے زمانہ میں ہر قسم کی بداخلاقیاں، برائیاں پھیلی ہوئی تھیں۔ ظلم و جور کے بازار گرم تھے۔ قتل و غارت لوٹ مار دنیا کا پسندیدہ اور چہیتا کام تھا۔ زناکاری و بدکاری موجب فخر و مباہات سمجھی جاتی تھی ایک دوسرے کو اپنی نفسانی خواہشوں اور عیش پرستی کے لیے فنا کر رہا تھا۔ نہ خدا کو پہچانتے تھے نہ اس کے احکام کو جانتے تھے۔ ملکِ عرب میں سب سے زیادہ شرک و کفر، قتل و غارت

Marfat.com

اور ہر قسم کی بدکاریوں اور بدافعالیوں اور جملہ جرائم وتمام برائیوں کا مرکز بنا ہوا تھا۔
شراب خواری ان کی گھٹی میں تھی عشق بازی وزناکاری ان کا دن رات کا مشغلہ تھا۔ لڑکیوں کو زندہ دبا دینا ان کا کھیل تھا۔ جھگڑا فساد ان کی دل لگی تھی۔ غرض ؎

چلن ان کے جتنے تھے سب وحشیانہ ہر اک لوٹ اور مار میں تھا یگانہ
فسادوں میں کٹتا تھا سارا زمانہ نہ تھا کوئی قانون کا تازیانہ
وہ تھے قتل و غارت میں چالاک ایسے درندے ہوں جنگل میں بیباک جیسے

کہ غیرتِ الٰہی کو حرکت ہوئی۔ رحمتِ الٰہی جوش میں آئی۔ نورِ محمدی آفتابِ رسالت فاران کی چوٹیوں پر چمکا اور اپنی نورانی اور ہدایت کی شعاعوں سے دنیا کو روشن اور منور کر دیا۔ کفر وضلالت کی تاریکی کے بادل پھٹ گئے اور دنیا نورِ محمدی سے جگمگا اٹھی۔ غارِ حرا سے رحمت کا بادل اٹھا۔ مکہ پہ برسا اور دنیا کو سر سبز و شاداب کر گیا ؎

یکایک ہوئی غیرتِ حق کو حرکت بڑھا جانبِ بو قبیس ابرِ رحمت
ادا خاکِ بطحا نے کی وہ ودیعت چلے آتے تھے جس کی دیتے شہادت
ہوئی پہلوئے آمنہ سے ہویدا
دعائے خلیلؑ اور نویدِ مسیحاؑ

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا مرادیں غریبوں کی بر لانے والا
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ

خطا کار سے درگزر کرنے والا معائب کا زیر و زبر کرنے والا
بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا قبائل کا شیر و شکر کرنے والا
اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

(مسدس حالی مرحوم)

مصیبتیں جھیلیں، تکلیفیں اٹھائیں اور ما اوذی نبی مثلی فرمایا مگر ہمت کو نہ ہارا بمصداق کلام ربانی و آیۂ قرآنی هو الذی بعث فی الامیین رسولا منهم یتلوا علیهم ایته ویزکیهم ویعلمهم الکتاب والحکمة وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین (سورہ جمعہ) یعنی وہ اللہ تعالیٰ وہ ذات پاک ہے جس نے ان پڑھ والے جاہلوں میں، ان میں سے ہی ایک ایسا اپنا رسول بنا کر بھیجا جس نے خدا کی آیات کو ان پر پڑھا اور ان کو جہالت و ضلالت سے پاک کیا اور کتاب و حکمت ان کو سکھائی ورنہ حالانکہ وہ اس سے پہلے کھلم کھلا ضلالت یعنی گمراہی و جہالت میں پڑے ہوئے تھے۔

پس وہ توحید کا متوالا اور ہمت کا دھنی اٹھا اور تبلیغ فرمائی۔ توحید الٰہی کا پیغام پہنچایا اور سوتی دنیا کو جگایا۔ علم و حکمت کے دریا بہائے اور شریعت کے احکام سکھائے۔ توحید کے جام پلائے اور عرفان کے سبق پڑھائے۔ نجات کے راستے دکھلائے۔ کفر و شرک کی بستیاں اجاڑیں ظلم و جبر کی بنیادیں اکھاڑیں۔ توحید کے ڈنکے بجائے۔ اسلام کے جھنڈے گاڑے اور تکبیر کے نعروں سے دنیا گونج اٹھی۔ عبد و معبود کے تعلقات بتلائے اور عبادت و طاعت کے طریقے سکھلائے۔ محبت و الفت کے رشتے جوڑے اور رحم و انصاف کے درس دیئے۔ مروت و ہمدردی کے فوائد سمجھائے۔ خلق و احسان کے سبق پڑھائے۔ انما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق (حدیث نبوی) یعنی میں صرف اس لیے مبعوث ہوا ہوں کہ مکارم اخلاق کی تکمیل کروں) کی تعمیل میں تہذیب نفس اور اخلاق حسنہ کی تعلیم و تکمیل فرمائی۔ اور ان جنگلی و وحشی ننگے اور جاہل عربوں کو جو دنیا میں سب سے گری ہوئی اور حقیر و ذلیل قوم سمجھے جاتے تھے اور لٹیرے ڈاکو کہے جاتے تھے۔ انسان کامل بنا کر تہذیب کا چشمہ، اخلاق کا منبع اور آسمان ترقی کا تارا بنا دیا۔ یہ اسی نبی امی (روحی لہ الفدا) کا چشمۂ فیض تھا۔ اسی کی تعلیم و تربیت کا کرشمہ تھا کہ توحید کے جام پی کر چشمۂ علم سے سیراب ہو کر تربیت محمدی سے فیض پا کر انہی جنگلی عربوں نے حبش و یمن

Marfat.com

کے تخوں کو الٹا۔ قیصر وکسریٰ کے تاجوں کو ٹھکرایا۔ کیخسرو کی ماں ملکۂ ایران کو حسرت کے آنسو رلائے ؎

زشیر شتر خوردن و سوسمار — عرب را بجائے رسید است کار
کہ تاج کیاں را کند آرزو — تفو بر تو اے چرخ گرداں تفو

یہ اُسی نور محمدی کا جلوہ تھا یہ اسی کے دین اسلام کا جوش تھا کہ ؎

روما کے دھوئیں اڑائے جس نے — اٹلی کو کنوئیں جھنکائے جس نے
اس کی ہی سنانِ تیز چل کر — ٹھہری تھی فرانس کے جگر پر
اس کے ہی علوم کے ستارے — چمکے بصد آب و تاب سارے
یونان کا فلسفہ مٹایا — توحید کا فلسفہ پڑھایا
یورپ کو بس آدمی بنایا — تہذیب کا پھر سبق سکھایا

غرض کہ تئیس ۲۳ سال میں احکام الٰہی اور قوانین اسلامی کو مکمل بنا کر اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ـــــــــ کا پیغام پہنچا کر توحید الٰہی اور دین اسلام کو قیامت تک کے لیے کامل واکمل فرما کر وہ ختمی مرتبت اروا حنالہ الفداء دنیا سے تشریف لے گیا۔

پس جبکہ رسول دنیا سے تشریف لے جا چکے اور خلافت راشدہ کا عہد بھی علیؑ کے بعد ختم ہو چکا تو وہی سچے اسلام کا لہلہاتا باغِ توحید کا سرسبز و شاداب چمن بادِ مخالفت کے گرم جھونکوں سے مرجھانے اور حقیقی اسلام کی صداقت وحقانیت کا آفتاب دنیا پرستی اور ہوا و ہوس نفسانی کی تند آندھیوں سے لب بام ہو کر جھلملانے اور غروب ہونے لگا اور شریعت محمدی و دین اسلامی کے احکام تبدیل ہونے لگے اور طریقہ نبوی ملیامیٹ ہونا شروع ہوا سنت رسولؐ میں تغیر اور دین اسلام میں رخنے پڑنے لگے۔ تعظیم و توقیر رسولؐ شرک سمجھی جانے لگی۔ توہین نبیؐ کی بنیاد پڑنے لگی۔ نماز کی صورتیں بدلنے لگیں۔ ارکان حج میں تغیر شروع ہوا۔ حرمت اسلامی مٹنے لگی۔ نیک صالح، نماز گزار مسلمان اور اصحاب رسولؐ کے خون سلطنت اور خلافت ناجائز حکومت حاصل کرنے کے لیے بہائے جانے اور مباح و جائز قرار پانے

Marfat.com

گئے۔ مخبرِ صادق رسولِ عربیؐ کی پیشین گوئیاں اول من یبدل سنتی رجل من بنی امیہ اور اول من یثلمہ رجل من بنی امیۃ یقال لہ یزید (جو درج کی جاچکی ہیں) صحیح ثابت ہونی شروع ہوئیں اسلامی و غیر اسلامی تاریخیں، سیر و حدیث کی کتابیں اس زمانہ کے ان حالات اور واقعات پر بخوبی روشنی ڈال رہی ہیں۔ ہم یہاں صرف دو چار واقعات کو اپنی تصدیق کے لیے بطور مشتے نمونہ از خروارے درج کرتے ہیں کہ جس سے ہمارے ناظرین کو اس امر کا پتہ چل جائے گا کہ اس زمانہ میں اصلی و حقیقی اسلام اور سچے اور صحیح احکام الٰہی و دینِ محمدی کیا تھے اور ان میں کیا کیا ناجائز تغیرات اور تبدیلیاں ہوگئی تھیں اور اسلام پر کیا مصیبت کا وقت آگیا تھا اور آرہا تھا۔

ملاحظہ ہو کتاب کنز العمال ملا محمد متقی جلد ۴ صـ۲۱ (ملک النجاۃ صـ۱۴۲)

| | |
|---|---|
| عن عبد اللہ بن ابی بکر ان معاویہ صلی بالمدینۃ للناس العتمۃ فلم یقرأ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ولم یکبر لبعض ھذا التکبیر الذی لنا فلما انصرف ناداہ من سمع ذٰلک من المھاجرین والانصار و قالوا یا معاویہ اسرقت الصلوٰۃ ام نسیت این بسم اللہ الرحمٰن الرحیم واللہ اکبر حین تھوی ساجدا فلم یعد معاویہ لذٰلک بعد ۔ | عبد اللہ بیان کرتا ہے کہ مدینہ میں امیر معاویہ نے لوگوں کو نمازِ عشاء باجماعت پڑھائی تو نہ بسم اللہ پڑھی اور نہ بعض تکبیرات کہیں پس جب نماز سے فارغ ہوگئے، تو جماعت مہاجرین و انصار نے معاویہ سے کہا کہ کیا تم نے نماز میں چوری کرلی ہے یا بھول گئے اور بسم اللہ اور سجدہ میں جاتے ہوئے تکبیریں کہاں گم ہوگئیں پس پھر معاویہ نے اس نماز کا اعادہ بھی نہیں کیا۔ انتہیٰ۔ |

اس کے ساتھ ہی صحیح بخاری جلد ۲ صـ۱۶۳ (شرح احمد قسطلانی) اور صحیح مسلم جلد اول صـ۱۶۹ (شرح نودی) سے مندرجہ ذیل روایات کو ملاحظہ فرمایا جائے۔

| | |
|---|---|
| قال حدثنا خالد عن الجریر عن ابی العلاء عن مطرف عن عمران بن حصین قال صلی مع علیؑ بالبصرۃ فقال ذکرنا ھذا | یعنی خالد جریر سے اور جریر ابی العلاء سے اور وہ مطرف اور وہ عمران ابن حصین کی زبانی روایت کرتا ہے کہ عمران بن حصین نے بیان کیا کہ علیؑ کے |

الرجل صلوٰة كنا نصليها مع رسول الله فذكر انه كان يكبر كلما رفع وكلما وضع

ساتھ بصرہ میں (بعد واقعۂ جمل) نماز پڑھی اور پڑھنے کے بعد کہا کہ آج اس شخص نے ہم کو وہ نماز یاد دلائی جو ہم رسول اللہ کے ساتھ پڑھتے تھے۔ پھر ذکر کیا کہ علیؑ جب سجدہ سے اٹھتے تھے اور جب سجدہ میں جاتے تھے تو تکبیر کہتے تھے۔

صحیح مسلم جلد اول صفحہ ۱۶۹ میں ہے:۔

عن غيلان ابن جرير عن مطرف قال صليت انا وعمران بن حصين خلف على ابن ابى طالب فكان اذا سجد كبر واذا رفع راسه كبر و اذا نهض من الركعتين كبر فلما انصرفنا من الصلوٰة قال اخذ عمران بيدى ثم قال لقد صلى بنا هذا الصلوٰة محمد او قال قد ذكرنى هذا صلوٰة محمد

غیلان ابن جریر نے مطرف سے روایت کی ہے وہ بیان کرتا ہے کہ میں نے اور عمران ابن حصین نے علیؑ ابن ابیطالب کے پیچھے نماز پڑھی پس جب علیؑ سجدہ کرتے تھے تو تکبیر کہتے تھے اور جب سجدہ سے سر اٹھاتے تھے تو بھی تکبیر کہتے تھے اور جب دو رکعتوں کے بعد اٹھتے تھے تو تکبیر کہتے تھے۔ پس جب نماز سے فارغ ہوئے تو عمران نے میرا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ تحقیق اس نے ہم کو محمدؐ کی نماز پڑھائی ہے تحقیق اس نے ہم کو محمدؐ کی نماز یاد دلائی ہے۔

پس اب ناظرین خود ہی غور فرما کر فیصلہ فرمائیں کہ رسولؐ کی نماز کیا تھی۔ اسلام کی صلوٰة کونسی تھی اور کیوں لوگ اور اصحاب رسولؐ کہتے تھے۔ کہ آج ہم کو علیؑ کے ساتھ نماز پڑھ کر رسول اللہؐ کی نماز یاد آ گئی ہے۔ اور کیوں امیر معاویہ کو نماز میں چوری اور کمی کرنے کا الزام دیتے ہیں۔

عرفہ کے روز حج میں تلبیہ کہنا، لبیک اللھم لبیک لاشریک لک لبیک الخ فرض
اور لازمی رکنِ حج شعائرِ حج میں سے ہے۔ رسول کریمؐ اور اصحاب کبار برابر فرماتے اور کہتے
چلے آئے مگر دیکھو کنز العمال اور سنن بیہقی۔ اس رکنِ حج کو امیر معاویہ ترک کرتے ہیں اور لوگوں کو
تلبیہ سے منع کیا جاتا ہے۔

عن سعید کان ابن عباس بعرفۃ فقال
یاسعید مالی لا اسمع الناس یلبون
فقلت یخافون معاویۃ فخرج ابن عباس
من فسطاطہ فقال لبیک اللھم لبیک
وان رغم انف اللھم العنہم فقد ترکوا
السنۃ من بغض علی

حضرت ابن عباس نے سعید سے عرفہ کے روز
پوچھا کہ کیا وجہ ہے کہ میں لوگوں سے تلبیہ کی آواز
نہیں سنتا ہوں۔ میں نے کہا کہ لوگ معاویہ سے
ڈرتے ہیں۔ یہ سنکر ابن عباس اپنے خیمہ سے
نکلے اور پکارا لبیک اللھم لبیک اور کہا
اگرچہ علی الرغم معاویہ ہو، تحقیق ان لوگوں
نے علیؑ کی عداوت سے اس سنت کو ترک کر دیا ہے

اسی طرح تین روایتیں ابن عباس کی کنز العمال میں درج کی ہیں کہ جن میں ابن عباس نے
فرمایا ہے کہ خدا لعنت کرے فلاں پر کہ عرفہ کے روز تلبیہ کہنے سے اس لیے منع کرتے ہیں کہ
علیؑ عرفہ کے روز تلبیہ فرمایا کرتے تھے۔ (ابن جریر)

خلاف حکم خدا و شریعت رسولؐ سونے چاندی کے برتن زیادہ وزن کے ساتھ فروخت
کیے جاتے ہیں اور ابو درداء صحابی رسولؐ فرماتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے ایسی بیع سے منع فرمایا
ہے۔ یہ ناجائز ہے، سود ہو جاتا ہے مگر امیر معاویہ جواب دیتے ہیں کہ ہماری رائے میں کچھ
حرج نہیں (ازالۃ الخفاء، موطا، ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ جلد ۵، نصائح کافیہ
ص۹۔ دراسات اللبیب ص۲۶۳ و ۲۶۴ قاضی ملا معین الدین لاہوری محدث)

امیر معاویہ کے دربار میں ایک یہودی رسول اللہؐ کی توہین کرتا ہے اور کہتا ہے کہ (معاذ اللہ)
رسولؐ نے ابن اشرف کے ساتھ دغا کی۔ امیر معاویہ سنتے ہیں اور کچھ نہیں کہتے۔ محمد بن مسلمہ انصاری

کھڑے ہو جاتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اے معاویہ تیرے روبرو رسول اللہ کی توہین کی جا رہی ہے۔ دغا کا الزام لگایا جاتا ہے اور تو سن رہا ہے (نصائح کافیہ ص۱۶ از صارم مسلول ابن تیمیہ ۔ منقول از اصلاح نمبر ۱ جلد ۱۴)

مصریوں کا وفد شام میں آتا ہے اور معاویہ کے روبرو دربار میں پیش ہوتا ہے۔ ابو الخیاط سردار وفد امیر معاویہ کو "السلام علیک یا رسول اللہ" کے خطاب سے سلام کرتا ہے۔ امیر معاویہ منع نہیں کرتے۔ تفصیل کے لیے دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ ص۵ اور نصائح کافیہ ص۹۴۔

غرضیکہ حضرت امام حسنؑ کی شہادت زہر سے اور حضرت ام المومنین عائشہ کا دردناک واقعہ اور حیاسوز سلوک عمر ابن حمق و حجر ابن عدی جیسے بزرگوار، نیک، صالح، نمازگزار اصحاب رسول اور بیگناہ مسلمانوں کا قتل و شہادت خلاف شریعت محمدی زیاد ابن ابیہ کو ابوسفیان کا بیٹا بنانا اور یزید جیسے نااہل و نالائق شرابی کبابی بیٹے کو جو واقعی "اگر پدر نتواند پسر تمام کند" کا پورا مصداق تھا اپنا ولیعہد، خلیفہ رسولؐ اور مسلمانوں کا امیر قرار دینا وغیرہ وغیرہ۔ اس زمانہ کے سب حالات تاریخوں اور حدیث و سیر کی کتابوں میں مفصل موجود ہیں جن کو ہم انشاء اللہ حصہ دوم میں کچھ تفصیل سے بیان کریں گے یہاں صرف حسن بصری جیسے جلیل القدر مستند عالم کے قول مندرجہ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۲ ص۱۸۲ و ابو الفدا جلد ۱ ص۱۹۶ کو بیان کر دینا کافی سمجھتے ہیں :۔

قال اربع خصال کن فی معاویة لو لم تکن فیه الا واحدة واحدة لکانت موبقة۔ انتزاؤه علی هذه الامة بالسیف حتی اخذ الامر من غیر مشورة وفیهم بقایا الصحابة وذو الفضیلة۔ واستخلافه بعده ابنه سکیرا خمیرا یلبس الحریر ویضرب الطنابیر۔ وادعاؤه زیاداً وقد قال رسول الله ؐ

امیر معاویہ میں چار خصلتیں ایسی تھیں کہ اگر ایک بھی ہو تو وہی ان کے لیے کافی ہے۔ اول اس امت پر اس نے تلوار کھینچی یہاں تک کہ بغیر مشورہ کے خلافت کو لے لیا حالانکہ اس وقت اصحاب رسول جو اس سے افضل تھے باقی اور موجود تھے دوسرے اپنے بعد اپنے بیٹے کو جو سکیر و خمیر بھنگی چرسی شرابخوار نشہ باز تھا اور خلاف شریعت

Marfat.com

الولد للفراش وللعاهر الحجر
وقتله حجراً" واصحاب حجر
فیا ویلاله من حجر یا و
بلاله من حجر واصحاب
حجر

محمدی ریشم پہنتا اور طنبور بجایا کرتا تھا مسلمانوں کا خلیفہ بنایا تیسرے زیاد کو اپنا بھائی ابوسفیان کا بیٹا قرار دیا حالانکہ رسول اللہؐ نے فرمایا ہے کہ بیٹا وہی ہوسکتا ہے جو بیاہتا بی بی سے پیدا ہو اور زناکار کی سزا سنگساری ہے۔

(اس کے متعلق ابن اثیر نے بھی جلد ۳ صفحہ ۲۲۵ میں درج کیا ہے کہ فاستلحق معاویة وکان استلحاقه اول ماردت به احکام الشریعة علانیة" یعنی امیر معاویہ نے زیاد کو اپنے نسب میں شامل کیا (ابوسفیان کا بیٹا قرار دیا) اور یہ فعل معاویہ کا کہ زیاد کو ابوسفیان کا بیٹا قرار دینا اول امر ہے کہ جس نے احکام شریعت کو خلاف ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "الولد للفراش وللعاهر الحجر کھلم کھلا رد کیا ہے) چوتھے حجر اور اصحاب حجر کا قتل، اور مکرر کہا کہ ویل ہو اس کے لیے حجر اور اصحاب حجر کی طرف سے، نیز تاریخ طبری صفحہ ۱۴۶ میں بھی یہ واقعہ درج ہے

بس انہی خلافتوں اور انہی حکومتوں اور بدعنوانیوں کا یہ اثر اور نتیجہ تھا کہ اصحاب رسولؐ ابو درداؓ اور انس بن مالک روتے ہیں اور افسوس کرتے ہیں کہ اسلام محمدی میں سے کوئی شے اور کوئی امر باقی نہیں رہا سوائے نماز کے سو وہ بھی ضائع ہو رہی ہے اور نماز محمدی کے موافق نہیں ہے۔ دیکھو علامہ ابن القیم اغاثة اللهفان صفحہ ۱۵۰ میں لکھتے ہیں ایک روز ابو درداء غضبناک غصہ میں بھرے ہوئے گھر میں آئے ہم نے سبب دریافت کیا تو کہا کہ ہم ان لوگوں میں اب کوئی امر بھی محمدؐ کا نہیں پاتے سوائے اس کے کہ نماز جماعت سے پڑھ لیتے ہیں۔ امام مالک نے روایت کی ہے کہ جو باتیں ہم پہلے پاتے تھے ان میں سے ایک بات بھی اب ہم نہیں دیکھتے بجز اس کے کہ اذان دے لیتے ہیں (منقول از رسالہ اصلاح نمبر ۲ جلد ۱۲)

اور زہری بیان کرتے ہیں کہ ہم انس بن مالک کے پاس دمشق میں گئے تو ہم نے انس کو روتے پایا سبب پوچھا تو انس نے فرمایا کہ جو باتیں ہم عہد رسول اللہؐ میں پاتے تھے اب ان میں سے ایک بات بھی نہیں دیکھتے سب مفقود ہیں مگر یہ نماز رہ گئی ہے سو وہ بھی ضائع کردی گئی ہے (صحیح بخاری جلد ۱ صفحہ ۳۹۵)

ان واقعات اوران تصدیقوں کے بیان کرنے کے بعد ہم اس زمانہ کے توضیح حال کے لیے امام حسینؑ کے ایک خط کو بھی جو امیر معاویہ کے خط کے جواب میں لکھا گیا تھا یہاں درج کرنا مناسب اور موزوں سمجھتے ہیں۔ اس خط سے امام حسینؑ کی صداقت اور حقانیت، اسلامی ہمدردی امت محمدی کی غم خواری اور امیر معاویہ کی بدعنوانیوں کے حالات کے علاوہ یزید کے کیرکٹر پر بھی روشنی پڑتی ہے (ترجمہ خط امام حسینؑ منقول از ناسخ التواریخ جلد ۶ ص ۱۰۱)

اما بعد! اے معاویہ، تیرا خط مجھے ملا جس میں تو نے لکھا ہے کہ تو نے میری طرف سے اپنی مخالفت کے متعلق کچھ خبریں سنیں جن کی تجھے مجھ سے امید نہ تھی۔ بس سمجھ لے کہ نیکوئی اور حسنات کے دروازے بغیر حکم خدا نہ کھلتے ہیں نہ بند ہوتے ہیں۔ تو نے جو کچھ میری نسبت سنا ہے یہ سب کچھ تیرے خوشامدی چغلخوروں کی مجھ پر تہمت اور افترا پردازی ہے۔ جان لے کہ میں اس وقت تجھ سے مخاصمت اور جنگ کا درپے نہیں ہوں۔ اور قسم ہے خدا کی میں اپنے اس ترک اور خاموشی سے خوش نہیں ہوں اور بیشک مجھے اس اپنے سکوت اور خاموشی سے خدا کا خوف ہے کہ وہ بھی میرے اس ترک و سکوت سے راضی نہ ہوگا اور میرا یہ فعل اسوقت یعنی ترک مخاصمت اور سکوت تیرے لیے اور تیرے جفا شعار گروہ اور دوستداران شیاطین کے لیے کوئی حجت اور عذر پیدا نہیں کرسکتا۔ کیوں اے معاویہ! کیا تو وہی شخص نہیں ہے جس نے حجر کندی کو قتل کیا، کیا تو وہی شخص نہیں ہے جس نے ایسے نماز گزاروں اور پرہیزگاروں کو جو ظلم و بدعت کو پسند کرنیوالے نہ تھے اور نہ امر دین میں کسی شخص کی ملامت اور سرزنش کو خیال میں لانے والے تھے ظلم و عداوت سے تباہ و برباد کیا حالانکہ تو ان کے ساتھ بڑی سخت قسمیں کھا کر بڑے پختہ وعدے کرچکا تھا اور انھوں نے نہ کوئی فتنہ ملک میں پیدا کیا تھا اور نہ تیری مخالفت پر کمر باندھی تھی مگر تو نے انکو قتل کیے بغیر نہ چھوڑا۔ اے معاویہ! کیا تو وہ شخص نہیں ہے کہ جس نے عمرو بن الحمق خزاعی صحابیٔ رسول خدا کو قتل کیا جو ایسا صالح اور عبادت گزار بندہ تھا کہ کثرت عبادت سے اس کا جسم گھل گیا تھا اور بدن ڈھل گیا تھا۔ قوتیں زائل ہوگئی تھیں اور زردی چھا گئی تھی۔ تو نے پہلے اس کو امان دے دی تھی اور ایسا مضبوط وعدہ کیا تھا کہ اگر ایسا وعدہ تو کسی جانور سے بھی کرتا

Marfat.com

تو وہ بھی اس بھروسہ پر پہاڑ کی چوٹی سے اتر کر تیرے پاس آجاتا لیکن پھر تو نے کمال جرأت سے اس عہدِ خدا کو توڑ دیا اور بے جرم وخطا اسکو مار ڈالا۔ اے معاویہ! کیا تو وہی شخص نہیں ہے جس نے زیاد ابن سمیہ کو جو بنی ثقیف کے ایک غلام عبید نامی کا زائیدہ تھا اپنا منہ بولا بھائی اپنے باپ ابی سفیان کا بیٹا قرار دیا حالانکہ رسول اللہؐ نے فرمایا ہے کہ الولد للفراش وللعاھر الحجر (یعنی بیٹا اسی کا ہوتا ہے جسکی بیوی ہو اور زنا کار کی سزا سنگساری ہے) پس تو نے اپنی مصلحت کی بنا پر حکم رسولؐ کو پس پشت ڈال دیا اور اس کو اپنا بھائی بنا کر عراقین کا حاکم بنا دیا تاکہ وہ مسلمانوں کے ہاتھ پاؤں قطع کرے اور انکی آنکھوں کو گرم لوہے کی سلاخوں سے پھوڑے اور درختوں کی شاخوں میں لٹکا لٹکا کر مارے۔ تیرے یہ اعمال بتاتے ہیں کہ گویا تو اس امت میں سے تھا ہی نہیں۔ اور اس امت کو تجھ سے کوئی نسبت ہی نہیں۔ آیا تو وہ شخص نہیں ہے جسکو زیاد بن سمیہ نے لکھا تھا کہ حضرمیین علیؑ کے دین پر ہیں تو نے اسکو حکم دیا تھا کہ جو لوگ دینِ علیؑ پر ہوں ان میں سے ایک کو بھی زندہ مت چھوڑو اور اس نے ان سب کو مار ڈالا اور مثلہ بھی کیا۔ حالانکہ خدا کی قسم علیؑ کا دین وہ دین تھا کہ جس کے لیے بحکم خدا علیؑ نے تجھ کو اور تیرے باپ کو اپنی تلوار کے نیچے رکھا اور اسی کی بدولت آج تجھ کو اور تیرے باپ کو یہ عروج ملا اور اس دین کی وجہ سے تو نے مسندِ خلافت کو غصب کیا ورنہ تیرا اور تیرے باپ کا شرف رحلتہ الشتاء والصیف "جاڑے گرمی میں سوداگری کرنا" سے زیادہ نہ تھا اور یہ جو تو نے لکھا ہے کہ میں اپنے نفس کا، اپنے دین کا اور امتِ محمدی کا نگران رہوں اور انکو فتنہ میں نہ ڈالوں اور جماعت کی تفریق سے پرہیز کروں تو میرے خیال میں کوئی فتنہ اس امت میں تیری خلافت وحکومت سے بڑھ کر نہیں ہے اور میں اپنے نفس، اپنے دین اور امتِ محمدی کے لیے کسی فائدہ کو اس سے زیادہ بڑھ کر نہیں سمجھتا کہ تجھ سے جہاد کروں۔ اگر میں ایسا کروں تو بیشک قربتِ الٰہی کا موجب ہوگا اور اگر ترک کروں اور خاموش رہوں تو اس کے لیے خدا سے استغفار کروں گا اور اس سے طلب رشد وہدایت کا طالب ہوں گا اور یہ جو تو نے لکھا ہے کہ تم مجھ سے انکار کرو گے تو میں بھی تم سے انکار کروں گا

Marfat.com

اور اگر تم میری گھات میں رہو گے تو میں بھی تمہاری گھات میں رہوں گا۔ پس دلسئے ہو تجھ پہ یہ کیا خیال تیرے سر میں سمایا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ تیرا مکر کسی مخلوق کو نقصان نہ دیگا اور وہ تیرے ہی نفس کی طرف لوٹے گا کیونکہ جہالت تجھ پر سوار ہے اور عہدوں کے توڑنے پر تو بڑا حریص ہے۔ قسم ہے اپنی جان کی تو نے کوئی عہد اور کوئی شرط وفا نہیں کی اور مسلمانوں کو عہد و پیمان، صلح و قسم کے بعد بھی بغیر کسی جرم و قصور اور طلب جنگ کے تو نے مرواڈالا ہے۔ انکا گناہ اسکے سوا کچھ نہ تھا کہ وہ ہمارے فضائل کا ذکر کرتے تھے اور ہمارے حقوق کی حفاظت کرتے تھے۔ پس تو نے اس خدشہ کی وجہ سے ان کو قتل کیا کہ شاید تو ہلاک ہو جائے اور وہ زندہ رہیں۔ اے معاویہ! آگاہ ہو کہ روز حساب آرہا ہے اور بدلے کا وقت پہنچ گیا ہے۔ جان لے کہ خدا کی وہ کتاب ہمارے اور تیرے درمیان میں ہے جس میں ہر چھوٹی اور بڑی چیز کا ذکر ہے۔ خدا اس کا دیکھنے والا ہے کہ تو نے دوستان خدا کو تہمت میں ماخوذ کیا اور ایک جماعت کو مار ڈالا۔ اور ایک گروہ کو ان کے مکانوں اور شہروں سے جلا وطن کیا اور اپنے بیٹے یزید کے لیے جو بڑا شرابخوار و بدکردار کتوں سے کھیلنے والا ہے لوگوں سے بیعت لی۔ آیا ان باتوں سے تو نے اپنے نفس کو کھلم کھلا خسران میں نہیں ڈالا؟ اور اپنے دین کو برباد نہیں کیا؟ اور اپنی رعایا پر ظلم نہیں کیا؟ تو نے جاہلوں اور احمقوں کی بات پر کان لگائے اور متقی اور پارسا لوگوں کے درپے ایذا ہوا" نقعدا لسلام"

امیر معاویہ نے خلافت و بیعت یزید کے لیے بڑی بڑی پرزور کوششیں کیں۔ روپے پیسے کے لالچ دیے۔ قتل کی دھمکیاں دیں۔ علی الاعلان بزرگان دین اور سرداران قریش کو سخت سست کہا اور اپنے دل کا بخار نکالا۔ دیکھو حسینؑ فرزند رسولؐ سے کس طرح گستاخانہ اور سخت کلامی سے پیش آتے ہیں اور بزرگ زادوں حضرات عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور عبداللہ ابن زبیر اور عبداللہ ابن عمر سے کیسا سلوک کرتے ہیں۔ جبکہ شام و عراق میں یزید کے لیے بیعت لے چکے تو سار الی الحجاز فی الف فارس فلما دنا من المدینۃ لقیہ الحسین بن علی اول الناس فلما نظر الیہ قال لا مرحبا ولا اھلا بدنۃ

یترقون دمہا واللہ مہریقیہ قال ہلا فانی واللہ لست باہل لہذہ المقالۃ قال بلی ولشر منہا ولقیہ ابن الزبیر فقال لامرحبا ولا اہلاخب ضب فلعتزید خل راسہ و یضرب بذنبہ ویوشک واللہ ان یوخذ بذنبہ ویدق ظہرہ نحیاہ حتی نضرب وجہ راحلتہ ثم لقیہ عبد الرحمن بن ابی بکر فقال لہ معاویۃ لا اہلا ولا مرحبا شیخ قد خرف وذہب عقلہ ثم امر فضرب وجہ راحلتہ ثم فعل با بن عمر نحو ذلک

(کامل ابن اثیر جلد ۳ ص۲۵۱) یعنی امیر معاویہ ہزار سواروں کے ساتھ حجاز میں آئے اور جب مدینہ کے قریب پہنچے تو سب سے پہلے حسین ابن علیؑ سے ملاقات ہوئی حسینؑ کو دیکھ کر امیر معاویہ نے کہا نہ تمہارے لیے خوشی ہو نہ مبارکی (کیا یہی اخلاقی کلمے محبت واخلاص اور عزت وحرمت کے آنے والے اور ملنے والے سے کہنے چاہئیں) تو ایک قربانی کا دُنبہ ہے کہ جسکا خون جوش کر رہا ہے۔ قسم ہے خدا کی یہ خون ضرور گرایا جائیگا۔ حسینؑ نے فرمایا چپ رہ۔ ہم ایسے کلام کے اہل نہیں ہیں۔ معاویہ نے کہا (معاذ اللہ) اس سے بھی بدتر کلام کے تم مستحق ہو (یہ ہے امیر معاویہ کا اخلاص فرزند رسولؐ سے) پھر اس کے بعد ابن زبیر ملے تو ان سے بھی یہی کہا لا مرحبا ولا اہلا۔ تو ایک چھپی ہوئی مکار گوہ (سوسمار) کی مانند ہے جو سر کو اپنے سوراخ میں ڈال کر دُم ہلاتی ہے۔ قسم ہے خدا کی عنقریب اس کی دُم پکڑ لی جائے گی۔ دور کرو اس کو اور پھر ان کے خچر پر چابک مارا اور ہٹا دیا۔ پھر اس کے بعد عبد الرحمن ابن ابی بکر (خلیفہ اول کے بیٹے) ملے۔ ان سے بھی یہی کہا گیا کہ یہ بڈھا سٹھیا گیا ہے اور اسکی بھی عقل جاتی رہی ہے۔ پھر حکم دیا کہ ان کی سواری کے خچر پر بھی تازیانہ مارو اور ہٹا دو۔ پھر عبد اللہ بن عمر حضرت عمر کے بیٹے سے بھی اس طرح ہی سلوک کیا گیا۔ اس کے بعد مدینہ میں داخل ہو کر خلافت یزید کے لیے ان بزرگان دین کو ڈراتے دھمکاتے قتل کی دھمکیاں دیتے اور فرماتے ہیں کہ اگر امام حسینؑ و عبد اللہ بن زبیر و عبد الرحمن بن ابی بکر و عبد اللہ بن عمر را توفیق رفیق گردد و با یزید بیعت کنند فبہا و الا بالیشاں بکنم آنچہ باید کرد و ازیں نوع کلمات بسیار گفت و تہدید بے اندازہ بر زبان آورد۔۔۔ چوں ایں خبر بسمع عائشہ رسید

خشمناک نزد معاویہ رفت و با وگفت ازیں معنی پسندیدہ نبود کہ برادرِ من محمد را در مصر کشتی و سوختی
وامروز بمدینہ آمدہ برادرِ دیگر را ایذای کنی و دربارۂ او سختاں درشت می گوئی و فرزندِ رسول و پسر
عمر و پسرِ زبیر را می رنجانی و بہ حبس وقتل تخویف می کنی و توجی دانی کہ از طلقائی، طلقاء را حلال
نیست کہ متصدی امر خلافت گردند و پدر تو از لشکرِ احزاب بود و در مخالفت رسولؐ نامرعی لمی
گذاشت ومرا معلوم نیست کہ ترا از من کہ گردانیدہ اند اگر ترا بگیرم ولبقصاص برادر خویش بکشم
مرا ازیں کار کہ مانع خواہد آمد (منقول از روضۃ الصفا)

(حضرت ام المومنین عائشہ کی تقریر قابلِ توجہ ہے۔ امیر معاویہ اور یزید دونوں کو خلافت
کا اہل نہیں خیال فرماتیں اور اسلامی حقوق کے متعلق بھی اس خاندان کی صفات کو ظاہر فرماتی ہیں اور حسینؑ
کو فرزندِ رسولؐ ارشاد فرمایا ہے)

اس کے جواب میں امیر معاویہ نے حضرت عائشہ سے عرض کیا۔ امیر معاویہ گفت... آنچہ گفتی کہ
من ترا بکشم ایں زمان من در مدینۂ رسولؐ خدا ایم وایں مکان دار الامان است۔ عائشہ فرمود چنیں است۔
(روضۃ الصفا جلد ۳ ص ۵۵۹ ونیز تاریخ کامل جلد ۳ ص ۲۸۵)

(مگر یہ وہی دارالامان ہے جو اپنے لیے تو دارالامان بن جاتا ہے اور غریب مدینہ والوں
مسلمانوں اور اصحابِ رسولؐ کے لیے دارالامان نہیں۔ اسی کی بربادی اور تباہی کے لیے اور مسجدِ
رسولؐ و روضۂ نبیؐ میں گھوڑے بندھوانے اور لید و پیشاب سے خراب و نجس کرنے کے لیے
مسلم بن عقبہ جیسے سفاک و ظالم کو مامور کیے جانے کی وصیت بھی یزید کو کی جاتی ہے اور یہی
حرمِ رسول اور یہی مدینہ ہے جو اسی مدینے والے کے فرزند اور پیارے نواسے حسینؑ کے لیے
جائے امن و پناہ نہیں سمجھا جاتا اور حسینؑ کے قتل و گرفتاری کا اسی مدینۂ رسولؐ میں حکم دیا جاتا
ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ؂ بیں تفاوت رہ از کجاست تابکجا؟

نیز ملاحظہ ہو تاریخ طبری ص ۱۷۱ مکالمہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر با امیر معاویہ:۔
امیر معاویہ: اے عبدالرحمٰن! کیسے ہاتھ پاؤں کے ساتھ تم میری نافرمانی کرنے کی جرأت کرتے ہو؟

Marfat.com

عبدالرحمٰن: (حضرت ابوبکر کے بیٹے) اس لیے کہ اس امر کو میں اپنے لیے بہتر سمجھتا ہوں۔

امیر معاویہ: میں تم کو قتل کر دینے کا قصد کرتا ہوں۔

عبدالرحمٰن: اگر تو ایسا کرے تو خدا دنیا میں تجھ پر لعنت کرے گا اور آخرت میں واصلِ جہنم فرمائے گا۔

اور بروایت استیعاب نے معرفۃ الاصحاب جلد ۲ ص۳۹۱ بر حاشیہ اصابہ جلد ۲ ص۴۰۲ بذیل ترجمہ عبدالرحمٰن ابن ابی بکر درج ہے کہ "امیر معاویہ نے بیعت یزید کے لیے ایک لاکھ روپیہ عبدالرحمٰن ابن ابی بکر کے پاس بھیجا مگر انھوں نے روپیہ واپس کر دیا اور انکار فرمایا کہ ہم دین کو دنیا کے عوض فروخت نہیں کریں گے اور مکہ کو ہجرت کر گئے۔" ایسا ہی عبداللہ ابن عمر کو بھی ایک لاکھ درہم بھیجے گئے مگر انھوں نے بھی یہی فرمایا" کہ من پیر شدم و دینِ من بہ صد ہزار درہم ارزاں است" اور روپیہ واپس کر دیا (روضۃ الصفا جلد ۳) حسین علیہ السلام کو بھی بہت کچھ تحفہ تحائف اور زر و مال پیش کیا گیا تھا مگر حسینؑ نے قبول نہ فرمایا اور واپس کر دیا۔ جس کو فصول المہمہ ص۱۵۰ میں ابن صباغ مالکی نے اور وسیلۃ النجاۃ ص۲۷۰ میں مولوی محمد مبین صاحب فرنگی محلی نے درج فرمایا ہے۔ یہ سب تدبیریں اور لالچیں یزید کی بیعت و خلافت کے لیے کی جا رہی تھیں واقعی حسینؑ کو نانا کی امت اور اپنے جد رسول عربیؐ کا دینِ اسلام مال و دولت تو کیا چیز ہے اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز اور پیارا ہے۔ امیر معاویہ پھر حسینؑ کو بلاتے ہیں اور یزید کی بیعت کے لیے گفتگو کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں نے مدینہ کی بیعت کو اس لیے ملتوی رکھا تھا کہ میں جانتا تھا کہ یہ یزید کا گھر ہے اور اس کے اعزا بہت ہیں اگر میں کسی کو یزید سے اچھا دیکھتا تو اس کو خلافت کے لیے منتخب کرتا۔ حسینؑ نے جواب دیا کہ اے معاویہ! امورات خلافت کے لیے یزید سے کسی بہتر شخص کو منتخب کر جو اسے انجام دے سکے جو اپنے ذاتی اوصاف اور اپنے ماں باپ کی طرف سے بھی بہتر ہو۔ معاویہ نے کہا کہ کیا اس "کسی" سے تم اپنے آپ کو مراد لیتے ہو؟ حسینؑ نے فرمایا اگر میں اپنے آپ کو مراد لوں تو بعید نہیں ہے۔ معاویہ نے کہا

بزرشہ نہیں کہ تم نسباً یزید سے اچھے ہو لیکن خلافت کے لیے وہ تم سے اچھا ہے۔ حسینؑ نے فرمایا۔ اے معاویہ! انصاف سے بات کر۔ وہ کون ہے جو میرے نانا کی امت کے لیے مجھ سے بہتر ہو۔ مجھ کو اپنے نانا کی امت اپنی ذات سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ معاویہ نے کہا، اے حسینؑ واپس جاؤ اور اپنی جان سے ڈرتے رہو اور اہل شام سے پر حذر رہو (شہید اعظم ص۲۶۔ اعثم کوفی)

ان تاریخی واقعات اور سچے حالات سے ہمارے ناظرین مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی مرکزیت اسلامی اور اس زمانہ کی ان بزرگ ہستیوں آل محمدؐ اور اصحاب رسولؐ و اصحاب زادوں اور ام المومنین حضرت عائشہ وغیرہ جیسے بزرگان اسلام اور سرداران قوم کی شخصیت اسلامی پر نظر ڈالتے ہوئے خود یہ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ یزید کے لیے بیعت و خلافت اور اسلامی سلطنت کیونکر احکام خدا و رسولؐ اور شریعت محمدی کے مطابق اور اصول اجماع و جمہوریت اسلام کے موافق جائز اور مباح کہی جا سکتی ہے۔ اگر تاریخوں کو دیکھا جائے تو بصرہ اور کوفہ میں بھی اسی طرح جبر و تشدد، خوف و لالچ اور روپیہ پیسہ سے کام لیا جاتا اور مسلمانوں کو مجبور کیا جانا نظر آئے گا۔ ہم آیندہ کسی جگہ اس کو بھی بیان کریں گے کہ وہاں بھی عام مسلمانوں کی حقیقی رضا و رغبت حاصل نہیں کی گئی تھی۔ غرضیکہ بجبر و تشدد خلاف عہد و شرائط بلالحاظ سیاست اسلامی جابرانہ طریق پر امیر معاویہ نے اپنے نااہل و ناقابل بیٹے یزید کو تباہی اسلامی کے لیے اپنا جانشین اور ولیعہد قرار دے دیا۔

---

## باب ششم

# محافظِ اسلام اور دشمنانِ اسلام میں تصادم

## خلافتِ یزید اور واقعۂ کربلا کا آغاز

اور ۶۰ھ ہجری میں جبکہ امیر معاویہ دنیا سے کوچ کر گئے اور یزید فاسق و فاجر شرابخوار و بدکار مسندِ رسولؐ اور خلافتِ الٰہیہ کا دعویدار ہو کر مسلمانوں کی امارت اور رسول اللہؐ کی جانشینی کا مدعی بنا تختِ خلافت پر بیٹھا اور فرزندِ رسولؐ امام مظلومؑ حسین معصومؑ سے بیعت و اطاعت کا طالب ہوا اسلام کی بربادی، باغِ محمدی کی تاراجی، فاطمہ زہراؑ کے گھر اجڑنے کا وقت پہنچ گیا۔ حاکم مدینہ ولید بن عتبہ کو دربارِ شام سے فرمان لکھا گیا امیر معاویہ کی خبرِ مرگ اور یزید کی خلافت و جانشینی کی اطلاع دی گئی اور اس کے ساتھ ہی ایک اور چھوٹا سا پرچہ (کتاباً صغیراً) بھی جس کو آج کل کی اصطلاح میں ڈیمی آفیشل یا کانفی ڈینشل حکم کہا جا سکتا ہے ولید کو بھیجا گیا کہ حسینؑ ابن علیؑ، عبداللہ بن زبیر، عبداللہ ابن عمر وغیرہ سے یزید کی بیعت لے لی جائے اور اس امر کے لیے سختی سے گرفت کی جائے۔ بلا بیعت لیے ہرگز نہ چھوڑا جائے (دیکھو کامل ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۶) کتاباً آخر صغیراً فیہ اما بعد فخذ حسیناً وعبداللہ بن زبیر و ابن عمر بالبیعۃ اخذاً لیس فیہ رخصۃ حتی یبایعوا اور نیز تاریخ طبری ص ۲۱۶۔

اور بروایت ابو مخنف و دیگر کتب تذکرہ و مقاتل یہ بھی پایا جاتا ہے کہ حسینؑ کے متعلق صاف صاف لفظوں میں یہ حکم تھا کہ حسینؑ یا بیعت کریں یا سر کاٹ کر بھیج دیا جائے۔

مسلمانو! پیارے بھائیو یہ وہی یزید ہے جس کی بابت حسینؑ کے نانا رسولِ عربی نبی امیؐ نے فرمایا کہ میری سنت و طریق کو بدلنے والا اسلام میں رخنے ڈالنے والا بنی امیہ میں سے ایک شخص یزید

Marfat.com

نامی ہوگا اور اس کو ہی حسینؓ کا قاتل بھی فرما کر اس پر لعنت خدا فرمائی۔ دیکھو احادیث نبوی جو ہم اوپر درج کر آئے ہیں۔

واقعی یہ رنگیلا شہزادہ بنی امیہ کا چشم وچراغ امیر معاویہ کا دلبند ابوسفیان کا لخت جگر، ہندہ جگر خوار کا نور نظر ظلم وجور کا پتلہ کفر وضلالت کا مجسمہ اور بدینی کا پتلا حسن وعشق کا متوالا، شراب کا دلدادہ زناکار، شرابخوار، فرعون سیرت، ابلیس طینت ایسے شرمناک کیرکٹر اور نجس وناپاک خصائل کا انسان دنیا میں پیدا ہوا تھا کہ اسکے فسق وفجور کے کارناموں اور ظلم واستبداد کے جابرانہ درباروں عیش ونشاط کی محفلوں عشق بازی وشرابخواری کی صحبتوں عیش پرستی کے جلسوں کے حالات کو پڑھو اور دیکھو۔ تاریخ کے ورق کے ورق ان صفحے کے صفحے اسکے نجس وناپاک اور شرمناک حالات سے سیاہ نظر آتے ہیں۔ محرمات شرعی سوتیلی ماں بہنیں تک مباح وجائز تھیں۔ رات دن نشہ میں مست شراب کے جلسے پرجمال معشوقوں سے جھرمٹ، بندروں چیتوں اور جانوروں کے کھیل تماشے اسکا دن رات کا شغل تھا اور کوئی بدکاری نہ تھی جس کا دلدادہ یزید نہ تھا۔

آج مسلمانوں کا بچہ بچہ اسکے نام سے واقف بلکہ غیر اقوام اور دوسری ملتوں اور مذاہب کے لوگ بھی اسکو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے اور برائی سے یاد کرتے ہیں اسکا نام بھی گالی سمجھا جاتا ہے جو اسکی انتہائی بدافعالیوں اور بدکاریوں کی بدولت ہے۔

اسی ننگ دین ودنیا کی خلافت اور بیعت کے لیے مسلمانوں، اصحاب رسولؐ تابعین وتبع تابعین اور خاندان نبوت، اہلبیت رسالت پر کیسے کیسے ظلم وجور ڈھائے گئے۔ حضرت ام المومنین جناب عائشہ کے ساتھ کیسے ایذا رساں اور حیاسوز سلوک کیے گئے۔ دیکھو مدارج النبوۃ شاہ عبدالحق دہلوی ص۱۱
یزید شقی طمع کردہ از عائشہ صدیقہ پس خواندند بر وے ایں است (ازواجھم امھاتھم) وممنوع شد۔

جناب ام المومنین حضرت عائشہ کی وفات غم آیات کا باعث بھی یہی ناشریف ہوئے ہیں چنانچہ ملاحظہ ہو رسالہ اوائل جلال الدین سیوطی کان معاویۃ اول من رکب بین صفا والمروۃ۔ اول من ظہر شرب النبیذ والغناء واول من اکل الطین واباحہ وکان علی منبر رسول اللہ

Marfat.com

باخذ البیعۃ لیزید فاخرجت عائشۃ راسھا من الحجرۃ قالت مہ مہ ھل استدعی الشیوخ لبنیھم البیعۃ قال لا قالت فیمن تقتدی انت فخجل ونزل عن المنبر و بنی لھا حفیرۃ فوقعت فیھا وماتت (منقول از ذبح عظیم ص) یعنی معاویہ وہ اول شخص ہیں جو صفا و مروہ میں سوار ہو کر چلے تھے (یعنی سعی بین الصفاء والمروہ جو رکن حج ہے اور حاجی لوگ ان دونوں پہاڑوں کے درمیان پیدل چلتے اور دوڑتے ہیں۔ امیر معاویہ یہاں بجائے پیدل چلنے کے سوار ہو کر اس رکنِ حج کو ادا فرماتے ہیں خلافِ حکم خدا و رسولؐ) امیر معاویہ وہ اول شخص ہیں جنھوں نے علی الاعلان نبیذ یعنی جَو کی شراب پی۔ اور گانا سنا اور جنھوں نے مٹی کھائی اور مٹی کھانی مباح قرار دی اور حضرت امیر معاویہ (مدینہ میں) منبرِ رسولؐ پر بیٹھے یزید کے لیے بیعت لے رہے تھے کہ حضرت عائشہ نے اپنے حجرہ سے سر نکال کر فرمایا کہ خاموش ہو جا، کیا کر رہا ہے۔ کیا تجھ سے پہلے شیخین نے بھی اپنے بیٹوں کے لیے کبھی بیعت لی تھی۔ امیر معاویہ نے کہا کہ نہیں تو ام المومنین عائشہ نے فرمایا کہ پھر تو کس کی پیروی کرتا ہے؛ معاویہ یہ سنکر شرمندہ ہوئے اور منبر سے اتر آئے اور پھر حضرت عائشہ کے لیے ایک گڑھا کھودا جس میں ام المومنین گر گئیں اور انتقال فرما گئیں۔ ربیع الابرار اور کامل السفینہ میں بھی یہ روایت درج ہے اور حکیم ثنائی نے بھی اپنی مثنوی حدیقۃ الحقیقۃ میں اس واقعہ کو نظم فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہو مثنوی حکیم ثنائی مطبوعہ نولکشور ص۶۹ و ۷۰، سہ

باہزاراں خجالت و تشویر — رفت زی مکہ جفت کرم و زحیر
عاقبت ہم بدست آں طاغی — شد شہید او بدست آں باغی
آنکہ با جفت مصطفےٰ ازیں ساں — بد کند مرد را تو مرد مخواں

علامہ جلال الدین سیوطی کے اس رسالہ کا ذکر شاہ عبدالحق دہلوی نے بھی اپنی کتاب مدارج النبوۃ جلد ۲ ص۶۲۹ میں درج فرمایا ہے "سیوطی را رسالہ ایست مسمیٰ بہ اوائل، ذکر کردہ است درو سے اشیائے کہ احداث کرد معاویہ آنہارا و نہ کردہ بودند خلفاء پیش از وے" (افسوس کہ باوجود تلاش رسالہ اوائل سیوطی ہم کو دستیاب نہ ہوا) ترجمۂ تاریخ ابن خلدون میں اس افسوسناک واقعہ

Marfat.com

اور اس جرم عظیم کا مجرم مروان کو بتایا ہے جیسا کہ شہیدِ اعظم جلد اول صفحہ ۲۶۸ میں لکھا ہے کہ "ابن خلدون کہتا ہے کہ آپ کو (یعنی حضرت عائشہ کو) مروان اور اسکے خاندان والوں نے شہید کیا تھا اس وجہ سے کہ اسکی مخالفت کرتی تھیں۔ اس نے دعوت کے بہانے سے اپنے گھر بلایا اور پہلے ایک گڑھا عمیق کھود کر نیزے، تلواریں، چھریاں وغیرہ اس میں رکھ دی تھیں اور اوپر سے ایک فرش بچھا دیا تھا ام المومنین جب تشریف لائیں تو انکو وہیں بٹھلایا۔ بیٹھنا تھا کہ نیچے گر پڑیں اور ایسی چوٹ آئی کہ پھر اس سے جان بر نہ ہو سکیں"۔

بہرحال امیر معاویہ ہوں یا مروان اس واقعہ اور حضرت عائشہ سے مخالفت اور مخاصمت کی اصل بنیاد یہی رنگیلے شہزادے یزید ابن معاویہ ہیں جنکی بیعت اور خلافت کے لیے مروان کا حضرت عبدالرحمٰن ابن ابی بکر سے مدینہ میں برسرِ منبر جھگڑا ہو گیا تھا کیونکہ مروان معاویہ کے بعد یزید کی خلافت کا اعلان کر رہا تھا اور عبدالرحمٰن ابن ابی بکر اسکی تکذیب اور تردید فرما رہے تھے اور معاویہ و مروان دونوں کو جھوٹا بتا رہے تھے اور یزید و معاویہ کو ہرقل سے نسبت دیتے تھے۔ جب مروان سے جھگڑے اور سخت کلامی کی نوبت پہنچی تو حضرت عائشہ نے مروان کو دھمکایا اور سخت و سست فرما کر عبدالرحمٰن کی تصدیق اور مروان و معاویہ کی تکذیب فرمائی۔ تفصیل کے لیے دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۲۵۳ اور روضۃ الصفاء وغیرہ۔

حضرت ام المومنین جناب عائشہ کے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ معلوم ہو چکا اب ملاحظہ ہو کہ یزید کی خلافت و بیعت کے لیے سرورِ ریاضِ محمدی، گل گلزارِ احمدی، علم و حلمِ رسولؐ کا سرچشمہ نانا کا فخر، بابا کا شرف، جانِ رسولؐ، فرزندِ بتولؑ، نانا کی شہادتِ سری کا وارث، خدا کے پیارے سبطِ اکبر امام حسن مجتبیٰؑ کا وجود بھی کانٹے کی طرح کھٹکتا تھا اس کو بھی نکالا گیا۔ اور امام حسنؑ کو زہرِ دغا سے شہید کیا گیا چنانچہ ملاحظہ ہو قول ابن سعد صاحب طبقات، مندرجہ تذکرہ ابن جوزی صفحہ ۱۲۱ - قال ابن سعد فی الطبقات سمہ معاویۃ مرارا۔ یعنی معاویہ نے حضرت امام حسنؑ کو کئی مرتبہ زہر دیا۔ امیر معاویہ نے حضرت امام حسنؑ کی

بی بی جعدہ بنت اشعث کو ایک لاکھ درہم نقد اور یزید کے ساتھ شادی کرنے کا وعدہ ادھار کر کے زہر بھیجا اور حسنؑ سبط رسولؐ کو زہر دیکر شہید کرایا گیا (استیعاب عبدالبر مکی۔ مروج الذہب مسعودی، ارجح المطالب مولوی عبیداللہ صاحب امرتسری ص۲۷۰۔ تذکرہ سبط ابن جوزی ص۱۲۱۔ ابوالفداء جلد اول ص۱۹۳۔ روضۃ الصفا جلد ۳ ص۵۲۰۔ حبیب السیر جزو اول جلد ۲ ص۱۸۔ محرم نامہ جناب خواجہ حسن نظامی صاحب ص۶۰ و یزید نامہ ص۸۲ خواجہ حسن نظامی صاحب (بحوالہ علامہ جریر طبری) نیز خالد بن ولید کے بیٹے عبدالرحمٰن کو بھی یزید کی بیعت و خلافت پر قربان کر دیا جاتا ہے۔ ابن آثال نصرانی ڈاکٹر شاہی طبیب دربار شام کے ذریعہ زہر دلوا کر ان کا کام بھی تمام کرا دیا جاتا ہے اور اس خدمت کے صلہ میں علاقہ حمص کا خراج انعام میں بخشا جاتا ہے (تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۳ ص۲۲۹ نصائح کافیہ ص۶۱ و ۶۲۔ یزید نامہ خواجہ صاحب سلمہ، ص۸۵)

اور پھر اسی یزید کی خلافت کے لیے حسینؑ فرزند رسولؐ سبط اصغر کو وطن سے نکالا گیا۔ نانا کی قبر سے چھڑایا گیا۔ باغ رسالت تاراج ہوا۔ خاندان محمدی برباد و تاراج کیا گیا حسینؑ شہید ہوئے۔ آل محمدؐ کے خون سے صحرائے کربلا رنگین ہو گیا۔ گھر لوٹے گئے، خیمے جلائے گئے۔ آل محمدؐ کو قید و اسیر کیا گیا اور پھر حسب وصیت امیر معاویہ مسلم ابن عقبہ کی سرکردگی میں مدینہ کو لشکر بھیجا گیا۔ ملاحظہ ہو تاریخ کامل جلد ۴ ص۵۶۔ قیل ان معاویۃ قال لیزید ان لک من اھل المدینۃ یوما فان فعلوا فارمھم بمسلم ابن عقبۃ فانہ رجل قد عرفت نصیحتہ۔ بیان کیا گیا ہے کہ معاویہ نے یزید سے کہا کہ ایک دن تجھے اہل مدینہ سے لڑنا ہوگا۔ پس ان سے اگر جنگ ہو تو ان سے لڑنے کے لیے مسلم بن عقبہ کو بھیجنا۔ میں اس کی خیر خواہی کو جانتا ہوں۔ پس مسلم بن عقبہ کو جرنیل بنا کر بھیجا گیا اور مدینۂ رسولؐ تاراج ہوا۔ روضۂ رسولؐ میں گھوڑے بندھے۔ لید اور پاخانہ کے ڈھیر لگے۔ مسجد نبوی ویران ہوئی۔ عرصہ تک جمعہ و جماعت سے معطل، نہ اذان تھی نہ نماز، نہ چراغ تھا نہ بتی۔ منبر رسولؐ پر جانوران صحرائی اور کتے پیشاب کرتے تھے اور مدینہ کی گلی کوچوں میں مسلمانوں کے خون کے نالے بہتے تھے۔ سینکڑوں اصحاب رسولؐ

Marfat.com

اور ہزاروں مسلمانوں کے خون بہائے گئے اور گھر لوٹے گئے۔ عورتوں کی عصمت دری کی گئی سینکڑوں دوشیزہ بکر توڑے گئے اور مسلمانوں سے بیعتِ غلامی لی گئی۔

رسولؐ کے بعد خدا کی باری آئی۔ مدینۂ رسولؐ کو تباہ کرکے مکّہ پر چڑھائی ہوئی۔ خانۂ خدا کو پھونکا گیا۔ منجنیق لگائے گئے۔ کعبہ کے پردے جلائے گئے اور حرمتِ کعبہ کو مٹایا گیا۔ دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۶۲۔ رموا البیت بالمجانیق وحرقوا بالنار۔ وقیل ان الکعبۃ احترقت من نار کان یوقدھا اصحاب عبد اللہ حول الکعبۃ شرارۃ ھبت بھا الریح فاحترقت ثیاب الکعبۃ واحترق خشب البیت یعنی خانۂ کعبہ پر منجنیق سے پتھر برسائے گئے اور اس کو آگ سے جلایا گیا اور یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ کعبہ کو اس آگ نے جلایا جو عبد اللہ ابن زبیر کے ساتھیوں نے کعبہ کے گرد روشن کی تھی۔ ہوا سے ایک چنگاری اڑ کر کعبہ کے پردوں اور لکڑی کو لگ گئی اور وہ سب جل گئے۔

یزید کی فوج نے جلایا یا عبد اللہ ابن زبیر نے، دونوں میں سے جو بھی ہے وہی کعبہ کی حرمت کو مٹانے والا اور خدا کا دشمن ضرور ہے۔ احراق کعبہ کی چنگاریاں دونوں کے گھروں کو پھونکتی ہیں۔ یزید ہو یا مسلم ابن عقبہ، عبد اللہ ہو یا اس کے رفقا۔

---

سلہ تاریخوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ کعبہ معظمہ خدا کا گھر جس کی حرمت و عظمت کا پاس و لحاظ انبیائے سلف اور حضرت سید المرسلین خاتم النبیینؐ اور ان کے جانشین ائمہ ہدیٰ و خلفائے راشدین و صحابۂ کبار رضوان اللہ علیہم اجمعین برابر کرتے چلے آئے حضرت عبد اللہ ابن زبیر کی بدولت بنی امیہ کے ہاتھوں دو دفعہ پھونکا گیا اور جلایا گیا۔ منجنیق برسائے گئے اور حرمتِ کعبہ حلال و مباح کی گئی اور اس کی عظمت و شرف کو مٹایا گیا۔ کربلا کے خونی منظر اور حسینؑ کی بےمثال اسلامی قربانی نے جبکہ بنی امیہ کے ظلم و استبداد اور انکی بے دینی کو ظاہر کر دیا اور دنیائے اسلام میں ایک سنسنی خیز ریولیوشن پیدا ہو گیا اور جو مقصد عالی حسینؑ کا اپنی شہادت سے تھا اس کا اثر ظاہر ہونے لگا تو مسلمان غفلت کی نیند سے چونکے اور صداقت و حقانیت کی جانب مائل ہونے لگے۔ جگہ جگہ یزید اور بنی امیہ کے خلاف سخت ترین

(باقی بر صفحۂ آئندہ)

Marfat.com

مکہ کی تباہی اور مدینہ کی بربادی کا حال تاریخ کامل اور تاریخ طبری وغیرہ جیسے مستند مورخین نے مفصل لکھا ہے اور نیز جناب خواجہ حسن نظامی صاحب سلمہ اللہ نے بھی بہت وضاحت کیساتھ درج فرمایا ہے۔ یزید نامہ

نفرت کا اظہار شروع ہوگیا، مدینہ والوں نے آنکھ کھولی۔ عبداللہ بن حنظلہ (غسیل الملائکہ) وغیرہ شرفا، بزرگان مدینہ کے وفد نے شام سے واپس آکر یزید کی بدینی کے حالات کو ظاہر کیا اور بیعت یزید کو توڑ دیا (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۵۲) فاظہروا شتم یزید وعیبہ وقالوا قدمنا من عند رجل لیس لہ دین یشرب الخمر ویضرب بالطنابیر ویعزف عندہ القیان ویلعب بالکلاب ویسمر عندہ الحرب وھم اللصوص وانا نشھدکم انا قد خلعناہ یعنی یزید کی برائیاں اور عیوب ظاہر کرکے بیان کیا کہ ہم ایسے شخص کے پاس سے آئے ہیں جسکا نہ کوئی دین ہے نہ کوئی مذہب، شراب پیتا ہے، طنبور بجاتا ہے، ناچنے گانے والی کنیزوں کی محفل رقص وسرود گرم رہتی ہے کتوں سے کھیلتا ہے، جنگ کے فسانے بیان ہوتے ہیں یعنی جنگی قصے کہانیاں سنتا رہتا ہے ہم تمکو گواہ کرتے ہیں کہ ہم نے اسکی بیعت کو توڑ دیا علامہ جلال الدین سیوطی اپنی تاریخ الخلفاء [2] میں لکھتے ہیں کہ ان بزرگان مدینہ نے بیان کیا واللہ ماخرجنا علی یزید حتی خفنا ان نرمی بالحجارۃ من السماء ان رجل ینکح امھات الاولاد والبنات والاخوات و یشرب الخمر ویدع الصلوٰۃ۔ یعنی خدا کی قسم ہم نے اس وقت تک یزید پر خروج نہیں کیا جب تک ہم کو یہ خوف نہ ہوگیا کہ اب آسمان سے ہم پہ پتھر برسیں گے۔ یہ شخص یزید ایسا شخص ہے کہ جو تارک الصلوٰۃ ہے شراب پیتا ہے، ماؤں بیٹیوں اور بہنوں سے نکاح مباح جانتا ہے۔

مکہ والوں نے بھی کروٹ بدلی، عبداللہ ابن زبیر نے جو دیر سے خلافت کے متمنی اور آرزومند چلے آتے تھے اور یزید کی بیعت میں داخل نہیں ہوئے تھے۔ حسینؑ کی شہادت کی خبر سنکر اور یزید وبنی امیہ کے برخلاف نفرت ونا راضی کے خیالات کو لوگوں میں دیکھ کر موقعہ کو غنیمت سمجھے اور اٹھے۔ ایک پرزور تقریر اہل مکہ سے کی۔ کوفہ اور عراق کے لوگوں کی بے وفائی ونالائقی کی مذمت فرمائی اور حسینؑ کی صداقت وحقانیت کا اظہار واعتراف فرماتے ہوئے بیان کیا کہ قسم ہے خدا کی حسینؑ نے شرافت وکرامت کے مرنے کو ذلیل ومذموم زندگی پر ترجیح دی حسینؑ کے بعد ہم کبھی اس قوم سے مطمئن نہیں ہو سکتے۔ بخدا ان لوگوں نے ایسے بزرگوار کو شہید وقتل کیا ہے کہ جو قلیل النوم اور کثیر الصوم تھا۔ راتوں کو عبادت الٰہی میں طولانی قیام کرنے والا، دنوں کو بکثرت روزے رکھنے والا

(باقی بصفحہ آئندہ)

Marfat.com

کا پہلا باب ملاحظہ ہو۔

نیز رسول کریمؐ کے جلیل القدر صحابی حضرت ابو ایوب انصاری کی قبر مبارک کے ساتھ جو سلوک

---

شرف و بزرگی میں اور دین میں سب سے افضل امر خلافت کے لیے سب سے احق اور بہتر تھا قسم ہے خدا کی کہ اس نے کبھی قرآن کو غلط معنی نہیں پہنائے۔ خوفِ الٰہی سے بےحد رونے والا تھا اور بجائے میخواری کے ہمیشہ روزہ رکھتا تھا اور بجائے شکاری کتے پالنے کے یادِ الٰہی کے جلسے حسینؓ کے گھر میں برپا رہتے تھے۔

غرض کہ مکہ میں اسطرح سے یزید کے برخلاف عبد اللہ ابن زبیر نے سلسلہ شروع کیا خفیہ بیعت لیتے تھے اور بظاہر مکہ میں پناہ کی غرض سے بیٹھنے کو ظاہر کرتے تھے تفصیل کے لیے تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۵۱ و ۵۲ کو دیکھو اور ملاحظہ کرو حضرت عبد اللہ ابن زبیر نے کیسی سیاستی اور پولیٹیکل تدبیریں یزید کے خلاف فرمائی ہیں القصہ پہلی مرتبہ یزید کے عہد میں ۶۴ھ ہی کے اندر واقعۂ حرہ یعنی مدینۂ رسولؐ کی بربادی و تباہی کے بعد عبد اللہ ابن زبیر کی شورش کو دبانے کے لیے یزید کی فوج نے مکہ پر چڑھائی کی اور کعبہ کا محاصرہ کیا گیا۔ یزید کی فوج سے ہو یا عبد اللہ ابن زبیر کے رفقاء کی کرتوت سے ہو خانۂ کعبہ پھونکا گیا (دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۶۲)

اس محاصرہ کے زمانہ میں یزید شام میں مر گیا اور مسلم ابن عقبہ بھی جو سپہ سالار محاصرہ تھا وہ بھی مر چکا تھا اہلِ شام کے دل ٹوٹ گئے سلطنت کے لیے نسل معاویہ کا خاتمہ ہو گیا اور خلافت نسل معاویہ سے نکل گئی۔ آلِ مروان تخت خلافت کے مالک ہو گئے۔ ادھر عراق و حجاز میں عبد اللہ بن زبیر اب کھلم کھلا خلیفہ بن گئے ادھر شام میں مروان کے مرجانے پر عبد الملک تختِ خلافت پر بیٹھا۔ تقریباً نو سال تک عبد اللہ ابن زبیر عراق و حجاز میں خلیفہ بنے رہے اور طوائف الملوکی کا دور چلتا رہا۔ میدانِ کارزار گرم رہے بالآخر ۷۲ھ میں عبد الملک کی فوجوں نے کوفہ کو فتح کیا اور مصعب ابن زبیر جو عبد اللہ ابن زبیر کی طرف سے حاکم کوفہ تھے قتل ہوئے تو عبد الملک کے حاکم حجاج بن یوسف ثقفی نے عبد الملک کی طرف اور اسکے حکم سے عبد اللہ ابن زبیر کے قصہ کو ختم کرنے کے لیے مکہ پر فوج کشی کی۔ شام کی فوجیں مکہ کی طرف بڑھیں۔ خانۂ الٰہی کا محاصرہ کیا گیا اور مکہ پر منجنیق لگا دیے گئے۔ حاجیوں پر پتھر برسائے گئے کعبۂ الٰہی برباد و تباہ کیا گیا۔ رسد رسانی کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ سامانِ خورد و نوش کی آمد بند ہو گئی بلکہ

(باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

زمانہ امیر معاویہ میں انہی یزید صاحب کے ہاتھوں سے ہوا وہ بھی قابلِ ملاحظہ ہے۔ جبکہ قسطنطنیہ کے محاصرہ کے وقت حضرت ابوایوب انصاری کا انتقال اسلامی کیمپ میں ہوا

میں قحط پڑ گیا۔ لوگ بھوک کے پیاسے مرنے لگے۔ اگرچہ عبداللہ ابن زبیر کے پاس ذخیرے کے ذخیرے اور کھتے کھتے جو، گندم، کھجور وغیرہ کے بھرے ہوئے تھے مگر اسی قدر دیا جاتا تھا کہ جو سدِ رمق کو بھی کافی نہ ہو سکتا تھا ایک ایک مرغی اور ایک ایک مد گیہوں دس دس بیس بیس درہم میں فروخت ہو گئے۔ گھوڑے ذبح کر کے کھائے گئے۔ موسم حج بھی اسی مصیبت میں گزر گیا۔ مخلوقِ الٰہی بھوک پیاس کی شدت سے تنگ آ گئی اور یہ کیا نہ کرتا کے اصول پر آخر لوگوں نے اور عبداللہ ابن زبیر کے ساتھیوں اور مددگاروں نے عبداللہ کا ساتھ چھوڑنا شروع کیا۔ اور شام کی فوجوں میں بنی امیہ کی امان میں جانے لگے۔ حتیٰ کہ عبداللہ ابن زبیر کے بیٹے تک بھی عبداللہ کو چھوڑ کر بھاگ گئے اور امیر شام کی فوجوں سے جا ملے۔ صرف تھوڑے سے رفیق و دوست حضرت عبداللہ ابن زبیر کے ساتھ باقی رہ گئے۔ بقول خواجہ حسن نظامی صاحب صرف پانچ آدمی ہی ساتھ تھے اور وہ بھی دل چھوڑے ہوئے تھے اور بہت ہارے ہوئے تھے۔ حجاج نے زیادہ تنگ پکڑنا شروع کیا اور امان کا بھی وعدہ دیا۔ جیسا کہ عبدالملک نے پہلے ہی عبداللہ کے لیے امان نامہ لکھ کر حجاج کے ساتھ بھیج دیا تھا۔

حضرت عبداللہ بن زبیر نے نہ بھوک کے صدمے اٹھائے تھے نہ پیاس کی تکلیفیں سہی تھیں نہ زخمی ہوئے نہ تیر کھائے تھے نہ نیزے لگے تھے نہ تلواریں پڑی تھیں نہ بیٹے لہو میں ڈوبے تھے نہ حمزہ (بیٹے) نے برچھا کھائی تھی نہ بھائی آنکھوں کے سامنے خون میں نہائے تھے نہ شانے کٹائے تھے مگر اس ہاشمی بہادر کے پاؤں ڈگمگا گئے۔ صبر کی طاقت جاتی رہی تکلیفیں نہ سہی گئیں۔ امیر شام کی امان کو منظور کرنے اور عار کی زندگی قبول کر کے بنو امیہ کے حوالہ ہو جانے پر مائل ہو گئے۔ واقعی اگر بزرگ ماں بھی ہاں میں ہاں ملا دیتیں اور حمیتِ عرب جوش نہ دکھلاتیں، صبر و استقلال سے ہمت نہ بندھواتیں تو یقیناً حضرت عبداللہ ابن زبیر جو دل چھوڑ چکے تھے ضرور بنی امیہ کے آگے سر جھکا دیتے اور عبدالملک کی امان میں داخل ہو جاتے مگر جب اس بزرگوار نے والدۂ گرامی سے اپنی تنہائی اور مصیبت کا حال بیان کیا اور کہا کہ سب نے مجھے چھوڑ دیا ہے یہاں تک کہ میرے خاص اولاد اور اہل بھی مجھے اکیلا چھوڑ کر شام کی فوج سے جا ملے ہیں (قد خذلنی الناس حتیٰ ولدی

(باقی بر صفحہ آئندہ)

سلمانوں نے اس نامور صحابی رسول کریمؐ کے بڈھے دوست مجاہد اسلام کے جنازہ کو تزک و احترام
سے اٹھا کر قسطنطنیہ کی دیواروں کے نیچے دفن کرکے قبر بنا دی تو نخوت و غرور سے

---

اهلی ولم یبق سعی الیسیر" (تاریخ کامل صفحہ ۲۹ مطبوعہ مصر) بنی امیہ مجھے جان کی امان دیتے ہیں
کی کیا رائے ہے؟ تو اس بزرگوار بی بی (اسماء بنت حضرت ابوبکر خلیفۂ اول) نے حمیت عرب اور شجاعت قومی کے
جوہر دکھلائے اور صبر و استقلال سے حق و صداقت بھرا جواب دیا کہ "اے بیٹے اگر تم اب تک ناحق ان سے لڑ
رہے تھے اور اپنے آپ کو حق پر نہیں سمجھتے تھے تو تم نے بہت برا کیا، ہزاروں مسلمانوں کو ناحق کٹوا دیا اور اگر
اپنے آپکو حق پر سمجھتے ہو تو بس حسینؑ کی طرح حق پر لڑو اور جان دے دو"۔ ماں کی اس بہادرانہ اور دلیرانہ تقریر نے
حضرت ابن زبیر کی ہمت بندھوائی۔ مرنے پر آمادہ ہو گئے اور دلیرانہ لڑنے کو نکلے مگر پھر بھی مسجد حرم کو نہ چھوڑا
کعبہ سے باہر نہیں آئے مسجد الحرام میں سے ہی جنگ اور حملہ شروع کیا (شاید یہی خیال ہو کہ شامی نامسلمان
پاس و لحاظ مسجد الحرام اور حرمت خانہ کعبہ کا کر لیں اور ہمارا خون نہ بہائیں اور جان بچ جائے۔
لا اللہ اللہ یہ نامسلمان لوگ ایسے عقیدے کے نہ تھے۔ ؎ ایں خیال است و محال است و جنوں"
آخر لڑتے لڑتے گرے، زخمی ہوئے اور قتل ہو گئے اور مسجد الحرام میں ذبح ہو کر حرمت کعبہ اور خانۂ الٰہی کی
عظمت و شرف کو اپنے خون سے مباح و حلال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ رسول عربی کی پیشین گوئی
سچی اور صحیح ہو گئی (دیکھو احادیث نبوی مندرجہ کنز العمال، تاریخ ابن قتیبہ، تاریخ خمیس وغیرہ جو ہم کسی جگہ درج کر
چکے ہیں اور مفصل حالات ابن زبیر کے لیے دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۱۹۱ تا ۱۹۲ ، یزید نامہ صفحہ ۵۹)
اگرچہ حضرت عبداللہ ابن زبیر یزید و بنی امیہ کے ظلم و ستم کو ظاہر کرکے حسین مظلومؑ اور آل محمدؐ کی مظلومی اور
ہمدردی و محبت کا اظہار کرتے ہوئے بنی امیہ کے قلع و قمع کرنے اور لوگوں کو بنی امیہ کے ظلم و استبداد سے چھڑانے
کے لیے خلیفہ بنے تھے مگر آل محمدؐ و آل علیؑ کے لیے یہ بزرگوار بھی طاقت پکڑنے پر بنی امیہ سے کچھ کم ثابت نہ ہوئے
بقول شخصے ؎ ما تجربہ کردیم دریں دیر مکافات     با آل نبیؐ ہر کہ درافتاد برافتاد
دیکھو حضرت عبداللہ ابن عباس رسول اللہؐ کے بزرگ صحابی اور رسول اللہؐ کے پیارے چچا حضرت عباسؓ
کے بیٹے اور رسولؐ کے بھائی اور حضرت محمد حنفیہ علیؑ کے فرزند، حسین مظلومؑ کے بھائی دونوں خاندان بنی ہاشم

(باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

متوالے شہزادے یزید سپہ سالار فوج نے اس بزرگوار صحابی کی قبر پہ گھوڑے دوڑا کر نشانِ قبر مٹا دینے کا حکم دیا اور قبر کو ملیا میٹ کرا دیا (غالباً نجدی روح نے حرکت کی ہوگی) دیکھو

کے سردار ہیں۔ ان دونوں بزرگوں سے کیا سلوک فرمایا۔ وہی مسئلہ بیعت اٹھایا گیا اور ان سے بیعت طلب کی گئی۔ جب ان دونوں نے بیعت سے انکار کیا اور فرمایا کہ جب سب کا اجتماع اور اتفاق تمہاری امامت وبیعت پر ہو جائے گا تو ہم بھی بیعت کرلیں گے پس اس پر ناراضی اور غضب وغصہ کا اظہار فرما کر محمد حنفیہ کو مکہ معظمہ میں زمزم کے قریب قید کر دیا۔ مکان کے گرد لکڑیوں کے ڈھیر لگا کر زندہ جلا دینے کا ارادہ کرلیا گیا۔ اسی طرح حضرت عبداللہ ابن عباس کو انکی منزل میں محبوس وبند رکھا گیا اور حضرت عبداللہ ابن عباس سے ایسے سخت و ناروا کلام کیے کہ جن کو علامہ ابن اثیر بیان کرنے سے بھی کراہت کرتے ہیں قتل کی دھمکیاں دی گئیں اور برا بھلا کہا گیا۔ جب مختار کا لشکر کوفہ سے آیا تو ان دونوں بزرگواروں کو قید سے چھڑایا اور قتل سے بچایا۔ حضرت عبداللہ ابن عباس طائف تشریف لے گئے اور وہیں انتقال فرمایا (تفصیل کے لیے دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۱۲۲-۱۲۳)

یزید کے زمانہ میں بھی بعد شہادت حسینؑ جب حضرت عبداللہ بن زبیر نے حضرت عبداللہ ابن عباس سے اپنی بیعت کی خواہش کی تھی۔ اس وقت بھی حضرت عبداللہ ابن عباس نے ان کی بیعت سے انکار کر دیا تھا اور اس وقت جو خط وکتابت یزید اور حضرت ابن عباس کے درمیان ہوئی ہے اسکو تاریخ کامل نے بھی درج کیا ہے اور سبط ابن جوزی نے بھی اپنے تذکرہ میں لکھا ہے۔ ہم بھی اپنے ناظرین کی دلچسپی کے لیے اس خط وکتابت کے ترجمہ کو درج کرتے ہیں جو حضرت ابن عباس کی زبانی اور تحریری شہادت واقعۂ کربلا اور تباہی وبربادی خاندانِ رسالت اور شہادتِ حسینؑ کے متعلق ظاہر کر کے یزید کے ظلم وتشدد اور قاتلِ حسینؑ مظلوم ہونے پر کافی روشنی ڈالتا ہے۔ علامہ سبط ابن جوزیؒ واقدیؒ ہشام اور ابن اسحاق وغیرہ سے نقل کرتے ہیں کہ جب حسینؑ شہید ہو گئے تو عبداللہ ابن زبیر نے حضرت ابن عباس سے اپنی بیعت کے لیے خواہش کی اور کہا کہ میں یزید فاسق وفاجر سے بہتر ہوں آپ میری سیرت اور اس کی سیرت کو جانتے ہو اور نیز میرے باپ زبیر کے فضائل ومراتب اور صحبت رسول اللہ

(باقی برصفحہ آئندہ)

Marfat.com

کتاب الاستیعاب جلد ۲ صفحہ ۶۲۳ علامہ عبدالبر مکی وقیل ان یزید امر بالخیل فجعلت تد تبردا لقتیل علی قبرہ حتی افنی اثر قبرہ "یعنی یزید نے سواروں کو حکم دیا قبر پر گھوڑے دوڑائے گئے

اور معاویہ و یزید کے باپ کے فضائل و سوابق سے بھی واقف ہو۔ ابن عباس نے فرمایا کہ فتنہ قائم ہے۔ خونریزی کا دروازہ کھلا ہوا ہے میں ایسا نہیں کر سکتا۔ یزید نے یہ سنا تو ابن عباس کو لکھا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس ملحد (ابن زبیر) نے آپکو حرم الٰہی میں اپنی بیعت کے لیے بلایا مگر آپ نے ہماری وفاداری کو پورا کرتے ہوئے اس کی بیعت سے انکار کر دیا ہیں جو لوگ آپ کے گھر میں ہیں اور جو باہر کے شہروں سے آپ کے پاس آمد و رفت رکھیں ان لوگوں کو آپ ابن زبیر کی برائیاں اور ہماری نسبت جو آپکا اچھا خیال اور عمدہ رائے ہے سمجھاتے رہیں اور ابن زبیر نے بیشک آپ کو اپنی بیعت اور اپنی اطاعت کے لیے اسواسطے مدعو کیا ہے کہ آپ امر باطل اور جھوٹے کام میں اسکے مددگار اور اسکے گناہوں میں شریک ہوں (ماشاء اللہ سبحان اللہ خود بڑے دیندار اور نیک کام کرنے والے اور سچے خلافت کے حقدار ہیں) آپ ہماری بیعت و اطاعت میں داخل ہیں اور وفائے عہد کے پورے ہیں۔ خدا اس صلہ رحم کی جزائے خیر دے۔ میں آپ کے اس صلہ رحم اور اس نیک سلوک کو بھلانے والا نہیں ہوں اور بہت جلد میں صلہ و انعام کے آپ مستحق ہیں آپکو ادا کروں گا۔ پس آپ آنے جانے والے لوگوں کو ابن زبیر کی برائیوں اور اسکی تلقلقہ لسانی و چرب زبانی سے بچائیں کیونکہ لوگ اسکی نسبت آپ کی بات کو زیادہ سنتے اور مانتے ہیں۔ فقط

حضرت ابن عباس نے اس خط کا جواب یزید کو اسطرح تحریر فرمایا کہ "اے یزید! تیرا خط میرے پاس پہنچا۔ پس تو نے جو یہ لکھا ہے کہ میں نے ابن زبیر کی بیعت تیری وجہ سے نہیں کی آگاہ ہو مجھے اپنی جان کی قسم ہے میں نے کبھی تیری تعریف و ثنا نہیں کی اور کبھی تجھ سے محبت و دوستی کا دم نہیں بھرا۔ کیا تو یہ سمجھتا ہے کہ میں اس بات کو بھلا دونگا کہ تو نے حسینؓ کو قتل کیا اور کیا میں بنی مطلب کے ان نوجوانوں کی خاک و خون میں بھری لاشوں کو بھلا دونگا جن کے جسم کے کپڑے اتار لیے گئے اور بلا کفن گرم چٹیل میدان میں چھوڑ دی گئیں۔ جن پر گرم ہواؤں کے جھونکوں نے خاک ڈال کر پردہ پوشی کی اور جانوران صحرائی ان کی لاشوں کی حفاظت کرتے رہے یہاں تک کہ خدا نے ایک قوم کو ان کے دفن و کفن کے لیے بھیجا۔ ہاں ہاں اے یزید میں نہیں

(باقی بر صفحہ آئندہ)

یہاں تک کہ نشانِ قبر مٹ گیا۔"

نیز شاہ عبدالحق دہلوی بھی اپنی کتاب مدارج النبوۃ جلد ۲ صفحہ ۶۱۶، ۶۱۷ میں یزید کی اس

بھولوں گا اور یہ کبھی نہیں بھولوں گا کہ تو نے حسینؓ کو حرم خدا اور حرم رسولؐ سے نکالا۔ اور تو نے ابن مرجانہ کو حسینؓ کے قتل کا حکم دیا۔ میں تو خدا سے امید کرتا ہوں کہ وہ منتقم حقیقی بہت جلد تجھے پکڑے گا اور اپنے عذاب میں مبتلا فرمائے گا کیونکہ تو نے اس کے نبی محمدؐ کی عترت کو قتل کیا اور ان کے قتل پر راضی ہوا اور یہ جو تو نے لکھا ہے کہ تو مجھ سے صلۂ رحم کرے گا۔ انعام واکرام سے نہیں بھولے گا۔ پس اے شخص! اپنی اس مہربانی اور صلۂ رحم کو بس اپنے پاس ہی رکھو۔ ہم آپ کی اس مہربانی واکرام سے باز آئے۔ میں نے اپنی محبت کو تجھ سے قطع کر دیا ہے مجھے قسم ہے اپنی جان کی جو کچھ آپ سے ہم کو مل چکا ہے وہی ہمارے لیے بہت ہے اور یہ جو تُو نے لکھا ہے کہ میں لوگوں کو تیری طرف تیری اطاعت کے لیے مائل کروں اور عبداللہ ابن زبیر سے ہٹاؤں اور اس سے برگشتہ کروں۔ پس تیرے لیے کبھی برکت و کرامت نہ ہو تو مجھ سے اپنی نصرت و امداد اور محبت کی امید رکھتا ہے۔ حالانکہ تو نے میرے ابن عم کو قتل کیا۔ رسول اللہؐ کے اہلبیت کو ذبح کیا جو ہدایت کے چراغ تھے اور تاریک راتوں کے روشن ستارے تھے جن کو تیری فوجوں کی کالی گھٹاؤں نے چھپا دیا۔ تیرے لشکروں نے تیرے حکم سے اُن کو جنگل میں ایک ایک کر کے قتل کیا اور خون میں نہلایا۔ کیوں اے یزید! کیا تو نے بھلا دیا کہ تو نے اپنے اعوان اور مددگاروں کو، اپنے آدمیوں کو اسی لیے حرم الٰہی میں، خانۂ کعبہ میں بھیجا کہ حسینؓ کو حرم خدا میں کعبۃ اللہ میں ہی قتل کر دیں اور تو ہمیشہ حسینؓ کو برابر ڈراتا رہا یہاں تک کہ تُو نے حسینؓ کو عراق چلے جانے پر مجبور کر دیا۔ یہ سب کچھ اس لیے کیا گیا کہ تیرے دل میں عداوتِ الٰہی، دشمنی رسولؐ اور اس کے اہلبیت اطہار سے جن کی شان میں خدا نے آیۂ تطہیر نازل فرمائی بغض بھرا ہوا ہے۔ اس آیۂ تطہیر کے مصداق ہم ہی ہیں نہ کہ تیرے باپ دادا، جو جفاکار، طاغی و کافر اور فاجر، دشمن خدا و رسولؐ تھے۔ پس ان کرتوتوں اور ان افعال و سلوک پر تو مجھ سے اپنی محبت کا طالب ہو سکتا ہے؟ اے یزید! سب سے زیادہ عظیم اور شدید شماتت اور بڑی برائی تیری یہ ہے کہ تو نے رسولؐ کی بیٹیوں، بچوں اور ان کے اہلِ حرم کو سر برہنہ قیدی بنا کر عراق سے شام میں اس لیے بلایا کہ لوگوں پر اپنا غلبہ اور تسلط و قہاری کا نظارہ دکھلائے (باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

خباثت کا ذکر فرماتے ہیں" چوں والی گردانید معاویہ یزید را بر جیش قسطنطنیہ می گفت ابو ایوب چہ شد مارا کہ امیر گردانیدہ شد ند بر ما جوانان وگفت گفتہ است خدائے عزوجل انفروا

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) کہ تو کیسا آل رسولؐ پر غالب اور مسلط ہو گیا ہے اور ہم آل محمدؐ ذریت رسول الہٰی کیسے تیرے مغلوب و مقہور ہو گئے ہیں اور تو خیال و گمان کرتا ہے کہ اس طرح پر تو نے آل رسولؐ سے اپنے ان کافر و فاجر بزرگوں کے خون کا بدلہ لے لیا ہے جو بدر کے روز قتل کیے گئے تھے اور تو نے اس امر کو (یعنی قتل حسینؑ، معرکۂ کربلا، اسیری آل محمدؐ) اس عداوت اور دشمنی کا انتقام ظاہر کیا جس کو تو چھپائے ہوئے تھا اور جو تیرے دل میں دبی ہوئی چنگاری کی طرح چھپی ہوئی تھی۔ الخ"

علامہ سبط ابن جوزی لکھتے ہیں کہ جب یہ خط یزید نے پڑھا تو سخت برافروختہ ہوا اور ابن عباس کے قتل کا ارادہ کیا مگر ابن زبیر کے ساتھ معرکۂ جنگ میں مشغول ہو کر قتل ابن عباس کی تدبیر نہ کر سکا (تذکرہ سبط ابن جوزی صفحہ ۱۵۵/۱۵۶ میں یہ خط مفصل لکھا ہے جس کا خلاصہ ہم نے یہاں درج کیا ہے۔ مفصل خط کو اگر کوئی صاحب دیکھنا چاہیں تو کتاب مذکور میں دیکھ سکتے ہیں)۔

علامہ ابن اثیر نے بھی اپنی تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد ۴ صفحہ ۶۳ میں اس خط و کتابت کو درج کیا ہے قریب قریب خفیف کمی بیشی کے ساتھ ایسا ہی مضمون ہے جیسا کہ سبط ابن جوزی نے لکھا ہے اور اس میں یہ فقرہ بھی آخر میں زیادہ ہے کہ اے یزید تو نے میرے باپ کی اولاد (بھائی) کو قتل کیا۔ تیری تلوار سے وہ خون ٹپکتا ہے۔ میں احق ہوں کہ تجھ سے اپنا خوں بہا اور انتقام لوں۔ اس پر مغرور نہ ہو کہ آج تو ہم پر غالب آگیا ہے ضرور ہے ایک دن ہم بھی تجھ پر غالب ہوں گے۔

حضرت ابن عباس نے اپنے اس خط میں یزید کے متعلق ان تمام الزاموں اور جرموں کی تصدیق فرمائی ہے کہ جو یزید پر عائد ہوتے ہیں اور جن کی صفائی کے لیے ہوا خواہان یزید بڑے زور شور سے انکار کی کوشش کیا کرتے ہیں۔ یزید قاتل حسینؑ ہے یزید نے حسینؑ کو قتل کرایا۔ یزید نے حسینؑ کو مکہ و مدینہ سے نکالا۔ یزید نے اپنے آدمی حسینؑ کے قتل کے لیے مکہ میں بھیجے۔ یزید نے اہلبیت اطہار، ذریت رسولؐ کو سر برہنہ قیدی بنا کر شام میں بلایا۔ یزید دشمن خدا و رسولؐ ہے۔ یزید نے آل محمدؐ سے (باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

اخفافا وتفقا لا۔ پس مریض شد در آں غزوہ" پھر انتقال اور دفن کا حال تحریر فرما کر لکھتے ہیں کہ" امر کرد یزید مردم را کہ برانند اسپاں را بر قبر وے در آمدن و رفتن تا نماند اثرے از قبر وے۔ روایت کردہ است مجاہد ظاہر ایں را از برائے آں کردہ باشد کہ تا دست درازی نکنند بقبر ابو ایوب و نبش نکنند آں را" مگر شاہ صاحب اپنا خیال یہ لکھتے ہیں کہ ایں از جملۂ خباثت و شنائع اعمال او بود کہ سابقاً عداوت داشت با وے"

واہ وا۔ سبحان اللہ! کیا یہی دینِ اسلام ہے اور یہی مسلمانوں کی امارت اور خلافت ہے؟ ؎

گر مسلمانی ہمیں است کہ حافظ دارد　　آہ اگر از پسِ امروز بود فردائے

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) کشتگانِ بدر کا بدلا لیا۔ یزید کافر ہے۔

پروفیسر ایڈورڈ براؤن نے بھی اپنی کتاب تاریخ علم ادب ایرانی (لٹریری ہسٹری آف پرشیا) کی جلد اول صفحہ ۲۲۸ میں مکہ میں عبد اللہ ابن زبیر اور نیز مختار کے خروج یزید و بنی امیہ کے برخلاف بغاوتوں کو شہادت حسینؑ، واقعہ کربلا کے اثرات کا نتیجہ بتلایا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ "عبد اللہ ابن زبیر کی بغاوت جس نے نو سال تک خود مختارانہ حیثیت سے بطور خلیفہ ارض مقدس (مکہ و مدینہ) پر تسلط رکھا (از ۶۸۳ء لغایت ۶۹۲ء) اور مختار نے اس سے بھی زیادہ خروج نے جو کامیابی حاصل کی از ۶۸۳ء لغایت ۶۸۷ء وہ حسینؑ اور اس کے اقربار کے خون کا انتقام لینے کی عام خواہش پر مبنی تھی جو نہ صرف شیعیانِ علیؑ ہی میں بلکہ اکثر خارجی فرقہ کے مسلمانوں تک میں پائی جاتی تھی یزید کی فوج کے ہاتھوں مدینہ منورہ کے قتل و غارت میں (۶۸۲ء) اسّی جلیل القدر اصحابِ رسولؐ اور سات سو حفاظِ قرآن مجید تلوار کے گھاٹ اتارے گئے۔ ان شہیدوں کا خون اور خانۂ خدا کی بے حرمتی زبانِ حال سے انتقام کے لیے پکار اٹھی۔"

Marfat.com

# بنی امیہ، یزید اور واقعۂ کربلا و مدینہ و مکہ معظمہ کی تباہی کی بابت
# مورخین یورپ کے بیانات

نیز بنی امیہ، امیر معاویہ اور یزید کے ان حالات و کیرکٹر کے بارے میں قتل و شہادتِ حسینؑ اور مکہ معظمہ و مدینہ منورہ کی تباہی و بربادی کے متعلق محققین اہلِ یورپ نے جو کچھ اپنی تصنیفات میں درج کیا ہے اس کو بھی ملاحظہ فرمایا جائے۔

ہم یہاں صرف موجودہ دنیائے مغرب کے سب سے بڑے محقق اور عالم علوم مشرقیہ پروفیسر ایڈورڈ براؤن نے جو بنی امیہ اور معاویہ و یزید کے اسلام پر مسلط ہو جانے کا ذکر کرتے ہوئے اپنی مشہور اور معرکہ آرا تصنیف تاریخ علم و ادب ایران (لٹریری ہسٹری آف پرشیا) میں درج فرمایا ہے۔ اس کے چند اقتباسات کو اپنے ناظرین کی دلچسپی کے لیے درج ذیل کرتے ہیں۔

فاضل مذکور اپنی اس کتاب جلد اول کے صفحہ ۲۲۴ پر لکھتے ہیں۔

"بنی امیہ کی یہ نصرت و فیروزی جیسا کہ ڈوزی (DOZY) لکھتا ہے دراصل اس جماعت کی نصرت و فیروزمندی تھی جو باطن میں اسلام کے جانی دشمن تھے اور رسولِ عربیؐ کے سخت ترین دشمنوں کی اولاد جو دل سے بدستور اپنے کفر کی حالت پر قائم تھے۔ اس کے جائز جانشین اور خلیفہ کہلانے کے دعویدار ہوئے اور جن لوگوں نے ان کی بدعتوں کے خلاف ذرا بھی لب کشائی کی جرأت کی ان کو تلوار کے زور سے خاموش کر دیا گیا۔ خود معاویہ کے عہد میں عام بے چینی کا سبب معلوم کرنا کسی طرح دشوار نہ تھا کیونکہ امیر مذکور نے اپنے دربار واقع دمشق کی شان و شوکت قائم کر کے ادھر اپنے اور اپنی حقیر رعایا کے درمیان حد

Marfat.com

فاصل نصب کرکے اپنے نبیؐ کے خلفائے اولین کے نقشِ قدم کے خلاف قیصرِ روم اور شاہانِ فارس کے جاہ وجلال کی تقلید شروع کردی تھی طبیعت کے اسی رنگ میں اس نے اپنے بیٹے یزید کو اپنا جانشین مقرر کیا اور اس غیر مطبوعہ نامزدگی کو مکۂ معظمہ اور مدینۂ منورہ کی ارضِ پاک کے باشندوں سے زبردستی منوایا گیا۔"

پھر اسی کتاب کے صفحہ ۲۲۶ پر یزید کا ذکر کرتے ہوئے یوں رقم طراز ہیں:۔

"اس امر کے بیان کرنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے کہ یورپین مورخین میں بھی یزید کے حامی و مددگار پائے جاتے ہیں جن میں بعض کی طبیعت کا اقتضا جمہور کی رائے کے خلاف چلتا ہے۔ درحقیقت اس کی شکل وصورت نفرت انگیز نہ تھی۔ وہ ایک بدویہ ماں کے بطن سے پیدا ہوا تھا۔ صحرا کی کھلی ہوا میں اس نے پرورش پائی۔ شکار کا بڑا ماہر اور شگفتہ اور ایک بلیغ شاعر اور عاشق جانا جاتا تھا۔ شراب اور دیگر لہو ولعب کا متوالا اور رقص و سرود کا دلدادہ، مذہب سے کوسوں دُور تھا۔ ہم اس کے متعلق رائے قائم کرتے وقت اس کے الحاد اور اُس کی عیش پرستی اور اس کے اسرافِ بیجا کو نظر انداز کرکے اس کے روئے زیبا، اشعارِ پسندیدہ اور شاہانہ تجمل اور اس کی زندگی کو زندہ دلی سمجھنے کو پیشِ نظر رکھتے اگر کربلا کا درد انگیز واقعہ اُس کے دامن پر سیاہ داغ نہ چھوڑتا۔ الفخری کہتا ہے" اس کا عہدِ حکومت صحیح حساب کی رو سے تین سال چھ ماہ ہوتا ہے۔ پہلے سال اس نے حسین ابن علی علیہما السلام کو شہید کیا۔ دوسرے سال اس نے مدینۂ منورہ پر چڑھائی کی اور تین روز تک تاخت و تاراج کیا اور تیسرے سال خود خانۂ خدا

Marfat.com

پر فوج کشی کی۔" ان ہر سہ مظالم میں سے کربلا کے حادثہ نے بالخصوص دُنیائے اسلام میں ایک خوفناک سنسنی پھیلا دی۔ جس شخص کے دِل میں درد کی جگہ ہو اور وہ اِس واقعہ کے حالات کو پڑھے تو ممکن نہیں کہ اس کا دِل نہ پسیجے۔ یہ واقعہ شرعی گناہ یا قانونی جرم ہی نہ تھا بلکہ ایک بہت بڑی سیاسی غلطی تھی جس کے سبب سے یزید اور اس کے نالائق کینہ احباب ابن زیاد، شمر وغیرہ نے جن اشخاص کے دلوں میں رسولِؐ خدا کی محبت جاگزیں تھی یا جو مذہب کی کچھ پروا رکھتے تھے۔ خاندان بنی امیہ کے ساتھ ان کی محبت یا وفاداری تو کیا خاک کیونکہ وہ پہلے سے ہی مفقود تھی مگر اب سب کے صابرانہ سکوت اور رواداری کے رویہ کو بھی ہمیشہ کے لیے تبدیل کر ڈالا۔"

یہی وہ واقعات اور اسباب ہیں کہ جن کو محسوس کر کے اور دیکھ کر یزید کو لوگوں کی عام ناراضی اور ملک و سلطنت کے ہاتھ سے نکل جانے اور جان کا خوف پیدا ہو گیا۔ اور اس لیے اپنے آپ کو قتلِ حسینؑ کے الزام سے بری کرنے اور دوسروں کی گردن پر ڈالنے کی کوشش اور اسیرانِ آلِ محمدؐ، امام زین العابدین علیہ السلام سے ظاہری نرمی کے سلوک کرنے شروع کیے تھے جیسا کہ علامہ جلال الدین سیوطی نے تاریخ الخلفاء میں لکھا ہے

ولما قتل الحسین وبنوا امیہ لبعث ابن زیاد برؤسہم الی یزید فسرّ بقتلہم اوّلاً ثم ندم لما مقتہ المسلمون علیٰ ذالک والبغضۃ الناس وحق لہم ان یبغضوہ ص۲۰۵

"یعنی جب حسینؑ اور اُن کے عزیز و قریب قتل کیے گئے اور ابن زیاد نے ان شہیدوں کے سر یزید کے پاس بھیجے تو اوّل یزید ان کے قتل سے خوش ہوا مگر پھر جبکہ مسلمانوں اور عام لوگوں نے اس پر اس سے نفرت اور ناراضی کا اظہار کیا تو نادم ہوا اور بیشک لوگوں کا ناراض ہونا اور بگڑنا حق تھا۔"

Marfat.com

ہم انشاء اللہ حصہ دوم میں اِس مسئلہ کو اور اچھی طرح پر روشن کریں گے۔

پروفیسر براؤن کے نزدیک جو اثر واقعۂ کربلا سے دُنیائے اسلام پر ہوا۔ اس کو وہ سرولیم میور کی زبان سے اپنی کتاب کے صفحہ ۲۲۷ - ۲۲۸ پر بطور فٹ نوٹ بیان کرتے ہیں

"سرولیم میور کہتا ہے کربلا کے حسرتناک واقعہ نے خلافت ہی کی قسمت کا فیصلہ نہیں، بلکہ مسلمانوں کی ان سلطنتوں کی قسمت کا بھی فیصلہ کر دیا ہے جو ایک عرصۂ دراز کے بعد جبکہ خلافت بالکل کمزور ہو کر ناپدید ہو گئی تھی قائم ہوئی تھیں کیا وہ شخص جس نے اس غمناک رات کا نظارہ کیا ہے جو ہر سال ہر ملک کے مسلمان انتہائے رنج و غم سے سینہ کوبی کرتے ہوئے اور حسن حسین، حسن حسین کے ان تھک نعرے لگاتے ہوئے بسر کرتے ہیں۔ اس دودھاری اور تیز جگر دوز تلوار کو پہچانے بغیر رہ سکتا ہے جو بنی امیہ کے خاندان والوں نے اپنے دشمن کے ہاتھوں میں اس طرح اپنے برخلاف مہیّا کر دی ہے۔"

پھر پروفیسر براؤن صفحہ ۲۳۱ میں بنو امیہ کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ڈوزی مشہور فرانسیسی مورّخ نے کیا خوب لکھا ہے۔ اِس طرح اس گروہ یعنی بنی امیہ نے جو اسلام کا ہمیشہ سے جانی دشمن تھا جب تک ہر دو مقدس مقامات کو تباہ و تاراج نہ کر لیا۔ مسجد مدینہ کو اصطبل نہ بنا لیا اور خانۂ خدا کو جلا کر خاک نہ کر دیا اور ان مسلمانوں کی اولاد کو جو اوّل ایمان لائے تھے طرح طرح کی اذیتیں نہ دے لیں آرام نہ لیا۔ قبائل عرب نے جن کو کہ تھوڑے سے اشخاص نے مغلوب کر کے اسلام میں داخل کیا تھا انھی کم تعداد اشخاص سے سخت بدلا لیا۔ خاندان بنو امیہ کی حکومت کا زمانہ محض کفر و الحاد کی فتح و نصرت کا زمانہ ہے۔ خاندان بنی امیہ کے خلفاء باستثناء ایک ذاتِ واحد کے سب یا تو مذہب سے کوئی سروکار نہ رکھتے تھے یا کافر تھے۔ ان میں سے

Marfat.com

ایک نے تو (ولید دوم) یہاں تک زیادتی کی کہ اپنی کنیزوں سے نماز جماعت ادا کرادی اور قرآن کو تیروں کا نشانہ بنایا۔" صفحہ ۲۲۱۔

(ہم بنی امیہ کے ان بادشاہوں کے حالات اسلامی و دینداری پر انشاء اللہ حصہ دوم میں خوب روشنی ڈالیں گے)۔

نیز دیکھو سیڈی لاٹ نامور فرانسیسی مورخ اپنے ایک فصیح و بلیغ فقرہ میں حسینؑ اور بنی امیہ دونوں کے کیرکٹر کو کس خوبی سے ظاہر کرتا ہے۔ دی ہسٹری آف سارسین میں آنریبل مسٹر امیر علی نے صفحہ ۸۴ پر درج فرمایا ہے۔

"The only quality, says Sadeeot" That he lacked was the spirit of intrigue which characterised the descendants of Ommeya."

"یعنی سیڈی لاٹ بیان کرتا ہے کہ حسینؑ میں اگر کمی تھی تو صرف اس بات کی کہ حسینؑ ان مکروفریب، سازشی چال بازیوں سے محروم تھے جو خاندان بنی امیہ کی موروثی صفات ہیں۔"

پس اب ہم اپنے انصاف پسند ناظرین اور نبی کے کلمہ گویوں، مسلمان بھائیوں سے بادب پوچھتے ہیں اور دریافت کرتے ہیں کہ کیا وہ شخص جو حسینؑ سا معصوم، پاک و طاہر نفس اور برگزیدۂ خدا، توحید الٰہی کا عاشق، اسلام کا دلدادہ، خیر و برکت کا متوالا حق و صداقت کا پتلا اور نانا کے دین کا رکھوالا ہو۔ اس سے یہ ممکن ہو سکتا ہے کہ وہ یزید جیسے نجس و ناپاک، فاسق و فاجر، شرابی و بدکار کی بیعت و اطاعت کر کے اسلام کی صداقت و حقانیت پر دھبہ لگائے اور نانا کے دین کو، شریعت محمدی کو دنیا سے مٹ جانے دے اور یزید کی فرمانبرداری اور خلافت کا قلادہ اپنی گردن میں ڈال کر مسلمانوں کا امیر اور رسول الٰہیؐ کا خلیفہ اور اسلام کا پیشوا مان لے کہ جس سے یزید کا کیرکٹر بحیثیت

Marfat.com

خلیفۂ رسولؐ و امیر المومنین و مسلمین کہلاتے کے اسلامی کیرکٹر اور اس کے افعالِ بد اسلامی افعال اور دینِ محمدی کے اصول اور سیرت نبوی سمجھی جاکر احکامِ اسلامی، کتابِ الٰہی اور سنتِ نبوی دُنیا سے مٹ جائے۔ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ بیشک ؎

شاہ است حسینؑ و بادشاہ است حسینؑ　　دین است حسینؑ و دین پناہ است حسینؑ

سرداد و نداد دست در دستِ یزید　　حقا کہ بنائے لاالٰہ است حسینؑ

القصہ ولید یزید کے مندرجہ بالا فرمان پہنچنے پر مروان کی موجودگی میں رات کے وقت حسینؑ کو بلاتا ہے۔ حسینؑ بے تکلف تشریف لے جاتے ہیں۔ حسینؑ کو یزید کا حکمنامہ سنایا جاتا ہے حسین فرماتے ہیں کہ تم بھی غور کرو اور ہم بھی سوچیں گے کہ یزید خلافت رسولؐ کا اہل ہے یا نہیں اور اگر ہم بیعت کریں گے تو پوشیدہ طور پر رات کے اندھیرے میں نہیں کریں گے بلکہ مردانہ وار صبح کو سب کو بلاؤ۔ ہم بھی آجائیں گے اور اس وقت دیکھا جائے گا۔ ولید اس کو تسلیم کرتا ہے اور حسینؑ واپس تشریف لے آتے ہیں مگر مروان کا ولید پر اصرار ہے کہ بموجب حکم یزید یا تو حسینؑ اس وقت بیعت کرلیں ورنہ قتل کردو یا گرفتار کرلو اور اس وقت سے نہ چوکو۔ پھر حسینؑ کو نہ پاؤ گے۔ مگر ولید اس کی جرأت نہیں کرسکتا۔ (تفصیل کیلئے تاریخوں اور مقتلِ حسینؑ کی کتابوں، تاریخ طبری، تاریخ کامل اور تاریخ احمدی خان بہادر نواب شیخ احمد حسین خاں صاحب رئیس پریانوں ضلع پرتاب گڑھ میں ملاحظہ ہو)۔

## مدینہ سے حسینؑ کی روانگی

پس جب اسلام پر اور نانا کے دین پر نازک وقت اور مصیبت کا زمانہ آیا اور حسینؑ پر زور دیا گیا اور مجبور کیا گیا کہ یا تو بیعتِ یزید کرلیں ورنہ قتل و گرفتار ہوں تو نانا کا یہی نواسا ناز پروردہ فرزند اسی مبلّغ اوّل کا جان و جگر جس کی شان حسین منی و انا من الحسین ہے بیقرار ہو کر اٹھا۔ نانا کے روضہ پر گیا۔ قبرِ اطہر سے لپٹ کر دیا آنسوؤں

Marfat.com

کی چادر چڑھائی۔ فاتحہ کے پھول برسائے۔ درود و سلام کے گلدستے نذر کیے اور عرض کی۔ نانا جان آج وہ زمانہ آگیا ہے جس کی خبریں آپ نے دی تھیں۔ یہ وہی وقت ہے جس کے لیے آپ نے پالا تھا گودیوں میں کھلایا تھا۔ سینہ پر سلایا تھا اور زبان چوسا کر پرورش کیا تھا نانا! آپ کے پیارے دین پر، آپ کے اسلام پر، توحیدِ الٰہی پر مصیبت کا وقت آگیا ہے۔ نانا! میں آخری رخصت کو آیا ہوں جو حکم آپ نے دیا ہے جو کام آپ نے مجھے فرمایا ہے لیجیئے اسکی تکمیل کیلئے، اسکی تعمیل کیلئے آپ کا پیارا گود کا پالا حسینؑ جاتا ہے ؎

روضۂ اقدس میں گونج اٹھی یہ آوازِ حزیں — السلام اے مخبرِ صادق شفیع المذنبیں
السلام اے آیۂ عظمیٰ و فخرِ انبیاء — السلام اے ہادیٔ دیں رحمۃ للعالمیں
الوداع اے تاجدارِ ساحتِ قدس و کمال
الفراق اے مالکِ گلزارِ فردوسِ بریں

(ہلال محرم میر علمدار حسین صاحب واسطی سلمہ)

نانا! پیارے نانا! میں مٹ جاؤں گا مگر آپ کے دین پر اور اسلام پر دھبہ نہ آنے دوں گا۔ پیاسا گلا کٹاؤں گا۔ ذبح ہو جاؤں گا۔ بیٹے قربان کروں گا۔ دودھ پیتے بچوں کی قربانی چڑھاؤں گا۔ بھانجے دوں گا۔ بھتیجے دوں گا۔ بھائیوں کے شانے کٹیں گے خون میں ڈوبیں گے۔ دوست و احباب کو فدا کروں گا۔ بہنوں کی چادریں چھنیں گی۔ زینب و کلثوم کے ہاتھ رسی سے بندھیں گے۔ سکینہ طمانچے کھائے گی۔ زین العابدین بیڑیاں پہنیں گے۔ سب کچھ منظور کروں گا مگر یزید فاسق و فاجر کی بیعت کر کے آپ کے پیارے دین کو، آپ کے اسلام کو شرمندہ نہ ہونے دوں گا۔ نانا! بے شک میں نہ ہوں گا مگر آپ کا دین ہوگا۔ اسلام ہوگا، توحید الٰہی ہو گی اور کلمۂ توحید ہوگا۔ میرے خون کے قطرے جہاں جہاں گریں گے توحید کے چمن کھلائیں گے۔ اسلام کے باغ لگائیں گے، دینِ احمدی کو چمکائیں گے۔ اسلام محمدی کو روشن کریں گے۔ میرا کٹا ہوا سر نیزوں کی نوکوں پر، خولی کے تنور میں، درختوں کی

Marfat.com

شاخوں پر، راہب کے صومعہ میں، کوفہ کے گلی کوچوں میں، شام کے بازاروں میں، یزید کے درباروں میں، دمشق کے دروازوں پر، قصبوں میں، شہروں میں، پہاڑوں میں، جنگلوں میں، بیابانوں میں، صحراؤں میں تبلیغ اسلام کرے گا۔ صدائے حق سنائے گا۔ تکبیر کے نعرے لگائے گا اور غافل دنیا کو جگائے گا۔ نانا! آپ کی دُعا، آپ کی روحانی امداد میرے شاملِ حال ہو۔ آپ کا یہ حسینؑ، آپ کا یہ فدیۂ الٰہی قربان گاہِ توحید میں سرخرو اور مقبول ہو جائے اور میں اس عشقِ الٰہی کی مہم کو سر کر لوں ؎

ناناجان آج آپ کے قدموں سے ہوتا ہوں جدا ——— کیجئے للہ خادم کے لیے اب یہ دُعا
غربت و صحرانوردی کے مصائب جھیل لوں ——— سختیوں کا قوم کے لب پر نہ آئے کچھ گلا
بھوک ہو یا پیاس ہو خیمہ جلے یا گھر لُٹے ——— ہر مصیبت ہر صعوبت پر کروں شکرِ خدا
ہوں قلم عباسؑ کے بازو تو مجھ کو غم نہ ہو ——— قلبِ اکبرؑ گر چھدے اُف سے نہ لب ہوں آشنا
بھیج دوں ابنِ حسنؑ کو آپ مرنے کے لیے ——— اور کمائی خواہرِ ناشاد کی دوں خود لُٹا
جب نہ باقی کچھ رہے اصغرؑ کو تب لے کر بڑھوں ——— یہ وہ قربانی ہو جو دے سوتی دُنیا کو جگا
چادرِ خواہر کوئی مانگے تو خود حاضر کروں ——— آہ تک منہ سے نہ نکلے ہو جو بیٹیؑ پر جفا
ہاتھ سے اپنے پہنا دوں بیڑیاں سجادؑ کو ——— خود بھی شہروں میں پھروں رانڈوں کا لے کر قافلا
جو بھی ہو منظور، آنچ آئے نہ پر اسلام پر ——— دوڑ کر رکھدوں تہ تیغ آپ میں اپنا گلا
ان شدائد، ان مصائب پر رہوں ثابت قدم ——— میرے اس عزم و ارادے میں نہ فرق آئے ذرا
آئی آواز آہ بس بس خاموش اے جانِ پدر ——— ہو گیا زخمی جگر، بن کر لہو دل بہہ گیا

کر چکا مقبول تیری التجا ربِ جلیل
فخرِ اسمٰعیل تو ہے اور میں فخرِ خلیل

(ہلالِ محرم جناب میر علمدار حسین صاحب واسطی بتوڑی)

زیارتِ وداع پڑھ کر آنسوؤں کے موتی برسائے، بصد حسرت و یاس نانا کی

Marfat.com

قبر سے اٹھے، گھر پر پہنچے۔ قافلہ تیار ہوا، الوداع و الفراق کے نالے آسمان تک پہنچے۔ مدینہ میں کہرام مچ گیا۔ نانی امّ سلمہ روتی ہوئی آئیں گود کے پالے کو کلیجے سے لگایا اور فرمایا۔ اے رسولؐ کی نشانی! اے پیارے حسینؑ! عراق کو نہ جاؤ۔ میں نے تمھارے نانا رسولِ الٰہیؐ سے سُنا ہے۔ رسول اللہؐ فرمایا کرتے تھے کہ میرا یہ پیارا فرزند حسینؑ، سرزمین عراق پر کربلا کے میدان میں قتل کیا جائے گا حسینؑ فرماتے ہیں۔ اے امّاں! خدا کی قسم میں خود جانتا ہوں انی مقتول لا محالہ میں ضرور قتل کیا جاؤں گا۔ میں اس زمین کو بھی جانتا ہوں۔ اس مقام کو بھی پہچانتا ہوں کہ جہاں قتل ہوں گا۔ کون مجھے قتل کرے گا۔ کہاں میرا خون بہے گا۔ کون کون عزیز قریب، دوست احباب میرے ساتھ خون میں نہائیں گے۔ شہیدِ راہِ الٰہی ہوں گے۔ کس روز قتل ہوں گا اور کہاں دفن ہوں گا۔ مجھے سب معلوم ہے مشیتِ الٰہی میں یہی ہے کہ میں اپنے نانا کے دین پر خدا کے اسلام پر قربان ہو جاؤں۔ قتل کیا جاؤں اور شہیدِ راہِ الٰہی ہوں۔ میرے اہلبیت قید و اسیر ہوں۔ بنی امیہ کے ظلم و جور سہیں، بچے ذبح ہوں۔ عزیز، احباب، خون میں ڈوبیں اور حق کی صدائیں بلند ہوں۔ نانا کا دین روشن ہو اور حق و باطل میں تمیز ہو جائے۔ نانی جان! قسم ہے خدا کی اگر میں عراق نہ بھی جاؤں اور یہیں رہوں تب بھی یہ ظالم بنی امیہ مجھے ضرور قتل کریں گے اور ایک خاک کی مٹھی نانی کو دیکر عرض کرتے ہیں، لو نانی! یہ مٹی میری قتل گاہ کی ہے۔ اسے بھی اسی مٹی کے ساتھ جو نانا نے آپ کو دی ہے اور فرمایا ہے کہ جب یہ مٹی سُرخ ہو جائے اور خونِ تازہ اس سے اُبلے تو سمجھ لینا کہ میرا پیارا حسینؑ شہید ہو گیا پس وہ مٹی نانا نے دی ہے یہ تو اسا دیتا ہے اسے بھی ایک شیشے میں رکھیے اور جب یہ سُرخ ہو جائے اور اس سے خون جوش مارے تو یقین فرما لیجئے کہ میں قتل ہو گیا۔

مدینہ سے حسینؑ کی روانگی کا دن آلِ محمدؐ کے لیے قیامت کے دن سے کم نہیں مدینہ میں ایک محشر بپا ہے۔ در و دیوار سے رونے کی آوازیں آرہی ہیں۔ الفراق، الوداع کی صدائیں بلند ہیں۔ بچے بلک رہے ہیں۔ بیوائیں تڑپ رہی ہیں کہ بیوؤں کا پرستار، یتیموں کا غمگسار

غریبوں کا مددگار، فاطمہؑ کا چاند، علیؑ کا نورِ نظر، رسولؐ کا راحتِ جان، مکہ کا والی، مدینہ کا وارث، مسجد کی زیب، منبر کی زینت۔ روضۂ رسولؐ کا مجاور نانا کی قبر سے جدا ہوتا ہے بنی ہاشم کے گھر ویران ہو رہے ہیں ؎

اُجاڑ ہو گیا گھر فاطمہؑ کا بعدِ حسینؑ　　　ستم اٹھا کے مکیں چل بسے مکاں نہ رہا

ہر طرف اُداسی چھا رہی ہے۔ فراق حسینؑ سے ہر ایک دِل فگار ہے ہر ایک آنکھ اشکبار ہے فاطمہ زہراؑ کے پھول گلزارِ محمدی سے کوچ کر رہے ہیں۔ شہیدانِ راہِ خدا قربان گاہِ توحید کو جا رہے ہیں ؎

دُھوم ہے قربان گہ کو دیں کا شہزادہ چلا　　　مدرح اخلاص و دیانت پیکرِ صدق و صفا
یثرب و بطحا پُکار اُٹھے زبانِ حال سے　　　اے خوشا طالع ترا میدانِ ارضِ کربلا
ذرّہ ذرّہ کربلا کا ہوگا رشکِ آفتاب　　　سطحِ حائر اب بنے گی رو کشِ اوجِ حرا
جس شہادت کے مظاہر ہو گئے منہاجِ حق　　　اسکی تکمیل آج ابنِ فاطمہؑ کرنے چلا
قصۂ ایوبؑ و اسماعیلؑ دیکھئے و مسیحؑ　　　تھے فقط تمہید، ہے شبیرؑ اصلِ مدعا
اس شفقت سے کر رہے ہیں آپ استقبالِ مت　　　گویا اب بڑھ کر اُسے لیتے ہیں سینہ سے لگا
اب وطن دلچسپ ہے اور کچھ نہ یارانِ وطن　　　دامنِ دل کھینچتا ہے جذبۂ شوقِ لقا
رات دن ہوتی رہی ہیں کوچ کی تیاریاں　　　اِس طرح گویا نہ ٹوٹے گا کبھی یہ قافلا
مضطرب ہیں اور رہے یہ انتہائے آرزو　　　جلد ہو جائے وصال اور ہو چکے وعدہ وفا

پیکرِ روحانیت انسانِ کامل ہے حسینؑ
کیوں نہ ہو محبوبِ حق کی جانِ دل ہے حسینؑ

(ہلالِ محرم میر علمدار حسین صاحب واسطی بنوڑی)

دیکھو! جس طرح موسیٰ عمران بحکم الٰہی فرعون کے خوف سے مصر کو چھوڑتے ہیں اسی طرح موسیٰ محمدی حسینؑ مظلوم، فرعونِ امتِ محمدی یزید اموی کے حکم قتل و گرفتاری سے مجبور ہو کر تلاوت آیۂ قرآنِ مجید فخرج منہا خائفا یترقب فرماتے ہوئے مدینۂ رسولؐ کو چھوڑتے ہیں ؎

موسیٰ و فرعون و شبیر و یزید | ایں دو قوت از حیات آید پدید
زندہ حق از قوت شبیری است | باطل آخر داغ حسرت میری است

(ڈاکٹر سر اقبالؒ)

پس نانی کو روتے پیٹتے، مادر حضرت عباس ام لبنین کو تڑپتے سب کو تسلی تشفی دیتے صبر کی تلقین فرماتے محمد حنفیہ و عبداللہ جعفر بھائیوں کو برنج و الم رخصت کرکے بہنوں بیٹیوں بیبیوں بیٹوں بھائیوں اور چھوٹے چھوٹے بچوں اہلبیت نبویؐ کو ساتھ لیکر یہ غربت زدہ قافلہ مدینہ سے مکہ کو خانۂ خدا میں پناہ لینے کے لیے روانہ ہو جاتا ہے اور مکہ معظمہ خدا کے گھر میں پناہ لینے کیلئے آیۂ قرآنی لما توجہ تلقاء مدین قال عسیٰ ربی ان یھدینی سواء السبیل تلاوت فرماتے ہوئے داخل ہو جاتے ہیں (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۸) یزید کا حاکم، مکہ کا گورنر عمرو بن سعید اشدق دریافت کرتا ہے کہ آپ مدینہ سے مکہ کیوں آئے ہیں؟ حسین فرماتے ہیں عایذ اباللہ وبھذا البیت خدا کے اس گھر میں خدا کی پناہ لینے کے لیے آیا ہوں۔ دیکھو تذکرۂ علامہ سبط ابن جوزی صفحہ ۱۳۵ -

خرج الحسین من المدینۃ وھو یقرأ فخرج منھا خائفا یترقب فلما ادخل مکۃ فقال لہ عمرو بن سعید ما اقدمک فقال عائذا باللہ وبھذا البیت واقام الحسین بمکۃ ولما بلغ یزید ما صنع الولید عزلہ عن المدینۃ ولاھا عمرو بن سعید الاشدق تلاوت فرماتے ہوئے نکلے اور جب مدینہ میں داخل ہوئے تو عمرو سعید نے پوچھا آپ یہاں کیوں آئے ہیں تو حسینؑ نے فرمایا خدا اور اس گھر کی پناہ میں اور حسینؑ مکہ میں مقیم ہو گئے۔ جب یزید کو معلوم ہوا (کہ حسینؑ چلے گئے اور ولید نے حسینؑ سے نہ بیعت لی اور نہ قتل و گرفتار کیا) تو یزید نے ولید کو اس جرم میں کہ حسینؑ کو کیوں جانے دیا۔ حکومت مدینہ سے معزول کر دیا اور مدینہ کی حکومت بھی عمرو سعید اشدق کو تفویض کی گئی۔

Marfat.com

# حسینؑ کا مکّہ میں قیام

حسینؑ خانۂ خدا میں پناہ لیکر مقیم ہو جاتے ہیں۔ حج کا موسم قریب آرہا ہے مسلمانوں کا اجتماع، حاجیوں کا مجمع مکّہ میں بڑھ رہا ہے بزرگانِ اسلام سربرآوردہ مسلمان، اصحابِ رسولؐ کی اولاد۔ حضرت عبداللہ ابن عمر، ابن عباس اور عبداللہ بن زبیر جیسے بڑے بڑے لوگ مکّہ میں موجود ہیں۔ تاریخ سے ثابت ہے کہ عبداللہ ابن زبیر حسینؑ سے پہلے ہی ولید کے بُلانے پر اُسی رات کو اکیلے چھپ کر صرف اپنے بھائی جعفر کو ساتھ لیکر غیر معروف راستہ سے پوشیدہ طریق پر مدینہ سے مکّہ کو بھاگ گئے تھے (تاریخ کامل جلد ۴ صـ۸) اور بقول خواجہ حسن نظامی "مکّہ میں ابن زبیر نے لڑائی کا سامان کر رکھا تھا مگر حضرت امام حسینؑ نے ان کی شرکت نہ فرمائی اور علیحدہ ایک جگہ ٹھہر گئے" (محرم نامہ صفحہ ۱۳۲) بیشک حسینؑ کا مقصد نہ فتنہ و فساد ہے اور نہ حکومت و سلطنت کا لالچ اور نہ خلافت کی خواہش۔ حسینؑ کو صرف مسلمانوں کی بہبود مدِنظر ہے اور اُمّت کی فلاح اور نانا کے دین کی حفاظت مقصود ہے۔ حسینؑ کو فقط محبت و یادِ الٰہی سے کام ہے ورنہ واقعی اگر حسینؑ کو خلافت و حکومت کی خواہش ہوتی سلطنت و دولت کی آرزو رکھتے تو مکّہ میں ہی بیٹھ کر یزید سے جنگ اور لڑائی کا انتظام بآسانی فرما سکتے تھے اور حجاز کا مالک اور خلیفہ بن جانا حسینؑ کے لیے کچھ مشکل نہ تھا کیا بلحاظ ذاتی اوصاف و سیرتِ نبوی اور کیا بلحاظ تعلقات رسالت حسینؑ ہر طرح خلافتِ رسولؐ اور مسلمانوں کی امارت و حکومت کے بہترین اہل اور مستحق تھے اور بیشک اپنے نانا رسولِ عربیؐ کا اصلی جانشین، خلافت کا مالک، سلطنتِ محمدی کا حقیقی وارث، خدا کا بنایا ہوا امام اور رسولؐ کے ارشاد ھما امامان قاما او قعدا کے مطابق حسینؑ ہی اس وقت میں مسلمانوں کا امام، نبیؐ کا جانشین اور خلیفۂ رسولؐ ہے بظاہر مکّہ و مدینہ کے مسلمان، بزرگانِ اسلام سردارانِ قوم شخصیت حسینؑ کے معترف اور حسینؑ کو اپنے رسولؐ کا پیارا فرزند و لختِ جگر جانتے

تھے اور حسینؑ کی فضیلت اور برتری کو تسلیم کرتے ہوئے حسینؑ کی اہلیت اور شخصیت کو پہچانتے تھے اور حسینؑ کے آگے سر جھکا لیتے تھے (دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۹)

"جب امام حسینؑ مکہ کو مدینہ سے تشریف لے جا رہے ہیں۔ عبداللہ ابن مطیع سے ملاقات ہوتی ہے۔ عبداللہ عرض کرتا ہے۔ حضور میں قربان ہو جاؤں۔ کہاں کا ارادہ ہے؟ حسینؑ فرماتے ہیں کہ اس وقت بالفعل تو مکہ کو جاتا ہوں پھر اس کے بعد جو حکم خدا دے اُسی سے طلب خیر ہے۔ عبداللہ عرض کرتا ہے۔ خدا حضور کے لیے بہتری اور خیر ہی فرمائے۔ ہم حضور پر قربان و فدا ہوں مگر حضور کوفہ کی طرف تشریف نہ لے جائیے۔ وہ بہت بُرا شہر ہے۔ حضور کے والدِ ماجد کو شہید کیا۔ بھائی حسنؑ کو نکالا۔ اور زخمی کیا پس حضور حرمِ الٰہی کو نہ چھوڑیں آپ سردارِ عرب ہیں۔ حجازیوں میں سے ایک شخص بھی حضور کا مخالف نہ ہوگا لوگ ہر طرف سے حضور کی جانب آئیں گے۔ قسم ہے خدا کی اگر خدانخواستہ حضور ہلاک ہو گئے تو ہمارا پھر کوئی ٹھکانہ نہیں پھر اُسی صفحہ میں علامہ ابن اثیر لکھتے ہیں کہ اہلِ مکہ، اطراف و جوانب کے لوگ اور حاجی حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ زانوئے ادب تہ کرتے تھے اور عبداللہ ابن زبیر بھی حسینؑ کی خدمت میں برابر حاضر ہوتے تھے اور حسینؑ کو اپنے سے افضل جانتے تھے ہمیشہ حسینؑ سے مشورہ کرتے تھے اگرچہ حسینؑ کا وجود اور قیامِ مکہ میں ابنِ زبیر کو سخت گراں اور ناگوار تھا کیونکہ اہلِ حجاز حسینؑ کی موجودگی میں عبداللہ سے بیعت نہیں کر سکتے تھے۔ پھر حسینؑ کی روانگی کے وقت پر دیکھو حضرت عبداللہ ابن عمر کیا عرض کرتے ہیں عبداللہ ابن عباس کیا فرماتے ہیں۔ عبداللہ جعفر نے کیا کہا اور عبداللہ ابن زبیر نے کیا عرض کیا

لما بلغ ابن الزبیر عزمه دخل علیه وقال له لو اقمت ههنا بایعناك و انت احق من یزید وابیه (تذکرہ سبط ابن جوزی ص ۱۳۷) جبکہ ابن زبیر کو معلوم ہوا کہ حسینؑ مکہ سے جا رہے ہیں تو حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی اگر آپ یہاں ٹھہریں تو ہم آپ سے بیعت کرتے ہیں آپ یزید اور اس کے باپ سے زیادہ

بدرجہا زیادہ مستحقِ خلافت و امامت ہیں۔ وکان ابن الزبیر اسرّ الناس بخروجہ من مکۃ (مگر ابنِ زبیر حسینؑ کے مکہ سے چلے جانے پر بہت خوش تھے)

اور اسی کی تائید میں ڈاکٹر ملیسور باربین جرمنی فلاسفر اور نامور مورخ و محقق بھی اپنے رسالہ سیاستِ اسلام و فلسفۂ شہادتِ حسینؑ میں لکھتا ہے:۔

"ظاہر ہے کہ وہ محبوبیت کا مرتبہ جو اس زمانہ میں حسینؑ کو مسلمانوں میں حاصل تھا اگر اُس کے ساتھ اپنی قوت بڑھانا چاہتے تو ایک بڑا لشکر فراہم کر سکتے تھے مگر اس صورت میں اگر وہ مقتول بھی ہوتے تو یہی کہا جاتا کہ سلطنت و بادشاہی کی خواہش میں مقتول ہوئے اور وہ مظلومیت جس کا نتیجہ عظیم الشان ریزولیشن تھا حاصل نہ ہوتا۔"

حسینؑ سلطنت کرتے، خلافت لینے اور دولت وحکومت کے لالچ کے لیے مکہ نہیں گئے بلکہ یہ خدا کا پیارا، خدا کا عاشق خدا کے گھر میں پناہ لینے آیا۔ اگر حسینؑ کو نہ ستایا جاتا۔ بیعتِ یزید کا زور نہ ڈالا جاتا، قتل کے سامان نہ ہوتے، مکہ سے بھی نہ نکالے جاتے تو بیشک حسینؑ اپنے پیارے، اپنے محبوب خدائے جلیل کی یاد میں گوشۂ تنہائی میں بیٹھ کر یادِ الٰہی کرتے اور مکہ کو نہ چھوڑتے مگر مشیتِ الٰہی میں گزر چکا تھا۔ اسلام کی حفاظت، دینِ نبیؐ کی صداقت اور حقانیت کو بچانا، یزید و بنی امیہ کی نااہلی اور ان کے پردوں کو فاش کر کے مسلمانوں کو، رسولؐ کی مظلوم رعایا کو ان ظالم و جابر و فاسق و فاجر یزید و بنی امیہ کے ظالم و بے دین ہاتھوں سے چھڑانا، سوتوں کو جگانا، اسلام کی سچی صورت اور اس کے نورانی چہرے کی حقیقی جھلک دکھلا دینا ضروری اور لازمی امر تھا۔ اس لیے حسینؑ کو سر کٹانے، گھر لٹانے اور اسلام پر قربان ہو جانے کے لیے مکہ سے بھی نکلنا پڑا۔ (جس کی تفصیل انشاء اللہ آئندہ بیان ہوگی۔)۔

Marfat.com

# اہلِ کوفہ کی دعوت اور ہدایت کے لیے حسینؑ کو بلانا

بیشک حسینؑ پر اسلام کی حفاظت اور مظلوموں کی صدائے استغاثت پر بھی لبیک کہنا واجب اور لازم ہے۔ لاریب حسینؑ کی جنگ جنگِ حفاظتی اور حسینؑ کا جہاد جہادِ دفاعی ہے دیکھو فتاوئ عزیزی شاہ عبدالعزیز دہلوی صفحہ ۱۲۱۔

"خروج حضرت امام حسینؑ بنا بر دعوائے خلافت راشدہ بیغامبر کہ بر سی سال منقضی گشت نبود بلکہ بنا بر تخلیص رعایا از دست ظالم بود..... بالجملہ خروج حضرت امام حسینؑ برائے دفع تسلط سلطان جابر باشد۔ والفرق بین الدفع والرفع ظاھر ومشھور فی المسائل الفقھیۃ"

پس اسی بنیاد پر اہلِ کوفہ کی صدائے استغاثت اور طلب ہدایت پر حسینؑ کو لبیک کہنا واجب اور فرض تھا چنانچہ تاریخوں سے ظاہر ہے کہ حسینؑ کے مکہ میں پہنچتے ہی اہلِ کوفہ کی طرف سے اپنی رہبری اور ہدایت کے لیے اصرار اور زور شور سے خط وکتابت کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا اور کوفہ سے پیام پر پیام اور خط پر خط، قاصد پر قاصد حسینؑ کو بلانے کیلئے پہنچ رہے تھے کہ یا ابن رسول اللہ! یہاں تشریف لایئے اور ہم کو گمراہی اور ضلالت سے نکالیے اور اسلام کا سچا راستہ دکھلایئے۔ صراطِ مستقیم کی ہدایت فرمایئے۔ ظالم بیدینوں کے پنجے سے چھڑایئے۔ اگر آپ نہ آئیں گے۔ تو ہم قیامت کے روز خدا سے شکایت کریں گے کہ حسینؑ نے ہم کو گمراہی وضلالت سے نہ نکالا اور راہِ حق نہ بتائی (تذکرہ سبط ابن جوزی صـ۱۳۷)

قال ھشام ابن محمد ان حسین کثرت علیہ کتب اھل الکوفۃ تواترت علیہ رسلھم ان لم تقبل الینا فانت اثم "یعنی ہشام بن محمد بیان کرتا ہے تحقیق بکثرت اہلِ کوفہ کے خطوط حسینؑ کو ملے اور پے در پے اُن کے قاصد حسینؑ کے پاس پہنچے جن کا مضمون اور مطلب یہ تھا اگر آپ ہماری طرف نہ آئے تو آپ گنہگار ہوں گے۔"

Marfat.com

نیز ملاحظہ ہو علامہ ابو اسحاق اسفرائنی کی کتاب نور العین صفحہ ۱۳ (جو علمائے اہلسنت کے جلیل القدر علماء میں سے ہیں) اہل کوفہ نے حسینؑ کو لکھا۔ ان لم تحضر ففی غد بین یدی اللہ خاصمناک وتقول ربنا ظلمنا الحسین ورضی فینا بالظلم والجور وقلۃ القضاء والحکم وجمیع الخلائق تقولون ربنا خلص حقنا من الحسین فما ذا تقول وما جوابک اللہ فبجحمد وبحق جدک وابیک ان تحضر الینا ولا تتاخر وھذا آخر المکاتیب۔ "یعنی اے حسینؑ! اگر آپ تشریف نہ لائے تو قیامت کے روز ہم خدا کے سامنے آپ سے مخاصمہ کریں گے اور عرض کریں گے کہ حسینؑ نے ہم پر ظلم کیا اور حسینؑ ہم پر ظلم وجور ہونے اور (خلافِ شریعت) حکم اور فیصلے ہونے سے رضامند تھے اور جب تمام مخلوق خدائے جلیل سے عرض کریگی کہ اے خدا! ہمارا حق حسینؑ سے لے لے اُس وقت آپ کیا جواب دیں گے۔ پس اب خدا کے لیے اور اپنے نانا اور اپنے بابا کے لیے آپ ہماری طرف تشریف لایئے اور دیر نہ فرمایئے۔ یہ آخری خط ہے۔"

پس جس طرح حسینؑ کے بابا علیؑ ابن ابی طالب اپنے قاتل ابن ملجم کے نتیجۂ ایمان سے واقف ہیں اور جانتے ہیں کہ یہی ابن ملجم ہمارا قاتل ہوگا۔ ارید حیاتہ ویرید قتلی "میں اس کی زندگی کا خواہش مند ہوں اور وہ میرا قتل چاہتا ہے" بار بار ارشاد فرماتے ہیں۔ مگر جب یہی ابن ملجم بیعت کے لیے آتا ہے اور اخلاص وعقیدت مندی کا اظہار کرتا ہے تو انکار نہیں کرتے۔ قید نہیں فرماتے، قتل نہیں کرتے اور اپنے پاس سے نہیں نکالتے اور ویسا ہی سلوک ہوتا ہے جیسا کہ ایک ہادی کو، ایک رہبر کو اور ایک امام کو اپنی امت اور رعایا کے ساتھ کرنا چاہیئے۔

اسی طرح حسینؑ اگرچہ کوفہ والوں کی بیوفائی کو بھی جانتے ہیں اور انجام سے بھی واقف ہیں مگر اُن کے بلانے پر اور طلبِ ہدایت کی آواز اور صدائے استغاثات کے سننے پر ہدایت کرنے اور راہِ راست بتانے سے انکار نہیں کر سکتے۔ بیشک حسینؑ اس ربِ جلیل خدائے

Marfat.com

لاشریک کا بندہ اور بیشک مخلص بندہ اور اُسی کا عاشق و فدائی ہے جو دن رات اپنے دشمن اور اپنے مخالف و نافرمان بندوں کو نافرمانی و معصیت میں غلطاں، اپنی معبودیت سے انکار کرتے ہوئے دیکھتا ہے مگر پھر اپنا دستِ شفقت و ربوبیت اُن پر سے نہیں اٹھاتا اور پھر جب وہ پکارتے ہیں اور اسکی طرف رجوع کرتے ہیں تو مثل ابر رحمت ان پر جھک جاتا ہے اور اپنی عفو و بخشش سے محروم نہیں فرماتا۔ اگرچہ اس کے لاکھوں اور کروڑوں بندے ایسے بھی ہیں کہ جن کو اپنے علم سے یہ بھی جانتا ہے کہ یہ عہد کے پورے اور وفا کے پکے اور توبہ پر قائم رہنے والے نہیں ہیں مگر اُن کی حجت کا تمام کرنا بھی اس پر فرض و واجب ہے پس بمقتضائے تخلقوا باخلاق اللہ حسینؑ جو کہ خدا کا خلیفہ، اس کے رسولؐ کا نائب و جانشین اور ہدایت و امامت کا بہترین اہل ہے۔ اس کا فرض واجبی ہے کہ اہلِ کوفہ کی طلبی اور صدائے استعانت و رہبری اور چاہِ ضلالت سے نکالنے کی آواز پر ضرور لبیک کہے اور اتمام حجت فرمائے ورنہ خاکم بدہان، توبہ توبہ، معاذاللہ حسینؑ کیا نادان تھے کہ باوجود اس کے کہ بچپن سے علی التواتر اپنے پیارے نانا، صادق مصدق رسولؐ سے اپنی شہادت کی خبریں سنتے چلے آئے۔ مقتل اور جائے شہادت کی مٹی تک دکھلا دی گئی۔ بابا علیؑ نے خبریں دیں۔ حسنؑ بھائی نے بیان فرمائیں، اصحاب رسولؐ، رسولؐ کی زبانی بیان کرتے اور سناتے رہے۔ مدینہ سے روانگی کے وقت نانی اُم سلمہ نے پھر بیان فرمایا اور یاد دلایا اور خود بھی نانی کو تمام واقعات کی خبریں سناتے اور مقتل کی مٹی بھی دیتے ہیں اور شہر مکہ میں بھی اصحاب رسولؐ نے مکرر بتایا اور سنایا اور نیز کوفہ والوں کی بیوفائی اور غداری کے حالات اور ان کے سلوک کو بچشمِ خود اپنے والد ماجد حضرت علی مرتضےٰؑ اور بھائی حسنؑ کے ساتھ دیکھ چکے ہوں اور آزما چکے ہوں اور اس امر کو بھی بخوبی جانتے اور دیکھتے ہوں کہ یزید اور بنی امیہ خون کے پیاسے اور جان کے لاگو بنے ہوئے ہیں اور انہی کے ظلم و تشدد سے تنگ آ کر اپنے قتل و گرفتاری کے احکام سن کر، مدینہ چھوڑ کر مکہ میں پناہ لینے کے لیے آئے ہیں

Marfat.com

پھر ان سب باتوں کو جانتے ہوئے اور دیکھتے ہوئے بلا کسی خاص سخت مجبوری اور خدا و رسولؐ کے ضروری اور لازمی حکم کے کوفہ والوں کی طلبی پر مکّہ کو چھوڑ کر، تھوڑے سے عزیزوں، بھائیوں، دوستوں اور چھوٹے چھوٹے بچوں اور عورتوں کو ساتھ لے کر حکومت و سلطنت کے لالچ میں خلافت لینے کے لیے کوفہ کو دوڑ بھاگیں۔ توبہ توبہ واللہ ثم باللہ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ حسینؑ جانِ رسولؐ ہے حسینُ منّی و انا من الحسین کا مصداق ہے اُس پاک و پاکیزہ ہستی کی نسبت ایسا کون سا عقل کا دشمن ہے جو حسینؑ کے ان پیش آمدہ حالات اور تاریخی واقعات کو دیکھتے ہوئے ایسا بیہودہ اور لغو خیال کر سکے۔ بس یہ وہی لوگ کہہ سکتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو اصلی حالات سے ناواقف یا حسینؑ کے دشمن، رسولؐ کے مخالف بنی امیہ کے طرفدار اور یزید کے جان نثار ہیں۔ فی الحقیقت حسینؑ اپنی شہادت سے اسلام پر جان قربان کر کے دین کی حفاظت اور اپنے نانا رسولؐ کی صداقت اور پیشین گوئیوں کی تصدیق فرماتے ہیں اور اسلام کو زندہ کرتے ہیں۔ بیشک حسینؑ نتیجہ کو جانتے ہیں انجام سے واقف ہیں۔ نانا کے حکم کو اور اپنی مشن کو خوب سمجھے ہوئے ہیں اور جانتے ہیں کہ بابا اور بھائی تو اپنی مشن کو خدا اور رسولؐ کے حکم کے مطابق پورا کر چکے ہیں۔ اب ہمارا وقت ہے اور ہماری باری ہے جو کام نانا نے ہمارے متعلق فرمایا ہے۔ جس امر کا حکم دیا ہے اس کی تعمیل کرنی ہم کو ضروری ہے۔

غرضیکہ ادھر حسینؑ تو خانۂ خدا میں گوشہ نشین اور پناہ گزین بیٹھے ہیں اور اس طرف یزید دشمنی اور عداوت پر تلا ہوا اسی فکر و تدبیر میں لگا ہوا ہے بےچین و بےقرار ہے کہ یا تو حسینؑ بیعت کر لیں یا حسینؑ کا وجود دنیا سے اٹھا دیا جائے تاکہ اسکی عیش پرستی اور بے دینیوں میں کوئی رکاوٹ باقی نہ رہے اور وہ اسی طرح اپنے ظلم و ستم اور فسق و فجور کے ساتھ مسلمانوں کی گردنوں پر خلیفۃ المسلمین اور امیر المومنین کہلانے کے بہانہ سے سوار رہے جس کے لیے پوشیدہ تدبیریں اور خفیہ سازشیں شروع کر دی گئی تھیں۔

حج کا موسم قریب آگیا ہے، تمام دنیا سے مسلمان حج کے لیے مکہ میں جمع ہو رہے ہیں۔ قافلہ پر قافلہ آرہا ہے۔ حج کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ حسینؑ حج کا شیدائی، خدا کا فدائی جو پچیس حج پاپیادہ کرچکا ہے، احرامِ حج باندھ چکا ہے مگر اس کعبۂ حقیقی کے فرزند، خدا کے پیارے، مکہ کے والی و وارث کو خدا کے گھر میں بھی پناہ نہیں ملتی۔ قتل کا سامان اور گرفتاری کا انتظام ہو چکا ہے، نہ مکہ میں ٹھہر سکتے ہیں نہ مدینہ کو جا سکتے ہیں۔ نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن۔ نہ مکہ میں پناہ ہے نہ مدینہ میں امان ہے۔ دشمن ہر مقام پر قتل و گرفتاری کے لیے لگے ہوئے ہیں۔ مجبور و لاچار ہیں کہ مکہ کو بھی چھوڑیں اور مدینہ کو بھی ترک کریں عظمتِ کعبہ کو بھی بچائیں اور حرمتِ مدینہ کو بھی قائم رکھیں اور اہلِ عراق و کوفہ پر حجت کو بھی تمام کریں۔ پس حسینؑ نانا کی شان سے مکہ معظمہ خانۂ خدا کی حرمت کو بھی بچاتے ہیں اور اپنے مشن کو بھی پورا کرتے ہیں۔ قبل از ادائے حج دیارِ محبوب سے بصد حسرت وہاں کوچ کرتے ہیں ؎
"بچہ شوق آمدہ بودم بچہ حرماں رفتم" اور نہیں چاہتے کہ زمانۂ حج میں مکہ معظمہ کے اندر فساد واقع ہو اور میری وجہ سے حرمِ الٰہی خانۂ خدا کی حرمت ضائع و برباد ہو اور نانا کے اسلام پر دھبہ آئے۔

پس حسینؑ کعبۂ حقیقی خلیلِ خدا و ذبیح اللہ کا فرزند، رسولِ عربیؐ کا جان و جگر نانا کے حکم کی تعمیل میں عراق کی طرف اتمامِ حجت کے لیے اور اپنی وعدہ گاہ کو صرف اپنی ہی قربانی نہیں بلکہ بہتّر قربانیاں لیکر قربانگاہِ توحید پر چڑھانے کیلئے مکہ سے کوچ فرماتے ہیں اور کیا کہتے روانگی کے وقت اور کیا راستہ میں دوست احباب، روکنے والوں، ملنے والوں اور پوچھنے والوں سے مکہ میں قتل یا شہید ہو جانے کے اندیشوں اور اپنی ان مجبوریوں سے مکہ چھوڑنے کے وجوہات کو بیان فرماتے جاتے ہیں۔

قبل اس کے کہ ہم حسینؑ کی مکہ سے روانگی کے واقعات و حالات اور کربلا کے خونی منظر کا نقشہ اپنے ناظرین کو دکھائیں، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان اعتراضات پر بھی کچھ روشنی ڈالیں کہ جو بنی امیہ کے جو شیلے پیروکار، امیر معاویہ کے حلقہ بگوش نادم یزید ناسعید محبتِ رسولؐ و آلِ رسولؐ سے بے بہرہ حسینؑ کی خداداد عظمت شان سے حسد کھا کر حیرت زدہ ہو کر بنی امیہ کی حمایت اور یزید کی محبت کے جوش میں حسینؑ اور حسینؑ کی شہادت کی عظمت اور حسینؑ کی مظلومیت کی وقعت کو دنیا کی

Marfat.com

نظروں میں گھٹانے بلکہ مٹانے اور اس عاشق الٰہی شہید آلِ محمدؐ کی شخصیت و شان کو جسکی شہادت شہادتِ رسولؐ ہے (دیکھو سر الشہادتین شاہ عبدالعزیز دہلوی) کم کرنے کی غرض سے حسینؓ کے دامن عصمت و طہارت پر طرح طرح کے بیہودہ الزام اور بدنما دھبے لگانے کے لیے ہاتھ پاؤں مارتے اور بڑے بڑے طومار باندھتے ہیں۔ حسینؓ کے نانا رسولِ عربیؐ کے کلمہ گو غریب مسلمانوں کو دھوکہ دے کر حسینؓ کی محبت جو واقعی رسولؐ کی محبت ہے اور حسینؓ کی قدر و منزلت کو جو درحقیقت ان کے یعنی مسلمانوں کے نبیؐ کی ہی قدر و منزلت ہے مسلمانوں کے دلوں سے مٹانے اور اپنے پیر و مرشد یزید کی بیگناہی ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ یزید خلیفۂ وقت امیر المومنینؓ تھا۔ حسینؓ نے خلیفہ کے برخلاف خروج کیا اور باغی ہو گئے (معاذ اللہ) اور موسم حج میں فریضۂ حج کو ترک کر کے دولت و حکومت کی لالچ سے ملک گیری کے لیے یزید کا تخت و تاج چھیننے کو حسینؓ مکہ سے نکلے تھے اور یہ حسینؓ کی جنگ سلطنتی جنگ تھی۔ ایسے لغو و بیہودہ الزامات لگا کر جو کچھ دھلے گئے سے بھی کمزور ہیں حسین مظلومؓ سے اپنی دشمنی و عداوت اور یزید نا سعید سے اپنی محبت و عقیدت کا ثبوت دے رہے ہیں۔ ہم اپنے ان عاقبت نا اندیش خادمان یزید سے اول یہ عرض کرتے ہیں کہ ذرا تھوڑی دیر کے لیے عداوت و بغض حسینی کی عینک کو اتار کر ٹھنڈے دل کے ساتھ حق بین نگاہوں اور انصاف بھرے دل سے دیکھیں اور سمجھیں کہ حسینؓ جو واقعی صورت و سیرت میں، افعال و کردار میں اور رفتار و گفتار میں محبت و عشقِ الٰہی میں عبادت و طاعت خدا میں اپنے نانا محمد مصطفٰے نبی عربیؐ کی تصویر اور ہر امر میں ان کے قدم بقدم ہے، ان کی سیرت سیرتِ رسولؐ ہے، انکا طریق طریق نبیؐ ہے اور واقعی حسینؓ ہی اپنے زمانہ میں خلافت الٰہیہ کا حقدار، نیابت رسولؐ کا اہل اور مسلمانوں کی امارت و سرداری کا مستحق اور رسولؐ کا جائز وارث اور سچا جانشین ہے اس لیے حسینؓ کا سفر اور یزید کے مقابلہ میں جہاد دفاعی عین دین خالص ایمان اور واقعی اسلام اور مسلمانوں کے فلاح و بہبود اور ہدایت و رہبری کے لیے بیشک خدا اور رسولؐ کے حکم کے مطابق تھا اور حسینؓ سے لڑنے والا یا مخالفت کرنے والا بیشک باغی و طاغی ہے اور یہ عاشق حج بیت اللہ جو پچیس حج پا پیادہ فرما چکا ہے اسی طرح یزید پلید

کے ہاتھوں مجبور و تنگ ہو کر قتل کے سامان ہو جانے پر اسی شان و کیفیت کے ساتھ مکہ سے نکلتا ہے کہ جس طرح بانیٔ اسلام حسینؑ کے نانا نے انھیں یزید کے دادا ابوسفیان اور قریش مکہ سے تنگ و مجبور ہو کر قتل کا سامان ہو جانے پر شب ہجرت مکہ کو چھوڑا۔

پہلے ہم حسین مظلومؑ کے دوستداران اور اپنے معزز ناظرین کو عموماً اور خادمان یزید کو خصوصاً توجہ دلاتے ہیں کہ بزرگان دین علمائے جلیل القدر اور محققین اسلامی و غیر اسلامی کی کتب تاریخ و سیر اور حدیث و تفسیر پر نظر ڈالو اور رسول کریمؐ کی سیرت و سلوک اور طور و طریق کو حسینؑ کے ساتھ ملاحظہ فرماؤ اور دیکھو کہ حسینؑ کے ساتھ کیسا پیار و محبت کا سلوک فرماتے ہیں اور ان اقوال ارشادات نبی کو بھی جو حسینؑ کے متعلق فرمائے ہیں پڑھو کبھی حسینؑ کو اپنا فرزند فرماتے ہیں۔ اور کبھی راحت جان بتاتے ہیں کبھی فرماتے ہیں حسینؑ مجھ سے ہے میں حسینؑ سے ہوں۔ خدا حسینؑ کو دوست رکھتا ہے حسینؑ خدا کا پیارا ہے میرا لخت جگر ہے حسینؑ کا دوست میرا دوست ہے حسینؑ کا دشمن میرا دشمن ہے۔ جس نے حسینؑ سے صلح کی اس نے مجھ سے صلح کی اور جو حسینؑ سے لڑا وہ مجھ سے لڑا۔

اکثر احادیث نبوی مع حوالہ جات علمائے عالی منزلت اسی حصہ میں پیچھے بیان کی جا چکی ہیں۔ جو اصحاب کبار، ازواج مطہرات، حضرت ابوبکر خلیفہ اول اور حضرت ابوہریرہ اور سلمان فارسی و حذیفہ یمانی وغیرہ وغیرہ اصحاب رسولؐ اور حضرت ام المومنین عائشہ اور حضرت ام سلمہ کی زبانی مروی ہیں اور نیز اصحاب کبار رضوان اللہ علیہم کے طور و طریق، سلوک و رفتار کو حسینؑ کے ساتھ ملاحظہ کرو کہ حسینؑ کی کس قدر عظمت و منزلت ان بزرگوں کے دلوں میں ہے اور علمائے متقدمین و متاخرین اسلامی کی تحریروں کو پڑھو اور ساتھ ہی حسینؑ کی شہادت کے متعلق رسول کریمؐ کی پیشین گوئیوں اور نبیؐ کے اظہار رنج و ملال اور گریہ فرمانے پر بھی ذرا غور کرو۔ ملائکہ مقربین فرشتگان رب جلیل کا آنا حسینؑ کی شہادت کی خبریں دینا، رسول کریمؐ کا اصحاب کو سنانا، جبرئیل امینؑ کا خاک کربلا لانا محبوب الٰہی کا سونگھنا، گریہ فرمانا محزون و غمگین ہونا، اصحاب کو دکھانا، ام سلمہ کو دینا، جو کبھی ام سلمہ بیان کرتی ہیں اور کبھی حضرت عائشہ اور کبھی ام الفضل اور کبھی

Marfat.com

حضرت زینب بنت جحش جس طرح حسینؓ سے رسول اللہؐ کے محبت و سلوک، پیار و الفت کے عمل کے متعلق بیشمار احادیث اور حالات و واقعات کتب علمائیں پائے جاتے ہیں اسی طرح حسینؓ کے حق پر شہید ہونے اور رسول کریمؐ کے محزون و ملول ہونے کے متعلق بھی اور شہادت حسینؓ کی خبریں دینے اور پیشینگوئی فرمانے کے بارے میں بھی اسی قدر کثرت اور تواتر کے ساتھ احادیث علمائے عالی قدر کی کتابوں اور تصنیفوں میں درج ہیں کہ اگر انکو ایک جگہ جمع کیا جائے تو علیحدہ رسالہ مرتب ہو سکتا ہے۔ اس کے متعلق بھی بہت سی احادیث پیچھے بیان کی جا چکی ہیں۔ پس ان سب امور پر غور فرما کر اور نظر انصاف ڈال کر پھر حسین مظلومؓ کے متعلق فیصلہ فرمائیے۔

اب ہم اپنے معزز و محترم حق بین و انصاف پسند ناظرین سے سوال کرتے ہیں کہ کیا یزید جیسا فاسق و فاجر، زانی، بدکار، شرابخوار جس کے کیرکٹر اور حالات فسق و فجور پر کافی روشنی ڈالی جا چکی ہے (اور آئندہ بھی علمائے جلیل القدر کی تصانیف و تالیف سے ہم اور بھی اسکے فسق و فجور اور اسلام و ایمان کا مزید ثبوت پیش کریں گے) مسلمانوں کا امیر المومنین اور رسول عربیؐ کا جائز خلیفہ کہا سکتا ہے؟ اور کیا رسول کریمؐ اور ان کے اصحاب کبار کے نزدیک اور خدائے جلیل کی بارگاہ میں ایسا شخص خلافت الٰہی، نیابت رسولؐ اور مسلمانوں کی امارت و سرداری کا اہل قرار پا سکتا ہے؟ ؎

یزید سکیر و خمیر و جہول     جو ہے ننگ دین خدا و رسولؐ
وہ تاج نبیؐ کی کرے آرزو     تفو بر تو اے چرخ گردوں تفو

اور کیا وہ خدا کا محبوب، وہ مخبر صادق، وہ عالم علم الٰہی جسکا علم کان و مایکون پر حاوی اور جسکی شان ما ینطق عن الھویٰ اور جو ذات قدسی علمک مالم تکن تعلم کا دارا ہے اور جسکی محبت محبت خدا اور جسکی عداوت عداوت خدا ہے کیا وہ ذات قدسی حسینؓ کو اپنی قرابت اور رشتۂ دنیوی کی وجہ سے محبوب رکھتا اور پیار کرتا ہے؟ اور کیا معاذ اللہ اسکو علم نہیں؟ کہ یزید اسکا جائز اور برحق جانشین ہے اور کیا (معاذ اللہ) رسول اللہؐ کے نزدیک حسینؓ کا بیعت یزید سے انکار کرنا، مخالفت کرنا، اور جنگ کے لیے نکلنا جائز اور واجب نہ تھا؟

Marfat.com

پس اگر خاکم بدہان یہ کہا جائے کہ رسولؐ کو یہ علم نہ تھا تو علم رسولؐ ناقص ہو جائیگا اور اگر علم تھا اور رسول جانتے تھے اور حسینؓ کو برسرِ حق نہیں سمجھتے تھے، تو پھر کیا ایسے شخص سے۔ جو اسلام کا دشمن ہو خلیفہ برحق کا مخالف ہو مسلمانوں کے جائز خلیفہ، جانشین رسولؐ سے جنگ کرنے والا ہو کر گروہ اسلامی میں فساد ڈالنے والا ہو وہ محبوب الٰہی، بانی اسلام، اسلام کا فدائی، توحید کا شیدائی، محبت و پیار کر سکتا ہے اور اسکی نسبت یہ فرما سکتا ہے کہ خدا اسکو دوست رکھتا ہے جو اسکا دوست ہے وہ میرا دوست ہے۔ جو اسکا دشمن ہے وہ میرا دشمن ہے اور وہ مجھ سے ہے میں اس سے ہوں؟ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں، کوئی مسلمان نبیؐ کا کلمہ گو جو رسولؐ کی حقیقت اور شان کو جانتا ہے وہ ہرگز ہرگز ایسا نہیں کہہ سکتا اور حسینؓ کی صداقت و حقانیت سے انکار نہیں کر سکتا۔

## حسینؓ کی مکہ سے روانگی کی شان اور اس کی علت

اب یہ امر کہ حسینؓ نے موسم حج میں بلا ادائے حج مکہ معظمہ کو کیوں چھوڑا قابل غور ہے علمائے اسلام محققین و مورخین اسلامی و غیر اسلامی کی تاریخوں اور کتب سیر کو پڑھو اور ان واقعات و حالات پر نظر ڈالو اور دیکھو کہ حسینؓ جیسا دین کا فدائی عبادت و طاعت الٰہی کا شیدائی کن مشکلات میں گرفتار ہے اور کیونکر بنی امیہ اور یزید کے ظلم و جور کا شکار ہو رہا ہے اور کن مصیبتوں میں گھرا ہوا ہے اور کن مجبوریوں سے اپنے پیارے مالک اپنے محبوب خدائے جلیل کے گھر سے بصد حسرت و یاس نکلتا ہی نہیں بلکہ نکالا جاتا ہے۔ واللہ ثم باللہ حسینؓ جان رسولؐ محبوب الٰہی کا فرزند انہی اسباب و وجوہات سے انہی اندیشوں اور مجبوریوں سے اسی شان کے ساتھ مکہ سے کوچ فرماتا ہے کہ جن اندیشوں کے خیال سے اور جن وجوہات و اسباب سے بحکم الٰہی حسینؓ کے نانا محبوب خدا، رسول رب العالمینؐ نے شب ہجرت مکہ کو چھوڑا ہے اور مکہ معظمہ و کعبہ الٰہی کی حرمت کو بچایا ہے حسینؓ کا بھی فرض ہے کہ نانا کے اتباع میں خانہ کعبہ، بیت اللہ الحرام کی حرمت کو بچائے، خدا کے گھر کے احترام کو قائم رکھے

Marfat.com

اور نانا کے دین رسول ؐ کے احکام کی حفاظت فرمائے اور اپنی شہادت کا واقعہ مکہ میں نہ ہونے دے اور جب مکہ میں قتل ہونے کا سامان ہو تو نانا کی طرح مکہ کو چھوڑ دے۔

---

**حرمتِ کعبہ اور فتح مکہ:** یہ امر مسلمہ ہے کہ مکہ معظمہ خانہ کعبہ اس خدائے جلیل وحدہٗ لاشریک مالک زمین و زمان کی ذاتِ قدسی سے منسوب ہے جو مکان و مکانیت اور جسم و جسمانیت اور زمان و زمانیت سے برتر اور پاک و پاکیزہ ہے۔

یہی مقام مقدس اس معبود حقیقی کا خانۂ عبادت و طاعت ہے اور یہی اس رب العالمین کا ہدایت و برکت والا پہلا گھر ہے۔ ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبارکا وھدی للعالمین ۝ فیہ اٰیات بینات مقام ابراھیم ومن دخلہ کان اٰمنا وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا ومن کفر فان اللہ غنی عن العالمین (سورۂ آل عمران) یعنی تحقیق پہلا گھر جو لوگوں کے لیے بنا ہے وہی ہے جو مکہ میں برکت والا ہے اور سب عالموں کے لیے باعث ہدایت ہے۔ اس میں کھلی نشانیاں موجود ہیں۔ جیسے مقام ابراہیم اور جو اس گھر میں داخل ہو گیا وہ پناہ اور امن میں ہے اور جن لوگوں کو استطاعت اور قدرت اس کے راستے کی ہے ان پر اس گھر کا حج کرنا واجب ہے اور جو شخص کافر ہو جائے (یعنی اس حکم الٰہی کے خلاف کرے) تو ہو جائے اللہ کو اس کی پروا نہیں۔ وہ سب جہانوں سے غنی اور بے پروا ہے۔" بس یہیں سے معرفت الٰہی اور توحید خدا کا چشمہ ابلا۔ یہیں سے رحمت و برکت الٰہی کا دریا جاری ہوا اور یہیں سے آفتاب ہدایت و رسالت چمکا۔ اور عالم کو اپنے نور ہدایت سے روشن و منور فرمایا۔ یہی وہ بیت الٰہی خدا کا گھر ہے جس کو اسکے مخلص، برگزیدہ، موحد نبیوں، ابراہیم خلیل اللہ و اسمٰعیل ذبیح اللہ جیسے پاک و معصوم معماروں نے اس کے حکم سے بنایا اور اپنے معبود کی بارگاہ میں دعا فرمائی کہ اے ہمارے رب جلیل تو ہماری آرزوؤں کو سننے والا، ہمارے دلوں کے حال سے واقف ہے ہماری اس خدمت کو قبول فرما۔ اور ہم دونوں کو اپنا خالص مسلمان فرمانبردار جو تیرے حضور میں سر تسلیم خم کرتے والا ہو بنا دے۔ اور ہماری ذریت میں سے بھی ایک گروہ کو ایسا ہی مسلمان اپنا مطیع و فرماں بردار بنا اور اس شہر کو امن و امان کی جگہ

(باقی بر صفحہ آئندہ)

## رسول اللہ کی ہجرت مکہ سے: ملاحظہ ہو تمام مورخین اور علمائے اسلام وغیر اسلام نے رسول اللہ کے مکہ سے ہجرت فرمانے کے واقعات کو اور شب ہجرت کے حالات کو اپنی کتابوں میں مفصل درج فرمایا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب اپنی پرید صاحب

قرار دے اور مجھ کو اور میری اولاد کو شرک اور بت پرستی سے بچا۔ دیکھو خداوند عالم اپنے کلام پاک قرآن مجید میں اپنے حبیب رسول اللہ کو اس واقعہ کی خبر دیکر یاد دلاتا ہے۔ واذ یرفع ابراھیم القواعد من البیت واسمٰعیل ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم (سورہ بقرہ) ربنا واجعلنا مسلمین لک ومن ذریتنا امۃ مسلمۃ لک (سورہ بقرہ) واذ قال رب اجعل ھٰذا البلد امنا (سورۃ بقرہ) پھر سورۂ ابراہیم میں ارشاد فرماتا ہے واذ قال ابراھیم رب اجعل ھٰذا البلد امنا واجنبنی و بنی ان نعبد الاصنام۔ پس خدائے پاک نے اپنے ان برگزیدہ مخلص بندوں ابراہیم و اسماعیل کی دعاؤں کو قبول فرما کر ان کے اس بنا کیے ہوئے گھر کو اپنا گھر قرار دیا اور تمام دنیا کے لیے اس گھر کی بزرگی اور عظمت کو قائم فرمایا اور اس مقام کو جائے امن وامان قرار دیا جو اس میں داخل ہوا وہ خدا کی پناہ اور خدا کی امان میں پہنچ گیا اور جس طرح ابراہیم و اسماعیل کے اس بنائے ہوئے گھر کو اپنا گھر بنا کر ہر ایک قسم کے فتنہ و فساد و انواع و اقسام گناہ و معصیت اور فسق و فجور، ظلم و تعدی سے طاہر اور پاک و پاکیزہ بنایا۔ اور ابراہیم و اسماعیل سے عہد لیا کہ یہ ہمارا گھر خالص طواف کرنے والوں، اعتکاف در کوع و سجود کرنے والوں نمازیوں، عبادت گزاروں، مطیع و فرمانبردار بندوں کے لیے پاک و طاہر اور جائے امن و امان ہے۔ نیک اور اچھے کاموں کے لیے ہے۔ قتل و غارت، جنگ و جدال اور معصیت الٰہی کے لیے نہیں ہے واذ جعلنا البیت مثابۃ للناس وامنا وعھدنا الیٰ ابراھیم واسمٰعیل ان طھرا بیتی للطائفین والعاکفین والرکع السجود (سورۂ بقرہ) پس اسی طرح ابراہیم و اسماعیل کی اولاد طاہرین سے اپنے محبوب اور پیارے رسول اور ان کی آل طاہر محمد و آل محمد کو خلعت تطہیر طٰہٰ اور انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا سے عزت و شرف بخشا اور پاک و پاکیزہ بنایا۔ پس خدا کا گھر اس کے محبوب کا گھر ہے جس طرح اس کا محبوب اور ان کی آل اطہار

(باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

ہر گندگی و نجاست اور ہر عیب و معصیت سے پاک و پاکیزہ اور معصوم ہیں۔ اسی طرح یہ خدا کا گھر بیت اللہ الحرام بھی لازمی اور ضروری ہے کہ ہر ایک رجس و ناپاکی اور ہر ایک فساد و خرابی سے پاک و صاف رہے پس کہ معظمہ خانۂ خدا کعبۃ اللہ کا احترام اور عزت و عظمت اسی طرح حضرت ابراہیمؑ کے وقت سے برابر چلی آتی رہی ہے اور یہ اسکے امن و امان بنا رہا ہے یہاں تک کہ زمانۂ جاہلیت میں مشرکین مکہ بھی اس خانۂ خدا کا احترام ملحوظ رکھتے رہے۔ جنگ و جدال، فساد و لڑائی، قتل کرنا، مار ڈالنا، کسی جان کا ضائع کرنا، کیا عقلاً اور کیا مذہباً نقریباً ہر ایک قوم و ملت اور ہر ایک مذہب و طریقہ میں نہایت مذموم اور سخت سے سخت سنگین جرم اور گناہ عظیم تسلیم کیا گیا ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی جرم اور کوئی گناہ نہیں ہے۔ خداوند عالم جو رب العالمین تمام مخلوقات کا خالق، سب کا پیدا کرنے والا اور سب کا پالنے والا، موت و حیات کا مالک اپنی سب مخلوق پر مہربان اور رحیم و کریم ہے وہ کبھی پسند نہیں فرماتا کہ اسکی مخلوق، اسکے بندے اپنی عیش پرستی اور ہوا و ہوس نفسانی کی اغراض سے شیطان کے بندے ہو کر خدا کو بھول کر، اسکی دنیا کے امن و امان میں خلل ڈالیں اور اس کے قائم کردہ حدود کو توڑ دیں۔ فساد برپا کریں اور قتل و غارت سے اسکی دنیا کو تباہ و برباد کریں اور پھر جو مقام اور مکان کہ اس نے اپنی ذات اقدس سے منسوب فرمایا ہو اور اپنی طاعت و عبادت کے لیے مخصوص کیا ہو اسکی رحمت و برکت کا گھر ہو، اس میں ایسے واقعات و فسادات برپا کیے جائیں جو اسکی رحمت اور صفات ربوبیت کے بالکل خلاف ہوں۔ اس رحیم و کریم ذات قدسی صفات کو کبھی بھی ہرگز ہرگز پسند نہیں ہو سکتے اور اس کے مخلص و برگزیدہ بندے اس کے مطیع و فرماں بردار عبد جو اس کے محبوب ہوں اور جن کی ذات کو اس نے رحمۃ للعالمین بنایا ہو وہ بھی کبھی اپنے مالک و خالق کے خلاف اسکی حدود کو توڑنا، اسکے قانون کی مخالفت کرنا ہرگز ہرگز گوارا نہیں کر سکتے۔ جہاد نبوی و غزوات محمدی کو دیکھو۔ نقریباً سب کے سب دفاعی اور خود حفاظتی تھے۔ اسی طرح عظمت و حرمت خانۂ کعبہ کے متعلق کیسے کیسے تاکیدی احکام شریعت محمدی اور قانون اسلامی میں قائم فرمائے گئے۔ حرمت کعبہ و شرف مکہ معظمہ کے متعلق کیسی کیسی حدیثیں وارد ہوئی ہیں۔ احترام کعبہ معظمہ اور مکہ محترمہ کے متعلق کتب قدیمہ میں علیحدہ باب درج ہیں۔ کسی جاندار یہاں تک کہ کسی جانور و حیوان کو بھی مارنے اور

(باقی بر صفحہ آئندہ)

قتل کر دینے کا منصوبہ حتمی طور سے قرار پا چکا (دیکھو سیرۃ النبیؐ مولانا شبلی ص۳۷۶ حال فتح مکہ)

---

ہلاک کرنے کا بھی حکم نہیں ہے چہ جائیکہ کسی انسان کو اور پھر انسان بھی وہ جو انسان کامل، جان و جگر محبوبِ الٰہی ہو، اسکو خانۂ کعبہ میں قتل کیا جائے اور حرمتِ کعبہ، حکمِ الٰہی اور قانونِ شریعت کو توڑا جائے)

جنابِ ختمی مرتبت محبوبِ الٰہی وارث ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ یعنی رسولِ عربیؐ کے عمل اور طور و طریق کو دیکھو کہ وہ اسلام کا مبلغ، توحیدِ الٰہی کا بانی، خدا کا پیارا، اسکی شریعت و احکام کو جاری کرنے والا اپنے مالک کے گھر، بیت اللہ الحرام کی عظمت و حرمت کا قائم کرنے اور اسکی اہمیت کو برقرار رکھنے کے لیے کس قدر منہمک اور کوشاں ہے۔ کسی طرح بھی گوارا نہیں کہ اپنے محبوب ربِ جلیل کے گھر کی عظمت و بزرگی اور احترام و حرمت میں کچھ فرق آئے اور اسکے قائم کردہ حدود کو توڑا جائے اور اپنے جدِ امجد حضرت ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ کی خواہشوں اور دعاؤں کے برخلاف اس خانۂ الٰہی اور کعبہ محترم کی اہمیت برباد و ضائع ہو۔

اپنے پیارے محبوب کے گھر کو اپنے وطن کو چھوڑنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ مکہ سے ہجرت فرماتے ہیں، مگر خانۂ الٰہی کی حرمت کو بچاتے ہیں، یثرب کو تشریف لے جاتے ہیں۔ مدینہ میں قیام فرماتے ہیں۔ اسلام روز بروز پھیل رہا ہے۔ دینِ الٰہی ترقی کر رہا ہے۔ جوق جوق دنیا آتی ہے اور سچے دین میں اسلام محمدی میں داخل ہو رہی ہے یدخلون فی دین اللہ افواجاً کا وعدہ پورا ہو رہا ہے۔ مسلمان طاقت و قوت پکڑتے جا رہے ہیں۔ بدر و احد کی لڑائیوں میں بھی قریشِ مکہ شکستیں کھا کر بھاگ چکے ہیں مگر مکہ معظمہ ابھی تک کفر کا گھر بنا ہوا ہے۔ خانہ کعبہ میں ابھی بتوں کا دور دورہ ہے۔ بیت اللہ تا حال صنم خانہ ہے۔ ممکن ہے کہ خدا اور اس کا حبیب رسولِ عربیؐ اس وقت و مصلحت و موقعہ مناسب کو دیکھ رہے ہوں کہ حرمت کعبہ بھی قائم رہے اور مکہ معظمہ وہ شہرِ امن و امان بغیر لڑے بھڑے، بلا جنگ و جدال کے اور بلا قتل و غارت فتح ہو کر بتوں سے پاک ہو اور اسلامی پھریرا توحیدِ الٰہی کا جھنڈا بغیر خونریزی اور فساد کے خانۂ الٰہی پر لہرائے۔ اور اشهد ان لا الٰہ الا اللہ و اشهد ان محمداً رسول اللہ کی پُرشان و شوکت صدا خدا کے گھر سے، کعبہ کی چھت سے بلند ہو کر حجاز کی پہاڑیوں میں گونجے اور چہار دانگ عالم میں اسلام کے ڈنکے بجا دے۔ کچھ تعجب نہیں، بہت ممکن ہے کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر بھی مصلحت حرمت کعبہ کو بچانا اور بلا جنگ و جدال مکہ کو فتح

(باقی بر صفحہ آئندہ)

یعنی جب قریش اور مشرکین مکہ نے دیکھا کہ مسلمان رسولِ عربی کے پیرو رفتہ رفتہ یثرب کو جاتے ہیں اور مدینہ میں جا کر طاقت پکڑتے جاتے ہیں تو دارالندوہ میں مشورہ کے لیے جلسہ منعقد کیا گیا۔

کر لینا مرکوزِ خاطر نبوی اور مشیت خداوندی میں گزری ہو چنانچہ قدرتِ الٰہی، مصلحتِ نبیؐ، رحمۃ للعالمین کی حسن تدبیری نے آخر اس مقصد کو پورا کیا اور وہ مبارک وقت بھی آ گیا کہ جب وہ مبلغِ توحید، اسلام الٰہی کا بانی، حبیب رب العالمین، ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ کا وارث، گھر کا مالک اپنے محبوب کے گھر کی عظمت و حرمت کو قائم و برقرار رکھتا ہوا بلا تلوار چلائے، بلا خونریزی و بلغیر قتل و غارت مکہ معظمہ میں اپنے محبوب کے گھر میں داخل ہوتا ہے۔ اسلام کی فوجِ ظفر موج دس ہزار مسلمانوں کا لشکرِ جرار مکہ کی طرف بڑھتا ہے۔ قریب پہنچ کر مرالظہران میں لشکرِ نبوی کا پڑاؤ ڈال دیا جاتا ہے۔ سرورِ عالم کے حکم سے ہر ایک رسالہ ہر ایک فوج کے کیمپ کے آگے الگ الگ آگ روشن کر دی جاتی ہے۔ مکہ کا جنگل رشک دہِ وادیٔ ایمن بن جاتا ہے سردارانِ قریش، مشرکین مکہ، ابوسفیان وغیرہ پہلے ہی شکستیں کھا کر دل ہار چکے ہیں۔ اب اس نظارے اور اسلامی لشکر کو دیکھ کر جو سمندر کی طرح لہریں مار رہا تھا اور کوکبۂ نبوی چاند کی طرح توحیدِ الٰہی کا نور برسا رہا تھا اور بھی مرعوب و خائف ہو گئے۔ ابوسفیان، حضرت عباس (عمِ رسولؐ) کے ساتھ دربارِ رسولؐ میں حاضر ہوتا ہے اور بظاہر اسلام کا اقرار کر لیتا ہے (تفصیل کے لیے دیکھو تاریخ طبری، مدارج النبوۃ، حبیب السیر، سیرۃ النبیؐ وغیرہ) اب لشکرِ اسلامی، کوکبۂ محمدی دریا کی طرح موجیں مارتا، اسلامی پھریرے اڑاتا، توحید کے ڈنکے بجاتا، تکبیر کے نعرے لگاتا اور وہ محبوبِ الٰہی، رسولِ عربیؐ، اسلام کا بادشاہ اصحاب کے جھرمٹ میں خلقِ محمدی کے پھول برساتے، عفو و بخشش کے فرمان دیتے، مروت و احسان کے حکم سناتے مکہ معظمہ میں داخل ہوتے اور خانۂ محبوب کی طرف جاتے ہیں اور دیکھو کس طرح بیت الحرام کی حرمت اور عظمت کو قائم و برقرار رکھتے ہیں۔ اعلان کر دیا گیا ہے کہ جو شخص اپنے گھر کا دروازہ بند کر کے بیٹھ جائے یا ہتھیار ڈال دے یا حرم کعبہ میں پناہ لے لے، ام ہانی بنت ابوطالب یا ابوسفیان کے گھر میں پناہ لے لے تو وہ امان میں ہے۔ یہ ہے رحمۃ محمدی، خلقِ نبوی، یہی ابوسفیان جو اسلام کا سب سے زیادہ دشمن، رسول اللہؐ کے خون کا پیاسا اور بقول مولانا شبلی نعمانی ایک ایک چیز

(باقی بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

تمام قبیلوں کے سردار جمع ہوئے ایک بڈھا نجدی شیطان بھی شریک جلسہ تھا مشورہ کیا گیا رائیں لی گئیں۔ آخر ابوجہل کی رائے کے موافق قطعی طور سے یہ امر قرار پایا کہ ہر ایک قبیلہ سے

---

ابوسفیان کے قتل کی دعویدار تھی۔ اسلام کی عداوت، مدینہ پر بار بار حملہ، قبائل عرب کو اشتعال، آنحضرت کے خفیہ قتل کرانے کی سازش، ہر چیز اس کے خون کی قیمت ہو سکتی تھی" (سیرۃ النبی صفحہ ۲۷۶) اسی ابوسفیان کو عفو فرما کر امان ہی نہیں بلکہ جو کوئی بھی اس کے گھر میں داخل ہو جائے اس کو بھی امان دیدی جاتی ہے۔ مگر افسوس! اس احسان محمدی کا بدلہ اور عوض انہی ابوسفیان صاحب کے پوتے یزید نے خوب دیا۔ اسی رسول عربی کے جان و جگر حسینؓ کو اسی مکہ معظمہ اور کعبہ محترمہ کے اندر قتل کر دینے کا حکم دیکر بلکہ مکمل انتظام کر کے حسینؓ کو مکہ میں رہنے نہ دیا اور حسینؓ کو قتل کر کے اپنے کشتگان بدر کا بدلہ اولادِ رسولؐ سے لیا۔ حسینؓ کے قتل ہونے کے بعد سرِ حسینؓ جب دربار یزید میں پہنچتا ہے اس وقت جو شعر اس نے پڑھے ہیں ہم ان اشعار اور دربار کے حال کو آئندہ درج کریں گے۔ الغرض ہر ایک قبیلہ کے سردار اور ہر ایک دستہ فوج کے افسر کو حکم دے دیا گیا ہے، کوئی تلوار نہ چلائے کسی کو قتل و غارت نہ کیا جائے۔ حضرت عباس رسول اللہؐ کے چچا حضرت کے ایماء اور منشاء سے ابوسفیان کو لیے ہوئے ایک ٹیلے پر بیٹھے مکہ کی طرف لشکر اسلامی کی حرکت کا تماشا ابوسفیان کو دکھلا رہے ہیں۔ دبدبہ محمدی اور شوکت لشکر اسلامی دیکھ دیکھ کر ابوسفیان کے چھکے چھوٹے جاتے ہیں۔ ایک ایک اسلامی رسالہ، ایک ایک دستہ فوج اپنے اپنے سردار کے ماتحت تنظیم محمدی کے ساتھ بڑھ رہا ہے۔ علموں کے پھریرے ہوا میں اڑ رہے ہیں۔ اللہ اکبر کی صدائیں آ رہی ہیں۔ ابوسفیان ہر ایک افسر اور دستہ فوج کو پوچھتا ہے اور خائف و ترساں ہو ہو جاتا ہے۔ انصار کا لشکر سردار سعد ابن عبادہ کی ماتحتی میں شان و شوکت سے گزرتا ہے اور سعد ابوسفیان کو دیکھ کر پکارتے ہیں۔ الیوم یوم الملحمۃ الیوم تستحل الکعبۃ۔ یعنی آج گھمسان کا دن ہے۔ آج کعبہ کو حلال کرنے کا دن ہے۔ ابوسفیان کے ہوش جاتے رہتے ہیں کہ سب سے آخر میں پرچم محمدی کو کبۂ نبوی آفتاب کی طرح چمکتا نظر آتا ہے۔ آسمان سے نور کے فوارے چھوٹ رہے ہیں رحمت و برکت برستی آ رہی ہے۔ زمین مکہ رشک وہ طور ہوتی جاتی ہے۔ ابوسفیان پکار کر فریاد کرتا

(باقی بر صفحہ آئندہ)

ایک ایک دو دو آدمی شریک ہوکر محمدؐ کے گھر کو گھیر لیں اور سب ایک ساتھ مل کر حملہ کریں۔ تلواریں سونت کر ایک دم (یتیم عبداللہ محمد مصطفےٰ ارواحنا لہ الفداء پر) جا گریں اور قتل کر ڈالیں چنانچہ ابی

ہے۔ یارسول اللہؐ! حضور نے سنا سعد ابن عبادہ ابھی کیا کہتے ہوئے گزرے ہیں؟ رسول اللہؐ فرماتے ہیں، نہیں نہیں، عبادہ کے بیٹے نے جو کہا غلط ہے، آج کعبہ کی حرمت کا دن ہے۔ آج کعبہ کی عظمت کا دن ہے اور حکم دیا کہ علم لشکر سعد سے لیا جائے بعض روایات میں ہے کہ اپنے ابن عم امیر المومنین علیؑ ابن ابیطالب سے فرمایا کہ آپ علم لے لو اور بعض کہتے ہیں کہ سعد کے بیٹے قیس کو وہ علم دلوا دیا گیا۔ (دیکھو حبیب السیر، مدارج النبوۃ، سیرۃ النبی وغیرہ) (سبحان اللہ وجود محمدی رحمۃ للعالمین ہے۔ ؏

دل وجانم فدائے نامش باد )

غرضیکہ بارگاہ رسالت، دربار نبوت سے بار بار یہی حکم صادر ہو رہے ہیں۔ یہی تاکید و فہمائش ہو رہی ہے کہ کسی کو قتل نہ کیا جائے، کوئی لوٹا نہ جائے۔ کسی پر تلوار نہ چلائی جائے۔ چنانچہ خالد ابن ولید کا دستۂ فوج جو داخل ہوا تو اسکی مٹ بھیڑ قریش سے ہوگئی اور تلوار چل گئی۔ رسول اللہؐ کو خبر ہوئی تو اظہار ناراضی فرمایا اور فوراً حکم دیا کہ تلوار کشی بند کر دی جائے۔ مکہ کا والی، بادشاہ کونین، مکہ میں داخل ہوا۔ مکہ اور اہل مکہ سب مغلوب ہوگئے۔ سرور عالمؐ اب سب کی جان و مال کے مالک ہیں جس طرح چاہیں ان سے سلوک فرمائیں۔ مگر قربان رحم و عفو نبوی کے سب کو مخاطب فرما کر مصدر رحمتؐ جلال سے ارشاد ہوتا ہے لا تثریب علیکم الیوم یغفر اللہ لکم وھو ارحم الرحمین اذھبوا وانتم الطلقاء یعنی "جاؤ ہم نے اپنے قصور تم کو معاف کیے اور تم سب کو آزاد کر دیا"۔ اس بخشش محمدی اور عفو نبوی کا یہ اثر تھا کہ جوق جوق لوگ آتے تھے، بیعت کرتے تھے اور مسلمان ہو جاتے تھے۔ غرضیکہ کفر و شرک کا نقش مٹایا اور توحید الٰہی کا رنگ جمایا اور کعبہ کے اندر فرشتوں اور پیغمبروں کی جو تصویریں بنی ہوئی تھیں حضرت عمر سے فرمایا کہ مٹا دو۔

(حضرت ام المومنین عائشہ نے امیر معاویہ کو یہی وقت یاد دلایا ہے کہ "تو می دانی از طلقائی"

(روضۃ الصفا، جلد ۲ صفحہ ۵۵۹)

(باقی برصفحہ آئندہ)

قرارداد کے مطابق رات کو ابوسفیان وغیرہ مشرکین مکہ نے غروب آفتاب کے بعد جوں جوں اندھیرا بڑھتا گیا، تلواریں لے کر بیت الشرف رسالت کے گرد گھیرا ڈالنا شروع کر دیا اور جمع ہونے لگے۔ پس اس وقت جبکہ رسولِ الٰہی حضرت سرورِ عالم (دل جانم فدائے جانش باد) کو یقین ہو چکا کہ ان ظالموں نے ہمارے خفیہ قتل کا مصمم ارادہ کر لیا ہے اور خدائے جلیل نے اپنے حبیب کو ان کے اس بد ارادہ اور اس مشورہ کی خبر فرما دی اور مکہ سے ہجرت فرمانے کا حکم دے دیا گیا تو بس فوراً ہی رسولِ عربیؐ نے اپنے بھائی نفسِ رسول علیِ مرتضیٰؑ کو اپنا جانشین قرار دیکر اپنے ہی بستر پر اپنی ہی سبز چادر اڑھا کر لٹا دیا اور خاموشی کے ساتھ سورۂ یاسین کی یہ آیات تلاوت فرماتے ہوئے

---

اللہ اللہ! وہ بھی کیسا دلکش سماں ہوگا۔ کیسا پیارا نظارہ ہوگا کہ حبیب مدینہ کا والی، مکہ کا وارث ابراہیم و اسمٰعیلؑ کی یادگار، رسولِ عربیؐ روحی لہ الفداء خانہ کعبہ بیت الحرام میں داخل ہو کر بتوں کو توڑتے اور جاء الحق وزھق الباطل فرماتے ہوں گے۔ اور اپنے بھائی نفسِ رسولؐ علیؑ منی وانا منہ کے مصداق کو اپنا شریک فی الامر بنا کر دنیا کو دکھلا کر پشت مبارک پر سوار کر کے کعبہ کی چھت سے ہبل اور بڑے بڑے بتوں کو دست یداللّٰہی سے گرا کر توڑا ہوگا اور خانۂ توحید کو شرک و کفر سے پاک و صاف فرمایا ہوگا اور ؎

علی بر دوشِ احمدؐ چشمِ بد دور　　　عیاں شد معنیٔ نورٌ علیٰ نور

کا جلوہ دنیا کو دکھلایا ہوگا ؎

بُت ہوئے غارت زمینِ کعبہ نورانی ہوئی　　　مصطفیٰؐ کے پاؤں سے شیرِ خدا کے ہاتھ سے

(دیکھو مدارج النبوۃ، حبیب السیر وغیرہ) اور اللہ اللہ! کیا نورانی وقت اور مبارک زمانہ ہوگا کہ جب حضرت بلال نے حکم نبوی سے کعبہ کی چھت پر چڑھ کر جہاں دن رات لات و منات، عزیٰ و ہبل کے گیت گائے جاتے تھے۔ اذان دی ہوگی اور اذان کی آواز اور نعرۂ تکبیر اور صدائے اشھد ان لا الٰہ الا اللہ و اشھد ان محمداً رسول اللہ سے زمین و آسمان گونج اٹھا ہوگا اور بطحا کی پہاڑیاں، فاران کی چوٹیاں صفا و مروہ کے میدان خدائے وحدہٗ لاشریک کے نام پاک سے بھر گئے ہوں گے۔ اللّٰھم صلِّ علیٰ محمد و آل محمد و بارک و سلم۔

وجعلنا من بین ایدیھم سدًا ومن خلفھم سدًا فاغشیناھم فھم لا یبصرون۔
یعنی بنائی ہم نے ان کے آگے اور ان کے پیچھے دیوار اور پھر اوپر سے ان کو ڈھانک دیا۔ پس وہ کچھ نہیں دیکھ سکتے تھے" قاتلوں کے بیچ میں سے صاف نکل گئے اور خدا نے ان کو ایسا اندھا کر دیا تھا کہ وہ کچھ نہ دیکھ سکے۔ اور حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ پہلے غار ثور میں جا کر چھپے اور پھر مدینہ کو تشریف لے گئے۔ تفصیل کے لیے دیکھو مورخین یورپ مسٹر گبن وغیرہ اور اسلامی مورخین ابوالفدا، ابن جریر، ابن ہشام کی تاریخوں کو) پس کیا اگر رسول عربیؐ روحی و روح العالمین لہ الفدا اس رات اس طرح مکہ سے تشریف نہ لے جاتے مکہ میں ہی موجود ہوتے اور گھر میں ہی تشریف رکھتے تو کیا وہ ظالم قاتل مشرکین مکہ جو تلواریں سونتے اس پختہ ارادہ اور مصمم قصد سے خانہ رسالت کو گھیرے آمادۂ قتل کھڑے تھے رسول اللہؐ کو پا کر قتل نہ کر ڈالتے؟ بیشک یہ یقینی امر تھا کہ رسول کریمؐ اگر مکہ میں ہی رہتے، گھر میں موجود ہوتے تو ضرور قتل و شہید ہو جاتے۔ پھر نہ دین ہوتا نہ اسلام، نہ توحید نہ خدا کا نام اور کعبۂ معظمہ مکہ محترمہ کی حرمت بھی برباد و ضائع ہو جاتی اور دنیا بھی اسی طرح شرک و کفر سے تاریک رہتی اور خانۂ الٰہی بھی بتوں سے پاک نہ ہوتا۔ نجدی بڈھے شیطان اور شیخ ابوسفیان و کفار مکہ کا مدعا اور مقصد پورا ہو جاتا۔ اسلام کا نام دنیا سے مٹ جاتا۔ اس وجہ سے شہادت راہِ الٰہی کی افضل ترین فضیلت کا خلعت فاخرہ اپنے رسول کریمؐ کو خدائے جلیل کی طرف سے اسی حبیب کے جان و جگر، اسی کے جسم کے ٹکڑے حسین مظلومؑ کے ذریعہ سے عطا فرمایا جانا قرار دیا جا چکا تھا (دیکھو سر الشہادتین شاہ عبدالعزیز دہلوی) کہ حسینؑ کی شہادت رسول عربیؐ کی ہی شہادت ہو گی۔ جس طرح دین الٰہی اسلام محمدی کو قائم کرنے کے لیے رسول عربیؐ مکہ سے ہجرت فرمائیں، خانۂ الٰہی کعبۂ معظم کی حرمت و عظمت کو بچائیں اسی طرح پر رسولؐ کا پیارا نواسہ مکہ سے کوچ کر کے مکہ سے باہر شہید راہِ الٰہی ہو کر دین الٰہی اور نانا کے اسلام کو بھی بچائے اور حرمت کعبہ کو بھی جس طرح نانا نے قائم رکھا اسی طرح قائم و برقرار رکھے اور خانۂ کعبہ کے اندر شہید اور ذبح نہ ہو۔

Marfat.com

# حسینؑ کی مکہ سے روانگی

پس جب حسینؑ کو بھی یہ یقین ہو گیا اور تحقیق ہو چکا کہ یزید نے کچھ لوگ بنی امیہ کے (جس طرح قریش و مشرکین مکہ یزید کے دادا ابوسفیان وغیرہ نے حسینؑ کے نانا رسول کریمؐ کو مکہ میں خفیہ قتل کر دینے کے لیے سازش کر کے مصمم ارادہ کر لیا تھا) حاجیوں کے لباس میں اسی سازش اور ارادے سے بھیجے ہیں کہ حسینؑ کو ایامِ حج میں خاص احرام و حج کی حالت میں جہاں بھی اور جس مقام اور جس حالت میں بھی پائیں قتل کر ڈالیں۔ نہ حج کا خیال ہو نہ کعبہ کی حرمت کا لحاظ۔ دیکھو ینابیع المودۃ شیخ الاسلام قسطنطنیہ امام قندوزی ص۲۳۷۔ وکان فیہ خروج الحسین من مکۃ الی العراق بعد ان طاف وسعی وحل من احرامہ وجعل حجۃ عمرۃ مفردۃ لانہ لم یتمکن من اتمام الحج مخافۃ ان یبطش بہ ولیقع الفساد فی الموسم فی المکۃ لان یزید ارسل مع الحجاج ثلاثین رجلا من شیاطین بنی امیۃ وامرھم لقتل الحسین علی کل حال۔ یعنی حسینؑ نے طواف کعبہ اور سعی صفا و مروہ فرما کر اور احرام کھول کر اپنے حج کو عمرہ مفردہ سے بدل ڈالا اور مکہ سے عراق کی طرف کوچ فرما دیا۔ کیونکہ آپ اتمام حج تک وہاں نہیں ٹھہر سکتے تھے اس لیے کہ خوف لگا ہوا تھا کہ آپ پر دیا بہ سختی کی جائے گی اور جس کی وجہ سے موسم حج میں مکہ معظمہ کے اندر فساد واقع ہو جائیگا۔ کیونکہ یزید نے بنی امیہ کے تیس شیطانوں کو حاجیوں کے ساتھ خاص اسی لیے بھیجا تھا اور ان کو حکم دیا تھا کہ حسینؑ کو جس حال میں بھی پائیں قتل کر ڈالیں۔ امام طریحی، ابومخنف اور اعثم کوفی نے بھی اسی طرح لکھا ہے۔ عبداللہ ابن عباس کے خط مندرجہ تذکرہ سبط ابن جوزی جو ص۴۲ کتاب ہذا میں درج ہے اس سے بھی اس امر کی پوری تصدیق ہوتی ہے اور نیز آئندہ کی روایات بھی اس امر کو بخوبی ظاہر کر رہی ہیں۔

بس جس طرح کفار مکہ نے خیال کیا تھا کہ اسلام بڑھتا جاتا ہے اور انکی بت پرستی اور ان کا

مذہب باطل گھٹتا اور مٹتا جا رہا ہے۔ توحید الٰہی اور دین حق کی شعاعیں تیز ہوتی جاتی ہیں اور دین الٰہی پھیلتا جا رہا ہے اس لیے بانئ اسلام محمد عربیؐ کو ہی قتل کر کے ان کا خاتمہ ہی کر دیا جائے گا تب ہی ان کا دین گمراہ اور بت پرستی اور ان کی دولت و ثروت قائم و برقرار رہ سکتی ہے۔ بس اسی طرح اب ابوسفیان صاحب کے شہزادہ یزید نے بھی اس بات کو خوب سمجھا ہوا تھا کہ جب تک حسینؑ بانئ اسلام کا جان و جگر، دین الٰہی اور اسلام محمدی کا رکھوالا دنیا میں موجود ہے یزید کی عیش پرستی اور اسکا فسق و فجور اور اسلام الٰہی پر اسکی حکومت و ثروت اور اس کا تخت و تاج اور یہ خلافت جس کا وہ اسلام ہی کے نام سے ناجائز طور پر مدعی بنا ہوا ہے اور جس کا وہ کسی طرح بھی اہل نہیں ہے قائم و برقرار نہیں رہ سکتی اور دنیائے اسلام پر اس کی حکومت مستحکم نہیں ہو سکتی اس لیے یزید بھی حسینؑ کو ختم اور قتل و شہید کر دینے اور آل محمدؐ کا نام دنیا سے مٹا دینے کا ازبس گرویدہ ہو رہا تھا اور نہیں جانتا تھا کہ یہی حسینؑ جو نانا کے دین کا رکھوالا اور اسلام کا محافظ، رسولؐ کا جان و جگر ہے اپنا سر دے کر گھر بار لٹا کر اسلام پر، دین محمدی پر، جان قربان کر کے اسلام کو، دین الٰہی کو اور محمدؐ و آل محمدؐ کے مبارک نام کو ہمیشہ کے لیے دنیا پر زندہ کر جائیگا اور یہی کعبۂ حقیقی خانۂ خدا کی حرمت و احترام کو اپنے وجود سے برباد نہ ہونے دیگا اور یزید کے تخت و تاج اور سلطنت و حکومت کو اپنا سر کٹوا کر ہمیشہ کے لیے دنیا سے نیست و نابود کر جائیگا ؎

قتل حسینؑ اصل میں مرگ یزید ہے

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد (مولانا محمد علی)

بس اس وقت جس طرح اسلام کے ابتدائی زمانہ میں حرمت کعبہ کو بچانے اور اسلام کی ترقی و فروغ کے لیے حسینؑ کے نانا نے مکہ کو چھوڑا اسی طرح اب یزید کے خلیفۂ اسلام کہلانے سے اسلام الٰہی اور دین محمدی کے زوال و اضمحلال کا وقت آ گیا۔ یزید کے فسق و فجور کی وجہ سے دین الٰہی، شریعت محمدی مٹنے لگی۔ یزید نے خاص خانۂ خدا میں ہی جس طرح کفار مکہ نے حسینؑ کے نانا رسول عربیؐ کو مکہ میں شہید و قتل کر دینے کی تجویز کی تھی اسی طرح حسینؑ کو شہید و قتل کر دینے کا

Marfat.com

انتظام کیا تو حسینؑ کے لیے حج کی نسبت یہ ضروری اور لازمی فریضہ تھا کہ حسینؑ نانا کی طرح حرمت کعبہ کو بچائیں اور مکہ کو چھوڑ دیں اور مکہ سے باہر اسلام پر قربان ہو کر جان دے کر، خدا کے دین کو نانا کے اسلام کو مسلمانوں کو گمراہی اور ضلالت میں پڑنے سے بچا لیں پس اس لیے حسینؑ نے مجبور ہو کر احرام حج کو تبدیل فرمایا اور نانا کی شان سے مکہ چھوڑ دیا تاکہ بنی امیہ یزیدی گروہ حسینؑ کو مکہ میں قتل نہ کر سکیں اور مکہ معظمہ خانۂ کعبہ کی حرمت ضائع و برباد نہ ہو، چنانچہ بار بار علی العموم فرماتے تھے کہ میں وہ گوسفند بننا نہیں چاہتا کہ جس کے کعبہ میں ذبح ہونے سے خانۂ کعبہ کی حرمت ضائع و برباد ہو جیسا کہ عبداللہ ابن زبیر سے فرمایا (ملاحظہ ہو تاریخ کبیر طبری ص۲۷۶) اور ایسا ہی نیز محمد حنفیہ سے فرمایا - یا اخی انی اخشی ان تغتالنی جنود بنی امیہ فی مکۃ فاکون کالذی تستباح دمہ فی حرم اللہ یعنی اے بھائی مجھے خوف ہے کہ لشکر بنی امیہ مجھے مکہ میں قتل نہ کر دیں اور میں ہی وہ شخص نہ ہوں کہ جس کا خون حرم الٰہی میں مباح ہو جائے (ینابیع المودۃ سلیمان قندوزی ص۲۳۷) اور نیز تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ ص۱۹ میں علامہ ابن اثیر لکھتے ہیں کہ حسینؑ کے مکہ سے روانگی کے وقت عبداللہ ابن زبیر نے حسینؑ کی خدمت میں آ کر عرض کی فقال لہ اما انک لو اقمت بالحجاز ثم اردت ھذا الامر ھھنا لما خالفنا علیک وساعدناک وبایعناک ونصحنا لک فقال لہ الحسین ان ابی حدثنی ان لھا کبشا بہ تستحل حرمتھا فما احب ان اکون انا ذلک الکبش قال فاقم ان شئت وتولینی انا الامر فتطاع ولا تعصی قال ولا ارید ھذا ایضا ثم انھما اخفیا کلامھما فالتفت الحسین الی من ھناک وقال اتدرون ما یقول قالوا لا ندری جعلنا اللہ فداک قال انہ یقول اقم فی ھذا المسجد اجمع لک الناس ثم قال لہ الحسین واللہ لان اقتل خارجا منھا بشبر احب الی من ان اقتل فیھا ولان اقتل خارجا منھا بشبرین احب الی من ان اقتل خارجا منھا بشبر وایم اللہ

Marfat.com

اوکنت فی حجر ھامۃ من ھٰذہ الھوام لاستخرجونی حتّٰی لیقضوا بی حاجتھم واللہ لیعتدنّ علیّ کما اعتدت الیھود فی السبت فقام ابن الزبیر فخرج من عندہ یعنی عبداللہ ابن زبیر نے حسینؓ سے عرض کی۔ اگر آپ حجاز میں قیام فرمائیں اور آپکا ارادہ امرِ خلافت کا ہو تو میں آپ کا ہوا خواہ و خیر خواہ ہوں۔ آپ سے بیعت کے لیے حاضر ہوں۔ آپ کی امداد کو موجود ہوں اور کبھی آپ کی مخالفت نہ کرونگا۔ حسینؓ نے فرمایا۔ میں نے اپنے باپ سے یہ حدیث سنی ہے کہ مکہ میں ایک گوسفند ذبح ہوگا جس سے کعبہ کی حرمت کی حلال ہو جائے گی۔ پس میں نہیں چاہتا اور مجھے ہرگز پسند نہیں کہ وہ گوسفند میں بنوں۔ عبداللہ نے عرض کی تو آپ یہاں ٹھہرے رہیں اور اگر آپ پسند کریں اور آپ کی بھی مرضی ہو تو میں خلیفہ اور امیر بن جاؤں (اصلی اور حقیقی تمنا تو ان کی یہی تھی) آپ مجھے اپنی طرف سے والی بنا دیجیے۔ آپ مخدوم و مطاع رہیں گے۔ آپکی نافرمانی نہ ہوگی۔ حسینؓ نے فرمایا میں یہ بھی نہیں چاہتا۔ پھر اس کے بعد دونوں نے کچھ آہستہ باتیں کیں اور حسینؓ نے پھر ان لوگوں کی طرف جو وہاں موجود تھے مخاطب ہو کر فرمایا۔ تم لوگ جانتے ہو کہ اس نے کیا کہا؟ لوگوں نے عرض کی۔ ہم حضور پر سے قربان ہوں ہم کو علم نہیں کہ آپ سے اس نے کیا کہا۔ حسینؓ نے فرمایا کہ یہ کہتا ہے کہ میں اس مسجد میں قسم کھاتا ہوں کہ آپ کی امداد کے لیے لوگوں کو جمع کر دوں گا۔ پھر امام حسینؓ نے ابن زبیر سے فرمایا۔ قسم ہے خدا کی اگر میں مکہ سے ایک بالشت بھی باہر قتل کیا جاؤں تو وہ مجھے زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہے اس سے کہ میں مکہ میں قتل ہوں اور اگر میں مکہ سے دو بالشت بھی باہر قتل کیا جاؤں تو وہ مجھے پسند اور مرغوب ہے اس امر سے کہ ایک بالشت اندر قتل ہوں۔ (غرضکہ مکہ میں قتل اور شہید ہونا بسبب حرمت کعبہ کے کسی طرح بھی حسینؓ کو پسند اور گوارا نہ تھا) قسم ہے خدا کی اگر میں کسی حشرات الارض یعنی کسی کیڑے کے سوراخ میں بھی داخل ہو جاؤنگا تو البتہ یہ بنی امیہ مجھے اس میں سے بھی ضرور نکال لیں گے اور اپنی خواہش کو مجھ سے پورا کریں گے یعنی مجھے ضرور قتل کر ڈالیں گے۔ قسم ہے خدا کی یہ لوگ میرے بارے میں

Marfat.com

اسی طرح حدود الٰہی سے تعدی اور تجاوز کریں گے جیسا کہ یہود نے سبت کے بارے میں حدود الٰہی کو توڑا تھا پس اس کے بعد عبداللہ ابن زبیر اٹھ کھڑے ہوئے اور حسینؑ کے پاس سے چلے گئے، نیز دیکھو تاریخ کبیر علامہ جریر طبری جلد ۶ ص ۲۱۷۔

حسینؑ کو اپنے قتل و شہید ہو جانے اور یزید اور بنی امیہ کی ان خفیہ تدبیروں اور سازشوں کا اس قدر یقین کامل ہے کہ برابر کربلا تک تمام راستے علانیہ ظاہر فرماتے اور بیان کرتے چلے جاتے ہیں۔ دیکھو مکہ سے روانہ ہونے کے بعد راستہ میں فرزدق ملتا ہے۔ عرض کرتا ہے۔ یا ابن رسول اللہ! آپ نے حج چھوڑ کر مکہ سے روانہ ہونے میں جلدی کیوں فرمائی؟ حسینؑ جواب دیتے ہیں۔ اگر میں جلدی نہ کرتا ضرور پکڑا جاتا اور گرفتار ہو جاتا۔ لولم اعجل لاخذت (تاریخ طبری ص ۲۷۸، تذکرہ سبط ابن جوزی ص ۱۳۷)۔

پھر منزل ثعلبیہ میں ابوہرہ سے ملاقات ہوتی ہے، وہ پوچھتا ہے۔ اے فرزند رسولؐ! حرم رسولؐ اور حرم الٰہی کو چھوڑ کر یہ سفر کیوں اختیار فرمایا؛ حسینؑ فرماتے ہیں۔ بنی امیہ نے ہمارے حقوق غصب کیے۔ ہم نے صبر کیا۔ ہم کو علانیہ برا بھلا کہا۔ ہم نے صبر کیا۔ اب میرے خون کے درپے ہوئے تو میں نکل کھڑا ہوا ہوں۔ قسم ہے خدا کی یہ باغی گروہ مجھے ضرور قتل کریگا اور اس کے بعد خدائے جلیل ضرور اپنا قہر ان پر نازل فرمائے گا۔ یہ قتل ہوں گے اور ذلیل ہو جائیں گے۔ جس طرح خدا نے قوم سبا کو ذلیل اور قتل فرمایا۔ دیکھو اصل عبارت عربی ذبح عظیم ص ۱۲۶۔

دیکھو مخبر صادق رسول عربیؐ کے فرزند حسین مظلوم کی پیشین گوئی کیسی سچی اور صحیح ثابت ہوئی۔ معاویہ اور یزید کی نسل سے تو حکومت و خلافت بس اسی وقت حسینؑ کے بعد ہی تین سال کے اندر اندر جاتی رہی اور یزید پر ہی خاتمہ ہو گیا۔ باقی بنی امیہ کا بھی قلع قمع فرما کر انکا تخت و تاج، سلطنت و حکومت ایک صدی کے اندر اندر ہی خدائے جلیل نے انہی بنی ہاشم آل عباس کے ہاتھوں ایسی خاک میں ملائی کہ آج انکا نام بھی دنیا میں باقی نہیں ہے اور دنیا

Marfat.com

کا کوئی خطہ اور حصہ باقی نہیں ہے کہ جہاں حسینؓ اور آلِ محمدؐ کا نام نہ لیا جاتا ہو۔ یہ ہے حمایتِ الٰہی اور یہ ہے خدائی نصرت۔ بے شک خدا ان کا ہے اور یہ خدا کے ہیں ؎

شوکتِ شام و فرِ بغداد رفت ۔ سطوتِ غرناطہ ہم از یاد رفت

تارِ ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز ۔ تازہ از تکبیر او ایماں ہنوز (اقبالؒ)

غرضکہ حسینؓ کسی طرح بھی اس امر کو پسند نہیں کرتے تھے کہ یزید کے فرستادہ بنی امیہ کے شیطان مکہ میں حسینؓ پر حملہ کر کے حسینؓ کو قتل و شہید کر دیں اور مکہ معظمہ کی حرمت جس کو نانا نے بھی بچایا اور ملحوظ رکھا اس طرح حسینؓ کے مکہ میں قتل ہو جانے سے ضائع و برباد ہوا اور نیز حرمتِ کعبہ کے ضائع و برباد کرنے اور مکہ میں ایک سردار قریش کے دفن ہونے کے متعلق جو سخت تہدیدی احادیث رسولؐ اور پیشین گوئیاں سرورِ عالم نے فرمائی تھیں وہ بھی حسینؓ کو یاد اور پیش نظر ہیں (دیکھو کنز العمال شیخ علی متقی) رسول اللہؐ نے فرمایا مکہ میں ایک قریش دفن ہوگا جس پر دنیا کا عذاب ہوگا۔ اگر اسکا گناہ تولا جائے تو وہ دونوں جہان کے گناہوں سے زیادہ ہوگا۔ پھر فرماتے ہیں کہ مکہ میں ایک سردار قریش کی قبر بنے گی جس کا نام عبداللہ ہوگا۔ اس پر نصف عالم کا عذاب ہوگا (کنز العمال صـ۲۴۳ باب الثامن فی فضائل الامکنۃ الفصل الاول فی فضل مکۃ المشرفۃ وما حولہا) وقال یلحد رجل من قریش بمکۃ یقال لہ عبد اللہ علیہ شطر عذاب العالم سیلحد فی الحرم رجل من قریش لو توازن ذنوبہ بذنوب الثقلین ارجحت عن ابن عمر)

(۲) یلحد رجل من قریش بمکۃ تکون علیہ نصف عذاب العالم (نیز ملاحظہ ہو ازالۃ الخفاء شاہ ولی اللہ دہلوی) کہ رسول اللہؐ نے فرمایا قریش میں سے ایک شخص مکہ میں مدفون ہوگا جس پر تمام عالم کا نصف عذاب ہوگا (اور دیکھو تاریخ ابن قتیبہ دینوری السیاسۃ والامامۃ صـ۲۶ جلد اول) کہ جب حضرت عثمان سے محاصرہ کے زمانہ میں انکے خیر خواہوں مغیرہ وغیرہ نے عرض کی کہ آپ مدینہ چھوڑ کر مکہ تشریف لے چلیے تو حضرت عثمان

Marfat.com

نے اسی حدیث نبوی کو بیان فرما کر مکہ جانے سے انکار فرمایا ہے۔ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہؐ سے سنا ہے یلحد بمکۃ رجل من قریش علیہ نصف عذاب ھذہ الامۃ من الانس والجن فلن اکون ذالک الرجل یعنی مکہ میں قریش میں سے ایک شخص دفن ہوگا کہ جس پر اس امت کے جن و انس کا نصف عذاب ہوگا۔ پس میں نہیں چاہتا کہ وہ شخص میں ہوں (تاریخ خمیس دیار بکری صـ۲۹۲) اور ابن حجر مکی نے بھی اس حدیث کو حضرت عثمان کی ہی زبانی اس طرح پر اپنی کتاب تطہیر الجنان واللسان میں جو صواعق محرقہ کے حاشیہ پر چھپی ہوئی ہے صـ۹۹ میں درج کیا ہے پس حسینؑ کو تاکی یہ حدیثیں بھی پیش نظر ہیں۔ اگر حسینؑ مکہ کو نہ چھوڑتے اور مکہ میں موجود ہوتے تو یقینی امر ہے کہ یزید کے حکم کے مطابق انہی یزید کے جاسوسوں بنی امیہ کے شیطانوں کے ہاتھ سے حسینؑ ضرور مکہ میں قتل کردیے جاتے اور پھر یہی احادیث نبوی آج رسولؐ کے نواسہ حسین مظلومؑ کی ذات اقدس پر چسپاں کرکے حرمت خانۂ الہٰی اور عظمت مکۂ مشرفہ کے ضائع و برباد کرنے کا الزام حسینؑ پر لگا دیا جاتا۔

اس کے علاوہ یہ امر بھی نہایت ضروری اور غور طلب ہے کہ اگر اس طرح پر خفیہ طریق سے مکہ معظمہ میں حسینؑ کی شہادت کا واقعہ پیش آتا تو علاوہ خانۂ خدا بیت اللہ الحرام کی عظمت و حرمت کے ضائع ہونے کے جو شہادت حسینؑ کا اصل مدعا اور حسینؑ کا مردینے سے جو اصل مقصد عالی تھا وہ بھی یقیناً حاصل نہ ہوتا اور حسینؑ کی شہادت نے جو سوتی دنیا کو جگایا اور بنی امیہ کے پردوں کو پھاڑا۔ یزید کے حالات کو الم نشرح کرکے دنیا کو بتا دیا کہ یزید کسی طرح بھی خلافت رسولؐ اور مسلمانوں کی امارت کا اہل نہیں ہے۔ اس کے افعال و کردار فسق و فجور کو کوئی تعلق اسلام سے نہیں ہے۔ دین اسلام اس سے اور اس کی ان بداعمالیوں اور بدکرداریوں اور ظلم و جور سے کوسوں دور اور پاک و پاکیزہ ہے اور دنیائے اسلام بلکہ تمام عالم میں جو اپنی صداقت و حقانیت و مظلومیت اور ثابت قدمی کو دکھلا کر ایک تہلکۂ عظیم برپا کردیا تن تنہا اور چپ چپاتے مکہ میں قتل ہوجانے سے کبھی بھی حاصل نہیں ہوسکتا تھا۔ دنیا میں بہت سے اہل دیانت اور

Marfat.com

ارباب صداقت ظالم و جابر اشخاص کی عیش پرستی اور ہوا و ہوس نفسانی کا شکار ہوئے ہیں لیکن جس کیفیت و محویت اور حسن شان کے ساتھ یہ ذبح عظیم اور یہ صداقت و حقانیت اسلامی کی قربانی ۷۲ قربانیوں کے ساتھ صبر و رضائے الٰہی کے جوہر دکھلاتے ہوئے کربلا کی وعدہ گاہ میں قربان گاہ توحید پر چڑھائی گئی ہے ایسی کوئی بھی محبت و عشق خدا کی قربانی اور حق و صداقت کا فدیہ قربانگاہِ محبوب میں نہ پہلے پیش ہوا ہے اور نہ آئندہ پیش ہوگا اور بیشک جس طرح خاتم النبیین سید المرسلین تمام انبیاء سے افضل و اعلیٰ ہیں اور جملہ مخلوق کے سردار و شہنشاہ ہیں اس لیے لازمی اور ضروری ہے کہ اس فخر کائنات حبیب رب العالمین کے لیے راہِ محبوب میں جو شہادت کا درجہ حاصل ہو وہ بھی اسی طرح اپنی نوعیت و شان و عظمت میں سب شہادتوں سے برتر اور تمام قربانیوں سے اعظم و افضل ہو اور حسینؓ کی شہادت مسلمہ امر ہے کہ واقعی رسول عربیؐ اور سردارِ عالم حضرت محمد مصطفےٰؐ کی ہی شہادت ہے۔ خدائے جلیل نے یہ درجۂ عالیہ شہادت راہِ الٰہی کا اور یہ فضیلتِ تامہ بھی اپنے حبیب کو اس حبیب ہی کے جان و جگر فرزندان دلبند حسنؓ و حسینؓ کے ذریعہ سے کرامت فرمانا مصلحت سمجھا۔ اس لیے ضروری اور لازمی ہے کہ یہ شہادت جہری بھی معمولی طریقہ کی شہادت نہ ہو بلکہ اپنی نوعیت اور شان میں اور صورت واقعہ میں ایسی ہی بے مثل اور بے نظیر ہو کہ جو نہ پہلے کبھی ہوئی ہو اور نہ آئندہ کبھی ہو سکے۔ ہر ایک قسم کی مصیبتوں اور تکلیفوں کا بدرجۂ کمال اس شہادت میں خاتمہ ہو جائے۔ اور ایسا ہی جیسا کہ مصیبتیں عظیم و شدید تر ہوں۔ صبر و شکر الٰہی بھی اسی اعلیٰ پیمانہ پر ہو کہ جہاں صبر کا بھی خاتمہ ہو جائے نہ ایسی مصیبتیں اور اذیتیں کسی شہید راہِ الٰہی پر پڑی ہوں اور نہ ایسا صبر کسی سے ہوا ہو جوں جوں بلا اور مصیبت عظیم ہوتی جاتی ہو چہرہ نورانی تصویر محمدی گلاب کے پھول کی طرح چمکتا جاتا ہو۔ پس یہ جگر گوشہ اور یہ درجہ اور رتبۂ عالیہ رسول امی محمد عربیؐ محبوبِ الٰہی کا جو ہو سکتا ہے کہ جس کو اس کے ہی جان و جگر حسین منی وانا من الحسین نے ہی اٹھایا اور حاصل کیا۔

الغرض اگر حسینؑ مکہ سے روانہ نہ ہوتے اور مکہ میں ہی یزید کے فرستادہ شیاطین بنی امیہ کے ہاتھ سے خفیہ اور معمولی طور سے قتل و شہید ہو جاتے تو بے شک یہ عظمت و وقعت اس شہادت کو ہرگز ہرگز حاصل نہیں ہو سکتی تھی۔ اس طرح پر مکہ میں شہید ہونے سے تین دن کی بھوک و پیاس کے صدمے کہاں سے اٹھاتے۔ پانی کہاں سے بند ہوتا۔ یار و انصار کہ قتل ہوتے، جانیں دیتے کہاں دیکھتے۔ مسلم کے لاڈلے کہاں تلواریں کھاتے۔ زینب کے چاند کہاں خون میں ڈوبتے۔ حسنؑ کی نشانی، بھائی کی یادگار کہاں خون میں نہا کر گھوڑے سے گر کر ایڑیاں رگڑتی۔ عباس ماہ بنی ہاشم برابر کا بھائی کہاں شانے کٹاتا۔ کہاں گرز کھا کر گھوڑے سے گرتا اور آنکھوں کے سامنے دنیا سے سدھارتا۔ علی اکبر شبیہ پیغمبرؐ، نانا کی تصویر، گیسوؤں والا گھر کا اجالا چاند سے سینہ پر کہاں برچھیاں کھاتا، کہاں خون میں ڈوب کر گھوڑے سے گر کر آنکھوں کے سامنے دم توڑتا۔ چھ مہینے کا ننھا شیر خوار علی اصغر معصوم گلے پر تیر ظلم کھا کر کہاں باپ کے ہاتھوں پر خون اگلتا اور آنکھوں کے سامنے جان دیتا اور اپنی مظلومیت سے سوتی دنیا کو جگاتا۔ بنی ہاشم کے اٹھارہ چاند کہاں خاک و خون میں غلطاں ہوتے۔ عزیزوں دوستوں کے داغ کیونکر اٹھاتے سر اقدس نیزہ پر کب معراج پاتا۔ زین العابدین کہاں زنجیروں میں جکڑے جاتے۔ کہاں بیڑیاں پہنتے۔ زینب کی چادر کب چھینی جاتی۔ سکینہ کہاں طمانچے کھاتی۔ جسم اطہر کے کپڑے کب لوٹے جاتے۔ خیمۂ نبوی کب جلائے جاتے۔ مسند رسولؐ کیونکر پھونکی جاتی، شام اور کوفہ کے بازاروں میں، دمشق کے راستوں میں، جنگلوں میں، بیابانوں میں، یزید کے درباروں میں، شام کے قید خانوں میں، نصرانیوں کے دیر میں، راہبوں کے صومعوں میں کٹے ہوئے سر کب اور کیونکر نعرۂ تکبیر لگاتے اور کلمۂ توحید کی تبلیغ فرما کر نانا کے دین کی تعلیم دیتے اور نجات کے راستے دکھلاتے، اور

Marfat.com

دینِ اسلام کو زندہ کرتے۔ چھوٹے چھوٹے یتیم بچے باغِ رسالت کے کملائے ہوئے پھول بھوک پیاس کے صدمے اٹھائے رسیوں، زنجیروں میں جکڑے کیونکر اور کہاں صبر و رضائے الٰہی کے جوہر دکھاتے اور اپنی پیاری خاک بھری موہنی صورتوں سے کب اور کس طرح اپنی مظلومی کے جوہر دکھلا کر دنیا کو خون کے آنسو رُلاتے اور اپنے ننھے ننھے رسّی بندھے ہاتھوں سے کیونکر یزید کے تخت و تاج کو خاک میں ملاتے اور شام کے تختے کو الٹ پھینکتے۔ فی الحقیقت معرکۂ کربلا کا ایک ایک نظارہ اور شہادتِ حسینؓ کا ایک ایک واقعہ دنیا کو تہ و بالا کرنے والا اور دینِ اسلام کو توحید خداوندی کو اور بے شک دنیا کو زندہ کرنے والا ہے۔ مکہ معظمہ میں خفیہ طور پر بے معلوم طریقہ سے طواف میں یا منیٰ میں، صفا میں، یا مروہ میں حاجیوں کے ہجوم کے اندر کسی شیطان بنی امیہ کے ہاتھ سے تلوار کھا کر شہید ہو جاتے سے یہ کیفیت اور یہ کمال شہادت کب حاصل ہو سکتا تھا بلکہ اس طرح پر مکہ میں قتل ہو جانے سے حرمت کعبہ بھی جاتی خونِ حسینؓ بھی برباد ہوتا۔ حاجیوں کے قافلہ میں ہل چل اور اہلِ مکہ میں فسادِ عظیم برپا ہو جاتا اور نواسۂ رسولؐ کا خون ہدر ہو جاتا۔ قاتلوں کا کہیں پتا ہی نہ چلتا اور یزید پر کوئی الزام بھی نہ آتا۔ کوئی کہتا کہ یزید نے قتل کرا دیا ہے اور کوئی کہتا کہ نہیں عبد اللہ ابن زبیر کے آدمیوں نے حسینؓ کو قتل کر دیا ہے۔ یزید اور یزیدیوں کو اپنی برائت کا موقع مل جاتا۔ اور خونِ حسینؓ کا الزام بیچارے عبد اللہ ابن زبیر پہ ڈال دیا جاتا اور حسینؓ کے قصاص میں عبد اللہ ابن زبیر کو پکڑ کر ایک ہی تلوار سے دونوں کی خلش مٹا دی جاتی اور یزید کا دل ٹھنڈا ہو جاتا کیونکہ تاریخیں اسکا بھی پتہ دے رہی ہیں کہ عبد اللہ ابن زبیر سلطنت اور خلافت کے خواہاں تھے اور اسی لیے حسینؓ کی موجودگی مکہ میں ان کو بھی سخت گراں تھی کہ حسینؓ کے ہوتے ان کی بھی دال نہیں گل سکتی تھی جیسا کہ ہم اوپر تاریخوں کے حوالہ سے بیان کر آئے ہیں۔

Marfat.com

نیز دیکھو حسینؑ جس طرح صورت میں، سیرت میں، رفتار میں گفتار میں اپنے نانا رسول عربیؐ کی تصویر اور رسول نما آئینہ ہیں اسی طرح حسینؑ کو اس سفر میں بھی بہت زیادہ مماثلت اور مشابہت اپنے نانا رسول اللہؐ کے ساتھ حاصل رہی ہے جس طرح رسولؐ کے مکہ سے تشریف لے جانے پر قریش مکہ مشرکین ام القریٰ نے رسول عربیؐ کی گرفتاری کے لیے تعاقب کیا تھا اور غار ثور تک تلاش میں لوگ نکلے تھے اسی طرح یزید کے حاکم عمر ابن سعید اشدق والیٔ مکہ نے بھی حسینؑ کو گرفتار کر کے مکہ میں واپس لے آنے اور سفر سے روکنے کے لیے کچھ فوج حسینؑ کے تعاقب میں بھیجی تھی جس کا مدعا اور مطلب یہی تھا کہ حسینؑ کو گھیر کر مکہ میں واپس لے آئیں اور یزید کا وہی منصوبہ اور انتظام جو قتل حسینؑ کے لیے کیا گیا ہے پورا ہو جائے۔ عمر ابن سعید کو امیر الحاج بھی اسی لیے بنایا گیا تھا اور غالباً یہ بھی اندیشہ اور خوف ہوگا کہ مبادا حسینؑ اگر عراق میں پہنچ جائیں گے اور حسینؑ کے وہاں پہنچ جانے پر اگر اہل عراق حسینؑ کی طرف مائل اور متفق ہو جائیں گے تو یزید کی سلطنت و حکومت میں ضرور مشکلات پیش آجائیں گی اور رخنے پڑ جائیں گے اس لیے حسینؑ کو روکنے اور واپس مکہ لے آنے کے لیے ہی بنی امیہ نے کوششیں کیں مگر کامیابی نہ ہوئی اور امام علیہ السلام حضرت حسین مظلومؑ نے ان کے جواب میں قرآن مجید کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔ لی عملی ولکم عملکم انتم بریئون مما اعمل وانا بریٓءٌ مما تعملون (سورۂ یونس) (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۲ و روضۃ الصفا جلد ۳ صفحہ ۷۷ اور محرم نامہ خواجہ حسن نظامی صاحب صفحہ ۱۵۱ وغیرہ کتب تواریخ) بیشک حسینؑ نے مکہ معظمہ کو اسی شان اور اسی کیفیت سے چھوڑا ہے کہ جس شان اور جن اسباب سے حسینؑ کے نانا رسول عربیؐ نے شب ہجرت مکہ کو چھوڑا تھا اور حسینؑ نے اسی طرح حرمت کعبہ کو قائم و برقرار رکھا ہے جس طرح حسینؑ کے نانا

رسول اللہ صلعم نے کعبہ کی حرمت کو بچایا تھا۔ اللھم صل علی محمد و آل محمد وبارک وسلم۔

القصہ اب نہ حسینؑ کو مکہ میں قیام کی گنجائش ہے اور نہ مدینہ میں، نہ وہاں امن ہے اور نہ یہاں۔ اب سوائے عراق کے اور اتمام حجت کرنے کے کوئی مفر اور راستہ نہیں ہے اور نیز وہ مقصدِ عالی اور حکمِ رسولؐ بھی مدِ نظر ہے کہ جس کے پورا کرنے کا وقت اور زمانہ قریب آتا جاتا ہے اور جس کی پیشین گوئیاں نانا رسول اللہ صلعم فرماتے چلے گئے اور اب حسینؑ بھی برابر بیان کرتے اور ظاہر فرماتے چلے جا رہے ہیں۔ کہ میں ضرور قتل ہوں گا۔ گروہ بنی امیہ ہم کو ضرور قتل کرے گا (تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۲۰) وکان الحسین یقول واللہ لایدعونی حتی یستخرجوا ھٰذہ العلقۃ من جوفی فاذا فعلوا سلط اللہ علیھم من یذلھم حتی یکونوا اذل من قرام المراۃ ثم خرج الحسین یوم الترویہ۔ یعنی حسینؑ فرماتے تھے، قسم ہے خدا کی یہ لوگ مجھے نہیں چھوڑیں گے جب تک کہ میری جان نہ لے لیں گے۔ پس جب یہ ایسا کریں گے تو خداوند عالم ان پر ایسے شخص کو مسلط فرمائے گا جو ان کو لتۂ حیض سے بھی زیادہ ذلیل و خوار بنا دے گا، پس حسینؑ یوم ترویہ مکہ سے روانہ ہو گئے۔

بروایت صاحب ناسخ التواریخ و دیگر کتب تاریخ و مقتل یوم ترویہ ۸ ذی الحجہ کو حسینؑ نے طواف خانہ کعبہ اور سعی صفا و مروہ فرما کر حج کو عمرہ سے تبدیل کیا اور مجمع اصحاب میں خطبہ پڑھا۔ حمد و ثنائے الٰہی اور درود و سلام کے بعد فرمایا۔ موت بنی آدم کے گلے کا ہار ہے جس سے کبھی چھٹکارا نہیں جس طرح یعقوبؑ یوسفؑ کی ملاقات کے مشتاق تھے اسی طرح میں بھی اپنے بزرگوں کی ملاقات کا شائق ہوں۔ میرے لیے قتل گاہ مقرر ہو چکی ہے۔ مجھے وہاں پہنچنا ضروری ہے۔ گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ کربلا و نینوا کے درمیان جنگل کے چند بھیڑیے میرے جسم کو ٹکڑے

Marfat.com

ٹکڑے کر رہے ہیں اور میرا بند بند جدا کرتے ہیں۔ بے شک یہ امر ضروری ہونے والا ہے۔ مگر ہم اہل بیتؑ کی رضا وہی ہے جو خدا کی رضا ہے (جس میں وہ خوش اسی میں ہم خوش ہیں) خدا کی بلا و ابتلا پر ہم صابر و شاکر ہیں۔ وہ ہمارا رب ہم کو صابرین کا اجر کرامت فرمائے گا۔ ہم اہل بیت نبیؐ خدا کی بارگاہ قدس میں اس کے رسول کریمؐ کے پاس جمع ہو جائیں گے۔ پس جو شخص راہ خدا میں ہمارے لیے جان قربان کرنا چاہے موت اور لقائے الٰہی کا شائق ہو وہ ہمارے ساتھ چلے میں صبح انشاءاللہ کوچ کر جاؤں گا۔

اصحاب رسولؐ و اصحاب زادے بزرگان قریش سرداران عرب عبداللہ ابن عمر عبداللہ ابن عباس، عبداللہ بن جعفر، عبداللہ بن زبیر خبر روانگی حسینؑ سنکر حاضر ہوتے ہیں۔ جدا جدا گفتگو کرتے ہیں حسینؑ کو جانے سے روکتے ہیں۔ حسینؑ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ جواب دیتے ہیں اور فرماتے ہیں یہ بنی امیہ مجھے خانۂ خدا میں بھی نہ چھوڑیں گے۔ چین سے نہ بیٹھنے دیں گے۔ جہاں بھی جاؤں گا ڈھونڈ نکالیں گے اور قتل کریں گے یا یزید فاسق و فاجر کی بیعت پر مجبور کریں گے۔ عبداللہ ابن زبیر کے مکالمہ اور جواب کو ہم اوپر درج کر آئے ہیں حسینؑ نے فرمایا کہ میں وہ گوسفند بننا نہیں چاہتا جو مکّہ میں ذبح ہو۔ حرمت کعبہ جائے اور احترام بیت اللہ میں فرق آئے۔ عبداللہ ابن جعفر سے ارشاد ہوتا ہے کہ میرے نانا رسول اللہؐ نے ایک امر کا مجھے حکم دیا ہے، مجھے اس کا بجا لانا ضروری ہے اور میں اس امر کو یعنی اس حکم نبوی کو نہیں ظاہر کروں گا جب تک کہ میں اپنے مالک و خالق سے ملاقی نہ ہو جاؤں (دیکھو تاریخ طبری صفحہ ۲۸۸ اور تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۲۱) قال انی رایت رویا رایت فیھا رسول اللہ و امرت فیھا بامر انا ماض له علی کان اولی فقالا ما تلك الرویا فقال ما حدثت بھا احدا و ما انا محدث بھا احدا حتی القی ربی۔ یعنی حسینؑ نے فرمایا میں نے رسول اللہؐ کو خواب میں دیکھا ہے اور حضرت نے مجھے ایک حکم دیا ہے جس کی تعمیل میرے لیے

اولیٰ اور ضروری ہے۔ عبداللہ بن جعفر اور یحییٰ بن سعید (عمر بن سعید کا بھائی جو عبداللہ بن جعفر کے ساتھ حسینؑ کو واپس کرنے کے لیے آیا تھا) عرض کرتے ہیں کہ وہ کیا خواب ہے اور کیا حکم ہے؟ حسینؑ فرماتے ہیں، میں بیان نہیں کروں گا جب تک اپنے خدا کے پاس نہ پہنچ جاؤں۔ اور نیز عبداللہ ابن عمر روتے ہیں اور حسینؑ کی آنکھوں کو چوم کر بوسہ دیکر فرماتے ہیں اے قتیل، خدا کے حوالے (دیکھو صواعق محرقہ ص۱۱۷) اسی طرح عبداللہ ابن عباس روتے ہیں اور حسینؑ کی صداقت حقانیت کو اور عظمت و شرف کو ظاہر کر کے حسینؑ کو رخصت کرتے اور فرماتے ہیں۔ عبداللہ ابن زبیر کی آنکھیں ٹھنڈی ہو گئیں حسینؑ جاتے ہیں، لو حجاز خالی ہو گیا (تاریخ کامل جلد ۴ ص۱۹۔ روضۃ الصفا جلد ۳ ص۵۷)

محمد حنفیہ یہ خبر سنکر کہ حسینؑ کوفہ کی طرف جا رہے ہیں حاضر ہو کر عرض کرتے ہیں کہ بھائی! کوفہ کی طرف تشریف نہ لے جاؤ۔ یہ لوگ اہل عذر و مکر ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ یہیں قیام کیجیے۔ حسینؑ فرماتے ہیں۔ اے بھائی مجھے یہ خوف اور اندیشہ ہے کہ یہ ظالم بنی امیہ مجھے مکہ میں قتل کر ڈالیں اور میرے خون بہنے سے مکۂ معظمہ کی حرمت مباح ہو جائے۔ محمد حنفیہ عرض کرتے ہیں، تو بہتر یہ ہے کہ حضور یمن کی طرف تشریف لے جائیے۔ حسینؑ فرماتے ہیں کہ بھائی اگر میں کسی پتھر کے سوراخ میں بھی سما جاؤں تب بھی یہ ظالم مجھے نکالیں گے اور قتل کریں گے۔ محمد حنفیہ کے اصرار پر حسینؑ نے فرمایا کہ اچھا بھائی! میں سوچوں گا اور غور کروں گا، دوسرے روز علی الصباح حسینؑ سوار ہو گئے۔ محمد حنفیہ نے سنا تو روتے ہوئے دوڑے آئے۔ مہار تھام کر عرض کی! بھائی اس جلدی کی کیا وجہ ہے؟ آپ نے تو فرمایا تھا کہ ہم غور کریں گے۔ حسینؑ نے فرمایا۔ بس تمہارے جانے کے بعد میں نے رات خواب میں رسول اللہؐ کو دیکھا کہ نانا رسولؐ تشریف لائے ہیں، مجھے سینہ سے لگاتے ہیں۔ آنکھوں کو چومتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اے میرے قرۃ العین! میرے نور نظر حسینؑ! بس جلدی کرو۔ عراق کی طرف روانہ ہو جاؤ۔

مشیتِ الٰہی میں یونہی گزرا ہے کہ تم اپنے خون میں نہاؤ اور شہید راہِ الٰہی ہو جاؤ۔ (ان اللہ شاء ان یراک قتیلاً مخضباً بدمائک) محمد حنفیہ سنکر رو پڑے اور عرض کی بھائی! اگر یہی بات ہے کہ آپ کو ضرور شہید راہِ الٰہی ہونا ہی ہے تو پھر ان اہلبیت اطہار، ان بی بیوں کو کیوں ساتھ لیے جا رہے ہو۔ حسینؑ نے فرمایا، ہاں بھائی۔ نانا رسول اللہؐ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ مرضیٔ الٰہی میں یہ بھی گزر چکا ہے کہ آلِ محمدؐ، اہلبیت اطہارؑ قید ہوں۔ اسیرِ ظلم و جور بنیں اور لوٹی جائیں جب تک میں زندہ ہوں، یہ کبھی مجھ سے جدا نہ ہوں گی۔ (ان اللہ شاء ان یراهن سبایا وهن ایضاً لا یفارقنی مادمت حیاً) یہ سنکر محمد حنفیہ زار و قطار رونے لگے اور کہا کہ اچھا بھائی! تشریف لے جائیے۔ خدا کے حوالے (مقتل ابو مخنف)

بلا شک حسینؑ نواسۂ رسولؐ نے جس طرح سر دیکر قتل و شہید ہو کر بنی امیہ کی بے دینیوں اور کفر و ضلالت کے پردوں کو کھولا۔ اسلام محمدی اور دینِ الٰہی کی نورانیت کو چمکایا۔ اسی طرح رسولؐ کی نواسیوں، آلِ محمدؐ کے اسیروں اور ان ستم زدہ یتیم بچوں کے کھلے سروں غبار آلودہ چہروں، رسیوں سے بندھے ہاتھوں، طوق و زنجیر میں جکڑے مظلوموں نے شہر شہر قصبہ قصبہ شام و کوفہ میں علی الاعلان توحید کے خطبے پڑھ کر رسالت محمدی کی تبلیغ فرما کر مظلومیت کے جوہر دکھلا کر صبرِ محمدی کی شان دکھلائی۔ اور اسلامی جلوے چمکائے اور شہادت حسینؑ کی تکمیل فرمائی۔ بنی امیہ کے ظلم و جور، کفر و الحاد کے پردوں کو پھاڑا اور سوتی دنیا کو جگا دیا۔

## حسینؑ کا مکہ سے سفر اور ڈاکٹر میسو ماربین جرمنی کی رائے

ڈاکٹر میسو ماربین جرمنی فلاسفر نے اپنے اسی رسالہ میں جس کے کچھ اقتباسات پہلے درج کیے جا چکے ہیں اس سلسلۂ سفر حسین علیہ السلام پر بھی اپنی تحقیق سے

Marfat.com

اچھی روشنی ڈالی ہے اور ان دوست احباب کی رخصت کے واقعات کو بیان کرتے ہوئے تسلیم کرتے ہیں کہ حسینؑ کا یہ سفر نہ سلطنت کے لیے تھا، نہ حصولِ حکومت کے واسطے بلکہ محض دین محمدی اور ترویج اسلام کے لیے قتل و شہید ہونے کو حسینؑ جا رہے تھے جیسا کہ خود ظاہر فرماتے اور بیان کرتے چلے گئے ہیں چنانچہ ڈاکٹر موصوف لکھتے ہیں :۔

"حسینؑ اپنے ان دوستوں سے جو اُنھیں اس سفر سے ممانعت کرتے تھے۔ صاف طور پر کہہ دیتے تھے کہ میں تو مقتول ہونے کے لیے جا رہا ہوں چونکہ ان لوگوں کے خیالات محدود تھے اور حسینؑ کے مقاصد عالیہ پر انھیں اطلاع نہ تھی۔ اس سفر سے ممانعت میں اصرار کرتے تھے جس کا آخری جواب حسینؑ کی طرف سے یہ تھا کہ خدا کی مشیت یہی ہے اور میرے نانا نے مجھے یہی حکم فرمایا ہے اور جب وہ اصرار کرتے تھے کہ آپ مقتول ہونے کی غرض سے جاتے ہیں تو عورتوں اور بچوں کو ہمراہ نہ لے جائیں تو جواب دیتے تھے کہ خدا کی مشیت یہی ہے کہ میرے عیال اسیر و مقید ہوں اور حسینؑ کے یہ کلمات اس وقت جو روحانی ریاست کی حیثیت سے تھے لاجواب تھے یعنی کسی کو مجال دم زدن نہ ہوتی تھی"

اور "یہ دلیل ہے اس بات کی کہ حسینؑ سوائے ان عالی خیالات کے جو اُن کے سر میں تھے۔ کوئی دوسری غرض خیال میں لاتے ہی نہ تھے اور (ظاہر ہے) یہ مصائب انھوں نے سلطنت و بادشاہی کے لیے برداشت نہیں کیے اور نہ بغیر سمجھے ہوئے اس مہلکۂ عظیم میں انھوں نے قدم رکھا ہے جیسا کہ ہمارے بعض مورخین نے خیال کر لیا ہے اور دلیل اس کی یہ ہے کہ وہ اپنے مخصوص اصحاب سے جن کے دماغ روشن اور عقل سلیم تھی اس واقعہ سے سالہا سال پیشتر اپنی مصیبتوں سے تسلی دینے کے لیے کہا کرتے تھے کہ میرے قتل ہو جانے کے بعد

اور ان جانکاہ مصائب کے گزر جانے کے بعد خداوند عالم ایک جماعت کو آمادہ کرے گا جو حق کو باطل سے جدا کریں گے۔"

(یہ خبر اور پیشین گوئی ہے اس عظیم الشان ریوولیوشن کی جو بعد شہادت حسینؑ واقع ہوا۔ لوگوں نے حق و صداقت کو پہچان لیا۔ بنی امیہ کی بے دینیاں طشت از بام ہوگئیں) (مولف)

اور ہماری قبروں کی زیارت کریں گے اور ہماری مصیبتوں پر روئیں گے اور دشمنانِ آلِ محمدؐ کو اچھی طرح ہلاک کریں گے۔ یہ لوگ خدا کے دین اور میرے نانا کی شریعت کی ترویج کریں گے اور میں اور میرے جدِ بزرگوار انھیں دوست رکھیں گے اور وہ قیامت کے دن ہمارے ساتھ محشور ہوں گے۔"

(بلا شک وشبہ اس غلط محض اور سراسر بے بنیاد خیال کی کہ حسینؑ سلطنت و حکومت کی لالچ سے کوفیوں اور عراقیوں کے وعدہ پر فریفتہ ہوکر اور دھوکہ کھا کر مکہ سے عراق کو روانہ ہوگئے تھے کافی سے زیادہ تردید کی جاچکی ہے ان واقعاتِ سفر اور حالاتِ زمانہ پر نظر ڈالتے ہوئے امام حسین علیہ السلام کے اقوال و افعال اور مورخین و محققین کی تحریروں اور جوابوں کو دیکھتے ہوئے کون منصف مزاج اور عقلمند انسان ہے کہ جو اس امر کو تسلیم و قبول کرلے کہ معاذ اللہ حسینؑ سلطنت و حکومت لینے کے لیے دھوکہ کھا کر مکہ سے عراق کو گئے تھے اور اپنے علم و ارادہ سے قتل و شہید ہونے کے لیے نہیں گئے تھے۔

بے شک بقول جناب مکرم و محترم سید محسن مرزا صاحب ایم۔اے بی۔ٹی پرنسپل گورنمنٹ کالج کیمبلپور، حسینؑ کا حاکم مدینہ ولید ابن عتبہ سے بیعتِ یزید کا انکار کرکے کیا مدینہ سے مکہ تشریف لے جانا اور

کیا اہلِ کوفہ کے بلاووں پر اپنے جانے سے پہلے مکہ سے حضرت مسلم کو کوفہ روانہ کر دینا یہ سب امور بخوبی ظاہر کر رہے ہیں کہ درحقیقت حسینؓ اپنے مخالف و مقابل یزید کو تیاری جنگ اور اپنے قتل و شہادت کے لیے مہلت اور وقت دے رہے ہیں تاکہ یزید اپنی پوری قوت و طاقت سے انتہائی ظلم و تشدد کے ساتھ فرزندِ رسولؐ حسین مظلومؓ کو قتل و شہید کرنے کے لیے تیار ہو جائے، اور حسینؓ اپنی پوری مظلومیت اور کامل سچائی کے ساتھ اتمامِ حجت فرماتے ہوئے جاھدوا فی سبیل اللہ کی پوری تعمیل کا نقشہ دکھلا کر شہیدِ راہِ الٰہی بن کر حق و صداقت پر قربان ہو جائے۔

اس کے بعد اگر ہم تھوڑی دیر کے لیے علی الرغم المخالفین حسینؓ کے دشمنوں کے اس خیال کو تسلیم بھی کر لیں تب بھی واقعی حسین معصومؑ کی ذات ہدایت صفات پر خاکم بدہاں کوئی الزام اور دھبہ دنیا کی لالچ اور سلطنت و حکومت کی ناجائز خواہش کا نہیں آسکتا کیونکہ حسینؓ ہی اپنے زمانہ میں رسولِ عربیؐ کا جان و جگر اور ذات و صفات میں نانا کا آئینہ ہے۔ ہدایت و رہبری اسلام اور مسلمانوں کی خلافت و امامت کا بہترین حقدار ہے۔ اسلام کا غمگسار اور مسلمانوں کا پورا ہمدرد ہے جیسا کہ ہم ثابت کر چکے ہیں حسینؓ کے زمانہ میں حسینؓ سے بڑھ کر کوئی دوسرا شخص نہ جانِ رسولؐ نہ فرزندِ نبیؐ کہلانے کا مستحق اور نہ خلافتِ رسولؐ اور مسلمانوں کی امارت کے لیے موزوں اور بہترین حقدار بن سکتا ہے۔

اگر مسلمانوں کی بہبود و فلاح اور مسلمانوں کو ناجائز و نالائق اور نااہل ظالموں کے پنجۂ ظلم سے چھڑانے کے لیے حسینؓ خلافت و امارت کی خواہش بھی کریں اور سلطنت اسلامی اور حکومت خدائی جس کے وہ ہر طرح اہل و مستحق ہیں لینا بھی چاہیں تو ہرگز ہرگز ناجائز و نامناسب نہیں کہا جا سکتا۔

Marfat.com

کسی مستحق و حقدار کا اپنے حق کو طلب کرنا کبھی بھی ناجائز اور قابل الزام قرار نہیں دیا گیا حسینؑ اگر سلطنت و حکومت کے لیے ہی نکلے تھے تو کیا (معاذاللہ) عیش پرستی، نفس پروری اور ظلم و جور سے مسلمانوں کے گلے کاٹنے، غریبوں کے پیٹ کاٹ کر اپنے جلسۂ نشاط اور محفل شراب نوشی و دستر خوانوں کی رنگا رنگی جمانے کے لیے اور احکام الٰہی کو طریقۂ محمدی کو الٹ پلٹ کر دینے کے لیے نکلے تھے؟ توبہ توبہ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ بے شک حسینؑ کا مدعا مثل اپنے بزرگوں کے صرف مسلمانوں کی فلاح و بہبود اور ہدایت و رہبری کا ہی تھا اور رہا ہے۔

بے شک حسینؑ کا فرض ہے کہ ؎

اگر بینی کہ نابینا و چاہ است　　　دگر خاموش بنشینی گناہ است

حسینؑ راہِ حق دکھلائیں، ہدایت کی طرف بلائیں۔ یہی حسینؑ کی سلطنت ہے اور یہی حسینؑ کی حکومت و بادشاہت۔ چنانچہ واقعی حسینؑ اس سلطنت کو لینے کے لیے نکلے اور واقعی حسینؑ نے یہ سلطنت قیامت تک کے لیے حاصل فرمالی اور جاودانی حکومت کا تخت حاصل کر لیا اور ظالم و جابر اپنے مخالفین بنی امیہ کے تخت و سلطنت کو قیامت تک کے لیے مٹا دیا۔

کہاں ہیں یزید کے نقیب، بنی امیہ کے جان نثار، حسینؑ کی حقانیت پہ پردہ ڈالنے والے، دیکھیں اور سنیں کہ حسینؑ مدینہ سے مکّہ اور مکّہ سے کربلا تک برابر یہی فرماتے اور ظاہر کرتے چلے جا رہے ہیں کہ ہم ضرور قتل ہوں گے۔ شہید ہوں گے۔ گھر بار لٹائیں گے۔ سر دیں گے۔ جان فدا کریں گے مگر نانا نے جو حکم دیا ہے، جس امر پہ ہم کو مامور فرمایا ہے اس کی تعمیل میں فرق نہ آئے گا۔ توحید کو قائم کروں گا۔ دین کو بچاؤں گا، اور یزید فاسق و فاجر کی بیعت ہرگز نہ کروں گا اور اسلام پہ دھبہ

نہ آنے دوں گا۔ بے شک واقعی، واللہ، ثم باللہ۔ حسینؑ نے کبھی بھی ایک آنِ واحد کے لیے بھی بیعتِ یزید کے لیے میلان و رغبت بھی ظاہر نہیں فرمائی اور ایک لفظ بھی کبھی یزید سے بیعت کرنے کے متعلق ظاہر نہیں کیا۔ (دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ صفحہ ۲۸)

عقبہ بن سمعان بیان کرتا ہے کہ میں مدینہ سے مکہ اور مکہ سے عراق تک برابر حسینؑ کے ساتھ ساتھ رہا ہوں اور جب تک حسینؑ شہید نہیں ہوئے حسینؑ سے علیحدہ نہیں ہوا۔ میں نے لوگوں کے ساتھ حسینؑ کی تمام گفتگوؤں کو مکالموں اور خطبوں کو خوب سنا ہے جو شہادت کے وقت تک حسینؑ نے فرمائے، واللہ قسم ہے خدا کی، حسینؑ نے کبھی ایک لفظ بھی بیعت کے لیے یزید کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ دینے کی بابت نہیں فرمایا۔ اور سرحداتِ اسلام پر چلے جانے کی خواہش نہیں فرمائی۔ بس یہی فرمایا کہ مجھے چھوڑ دو۔ میں جہاں سے آیا ہوں وہاں ہی واپس چلا جاؤں گا۔ یا اس لق و دق جنگل میں چلے جانے دو۔ (اذھب فی ھٰذہ الارض العریضۃ) میرے مزاحم نہ ہو اور مجھے مجبور و تنگ نہ کرو۔ مگر ظالموں نے نہ مانا (نیز ابن جریر نے بھی اپنی تاریخ کبیر طبری میں اسی عقبہ بن سمعان کی اس روایت کو درج فرمایا ہے) صفحہ ۳۱۴

# اہلِ کوفہ کون تھے؟

حسینؑ نے اپنی روانگی مکہ سے پہلے اہلِ کوفہ کے بلاووں اور بے شمار تقاضوں اور اصراروں پر (جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے) اپنے چچا زاد بھائی ابن عم رسولؐ حضرت مسلم ابن عقیل کو بطور اپنے ایلچی اور نائب کے کوفہ کی طرف روانہ فرما دیا تھا (تاریخ طبری جلد ۶ صفحہ ۱۹۴ و ۱۹۷) اور حضرت مسلم امام حسینؑ

کی روانگی مکہ سے پہلے کوفہ پہنچ چکے تھے۔ اب قبل اس کے کہ ہم مسلم کی سفارت کے انجام پر روشنی ڈالیں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کوفہ اور کوفہ والوں کے فطرتی کیرکٹر کو بھی کچھ کچھ ظاہر کرتے چلیں تاکہ ناظرین کو معلوم ہو جائے کہ یہ کوفہ والے "فطرتاً" کیسے انسان تھے اور کس آب و ہوا میں ان کا نشو ونما ہوا تھا۔ اور یہ کہاں تک حسینؑ کے دوست اور شیعہ کہے جا سکتے ہیں۔

کوفہ والوں کی تلون مزاجی و بے ثباتی اور لشکری لوگوں کی طرح بے وفائی و بے مروتی ضرب المثل چلی آتی ہے۔ تاریخوں کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عہد خلافت ثانیہ میں ۱۷ھ ہجری کے اندر ضروریات ملکی، حفاظت سرحدات کے خیال سے بصرہ اور کوفہ کو بطور فوجی مقامات اور چھاؤنیوں کے آباد کیا گیا تھا۔ بصرہ کو عتبہ بن ولید اموی نے بسایا اور ان کو ہی یہاں کا کنٹونمنٹ مجسٹریٹ اور حاکم مقرر کیا گیا۔ کوفہ کو سعد بن ابی وقاص نے آباد کیا اور وہی کوفہ کے حاکم اور گورنر مقرر ہوئے۔ (انہی سعد صاحب کے بیٹے عمر ابن سعد ہیں جو قتل حسینؑ کا بیڑا اٹھا کر حکومت رَے کے وعدہ پر یزید اور اس کے نائب عبیداللہ ابن زیاد کے حکم سے سپہ سالار فوج بن کر حسینؑ سے لڑنے کے لیے کربلا گئے تھے اور یہ وہی سعد ابن ابی وقاص ہیں کہ جنھوں نے خلافت ظاہری کے وقت میں بھی علیؑ کی بیعت سے انکار کیا اور آخری وقت تک علیؑ سے علیحدہ رہے۔ علیؑ نے کہا کہ اسے جانے دو یہ حاسد شخص ہے) (دیکھو ابن قتیبہ دینوری صفحہ ۹۵ و ابن جریر طبری، اسد الغابہ وغیرہ)

پس روز آبادی سے کوفہ کی حکومت ایسے ہی حضرات کے ہاتھوں میں رہی ہے کہ جو یا تو خاندان بنی امیہ کے رکن تھے یا بنی امیہ کے حامی و مددگار و جان نثار اور خاندان رسالت علیؑ و آل علیؑ کے سخت مخالف اور جانی دشمن چلے آتے تھے سعد ابن ابی وقاص، مغیرہ بن شعبہ، ولید بن عتبہ، سعید بن العاص، ابو موسیٰ اشعری اور زیاد ابن ابیہ وغیرہ

Marfat.com

پس کوفہ کی عنانِ حکومت انہی لوگوں کے ہاتھ میں، اور کوفہ اور کوفہ والے لگاتار انہی صاحبوں کے زیر اثر اور تختِ حکومت چلے آتے رہے۔ بیچ میں تھوڑے عرصہ کے لیے عمار ابن یاسر بھی (یہ وہی عمار ہیں جن کی بابت رسول اللہؐ نے پیشین گوئی فرمائی تھی کہ یا عمار تم کو گروہِ باغی قتل کرے گا، اور جو جنگ صفین میں اس پیشین گوئی کے مطابق علیؑ کی حمایت و نصرت میں امیر معاویہ کی فوجوں اور بنی امیہ کے ہاتھ سے شہید ہوئے تھے) حضرت عمر کے عہد میں کوفہ کے حاکم مقرر کیے گئے تھے مگر کوفہ والوں کی سازش اور شکایت پر جلد مستعفی ہو گئے تھے۔ اور مغیرہ حاکم بنا کر بھیج دیے گئے تھے (تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۱، ۱۲، ۳۹، ۴۰، ۴۸ و ۵۰) ولید اور مغیرہ خاندان بنی امیہ کے رکن ہیں۔ ان کے کچھ حالات بھی بنی امیہ کی ذیل حصہ دوم میں ان شاء اللہ درج کیے جائیں گے۔ نیز علامہ بلاذری نے بھی فتوح البلدان میں کوفہ کی آبادی کے حالات اور کوفہ والوں کے کیرکٹر پر اسی کے قریب قریب روشنی ڈالی ہے اور نیز جن حکام کے زیر اثر کوفہ رہا ہے ان کے نام بھی درج کیے ہیں۔ نیز یہ امر بھی قابلِ توجہ ہے کہ حضرت عثمان کے بعد کوفہ والے علیؑ کی خلافت کے خواہاں نہ تھے بلکہ چاہتے تھے کہ زبیر خلیفہ ہوں مگر جب زبیر اور طلحہ نے خود علیؑ کی بیعت قبول کر لی تو کوفہ اور بصرہ والوں نے بھی علیؑ کی اطاعت کو منظور کر لیا تھا۔ تفصیل کے لیے دیکھو فتوح البلدان بلاذری ماخوذ از صلاح النشئتین مولوی سید غضنفر علی صاحب صفحہ ۹ تا ۱۲)

پس بے شک آباد ہونے کے وقت سے حسینؑ کے زمانہ تک تقریباً چالیس سال برابر کوفہ اور کوفہ والوں نے ایسی آب و ہوا میں نشو و نما اور پرورش پائی کہ جو ہمیشہ سے آلِ محمدؐ اور علیؑ و خاندانِ علیؑ کی محبت کے لیے سخت مخالف اور خون کی پیاسی رہی ہے اس عرصہ میں خلافتِ ظاہری کے زمانہ میں

زیادہ سے زیادہ چار ساڑھے چار سال تک علیؑ کا تعلق کوفہ سے ضرور رہا ہے لیکن ظاہر ہے کہ علیؑ کی چار سالہ حکومت اتنے لمبے ۳۰، ۳۵ سال کے اثر کو کسی طرح بھی زائل اور مٹا نہیں سکتی تھی اور اس چار سالہ زمانۂ خلافت میں بھی علیؑ کے ساتھ جیسا کچھ محبت و اخلاص اور اطاعت و فرمانبرداری اور عقیدت مندی کا سلوک کوفہ والوں نے رکھا ہے وہ جنگِ صفین اور تقررِ حکمین وغیرہ کے واقعات اور حالات پر نظر ڈالنے سے بخوبی روشن ہو جاتا ہے کہ کیونکر امیر معاویہ اور عمرو عاص کی سازشوں اور چالبازیوں کے جال میں پھنس کر سونے چاندی کی جھلک سے چکا چوند ہو کر ایک دم جنگ میں لڑائی کی حالت میں ہی ہتھیار گرا دیتے تھے اور خود علیؑ کی مخالفت اور قتل پر آمادہ ہو جاتے تھے جو یقینی امیر معاویہ کی سازشوں اور پراپیگنڈا کا نتیجہ تھا۔ واقعی یہ لوگ نہ اسلام کے کبھی سچے وفاشعار ہوئے اور نہ کبھی دین کے پختہ راسخ الاعتقاد بنے (دیکھو علیؑ اور آلِ علیؑ اہلبیتِ محمدی اپنے خطبوں میں، اپنی تقریروں میں ان کے روبرو، ان کے سامنے ہمیشہ ان کی مذمتیں فرماتے اور بے وفائی و بدعہدی کی شکایتیں ظاہر کرتے رہے ہیں)

اس زمانہ میں جبکہ امیر معاویہ کے مرنے کے بعد اہلِ کوفہ نے اپنی رہبری و ہدایت کے لیے حسینؑ کو مدعو کیا تھا تین قسم کے لوگ کوفہ میں موجود تھے۔ ایک گروہ تو ان حضرات کا تھا کہ جو اگرچہ تعداد میں قلیل تھے مگر سچے دل سے آلِ محمدؐ کے جان نثار، علیؑ و آلِ علیؑ کے شیفتہ و دوستدار کہلانے کے مستحق تھے۔ فی الحقیقت یہی سچے دیندار اور پکے مسلمان رسول اللہؐ کا زمانہ دیکھے ہوئے اور علیؑ کی صحبت اٹھائے ہوئے تھے۔ مسلم ابن عوسجہ حبیب ابن مظاہر، زہیر قین بجلی، ہانی ابن عروہ، عبداللہ عفیف، سلیمان صرد خزاعی،

مسیب ابن نخبہ وغیرہ وغیرہ اور ان کے ساتھ کے لوگ۔

اوران کے علاوہ ان سے پہلے جو لوگ علیؑ کے سچے وفادار، دوست اور حقیقی شیعہ آلِ محمدؐ کہے جا سکتے تھے اور کہے جاتے تھے، عدی بن حاتم، عمرو بن حمق، قیس، مالک اشتر جیسے باا ثر بزرگوار، دیندار، صالح و نیک، نماز گزار حضرات پہلے ہی محبتِ علیؑ کے الزام میں امیر معاویہ اور بنی امیہ کے ظلم وستم کا شکار ہو کر شہید کیے جا چکے تھے۔ انکے حالات بھی تاریخوں میں موجود ہیں اور انشاء اللہ ہم حصہ دوم میں انکو بھی درج کریں گے۔

دوسرا گروہ وہ تھا کہ جو بنی امیہ کا زبردست حلیف، جان نثار اور طرفدار تھا جیسے کہ عبداللہ ابن مسلم حضرمی، عمارہ ابن الولید بن عقبہ، عمر ابن سعد وغیرہ وغیرہ جو طاقت و قوت میں بھی زیادہ تھے اور قدیم سے خاندانِ رسالت آلِ محمد اور اولادِ علیؑ کے جانی دشمن اور بدخواہ اور دربارِ اموی کے معتمد علیہ اور خاص سربرآوردہ امرا میں سے تھے۔

تیسرا گروہ عام پبلک، عوام کالانعام کے مصداق لشکری لوگ تھے جن کا آگا اگر شیر کا تھا تو پیچھا گیدڑ کا۔ جہاں سے پیسہ ملا اُدھر ہی منہ پھر گیا۔ ہمیشہ تخت و کرسی کو پوجتے رہے اور جدھر سے ڈنڈا پڑا ادھر ہی جھک گئے اور کان دبا کر اس کے پیچھے ہو لیے جس کی لاٹھی اس کی بھینس کے اصول پر ہمیشہ پیسے کے یار اور ڈنڈے کے غلام رہے ہیں۔ نہ کبھی انھوں نے علیؑ کو خلیفہ بلا فصل مانا اور نہ کبھی سچے دل سے اہلبیت نبویؐ علیؑ و آلِ علیؑ کی محبت کا دم بھرا۔

ملاحظہ ہو۔ حسینؑ کے قاتل جن کو کوفہ کے شیعانِ علیؑ بتایا جاتا ہے وہ خود علیؑ کی دشمنی و عداوت کا اقرار کرتے ہیں اور اپنے آپ کو علیؑ کے دوستوں میں سے نہیں بتاتے۔ دیکھو میدانِ کارزار میں روزِ عاشورا حسینؑ ان لوگوں سے فرماتے ہیں۔ ویلکم اتقتلونی علی سنۃ بدلتہا ام علی شریعۃ غیرتہا ام علی جرم فعلتہ ام علی حق ترکتہ فقالوا لہ انا نقتلک

بغضا لابیک (ینابیع المودۃ علامہ قندوزی مطبوعہ مصر ص۳۲۳ ونیز مقتل علامہ ابو اسحاق
اسفرائنی) یعنی خدا تمہارا برا کرے، کیا تم مجھے اس لیے قتل کرتے ہو کہ میں نے کسی سنت رسولؐ
کو بدل دیا ہے؟ یا شریعت کے کسی حکم کو تغیر کر دیا ہے؟ یا تمہارا کوئی جرم یا قصور کیا ہے؟
یا میں نے تمہارے کسی حق کو ترک کر دیا ہے؟ اسکے جواب میں یہ لوگ کہتے ہیں۔ نہیں حسینؑ
یہ نہیں، بلکہ ہم تو تم کو اس لیے قتل کرتے ہیں کہ ہم کو تمہارے باپ سے بغض و عداوت ہے۔

اس کے علاوہ ملاحظہ ہو کر رفقاء و انصار حسینؑ میدان کارزار میں رجزیں پڑھتے ہیں۔
یہ بزرگوار تو اپنے آپ کو ان رجزوں میں دین علیؑ پہ بتلاتے ہیں اور مخالفان و دشمنان حسینؑ
جو مقابلہ کو آتے ہیں تو ان شہیدان حسینی کے جواب میں (امیر معاویہ کے اسی پراپگنڈا
اور تجویز کے مطابق جو علیؑ سے جنگ کرنے کے لیے بیچارے حضرت عثمان کے قتل
کا بہانہ گھڑ لیا گیا تھا اور شیعان علیؑ اور شیعان عثمان دو فرقے بنا دیے گئے تھے)
علیؑ کی مخالفت میں اپنے آپکو شیعہ عثمان اور دین عثمان پہ بتاتے ہیں جیسا کہ نافع ابن ہلال
بجلی جب حسینؑ کی طرف سے جنگ کو گئے اور انھوں نے اپنی رجز میں کہا۔ انا ابن ھلال
البجلی، انا علی دین علیؑ و دینہ دین النبیؐ۔ "میں ہوں ہلال بجلی کا بیٹا، میں علیؑ کے
دین پہ ہوں جس کا دین نبیؐ کا دین ہے" ان کے مقابلہ کے لیے مزاحم بن حریث لشکر یزید
سے نکلتا ہے اور کہتا ہے کہ میں دین عثمان پہ ہوں۔ نافع نے فرمایا نہیں، بلکہ تو دین
شیطان پہ ہے (دیکھو تاریخ ابن جریر طبری، روضۃ الصفا و ناسخ التواریخ جلد ۶ ص۲۶۶)

کیا خوب! علیؑ کے دشمن حسینؑ کے قاتل تو اپنی زبانوں سے، اپنے افعال و کردار سے
ہانکے پکارے بتا رہے ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ ہم دین علیؑ پہ نہیں۔ ہم علیؑ کے دشمن
اور حسینؑ کے مخالف ہیں اور دوستداران معاویہ، محبان بنی امیہ میں سے ہیں مگر
پیروکاران یزید صفائی یزید کے لیے ان کو خواہی نخواہی علیؑ کے شیعہ اور دوست
ثابت کرنے پہ زور لگاتے ہیں۔ مدعی سست گواہ چست کے معنی یہی ہیں۔ اس لیے

Marfat.com

لوگوں کو شیعیانِ حسینؑ اور آلِ محمدؐ کے دوستدار اور علیؑ کے محب کہنا سراسر کذب و بہتان اور دنیا کو دھوکہ دینا ہے۔ یہ لوگ ایسے ہی شیعہ اور علیؑ کے دوست کہے جا سکتے ہیں جیسے کہ زیاد بن سمیہ کو علیؑ کا شیعہ اور دوست کہا جائے یا حضرت طلحہ کو شیعانِ حضرت عثمان و حضرت علیؑ میں شمار کیا جائے۔ یہی زیاد اگر پہلے ایک وقت میں علیؑ کے زمانہ حکومت اور خلافتِ ظاہری میں علیؑ کی طرف سے فارس کے حاکم اور امیر معاویہ کے سخت مخالف اور دشمن بنتے ہوئے امیر معاویہ کو گالیاں دیتے نظر آرہے ہیں تو دوسرے وقت میں کل شیئ یرجع الیٰ اصلہ کے اصول پر امیر معاویہ کے پیارے بھائی قوتِ بازو ابوسفیان کے الحاقی بیٹے یزید کے چچا جان بنے نظر آتے ہیں اور کوفہ و بصرہ کے منبروں پر علیؑ کو سب و شتم کرتے اور شیعانِ علیؑ محبانِ آلِ محمدؐ کا قلع قمع کرتے نظر آتے ہیں اور ظلم و ستم، جور و تشدد میں شہرۂ آفاق بنے دکھائی دیتے ہیں۔

اور اسی طرح دیکھو حضرت طلحہ بھی آخری عہدِ خلافتِ ثالثہ میں حضرت عثمان کے قتل کے لیے لوگوں کو ابھارتے ہیں اور حضرت عثمان پر دانہ پانی بند کرا دیتے ہیں اور پھر بعد حضرت عثمان اوّل آکر علیؑ سے بیعت کرتے اور دوستی کا اظہار کرتے ہیں اور پھر جنگِ جمل میں علیؑ کے ہی مقابلہ کو نکل پڑتے ہیں۔ تاریخ کامل اور ابن قتیبہ میں یہ سب واقعات تفصیل سے درج ہیں۔ ہم انشاءاللہ حصہ دوم میں اس پر بھی روشنی ڈالیں گے۔

فی الحقیقت ایسے کھلم کھلا دشمنانِ علیؑ کو شیعۂ علیؑ اور محبانِ آلِ محمدؐ کہنا شیعت کی بے حرمتی کرنا اور دنیا کو دھوکہ دینا ہے۔ ان تدبیروں اور دھوکہ دہی کے بیانوں سے قتلِ حسینؑ اور تباہیٔ آلِ محمدؐ کا الزام یزید کی گردن سے کبھی اتر نہیں سکتا۔ یہ سیاہ دھبہ کفر و ضلالت اور دشمنیٔ آلِ محمدؐ اور قتلِ حسینؑ کا یزید اور یزیدیوں پر لگ چکا ہے وہ کسی ہوا خواہ اور طرفدارِ یزید کے دھونے سے مٹ نہیں سکتا۔ یہ تو

Marfat.com

ویسا ہی عذر ہے جیسا کہ امیر معاویہ نے حضرت ام المومنین جناب عائشہ، حضرت ابوبکر خلیفۂ اول کے فرزند محمد ابن ابی بکر حاکم مصر کے شہید کرنے اور لاش کو پھونک دینے کے الزام سے خود بری ہونے کے لیے پیش کیا تھا اور کہا تھا کہ میں نے ایسا نہیں کیا یہ تو عمر عاص اور معاویہ ابن حدیج کا فعل ہے (کیا خوب! عمرو عاص اور معاویہ ابن حدیج کو کس نے بھیجا تھا اور کس کی طرف سے فوجیں محمد ابن ابی بکر سے جنگ کرنے اور لڑنے گئی تھیں)

ہمارے مخدوم و مکرم سرکردہ صوفیائے عظام جناب خواجہ حسن نظامی صاحب نے اپنی کتاب یزید نامہ میں اس موضوع کے متعلق بھی ریمارک فرمایا ہے اور بظاہر یزیدی گروہ کے خیال کے مطابق ان کوفہ والوں کو شیعہ بیان فرما گئے ہیں مگر اخیر میں واقعۂ کربلا اور قتل شہادتِ حسینؑ کا مکمل الزام یزید اور بنی امیہ کی گردن میں ڈال کر ثابت کر گئے ہیں کہ حقیقت میں آلِ محمدؐ کا خون بہانے والے اور حسینؑ کے قاتل یزید اور بنی امیہ ہی ہیں اور اخیر میں تحریر کر گئے ہیں کہ کوفیوں کو شیعہ کہنا شیعیت کی بے حرمتی کرنا ہے (یزید نامہ صفحہ ۳۱ و ۳۲)

بہرکیف حسینؑ کے دوست علیؑ کے شیعہ آلِ محمدؐ کے فدائی وہی بزرگوار تھے کہ جنھوں نے حسینؑ کے ساتھ کربلا میں حسینؑ کے شریک حال ہو کر مصیبتیں جھیلیں بھوک پیاس کے صدمے اٹھائے، نیزے کھائے۔ تلواروں سے زخمی ہوئے اور حسین پر سینہ سپر بنے حسینؑ کے پسینہ پر اپنا خون بہایا اور جب تک خود زندہ رہے حسینؑ پر آنچ نہ آنے دی اور حسینؑ پر قربان ہو کر حسینؑ سے پہلے بہشت میں پہنچ گئے۔ ؎

دوست آں باشد کہ گیرد دستِ دوست … در پریشاں حالی و درماندگی

اور بے شک جو سچے عقیدت شعار محبتِ حسینؑ میں رنگے ہوئے اپنی کمزوری و

کم سعادتی کی وجہ سے بنی امیہ کے ظلم و تشدد اور سخت دار و گیر تاکہ بندیوں سے مجبور ہو کر نصرت حسینؑ کے لیے کربلا نہ پہنچ سکے تھے قید خانوں ہی میں گرفتار پڑے تھے۔ ان لوگوں نے جب بھی موقع پایا فوراً ہی انتقام حسینؑ کے لیے قاتلانِ حسینؑ کو قلع قمع کرنے اٹھ کھڑے ہوئے اور بطور کفارہ اسی انتقام کشی میں اپنی جانیں دیکر حسینؑ کی خدمت میں پہنچ گئے۔ بس یہی شیعانِ علیؑ تھے اور یہی محبانِ حسینؑ تھے۔ ان میں سے حسینؑ کے برخلاف جو کر کربلا میں شریک ہونے والا ہو ایک فرد بھی نظر نہیں آتا۔ بس معرکۂ کربلا میں حسینؑ سے لڑنے کے لیے عمر سعد کے لشکر میں شام کے ہوں یا عراق کے بصرہ کے ہوں، یا کوفہ کے وہی لوگ تھے کہ جو بنی امیہ کے پیسے کے یار اور تلوار کے غلام یا آلِ محمدؐ کے قدیمی دشمن اور بدخواہ چلے آتے ہیں۔

## حسینؑ کے ایلچی کی شہادت

الغرض سرآمد بر سر مطلب ادھر حضرت مسلم کوفہ پہنچے اور اس طرف دربارِ شام میں کوفہ سے پرچیا لگا۔ بنی امیہ کے حلیف، یزید کے خیرخواہ، جاں نثار عبداللہ ابن مسلم حضرمی اور عمر ابن سعد و عمارہ ابن الولید نے کوفہ کے حالات لکھ کر یزید سے درخواست کی کہ اگر آپ کو کوفہ کی حکومت کی خواہش اور ضرورت ہے تو یہاں پر کسی سخت گیر حاکم کو جلدی بھیجو ورنہ کوفہ ہاتھ سے نکل جائیگا اس عرضداشت کے پہنچتے ہی یزید نے امیر معاویہ کے غلام سرجون نامی سے مشورہ کر کے امیر معاویہ کی آخری وصیت اور تجویز کے مطابق بصرہ کے ساتھ کوفہ کی حکومت کا فرمان بھی عبداللہ ابن زیاد کے نام لکھا اور نہایت ضروری میں یہ فرمان حکومت کوفہ کا مع ہدایات ضروری کے کہ فوراً بلا توقف کوفہ پہنچ کر کماحقہ انتظام کرو اور مسلم کو گرفتار کر کے قتل کر دو اپنے خاص معتمد مسلم[1] ابن عمرو باہلی کے ہاتھ روانہ کیا (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۱۱)

---

[1] یہ مسلم ابن عمرو باہلی نہایت درجہ شقی اور دشمن آلِ محمدؐ تھا۔ ۱۲

علامہ ابو اسحٰق اسفرائنی نے اس فرمان کی عبارت اپنی کتاب میں اس طرح لکھی ہے:۔
واعلم ان الحسین ارسل الی اھل الکوفۃ والعراق مسلم لیصلی بھم ویخطب لھم ولیقضی بینھم فاسرع الیہ فاقتلہ وارسل الی راسہ وانظر جمیع من یحب الحسین اویذکرہ علی لسانہ اودخل فی بیعتہ فانھہ وان لم ینتہ فاقتلہ واقتل عیالہ وانھب المال والمواشی حریمہ واحتال فی قتل الحسین وجمیع من معہ لانہ قادم الیھم قریبا وافعل ما شئت وانک ولی الامر عنی علی جمیع البلاد وکلما فعلتہ رضیناہ والحذر ثم الحذر ان تتھاون فی قتل الحسین واصحابہ (ص ۲۳) یعنی "واضح ہو کہ حسینؑ نے مسلم کو اہل کوفہ وعراق کی طرف بھیجا ہے، تاکہ ان کو نماز پڑھاتے خطبہ دیتے اور ان کے معاملات کا فیصلہ کرتے ہیں پس تم جلد کوفہ پہنچو اور مسلم کو قتل کر کے اسکا سر میرے پاس بھیجدو اور حسینؑ کے دوستوں اور ذکر کرنے والوں کی پوری نگرانی کرو اور جو شخص حسینؑ کی بعیت کر چکا ہے اس کو حسینؑ کی اطاعت سے روکو۔ اگر وہ باز نہ آئے تو اسے مع اہل وعیال قتل کر دو اور مال واسباب لوٹ لو اور اس کے بال بچوں کو قید کر لو اور حسینؑ اور اصحاب حسینؑ کے قتل کرنے کی تدبیر کرو کیونکہ حسینؑ عنقریب کوفہ پہنچنے والے ہیں۔ اور جو چاہو کرو میری طرف سے تم کو کامل اختیار ہے۔ جو تم کرو گے ہم اس سے رضامند ہیں اور ہم کو منظور ہے۔ خبردار خبردار دیکھو حسین اور اصحاب حسینؑ کے قتل کرنے میں پس کسی طرح سستی نہ کرنا۔"

غرضکہ ابن زیاد اس حکم کے پہنچتے ہی فوراً بصرہ کا انتظام کر کے کوفہ کو روانہ ہو گیا یلغاریں کرتا، ڈبل مارچ کرتا، آندھی بگولے کی طرح کوفہ پہنچا۔ سیاہ عمامہ سر پر رکھے ڈھاٹا باندھے منہ چھپائے رات کے اندھیرے میں دارالامارۃ کوفہ میں داخل ہو گیا۔ اس منہ چھپانے کا سبب یہ تھا کہ کوفہ والے ابن زیاد کو حسینؑ سمجھ رہے تھے اور اسکو یہ اندیشہ تھا

Marfat.com

کہ اہلِ کوفہ اسے پہچان کر اسی وقت جنگ پر آمادہ نہ ہو جائیں اور وہ دار الامارۃ میں داخل نہ ہوسکے۔ (دیکھو تاریخ طبری، سرالشہادتین، حبیب السیر وغیرہ)

القصہ یزید کے پہلے حاکم نعمان نے ابن زیاد کو پہچانا اور دار الامارۃ کا دروازہ کھول دیا۔ ابن زیاد نے داخل ہو کر دروازہ بند کرادیا۔ رات کو دار الامارۃ میں رہا اور صبح کو اہلِ کوفہ سے نرمیاں گرمیاں، انعام و اکرام کے وعدے، روپیہ پیسہ کے لالچ، قتل و غارت کی دھمکیاں بنی امیہ کے قدیمی مکر و فریب کی چالبازیاں شروع کی گئیں۔ "کوفی لا یوفی" پیسے کے یار اور ٹکڑے کے غلام فوراً دل چھوڑ گئے۔ پیسے کے مطیع ہو کر آلِ محمدؐ اور حسینؑ کی مخالفت پر تل گئے۔ شریک ابن اعور بیچارے انہی ایام میں انتقال کر چکے تھے۔ ہانی ابن عروہ کو دھوکے سے بلا کر قید کر لیا گیا۔ حضرت مسلم بے یار و مددگار ہو کر بیچاری غریب طوعہ کے گھر میں پناہ گزین ہوئے۔ مسلم کی گرفتاری کے لیے طوعہ کا گھر گھیرا گیا۔ فوجیں بھیجی گئیں۔ یہ شیر بیشۂ رسالت ہاشمی بہادر فریضۂ الٰہی کو ادا کر کے صبح کی آخری نماز پڑھ کر یکہ و تنہا تلوار پکڑ کر نکلا اور شیرانہ حملہ سے روباہ صفت بزدلوں کے دل ہلا دیئے۔ کمک پر کمک منگوائی گئی اور آخر دور سے پتھر برسانے آگ پھینکنے اور تیر مارنے اور نیزے چلانے شروع کیے۔ یہ ہاشمی بہادر علوی شیر زخمی ہوا اور فریب و دھوکہ دے کر گرفتار کر لیا گیا اور ابن زیاد شقی کے روبرو لایا گیا (تاریخ طبری و روضۃ الشہداء وغیرہ)

مسلم کی شہادت جو کربلا کے خونی منظر کا دیباچہ ہے تنہائی و بیکسی کا نظارہ ہے۔ غربت و مظلومی کا منظر، صداقت ایمانی و ثبات اسلامی اور محبت نبوی کا سین دکھلا رہی ہے۔ تلوار چھین لی گئی ہے یہ تنہا بہادر، زخمی شیر بپھرا ہوا خونخوار ظالموں میں گھرا، قیدی بنا، زخموں سے چور، پیاس سے بیقرار، ایک دشمن جان ظالم و جابر شقی و سفاک کے روبرو کھڑا ہے۔ جسم سے خون بہہ رہا ہے۔ چاروں طرف ظالم جلاد تلواریں لیے گھیرے کھڑے ہیں۔ ہمدردی تو کیا معنی کوئی بات سننے والا بھی نظر نہیں آتا۔ ابن زیاد

Marfat.com

ملعون تخت پر بیٹھا گالیاں دے رہا ہے اور سخت سست بک رہا ہے۔ حکم دیتا ہے کہ چھت پر لے جاکر مسلم کو قتل کر دو اور سر کاٹ کر لاش نیچے گرا دو۔ مسلم صبر و استقلال کے جوہر دکھلاتے ہیں۔ خوشی خوشی راہِ الٰہی میں سر دینے کے لیے جاتے ہیں۔ جلاد تلوار کھینچے ساتھ ہے۔ مسلم کی زبان پر حمدِ الٰہی و تسبیح خداوندی اور استغفار جاری ہے۔ بروایت علامہ اسفرائنی مسلم جلاد سے دو رکعت نماز اور عبادت الٰہی ادا کرنے کی بھی مہلت مانگتے ہیں قاتل مہلت نہیں دیتا۔ حسینؑ کی محبت سے دل لبریز ہے جوشِ محبت میں، تصورِ حسینؑ میں زبانِ حال سے فرما رہے ہیں ؎

بجرمِ عشق تو ام می کشند غوغائے
تو نیز بر سرِ بام آکہ خوش تماشائے

ادھر حسینؑ مکہ سے نکل رہے ہیں ادھر حسینؑ کی پہلی قربانی کوفہ میں قربانگاہِ قدس پر چڑھائی جا رہی ہے۔ زبان پر توحیدِ الٰہی جاری ہوتی ہے۔ جلاد سر کاٹتا ہے۔ اور لاش کو چھت پر سے گرا دیتا ہے اور ادھر ہانی بن عروہ کے چہرہ پر ابن زیاد اپنے ہاتھ سے چھڑیاں مارتا ہے اور زخمی کر دیتا ہے۔ پھر اپنے ترکی غلام کو حکم دیتا ہے کہ ہانی کا سر کاٹ دو۔ یہ بیچارے بھی شہید ہو جاتے ہیں۔ (تفصیل کے لیے کامل جلد ۴ صہ ۱۸ اور مقتل نور العین علامہ ابو اسحاق اسفرائنی صفحہ ۳۱ اور دیگر کتب تواریخ و مقاتل کو ملاحظہ فرماؤ)

اس کے بعد مسلم اور ہانی دونوں کے سر عرضداشت کے ساتھ دربارِ شام میں یزید کے پاس بھیجے جاتے ہیں اور ابن زیاد یزید کو لکھتا ہے :- الحمد للہ الذی اخذ لامیر المؤمنین بحقہ وکفاہ مؤنتہ یعنی خدا کا شکر ہے کہ اس نے امیر المومنین کا حق حاصل کر لیا اور خدا نے اس کے دشمن کو زیر فرما دیا۔ اس کے جواب میں یزید نے ابن زیاد کی ان خدمات کا شکریہ لکھا اور حسینؑ کی گرفت کی بہت تاکید کی جیسا کہ علامہ سبط ابن جوزی اپنے تذکرہ میں اور ابن اثیر اپنی تاریخ کامل میں لکھتے ہیں۔ دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صہ ۱۸ اور

تذکرہ سبط ابن جوزی صفحہ ۱۸۱

فکتب الیہ یزید لیشکرہ ویقول قد علمت عمل الحازم وصلت صولۃ الشجاع الرابط الجائش وقد صدق ظنی فیك و بلغنی ان الحسین قد توجہ الی العراق فضع لہ المناظر والمسالح واحترس منہ واحبس علی الظنۃ وخذ علی التہمۃ واکتب الیّ فی کل ما یحدث من خیر وشر۔

یعنی یزید نے ابن زیاد کو شکریہ کے بعد لکھا کہ تمہارا یہ کام نہایت عاقلانہ اور دلیرانہ ہے۔ تم نے بڑی دانائی اور ثابت قدمی سے ہماری اس خدمت کو انجام دیا اور واقعی نہایت شجاعت اور بہادری سے یہ بڑا دلیرانہ کام کیا ہے۔ ہم نے جیسا تم کو سمجھا تھا واقعی تم ویسے ہی ثابت ہوئے۔ مجھے اب خبر لگی ہے کہ حسینؑ عراق کی طرف آرہے ہیں۔ پس فوراً اس کا انتظام کرو پہرے چوکیاں بٹھا دو۔ ناکہ بندیاں کر دو۔ نگہبانوں کو مقرر کرد۔ غرضکہ خوب اچھی طرح نگہبانی کرو کہ حسینؑ نکلنے نہ پائیں اور جس شخص پر بھی حسینؑ کی محبت اور طرفداری کا گمان ہو اسے پکڑ لو بلکہ تہمت پر گرفتار کرلو اور ہر ایک نیک و بد کی خبر مجھے دیتے رہو۔

علامہ ابو اسحاق اسفرائنی نے بھی اپنے مقتل نور العین میں اس خط و کتابت کو درج کیا ہے۔ انکی روایت کے بموجب یزید کے خط میں شکریہ کے بعد یہ بھی درج ہے :-

قد بلغنی ان الحسین خرج من مکۃ باھلہ وعشیرتہ وتوجہ الی نواحی العراق فانت لیتر الیہ وتضیق علیہ المسالك ولا تتوسل

یعنی ہم کو معلوم ہوا ہے کہ حسینؑ مع اہل و عیال مکہ سے عراق کی طرف روانہ ہو گئے ہیں پس تم کو لازم ہے کہ انکی طرف بڑھو، اور

Marfat.com

بوسادة ولا تشبع بزاد حتى
تقتله او يتوسل لي براسه و
براس من معه ص۳۱

اور چاروں طرف سے حسینؑ پر راستوں
کو بند کر دو اور نہ پیٹ بھر کھانا کھاؤ
اور نہ بستر پر آرام سے لیٹو جب تک
حسینؑ کو قتل نہ کر لو اور حسینؑ کا سر حسینؑ کے
ساتھیوں کے ساتھ میرے پاس نہ بھیج لو۔"

اور دوسری تاریخ و مقتل کی کتابوں میں بھی یہ واقعات درج ہیں۔ پس یہ یزید کے اسی حکم کی تعمیل ہی تھی کہ حصین بن نمیر کو ایک زبردست فوج کے ساتھ قادسیہ میں ناکہ بندی کرنے اور حسینؑ کو روکنے اور پکڑ کر کوفہ میں ابن زیاد کے روبرو دے جانے کے لیے بھیجا گیا تھا اور اسی حکم کی تعمیل تھی کہ حُر کو ایک ہزار سواروں کے ساتھ بھیجا گیا تھا کہ حسینؑ کو نہ چھوڑیں اور واپس نہ ہونے دیں اور راستہ میں ہی پکڑ لیں اور کوفہ کے سوا کسی دوسری طرف کو نہ جانے دیں۔ دیکھو حُر کی گفتگو حسینؑ کے ساتھ۔ یہ سب واقعات اور حالات مشہور ہیں۔ اور سب کتابوں میں تاریخ و مقتل کی موجود ہیں۔

الغرض بنی امیہ کے ظلم و تشدد سے تنگ ہو کر حرمت کعبہ کو بچاتے ہوئے حسینؑ عورتوں بچوں آلِ محمدؐ کو ساتھ لیکر اپنی قربانگاہ کی طرف روانہ ہوتے ہیں۔ دشوار گزار راستے کہیں خشک پہاڑ، کہیں چٹیل میدان، کوسوں لق و دق جنگل، بیابان، نہ درختوں کا سایہ، نہ پانی کے چشمے، دھوپ کی شدت، گرمی کی حدت، لوؤں کا چلنا، زمین کا تپنا، عورتوں بچوں کا ساتھ، محمدؐ کی نواسیاں فاطمہؑ کی لاڈلیاں، پھول سے بچوں کو سینے سے لگائے گرمی سے بےحال، محملوں میں سوار ہیں حسینؑ کے پیارے محمدؐ کے گلعذار، جوانانِ علیؑ گھوڑوں پر سوار اور محملوں کے گرد حلقہ کیے ہیں باوفا انصار مددگار تلواریں لگائے نیزے سنبھالے آگے پیچھے ہیں۔ یہ غربت زدہ قافلہ شہیدانِ راہِ خدا فدایانِ اسلام، نثار اکے متوالے عزم کے پکے ارادے کے دھنی، صبر و استقلال کے مجسمے، شکرِ الٰہی کرتے، توحید کے خطبے پڑھتے تکبیر و تہلیل کے نعرے لگاتے صبر و تحمل کے سبق دیتے دنیا کی

Marfat.com

بے ثباتی کے وعظ سناتے، اخلاقِ محمدی کے پھول کھلاتے، رحم و ہمدردی کے دریا بہاتے ایثار کے کرشمے دکھاتے، اذیتیں جھیلتے، مصیبتیں اٹھاتے، عشقِ الٰہی کی منزلیں طے کرتے چلے جا رہے ہیں ؎

مر کے جو کٹتی تھی جیل کی وہ کڑی راہ
عمر بھی غریبوں کی ہوئی جاتی تھیں کوتاہ

# حسینؑ کی حُر سے ملاقات اور آنحضرتؑ کا لشکرِ حُر کو پانی پلانا

منزل شراف پر حسینؑ نے حکم دیا ہے کہ جس قدر بھی زیادہ اٹھایا جا سکے یہاں سے پانی ساتھ اٹھا لو، سب مشکیں، مشکیزے، چھاگلیں، پکھالیں پانی سے بھر لی جائیں تعمیل حکم ہوتی ہے اور حسینی قافلہ مسافران راہِ الٰہی وطن آوارہ منزل سے کوچ کر جاتا ہے۔ چلچلاتی دھوپ میں اور گرم ہوا کی حدت میں بادیہ پیمائی اور صحرا نوردی کرتا چلا جا رہا ہے کہ یکایک سامنے سے یزید کا لشکر حُر ابن یزید الریاحی کی ماتحتی میں حسینؑ کی گرفتاری کے لیے تیزی کے ساتھ آتا دکھائی دیتا ہے۔ یہ دیکھ کر حسینؑ اس خیال سے کہ لشکرِ یزید مبادا ابھی برسرِ جنگ نہ ہو جائے اور اسی وقت لڑائی نہ چھڑ جائے جلدی فرماتے ہیں۔ عورتوں اور بچوں، عزیز و انصار کے چھوٹے سے قافلہ کو ایک پہاڑ کی طرف لے جاتے ہیں اور پہاڑ کو پشت و پناہ بنا لیتے ہیں لشکرِ حُر قریب پہنچ جاتا ہے اور سامنے پہنچ کر رک جاتا ہے مگر پیاس کی شدت سے سب بےحال و بدحواس نظر آتے ہیں۔ حسینؑ فرزند رسول رحمۃ للعالمین کا جان و جگر بندگانِ الٰہی کی یہ حالت نہیں دیکھ سکتا۔ دریافت کرتے ہیں۔ حُر بڑھ کر عرض کرتا ہے۔ یا ابن رسول اللہ پیاس سے سب بےچین ہیں۔ کوسوں پانی کی تلاش میں گئے، میلوں جستجو کی گئی مگر ایک قطرہ پانی ہاتھ نہ آیا۔ جگر کباب ہیں۔ زبانیں خشک ہو گئی ہیں۔ پیاسے مرے جا رہے ہیں۔ حسینؑ دریائے کرم ہے، ساقی کوثر کا دلبند ہے۔ اگرچہ جانتے ہیں کہ یہ سب دشمن ہیں گرفتار کرنے آئے ہیں۔ خون کے پیاسے ہیں اور یہ بھی علم تھا کہ یہی ظالم یزیدی لشکر فرات کے

گھاٹ روکے گا۔ پانی بند کرے گا اور کربلا کا آنے والا منظر، بچوں کا پیاس سے تڑپنا حسینؑ کا پانی مانگنا، اصغرؑ کا تیر کھانا سب کچھ تصور میں ہے مگر ؎

کیا سخی تھا ساقیٔ تسنیم و کوثر کا پسر
غیر کو پانی پلایا آپ پیاسا رہ گیا

بس بیتاب ہو جاتے ہیں اور فوراً حکم دیتے ہیں کہ ہاں بھائی عباس! مخلوقِ خدا پیاس سے مر رہی ہے، ممکن نہیں کہ میں دیکھوں اور یہ پیاس سے مریں۔ پانی تم انھیں دو میرے بچوں کا خدا ہے۔ انھیں خوب پانی پلاؤ، ان کی پیاس بجھاؤ، جس قدر پانی ساتھ ہے سب لے آؤ اور ان سب کو اچھی طرح سیراب کر دو، کوئی گھوڑا اور کوئی جانور بھی پیاسا نہ رہے حسینؑ کے چشمۂ فیض سے کوئی محروم نہ جائے ؎

لشکرِ حُر کو دیا پیاس میں پانی شہؑ نے
تھا سخی ابنِ سخی آنکھ چرائی نہ گئی

یہ ہیں رحمِ محمدی کے جلوے، یہ ہیں ایثارِ حسینی کے کرشمے، بس جنگل میں رحمِ محمدی کا چشمہ ابلا، فیضِ حسینی کا دریا لہریں مارنے لگا، سقائے اہلِ بیتؑ فرزندِ ساقیٔ کوثر عباس علمدار، جوانانِ آلِ محمدؐ رفیق و انصار گھوڑوں سے کود پڑے، مشکوں، پکھالوں کے منہ کھول دیے اور پیاسوں کو پانی پلانا شروع کیا۔ خود حسینؑ بہ نفسِ نفیس اٹھتے تھے، مشک کا تسمہ کھولتے تھے پانی لیتے تھے اور پیاسوں کو پلاتے تھے، گھوڑوں، اونٹوں، جانوروں تک کو دو دو تین تین دفعہ پانی دکھلایا جاتا ہے۔ جب خوب سیراب ہو چکتے ہیں تب پانی کا لگن ہٹایا جاتا ہے۔ میر انیس مرحوم نے اس واقعہ کو خوب نظم فرمایا ہے ؎

چلاتے تھے سقے یہ کٹوروں کو بجا کر — لشکر میں جو پیاسا ہو وہ پانی پیے آکر

Marfat.com

سرد ہو گیا ہے آب ہوا دشت کی کھا کر　　　ٹھنڈا کرے سینہ کو وہ پیاس اپنی بجھا کر
جو مشک ہے وہ چشمۂ کوثر سے بھری ہے
کوثر کا جو مالک ہے سبیل اس نے دھری ہے

ملاحظہ ہو تاریخ طبری جلد ۶ صـ۲۲۸ اور تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ صـ۳۳

فیض کے چشمے بہا کر ایثار کے جوہر دکھا کر حسینؓ شکرِ الٰہی بجا لاتے ہیں۔ اور نماز ظہر ادا فرماتے ہیں اور بعد حمد و ثنائے الٰہی خطبہ پڑھتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ایہا الناس! تمہارے قاصد اور تمہارے خط پر خط میرے پاس آئے، تم نے مجھے اپنی ہدایت و رہبری اور راہِ الٰہی دکھلانے، صراط مستقیم پر چلانے کے لیے بلایا تو میں تمہاری طرف آیا ہوں۔ پس اگر تم اپنے عہد پر قائم نہیں ہو، میرا آنا تم کو ناپسند و ناگوار ہے تو خیر میں جہاں سے آیا ہوں واپس چلا جاتا ہوں۔ یہ فرما کر ان خطوں کی خرجین (بوریاں) بھری ہوئی منگوا کر دکھلائیں، جو کوفہ سے بھیجے گئے تھے۔ حرؓ نے عرض کی کہ یا ابنِ رسول اللہ! مجھے نہ اس کی خبر ہے نہ خطوں کا حال معلوم ہے، مجھے تو حاکم (ابنِ زیاد) کا یہ حکم ہے کہ میں آپ کو پکڑ لوں اور آپ کو نہ چھوڑوں اور کسی اور طرف جانے نہ دوں۔ عبداللہ ابن زیاد کے پاس کوفہ میں لے جاؤں۔ حسینؓ فرماتے ہیں لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہرگز ایسا نہیں ہوگا۔ قسم ہے خدا کی میں کبھی میں اس ذلت کو گوارا نہ کروں گا۔ اور کبھی اس طرح قید ہو کر ابن زیاد کے پاس نہ جاؤں گا۔ موت اس سے بدرجہا بہتر ہے۔ حرؓ کہتا ہے۔ خدا کی قسم، میں ہرگز آپ کو نہ چھوڑوں گا۔ حسینؓ روانہ ہوتے ہیں۔ حرؓ روکتا ہے۔ اور حسینؓ کو بڑھنے نہیں دیتا۔ ردّ و قدح اور گفتگو میں طول کھنچتا ہے۔ آخر حرؓ عرض کرتا ہے کہ بہتر اگر آپ کوفہ نہیں چلتے تو خیر کوئی تیسرا راستہ

Marfat.com

اختیار فرمایئے کہ جو نہ کوفہ کو جاتا ہو اور نہ مدینہ کو جاتا ہو۔ حسینؑ مجبور ہو کر تیسرا راستہ اختیار فرماتے ہیں۔ حرؔ بھی اپنے لشکر کو لیکر حسینؑ کے ساتھ ساتھ بطور نگہبانی کے کہ حسینؑ مدینہ یا مکہ کو واپس نہ ہو جائیں روانہ ہوتا ہے اور ابن زیاد کو اطلاع دیتا ہے۔ جواب کا انتظار کرتا ہے۔ حسینؑ ہر جگہ ہدایت و رہبری فرماتے ہیں اور حق و صداقت کا اظہار کرتے ہوئے یزید و بنی امیہ کی ضلالت و گمراہی کو ظاہر فرماتے ہیں اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فرض ادا کرتے ہوئے نانا رسول اللہؐ کے وعظ سناتے ہیں۔ دیکھو یہاں سے بھی روانگی کے وقت ارشاد کرتے ہیں کہ:۔

ایھا الناس ان رسول اللہ قال من رأی سلطانا جائرا مستحلا لحرم اللہ ناکثا لعھد اللہ مخالفا لسنۃ رسول اللہ یعمل فی عباد اللہ بالاثم والعدوان فلم یغیر ما علیہ بفعل ولا قول کان حقا علی اللہ ان یدخلہ مدخلہ الا وان ھٰؤلاء قد لزموا طاعۃ الشیطان وترکوا طاعۃ الرحمٰن واظھروا الفساد وعطلوا الحدود واستاثروا بالفیٔ واحلوا حرام اللہ وحرموا حلالہ وانا احق من غیری

(تاریخ کامل جلد ۴ صـ۲۴)

یعنی "اے لوگو! رسول اللہؐ نے فرمایا ہے کہ جو شخص کسی ظالم بادشاہ کو دیکھے کہ وہ حرم الٰہی کی حرمت کو مٹانے والا ہے اور عہد خدا کو توڑنے والا ہے اور سنت رسول اللہؐ کا مخالف ہے خدا کے بندوں کے درمیان ظلم و جور کا رویہ برت رہا ہے پس وہ شخص اپنے قول و فعل سے کوئی امر اس کے خلاف ظاہر نہ کرے تو خدا پر واجب ہے کہ اس کو اس کے مقام میں جہاں کا مستحق ہے پہنچا دے اور بتحقیق ان لوگوں نے شیطان کی اطاعت کو اپنے لیے لازم کر لیا ہے خدا کی اطاعت کو چھوڑ دیا ہے۔ فتنہ و فساد کو ظاہر کر دیا ہے۔ احکام الٰہی کو معطل کر دیا ہے مال الٰہی کے مالک بن بیٹھے ہیں حرام الٰہی کو حلال اور حلال خدا کو حرام کر دیا ہے اور میں

Marfat.com

اس امر خلافت کے لیے دوسرے سے احق
اور افضل ہوں"۔

حسینؑ اپنی وعدہ گاہ کو بڑھ رہے ہیں۔ حرُ کا لشکر بھی اس غریب قافلہ کے پیچھے پیچھے لگا چلا آ رہا ہے۔ حسینؑ کے فدائی علیؑ کے سچے شیعہ اور حقیقی دوست دیکھو کیونکر بنی امیہ کی سخت ناکہ بندیوں اور گرفتاریوں سے بچ کر جس طرح بھی ممکن ہو سکتا ہے کوفہ سے نکلتے ہیں اور حسینؑ پر فدا ہونے کو، جان قربان کرنے کو آتے ہیں اور حسینؑ کے ساتھ شامل ہوتے ہیں۔

منزل ہجائن پر کوفہ کی طرف سے چار سوار آتے ہیں۔ نافع ابن ہلال۔ طرماح بن عدی اور مجمع بن عبداللہ عامری وغیرہ اور حسینؑ سے جا ملتے ہیں۔ حرُ اپنے لشکر سے نکلتا ہے اور ان کے پاس آکر کہتا ہے کہ یہ لوگ تو کوفہ کے ہیں۔ میں انھیں قید کروں گا اور کوفہ واپس ابن زیاد کے پاس بھیجوں گا۔ حسینؑ فرماتے ہیں ہرگز ایسا نہ ہوگا۔ یہ میرے انصار ہیں۔ میرے گروہ سے ہیں اور تم ہرگز ایسا نہیں کر سکتے۔ بالآخر حرُ خاموش ہو جاتا ہے۔ یہ یزید کے اس حکم کی تعمیل ہے جو ابن زیاد کو دیا گیا ہے کہ ناکہ بندی کر کے اور پہرے چوکی قائم کر کے حسینؑ کے دوستوں کو پکڑو اور حسینؑ تک نہ پہنچنے دو (جو اوپر درج کیا جا چکا ہے) بے شک حسینؑ کے اصلی شیعہ اور آلِ محمدؐ کے حقیقی دوست حسینؑ تک نہیں پہنچ سکتے تھے، پکڑے جاتے تھے اور گرفتار ہوتے تھے۔ حسینؑ ان آنے والے دوستوں سے کوفہ کے حال دریافت فرماتے ہیں۔ مجمع بن عبداللہ عامری عرض کرتے ہیں یا ابن رسول اللہؐ! اہلِ کوفہ آپ کے مخالف اور دشمن ہو گئے ہیں۔ اشرافِ کوفہ کو ابن زیاد نے بڑی بڑی رشوتیں دے کر اپنے ساتھ ملا لیا ہے اور آپ کا مخالف اور دشمن بنا دیا ہے (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۲۲)۔

حسینؑ کے ان حالاتِ سفر اور ان واقعات کو تاریخ کامل اور تاریخ علامہ جریر طبری

Marfat.com

اور صلاح النشتین، بلاالمبین نواب احمد حسین خاں۔ روضۃ الصفا۔ تاریخ اعثم کوفی مقتل ابی مخنف وغیرہ وغیرہ میں ملاحظہ کرو اور دیکھو فرزند رسولؐ کو کیونکر اور کس طرح چاروں طرف سے ان ظالموں نے گھیرا ہوا تھا اور کس طرح جان کے لاگو اور خون کے پیاسے بنے ہوئے تھے۔

# حسینؑ کا کربلا میں ورُود

دوسری محرم ۶۱ھ ہجری کو آلِ محمدؐ کا غربت زدہ قافلہ میدانِ نینوا میں داخل ہوتا ہے اور ابن زیاد کا قاصد جواب لے کر حُر کے پاس پہنچتا ہے۔ دونوں لشکر رُک جاتے ہیں۔ قاصد حُر کو سلام کرتا ہے اور حسینؑ کی طرف توجہ بھی نہیں کرتا۔ ابن زیاد کا خط حُر کو دیتا ہے جس میں ابن زیاد نے لکھا ہے۔

اما بعد! فجعجع بالحسین حین یبلغک کتابی ھٰذا ویقدم علیک رسولی ولاتنزلہ الا بالعراء فی غیر خضر وعلیٰ غیر ماءٍ وقد امرت رسولی ان یلزمک حتیٰ یاتینی بانفاذ امری والسلام (تاریخ کبیر طبری ص۳۰۷ تاریخ کامل جلد۴ ص۲۶ تاریخ ابوالفداء جلد۱ ص۲۰۱)

جس وقت میرا یہ فرمان اور قاصد تم کو ملے تو فوراً ہی حسینؑ کو قید کرلو اور سخت پکڑ لو اور کسی ایسے چٹیل میدان میں حسینؑ کو اتارو کہ جہاں نہ پانی قریب ہو اور نہ درخت و سبزہ ہو میں نے قاصد کو حکم دیا ہے کہ تم سے علیحدہ نہ ہو اور دیکھے کہ تم نے میرے حکم کی تعمیل کی ہے یا نہیں اور مجھے اطلاع دے۔

بروایت ابی مخنف سرزمین کربلا پر پہنچ کر حسینؑ کا گھوڑا رُکا اور حضرتؑ نے دوسرا گھوڑا تبدیل فرمایا۔ وہ بھی رُک گیا نہ چلا۔ اسی طرح امام حسینؑ نے سات گھوڑے یکے بعد دیگرے تبدیل فرمائے مگر کسی نے بھی ایک قدم آگے نہ بڑھایا۔ یہ دیکھ کر امام حسینؑ نے دریافت فرمایا کہ اس زمین کا کیا نام ہے؟ لوگوں نے عرض کی غاضریہ۔ حسینؑ نے فرمایا کہ اور نام؟ لوگوں نے کہا،

Marfat.com

نینوا بھی کہتے ہیں۔ پھر حسینؑ نے فرمایا کچھ اور نام بھی ہے؟ تو عرض کیا گیا کہ اس زمین کو شط الفرات بھی کہتے ہیں حسینؑ نے فرمایا اسکے سوا کوئی اور نام بھی ہے! لوگوں نے کہا کہ ہاں مولا! اس جگہ کو کربلا بھی کہتے ہیں۔ یہ سنکر حسینؑ نے ایک ٹھنڈی سانس بھری اور فرمایا کہ ہاں یہی زمین سختی و بلا کی ہے بس اے مسافرو! تمہارا سفر ختم ہو چکا۔ یہی ہماری سواریوں کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔ یہی ہمارے خون بہنے کی جگہ ہے۔ یہی ہمارے اہلِ حرم کے لوٹے جانے اور اسیر ہونے کا مقام ہے۔ قسم ہے خدا کی اسی جگہ ہمارے خون بہیں گے اسی جگہ ہمارے مرد قتل ہوں گے اور اسی جگہ ہمارے بچے ذبح کیے جائیں گے۔

غرض کہ حسینؑ اپنی قربان گاہِ توحید پر میدانِ کربلا میں پہنچ گئے اور ابن زیاد کی تعمیل حکم میں لشکر یزیدی نے حسینؑ فرزندِ رسولؐ کے خیمے نہر کے کنارے سے اٹھوا دیے ہیں آبادی سے دور، پانی سے علیحدہ حسینؑ جلتی بلتی ریت پر چٹیل میدان میں دھوپ کے اندر خیمے لگانے اور اترنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ دشمنوں نے چاروں طرف سے گھیر لیا ہے۔ راستے بند کر دیے ہیں اور نہر کے گھاٹ روک لیے ہیں۔ فوج پر فوج لشکر پر لشکر آلِ محمدؐ کا خون بہانے حسینؑ نواسۂ رسولؐ کو قتل و شہید کرنے کے لیے آ رہا ہے۔ عمر سعد سپہ سالار فوج بنکر چار ہزار سواروں کے ساتھ (بروایتِ طبری) کربلا میں پہنچ چکا ہے اور ابن زیاد فوج پہ فوج اور لشکر پر لشکر روانہ کر رہا ہے۔ شبث ابن ربعی چار ہزار، عروہ بن قیس اور سنان بن انس بھی یکے بعد دیگرے چار چار ہزار سواران جنگجو کے ساتھ پہنچتے ہیں۔ حجر بن حر وغیرہ وغیرہ دیگر افسران و سرداران اپنی اپنی فوجوں اور رسالوں کے ساتھ کربلا میں پہنچ رہے ہیں شمر ابن ذی الجوشن بھی چار ہزار سواروں کے ساتھ پہنچتا ہے اور آلِ محمدؐ کو گھیرا جا رہا ہے بروایت کامل ابن اثیر شہادت سے تین روز پہلے حسینؑ و آلِ محمدؐ پر پانی بند کر دیا جاتا ہے۔
دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صـ۲۷

ثم کتب (ابن زیاد) الی عمر یأمرہ ان یعرض علی الحسین بیعت یزید فاذا فعل ذلک

ابن زیاد نے عمر سعد کو لکھا کہ حسینؑ سے بیعت یزید طلب کرو اگر حسینؑ بیعت کر لیں تو پھر دیکھا جائیگا

Marfat.com

وانیا رأینا دان بمتعه ومن معه الماء فارسل عمر بن سعد عمرو بن الحجاج علی خمس مائة فارس وحالوا بین الحسین وبین الماء وذلک قبل قتل الحسین ثلاثة ایام

کہ کیا کرنا چاہیے اور حسینؓ و اصحاب حسینؓ پر پانی بند کر دو پس اس حکم کی تعمیل میں عمر سعد نے عمرو ابن حجاج کو پانچسو سواروں کے ساتھ پانی کے گھاٹ روکنے کے لیے بھیجا تاکہ دریا اور حسینؓ کے درمیان حائل ہو کر قافلہ حسینی میں پانی نہ جانے دیں یہ واقعہ حسینؓ کی شہادت سے تین دن پہلے کا ہے۔

غرضکہ حسینؓ مظلوم، فرزندِ محمدؐ، امام ہدایت، ہادئ صداقت وجعلنا منہم ائمۃ یھدون بامرنا لما صبروا کے مصداق سے یزید شرالجوار، فاسق و فاجر کی بیعت و اطاعت طلب کی جاتی ہے۔ قتل کی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ پانی بند کیا جاتا ہے مگر یہ عشق الٰہی کے بندے حسینؓ اور حسینؓ والے۔ توحید کے متوالے، صداقتِ اسلام پر مر مٹنے والے حقانیت پر فدا ہونے والے۔ صبر کے جوہر دکھلائیں گے۔ ہدایت کے دریا بہائیں گے۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے جھنڈے لہرائیں گے، گھر بار لٹائیں گے، خون میں نہائیں گے۔ جانیں قربان کریں گے۔ ذبح ہو جائیں گے اور پیاسے مر جائیں گے لیکن اسلام پر دھبہ نہ آنے دیں گے توحید کو روشن کریں گے صداقت اور حقانیت کے آئینہ کو جلا دیں گے۔ ایمان کو چمکائیں گے مگر یزید کی بیعت نہ کریں گے اور دنیا کو بتا جائیں گے کہ ؎

ماسوا اللہ را مسلماں بندہ نیست ۔۔۔ پیش فرعونے سرش افگندہ نیست (اقبالؔ)

## ابن زیاد کا خط لیکر شمر کا کربلا پہنچنا اور لشکرِ یزید کا آمادۂ جنگ ہونا

## حسینؓ کا عبادتِ خدا کے لیے ایک شب کی مہلت مانگنا

۹ محرم کو شمر ملعون ابن زیاد کا نہایت سخت تہدید و تاکید کا حکمنامہ لیکر پہنچتا ہے کہ کیوں

Marfat.com

حسینؑ کو مہلت دی جارہی ہے۔ کیوں جلدی فیصلہ نہیں کیا جاتا۔ حسینؑ اگر یزید کی بیعت کر لیں ہمارے حکم کو قبول کریں اور ہماری اطاعت میں داخل ہوں تو حسینؑ کو ہمارے پاس لے کر آؤ۔ ہم پھر دیکھیں گے کہ حسینؑ کے متعلق ہماری کیا رائے ہے اور اگر حسینؑ انکار کریں تو حسینؑ اور رفقائے حسینؑ سے فوراً جنگ کرو (ارشاد شیخ مفید و تاریخ کبیر جریر طبری) اور سب کو قتل کر دو، سر کاٹ لو اور حسینؑ کی لاش پر گھوڑے دوڑا دو۔ شمر پہنچتا ہے۔ عمر سعد حکم کو دیکھ کر فوراً لشکر کشی اور چڑھائی کا حکم دیتا ہے۔ فوج چڑھ آتی ہے اور خیام آلِ محمدؐ کو گھیر لیتی ہے (تاریخ کامل ص۲۷ و ۲۸)

جنگل میں جلتی تپتی ریت پر کچھ خیمے کھڑے ہیں جن پر اداسی چھا رہی ہے بیکسی برس رہی ہے شامِ غربت جھلملا رہی ہے۔ ظالم دشمنوں نے خونخوار فوجوں نے چاروں طرف سے گھیرا ہوا ہے حسینی قافلہ، ذریتِ رسولؐ پر تین دن سے دانہ پانی بند ہے۔ باغِ محمدی کے پھول پیاس کی شدت سے کملا گئے ہیں۔ بچے غش میں نڈھال ہیں۔ بی بیاں غم کی تصویر بنی بیٹھی ہیں۔ حسینؑ اپنے خیمہ کے سامنے، دروازہ پر تلوار زانو کے نیچے رکھے سر اقدس نہوڑائے بیٹھے ہیں مگر صبر و استقلال اپنا جلوہ دکھا رہا ہے۔ صداقت و حقانیت نور افشانی کر رہی ہے عصر کا وقت ہے سورج ڈوب رہا ہے آلِ محمدؐ کے غم سے دھوپ بھی زرد پڑ گئی ہے آفتاب کی مضطرب کرنیں بھی دریائے غم میں ڈوب رہی ہیں۔ شامِ غربت مرنے والوں کو آخری رخصت کا پیام سنا رہی ہے۔ اے غربت زدہ مسافرو! بس تمہاری زندگی کی یہ آخری رات ہے۔ اب کل دنیا میں تم کو یہ وقت نہ آئے گا۔ اے محمدؐ کے گلعذارو! اے علیؑ کے پیارو! اے فاطمہ زہراؑ کی آنکھ کے تارو! کل تم نہ ہو گے نہ یہ خیمے ہوں گے نہ یہ وقت ہو گا، نہ یہ رات آئے گی، کٹے ہوئے سر اگر نیزوں پر معراج پائیں گے تو پامال شدہ لاشیں خاک پر تسبیح الٰہی کریں گی۔ بیکس بی بیاں سر برہنہ خاک نشیں ہوں گی۔ نہ خیمہ ہو گا، نہ چادر ہو گی۔ بن باپ کے پھول سے بچے، باپ کے سینہ پر سونے والے خون کے گھونٹ پئیں گے۔

Marfat.com

طمانچے کھائیں گے۔ اندھیری رات میں ڈراؤنے جنگل میں سہم سہم کر ماں کے پہلو میں تڑپیں گے۔ بس یکایک عمر سعد کا لشکر کالی گھٹا کی طرح بڑھتا ہے۔ پیاسوں کو گھیر لیتا ہے اور جنگ پر آمادہ ہو جاتا ہے خیموں میں بچے سہم جاتے ہیں۔ بی بیاں گھبرا اٹھتی ہیں۔ زینبؑ فاطمہؑ کی جائی، رسولؐ کی نواسی گھبرا کر حسینؑ کے پاس پہنچتی ہے حسینؑ سر اٹھاتے ہیں اور فرماتے ہیں بہن میں نے اپنے نانا رسول اللہ کو ابھی خواب میں دیکھا ہے۔ فرماتے ہیں حسینؑ جلدی کرو ہمارے پاس پہنچ جاؤ۔ زینبؑ منہ پیٹ لیتی ہیں۔ حسینؑ بہن کو تسلی تشفی دے کر خیمہ میں بٹھاتے ہیں اور بھائی عباسؑ کو لشکر کی طرف بھیجتے ہیں اور بمشکل آخری عبادت اور طاعتِ الٰہی کے ادا کرنے کے لیے ایک رات کی مہلت حاصل کرتے ہیں (تفصیل کے لیے دیکھو تاریخ کامل، ارشاد مفید وغیرہ وغیرہ اور مقتل کی کتابوں کو)۔

# شبِ عاشور حسینؑ کا خطبہ
## اور اصحاب کے جواب

مرنے والوں کی آخری رات کے غمناک اندھیرے نے دنیا کو گھیر لیا ہے۔ عبادت و طاعتِ الٰہی کے شیفتہ، نمازوں کے متوالے، فریضۂ الٰہی کو ادا کر کے خاکِ تیمم چہروں پر لگائے شکر کے سجدے کر کے اٹھے ہیں۔ حسینؑ رسولؐ کا جانی، محمدؐ عربی کا یادگار، ہادیٔ برحق، خیمہ میں جلوہ گر ہے۔ سب عزیز و قریب محمدؐ کے رشتہ دار، بھائی، بھتیجے، بیٹے، بھانجے اور دوست و انصار حاضر ہیں۔ حسینؑ خلقِ محمدی، مروّتِ احمدی اور ایثارِ نبوی کے جوہر، صبر و استقلال کے جلوے دکھلاتے ہیں خیمہ میں جو شمعِ آلِ محمدؐ کی مصیبت پر آنسو بہا رہی ہے اس کو بھی گل فرما

دیتے ہیں اس لیے کہ جاننے والوں کے لیے شمع کی روشنی میں شرم دامنگیر نہ ہو۔ حسینؑ خطبہ پڑھتے ہیں اور حمد و ثنائے الٰہی و شکر خداوندی بجا لاتے ہیں اور فرماتے ہیں۔ "میں ہر حال میں خدا کا شکر کرتا ہوں خواہ تکلیف ہو یا راحت۔ اے میرے معبود تیرا شکر ہے۔ تو نے ہم کو نبوت سے بزرگی بخشی۔ علم قرآن عطا فرمایا۔ مسائل دین سمجھنے کی قوت دی۔ حق کو سننے والے کان اور صداقت کو پہچاننے والی آنکھ اور قلب مطمئن کرامت فرمایا اور شرک سے محفوظ رکھا۔"

اور پھر فرمایا، میرے بھائیو! میرے عزیزو! میرے پیارے دوستو، میرے جاں نثارو! بیشک میرے اصحاب سب سے بہتر اصحاب ہیں۔ میرے اہلبیت اور میرے عزیز سب سے بہتر اہلبیت ہیں۔ جیسے وفادار، جاں نثار، عزیز و انصار، خدا نے مجھے کرامت فرمائے کسی کو نہیں ملے۔ خدا تم سب کو جزائے خیر دے۔ آگاہ ہو یہ قوم صرف میرے ہی خون کی پیاسی ہے ان کو فقط میرے ہی سر سے کام ہے پس میں نے اپنی بیعت تم سے اٹھالی ہے۔ اپنی رضا و خوشدلی سے تم سب کو اجازت دیتا ہوں کہ اس رات کی تاریکی میں جہاں چاہو چلے جاؤ۔ اپنی جان کو موت کے پنجوں سے چھڑالو عیش و آرام سے زندگی بسر کرو۔ اور میرے لیے مصیبت میں نہ پڑو۔ بلکہ میرے اہلبیت میں سے بھی ایک ایک کا ہاتھ پکڑ لو اور لیجاؤ۔ یہ لوگ خاص میری جان کے دشمن اور میرے خون کے پیاسے ہیں۔ مجھے قتل کرکے میری جان لے کر تم سے کوئی بھی متعرض نہ ہوگا۔ میرے بعد تمہارا خیال بھی نہ کریں گے۔ ورنہ جو یہاں رہیگا اور میرا ساتھ دیگا وہ ضرور شہید و قتل کردیا جائیگا۔ (تفصیل کے لیے دیکھو ارشاد شیخ مفیدؒ۔ تاریخ کامل جلد ۴ ص۲۹ وسبط ابن جوزی، تاریخ طبری، ابو الفداء جلد اول ص۲۰۱ حسینؑ کا خطبہ اور اصحاب کے جواب)

اس میں کوئی شک نہیں اگر یہ حسینؑ کے رفیق و انصار اور عزیز و اقربا حسینؑ کو چھوڑ کر

چلے جاتے یا یزید کے لشکر سے ہی جا ملتے تو انھیں کوئی روک اور ممانعت نہ تھی۔ جان کی امان
بھی ملتی اور زندگی کے عیش و آرام، دولت و حشمت بھی سب کچھ میسر ہوتا۔ ٹھنڈے پانی کے
جام اور نفیس غذائیں سب مہیا ہو جاتیں۔ دیکھو! جس طرح عبداللہ ابن زبیر کے ساتھی اور
رفیق حتیٰ کہ ان کے بیٹے تک بھوک پیاس کے صدمے اور تکلیف نہیں اٹھا سکتے اور عبداللہ
ابن زبیر کو چھوڑ چھوڑ کر بنی امیہ سے جا ملتے ہیں اور جان کی امان بھی پاتے ہیں اور ہر طرح کا عیش و
آرام بھی حاصل کرتے ہیں اور تنہا عبداللہ کو قتل ہونے کے لیے چھوڑ جاتے ہیں (تاریخ کامل
جلد ۴ صفحہ ۲۱۰)! مگر سبحان اللہ! قربان انصار و اقربائے حسینؑ کے، یہ وفا و محبت کے پتلے
کامل الایمان بندے، شمع توحید کے پروانے جوشِ ایمانی سے بھرپور نشۂ محبت سے چور
اٹھتے ہیں۔ سامنے آتے ہیں اور ایک زبان ہو کر عرض کرتے ہیں کہ اے فرزندِ رسولؐ! خدا
ہم کو یہ دن نہ دکھائے لا اراناالله ذٰلك ابدا۔ یا ابن رسول اللہ! ممکن نہیں کہ ہم آپ کو
چھوڑ کر چلے جائیں۔ قیامت کے روز خدا کو کیا منہ دکھلائیں گے۔ رسول اللہؐ کے روبرو
کس منہ سے جائیں گے۔ دنیا ہم کو کیا کہے گی کہ اپنے امامؑ کو دشمنوں میں اکیلا چھوڑ کر بھاگ
گئے۔ کوئی نورِ نظر لختِ جگر عرض کرتا ہے۔ بابا! ہم حق پر ہیں لا نبالی بالموت۔ بس پھر
ہم کو موت کا کیا ڈر ہے؟ مرنے کی کیا پروا ہے؟ کوئی لختِ جگر، سبزہ آغاز بھائی
کا یادگار کھڑا ہو جاتا ہے اور عرض کرتا ہے۔ چچا جان! حضور کی رکاب میں
قتل ہو جانا، تلواریں کھانا، جامِ شہادت پینا ہم کو شہد سے بھی زیادہ میٹھا اور خوشگوار ہے
مسلم ابن عوسجہ، حبیب ابن مظاہر، زہیر قین بجلی، بریر ہمدانی، ابو ثمامہ صیداوی، ہلال ابن
نافع وغیرہ وغیرہ اصحابِ باوفا، یارانِ جاں نثار، رسولؐ کے پروردہ، علیؑ کے
صحبت یافتہ، حافظِ قرآن، تہجد گزار، عابدِ شب زندہ دار، قائم اللیل و صائم الدہر اٹھتے
ہیں۔ کمروں کو چست باندھتے ہیں اور سامنے آتے ہیں۔ جوشِ محبت سے تھراتے ہیں اور
عرض کرتے ہیں۔ یا ابن رسول اللہ! ہم قربان، ہمارے ماں باپ قربان۔ کیا ہم حضور کو

Marfat.com

چھوڑ کر چلے جائیں۔ لا واللہ، خدا کی قسم ہرگز ہرگز ایسا نہ ہوگا جب تک جان میں جان ہے اور دم میں دم ہے ہاتھ میں نیزہ اور کمر میں تلوار ہے آپ کے دشمنوں سے جنگ کریں گے ہتھیار ٹوٹ جائیں گے تو پتھروں سے لڑیں گے مگر شمع اسلام کو گل نہ ہونے دینگے مولا، خدا کی قسم ہے اگر ایک مرتبہ نہیں ستر مرتبہ بلکہ ہزار دفعہ ہم حضور پہ قربان ہوں، رکاب سعادت انتساب میں قتل کیے جائیں، لاشوں کو جلا دیا جائے، خاک کو ہوا میں اڑا دیا جائے ہم پھر بھی یہی آرزو کریں گے کہ زندہ ہوں اور حضور پہ جانیں قربان کریں اور اب تو یہ مرنا ایک دفعہ کا مرنا ہے اسکے بعد عیشِ جاودانی اور راحتِ ابدی ہے۔ ہمارا حضور پر جان قربان کرنا حضور کی نصرت و امداد میں مر جانا کچھ حضور پہ احسان نہیں ہے بلکہ یہ حضور کا احسان خدائے جلیل کا انعام و اکرام ہم پہ ہے کہ ہم کو یہ سعادت حاصل ہو کہ حضور کے قدموں میں سر دیں۔ جامِ شہادت پئیں اور درجاتِ عالیہ پہ فائز ہوں۔

محمد بن بشیر حضرمی کو خبر ملتی ہے کہ ان کا بیٹا اسی ناکہ بندی کی وجہ سے شام کی فوجوں میں گرفتار ہو گیا ہے۔ حسینؑ فرماتے ہیں کہ اے محمد! میں نے تم سے اپنی بیعت کو اٹھا لیا ہے، تم چلے جاؤ اور اپنے فرزند کو چھڑانے کی تدبیر کرو۔ محمد جوش محبت سے عرض کرتے ہیں، اے میرے مولا! اے فرزندِ رسولؐ! اگر میں حضور کو چھوڑ جاؤں تو بہتر ہے کہ جنگل کے بھیڑیے جانورانِ صحرائی مجھے پھاڑ کھائیں۔ آقا میں ہرگز ہرگز نہیں جاؤں گا۔ حضور کے قدموں میں سر دوں گا اور جان خدا کروں گا۔ حسینؑ ایک ہزار اشرفی کی پانچ چادریں محمد کو دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اچھا اپنے دوسرے بیٹے کو یہ چادریں دیکر بھیجدو کہ وہ ان چادروں کو بیچ کر بھائی کی رہائی کا انتظام کرے اور جا کر بھائی کو چھڑا لائے۔

بھائیو! مسلمانو! نبیؐ کے کلمہ گویو! دیکھو، یہ ہے عقیدۂ اسلامی، یہ ہے کامل الایمانی یہ ہے تعلیم محمدی کا اثر۔ یہ ہیں شیعیانِ علیؑ۔ یہ ہے کیرکٹر محمدی کا پرتو۔ یہ ہے رنگِ حسینی

کیا بوڑھا، کیا جوان، کیا عورت، کیا مرد، کیا آقا، کیا غلام، جو ہے خدائی رنگ میں ڈوبا ہوا ہے۔ کیرکٹر محمدی سے رنگا ہوا ہے۔ صبغۃ اللہ ومن احسن من اللہ صبغۃ ونحن لہ عابدون (آیۂ کلام مجید) کا مصداق بنا ہوا ہے۔ بس یہ رسول نما حسینؑ کی تربیت کا اثر ہے یہ جگر گوشۂ رسولؐ کی تعلیم ہے کہ ہر ایک رفیق و یار، ہر ایک عزیز و رشتہ دار یقین و ایمان پر ثابت قدم، حق و صداقت پر قائم، عبادت و طاعتِ الٰہی کا متوالا، شوقِ شہادت میں محو، محبتِ رسولؐ میں سرشار، نہ لٹنے کا فکر، نہ مرنے کا ڈر، نہ گھر بار کی الفت، نہ اہل و عیال کی محبت نہ پیاس کا صدمہ، نہ بھوک کی ایذا، نہ مال کی خواہش، نہ جان کی پروا، بس فکر ہے تو یہ اور شوق ہے تو یہ، تمنا ہے تو یہ، دعا ہے تو یہ کہ حمایت دین میں نصرت محمدی میں دشمنوں کی صفوں کو چیریں اور آگ کے سمندروں کو جھیلیں، تیر بر چھیوں کی بڑھتی ہوئی لہروں کو کاٹیں، تیروں کے مینہ میں نہائیں۔ تلواروں کی چھاؤں میں سجدے کریں۔ دینِ الٰہی کو بچائیں۔ توحیدِ خدا قائم ہو، اسلام زندہ ہو، شمع محمدی روشن رہے۔ کفر کا منہ کالا اور دین کا بول بالا ہو ؎

لیں لُٹیں ہم کہ نہ آل اور نہ اولاد رہے
مگر احمد کے نواسے کا گھر آباد رہے

بس ایسے ہی شہیدوں کی شان میں خدائے جلیل اپنے کلام پاک میں ارشاد فرماتا ہے۔ حقیقتاً ایسے ہی لوگ اس کے مصداق ہیں (دیکھو سورۂ آل عمران)

فاستجاب لھم ربّھم انی لا اضیع عمل عامل منکم من ذکر او انثیٰ بعضکم من بعض فالّذین ھاجروا واخرجوا من دیارھم واوذوا فی سبیلی وقٰتلوا وقتلوا لاکفرن عنھم سیاٰتھم ولادخلنّھم جنّٰت تجری من تحتھا الانھٰر ثوابا من عند اللہ واللہ عندہ حسن الثّواب۔

Marfat.com

یعنی" قبول کی ان کی دعا ان کے رب نے کہ میں ضائع نہ کروں گا عمل کسی عمل کرنے والے کا تم میں سے، وہ مرد ہو یا عورت کہ تم سب آپس میں ایک ہو پس وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اور نکالے گئے اپنے گھروں میں سے اور جن کو اذیت پہنچائی گئی میری راہ میں اور مقاتلہ کیا اور قتل کیے گئے میں ضرور دور کر دوں گا۔ ان سے ان کی بدیوں کو اور ضرور ان کو داخل کروں گا ایسی جنتوں میں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ یہ ثواب اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ ہی ہے جس کے پاس بہت اچھا ثواب ہے۔") دیکھو یہ ہے محبت محمدؐ و آلِ محمدؐ اور یہ ہے رسول کریم کے حکم کی تعمیل یہ ہے قول نبیؐ پہ عمل، صاحب صواعق محرقہ بیہقی اور دیلمی سے نقل کرتے ہیں۔ رسول اللہؐ نے فرمایا ہے کہ کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ مجھے اور میرے اہل بیت اور میری عترت کو اپنی ذات اور اپنی جان سے زیادہ محبوب نہ سمجھے اور اپنے نفس سے زیادہ عزیز نہ رکھے۔ سبحان اللہ، قربان ان حسینیوں کے، فدا ان کی محبت و وفا کے، نثار ان کے یقین و ایمان کے، بیشک ان بزرگوں نے جیسا کہا ویسا ہی کر دکھایا۔ کیسا جانوں پر کھیلے۔ کیسا رسولؐ کا حکم بجا لائے اور کیسا حق محبت ادا کیا اور ایمان کی ڈگریاں حاصل کیں۔ جب تک زندہ رہے جانِ رسولؐ حسین منی وانا من الحسین پر آنچ نہ آنے دی۔ رخصت ہوتے تھے میدانِ کارزار میں جاتے تھے۔ رجزیں پڑھتے تھے۔ وعظ کرتے تھے۔ 'امرون بالمعروف والناھون عن المنکر کی شان اور حافظون لحدود اللہ کے جلوے دکھلاتے تھے۔ محبت ایمان اور مودت رسولؐ کے جوہر چمکاتے تھے۔ ایک دوسرے سے آگے بڑھتے تھے۔ پروانوں کی طرح شمع ہدایت اور جانِ رسولؐ پر گرتے تھے اور قربان ہوتے تھے۔ برچھیاں کھاتے تھے خون میں نہاتے تھے لہو میں نہاتے تھے زخمی ہو کر گھوڑوں سے گرتے تھے اور حسینؑ کو پکارتے تھے سلام رخصت کرتے تھے محبت بھری

Marfat.com

نظروں سے حسینؑ کے رخِ انور کو دیکھتے تھے، مسکراتے تھے اور عرض کرتے تھے۔ اے فرزندِ رسولؐ! کیا ہم نے آپ کے حق کو ادا کر دیا اور کوثر کے کنارے دربارِ رسولؐ میں جنت کو سدھار جاتے تھے۔ انہی کی شان میں حسینؑ نے فرمایا ہے:۔

لبسوا القلوب علی الدروع واقبلو یتھا فتون علی ذھاب الانفس

یعنی بہادروں کا تو قاعدہ اور دستور یہ ہے کہ جنگ کے لیے زرہ پہنکر لڑنے جاتے ہیں مگر اے حسینی بہادرو! اے میرے جان نثارو! تم ایسے شجاع اور ایسے جیوٹے بہادر ہو کہ تم نے دلوں کو زرہ پر پہن لیا ہے۔"

الغرض حسینؑ کے خطبہ کے بعد جانے والے چلے جاتے ہیں اور حق پر مرنے والے وفا و محبت کے پتلے، اسلام کے فدائی، محبتِ رسولؐ کے شیدائی، محبتِ حسینی کے جام پی کر، مرنے کے بیڑے اٹھا کر، وفا کے عہد باندھ کر اٹھتے ہیں اور قربان گاہِ توحید میں ذبح ہونے کی تیاریاں کرتے ہیں اور گویا حضرت عباسؑ علمدار کے خیمہ میں ریاضِ محمدی کے پھول مہک رہے ہیں۔ علیؑ کے گلعذار، نبیؐ کے رشتہ دار جمع ہیں۔ ماہ بنی ہاشم بیچ میں جلوہ افروز ہیں۔ فلکِ امامت کے ستارے، فاطمہ زہراؑ کے پیارے، جھرمٹ کیے گرد بیٹھے ہیں۔ عباس علیؑ فرما رہے ہیں۔"اے میرے پیارے بہادرو، رسولؐ کے رشتہ دارو، حسینؑ کی گود کے پالو، یاد رکھو کل مرنے کا دن ہے، تلواریں کھانے کا دن ہے، زخمی ہونے کا دن ہے، خون میں نہانے کا دن ہے۔ آلِ محمدؐ کی قربانی کا دن ہے، دیکھنا البانہ ہو کہ تم پیچھے رہ جاؤ اور اصحاب تم سے سبقت لے جائیں جب تک ہم گلے نہ کٹا لیں، خون میں نہ نہالیں، خاک پر نہ سولیں، اصحاب کی باری نہ آئے۔" باغِ محمدی کے غنچہ دہن مسکرا کر پھول کی طرح کھلتے ہیں۔

Marfat.com

اور عرض کرتے ہیں "اے ہمارے بزرگ، اے ہمارے چچا بیشک، انشاءاللہ ایسا ہی ہوگا۔ آپ دیکھیں گے کہ سب سے پہلے ہم برچھیاں کھائیں گے، خون میں ڈوبیں گے اور اپنے آقا، اپنے مولا حسینؑ پر قربان ہو جائیں گے"۔ اس طرف حبیب ابن مظاہر، مسلم عوسجہ، زہیر قین کا دربار رچا ہوا ہے۔ محبتِ رسولؐ کے متوالے، حسینؑ کے عاشق، وفا کے بندے، سچے جانفروش اصحاب کا مجمع ہے۔ حبیب فرما رہے ہیں "میرے پیارے بھائیو، رسولؐ کے عاشقو، سچے دیندارو، محبتِ حسینؑ کے پیاسو، دیکھو بہشت جلوے دکھا رہا ہے، کوثر لہریں مار رہا ہے، رسولؐ دیکھ رہے ہیں۔ علیؑ تمہارے منتظر کھڑے ہیں۔ ہاں بھائیو! کل امتحان کا دن ہے، وفائے عہد کا دن ہے، پس جب تک ہمارے دم میں دم ہے آلِ محمدؐ پر آنچ نہ آئے۔ جب تک ہم برچھیاں نہ کھالیں گھوڑوں سے نہ گرلیں زہراؑ کے پھول پامال نہ ہوں۔ جب تک ہم خاک پر تڑپ نہ جائیں، نہ دیں، علیؑ کے پیارے خون میں نہ ڈوبیں۔ جب تک ہم تلواروں کی چھاؤں میں سجدے نہ کرلیں ذریتِ رسولؐ پر بلا نہ آئے۔ ضروری ہے کہ ہم آلِ محمدؐ سے پہلے سرخرو ہو کر دربارِ رسولؐ میں پہنچ جائیں ایسا نہ ہو کہ ہم زندہ ہوں اور ریاضِ محمدی کے پھول مرجھا جائیں۔ پھر ہم کیا رسولِ الٰہی کو منہ دکھائیں گے اور کیونکر سرخرو دربارِ الٰہی میں جائیں گے"۔ سب یک زبان ہو کر پکارتے ہیں کہ ہاں ہاں حبیب! اطمینان رکھو، ایسا ہی ہوگا۔ آپ دیکھ لیں گے کہ صبح کو کیا ہوگا؛ یعنی ع

"پیچھے نماز میں ہیں تو آگے جہاد میں" جب ہمارے خوں بھرے جسم زخموں سے چور خاک پر تڑپیں گے اور روحیں کوثر کے کنارے ہوں گی تب آلِ محمدؐ کی باری آئے گی۔ خیامِ اہلِ بیت میں اسلام کی کامل الایمان بی بیاں محبتِ رسولؐ کی راسخ الاعتقاد ہستیاں، دینِ الٰہی پر مر مٹنے والیاں، خاتونِ جنت کی محبت کی متوالیاں قربان گاہِ اسلام پر قربانی چڑھانے جانِ رسولؐ کا فدیہ پیش کرنے، اپنی پیاری بی بی فاطمہ زہراؑ کے جانی پر سے صدقہ اتارنے کے لیے اپنے جگر کے ٹکڑوں، پیارے لاڈلوں کو تیار کر رہی ہیں۔ بال سنوارتی ہیں

زلفوں کو کنگھی کرتی ہیں۔ چاند سے مکھڑوں کو چومتی ہیں، پیاسے ہونٹوں کو بوسہ دیتی ہیں اور کہتی ہیں کہ اے پیارے بچو! جگر کے ٹکڑو! ماں کی آنکھ کے تارو، راج دلارو! کل قربانی کا دن ہے جانِ رسولؐ پہ فدا ہونے کا روز ہے۔ بس یہی تمنا ہے اور یہی آرزو ہے کہ تم دولھا بنو، شربتِ شہادت پیو، تلواروں سے کھیلو، نیزے کھاؤ، خون میں نہاؤ، دینِ الٰہی، اسلامِ محمدی کی قربانی بنو اور جانِ رسولؐ، فرزندِ بتولؑ آقا حسینؑ پر فدا ہو جاؤ اور ہم کو ہماری بی بی خاتونِ جنت، بنتِ رسولؐ فاطمہ زہراؑ سے سرخرو کر جاؤ۔ حسینؑ کے فدیہ کہلاؤ گے تو ہمارا دودھ تم کو حلال ہوگا اور تمہاری لاشوں پر ہم آئیں اور تمہاری خون بھری تصویروں کو دیکھ کر خون کے آنسو بہا کر خدائے جلیل کی بارگاہ میں اس ناچیز قربانی کی قبولیت کا سجدۂ شکر ادا کریں۔ اور اپنا دودھ تم کو بخشیں ؎

خیموں میں بچوں کو یہ سمجھا رہی ہیں بی بیاں — اے ہمارے نونہالو کل ہے روزِ امتحاں
ظلم و عدل اور باطل و حق کفر اور دیں میں ہے جنگ — وہ پڑیگا رن کہ مٹ جائینگی اکثر ہستیاں
راہِ حق میں جو مرا سمجھو کہ زندہ ہو گیا — مٹ نہیں سکتا زمانہ سے کبھی نام و نشاں
ہیں وہی سردارِ قوم و محسنِ دینِ مبیں — جن کے لاشے کل نظر آئینگے ریتی پر تپاں
تم پہ جو بپتا پڑی تھی کٹ گئی صد شکر حق — اب ہے سیرِ باغِ جنت اور عیشِ جاوداں
پیاس کیسی؟ بھوک کیا، ہو تم تو ہاشم کے سپوت — کاٹ ہی ڈالو اگر ہونٹوں پہ پھر جائے زباں
کر دیا ہے حاکمِ گمراہ نے اعلانِ جنگ — شام تک تم واقعی بچے تھے پر اب ہو جواں
گر نہیں آتا لڑائی کا ہنر تو سن رکھو — تیغ ہیں یوں باندھتے اور اسطرح تیر و کماں
زین پر یوں بیٹھو جیسے ہو انگیٹھی میں نگیں — باگ ہو بائیں میں دائیں سے دو نیزے کو نکال
ماشاءاللہ تم مجاہد، تم سپاہی تم جری — تم جیالے من چلے جانباز، غازی پہلواں
اے جگر کے ٹکڑو! اے معصوم دلبندو، دلبرو — تم امیدیں ہو ہماری قوم کی تم پاسباں

موت ہے جینا فقط لذاتِ فانی کے لیے
آدمی مر جائے عیشِ جاودانی کے لیے

{ ہلالِ محرم
میر علمدار حسین واسطی }

Marfat.com

حسینؑ اپنے خیمہ میں جلوہ فرما ہیں مصلےٰ بچھا ہوا ہے۔ قرآن مجید سامنے کھلا رکھا ہے۔ طاعت و عبادتِ الٰہی میں مشغول ہیں۔ نماز کا عاشق نماز کو رخصت کر رہا ہے۔ کبھی سجدہ ہے اور کبھی رکوع ہے۔ کبھی قیام ہے کبھی قعود ہے۔ محویت کا عالم طاری ہے سجدہ میں جلوۂ محبوب دیکھ رہے ہیں اور عرض کرتے ہیں، میرے مالک! میرے آقا! میرے محبوب ربِ جلیل! تیری ہی مدد درکار ہے تو ہی اپنے عاشق کی اس ناچیز قربانی کو قبول فرمائے گا۔ تیری مدد سے یہ تیرا حسینؑ اپنے عہد کو پورا کرکے سرخرو تیرے دربار میں حاضر ہوگا کبھی قرآن کی تلاوت فرماتے ہیں اور کبھی تلوار کو صاف کرتے ہیں۔ اور دنیا کی بے ثباتی کے اشعار پڑھتے ہیں۔

پاس ہی ساتھ لگے خیمہ میں بیمارِ کربلا سید سجادؑ، بیبیوں کا قافلہ سالار ماں بہنوں کے اونٹوں کی مہار کھینچنے والا، کربلا سے شام تک پیدل چلنے والا، بیڑیاں پہننے والا، دوہرے طوق گلے میں ڈالنے والا، زہرؑا کا چاند حسینؑ کی یادگار، تپ میں گرفتار غش میں پڑا ہے، غمزدہ پھوپھی جناب زینبؑ تیمارداری و خبرگیری کے لیے پاس بیٹھی ہیں۔ آنے والی مصیبت سے دل دھڑک رہا ہے۔ آنسوؤں کی جھڑی بندھی ہوئی ہے۔ امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں کہ میں نے بابا سے ان اشعار کو سنا اور سمجھا کہ ابتلا نازل ہو چکی۔ بابا ضرور شہید ہو جائیں گے مصیبت آگئی۔ کلیجہ سے دھواں اٹھا۔ رقت گلوگیر ہوئی۔ مگر ضبط کیا اور خاموش ہو رہا لیکن پھوپھی اماں جناب زینبؑ ضبط نہ کر سکیں۔ روتی ہوئی گھبرا کر اٹھیں۔ سر سے چادر گر گئی۔ پا برہنہ بھائی کے خیمہ میں گئیں اور فرمایا کہ اے بھائی! اے بزرگوں کی یادگار

Marfat.com

اے پیارے حسینؑ! اپنے مرنے کی خبر سنا رہے ہو۔ کاش مجھے موت آ گئی ہوتی۔ میں نے یہ مصیبت نہ دیکھی ہوتی۔ ہائے نہ آج اماں فاطمہؑ ہیں، نہ بابا علیؑ ہیں، نہ بھائی حسنؑ ہیں۔ بے تاب و بیقرار ہو کر روتی ہیں۔ حسینؑ اٹھتے ہیں۔ آنکھوں میں آنسو بھر آتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اے بہن زینبؑ! تمام اہل زمین مر جائیں گے۔ اہل آسمان فنا ہو جائیں گے۔ سوائے ذات وحدہٗ لاشریک اللہ جل جلالہ کے کوئی ہستی باقی رہنے والی نہیں ہے۔ دیکھو نانا رسول اللہؐ مجھ سے افضل تھے۔ بابا علیؑ مجھ سے اعلیٰ تھے۔ اماں فاطمہؑ زہراؑ اور بھائی حسنؑ مجھ سے بہتر تھے۔ وہ بھی نہ رہے، میرے لیے اور تمام مسلمانوں کے لیے اسوۂ رسولؐ اللہ کی پیروی لازم اور ضروری ہے۔ بہن میرے لیے صبر کو ہاتھ سے نہ دو۔ اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو۔ تسلّی تشفی دیتے ہیں۔ صبر و شکر الٰہی کی تلقین فرماتے ہیں اور ہاتھ پکڑ کر میرے پاس لاکر بٹھا دیتے ہیں اور اس کے بعد اصحاب کی طرف تشریف لے جاتے ہیں۔ اور حکم دیتے ہیں کہ تمام خیمے دائیں بائیں ایک دوسرے کے ساتھ ملا کر اور چسپاں کر کے اسی طرح لگا دیے جائیں کہ ایک خیمہ کی طنابیں دوسرے خیمہ کی طنابوں سے باندھ دی جائیں اور اہل حرم کے خیام سب کے بیچ میں کر دیے جائیں۔ آمد و رفت کے لیے صرف ایک راستہ سامنے کی طرف سے رہے۔ ہائے ہائے۔ غالباً یہ انتظام و اہتمام اس لیے فرمایا گیا ہوگا کہ مبادا شامی لشکر ظالم دشمن رات کو شبخون نہ مارے۔

چھوٹے بچے اور بیکس بی بیاں اس دار و گیر میں اندھیری رات میں ظالموں بے دینوں کے ہاتھ سے ہلاک نہ ہو جائیں (ارشاد شیخ مفید و تاریخ کامل وغیرہ)

فی الحقیقت شب عاشورہ کربلا کے ان غربت زدہ بھوکے پیاسے مسافروں کی یہ رات عجیب قیامت خیز اور غم انگیز، دردناک رات تھی ان کی مصیبت کے واقعات

ان کی عبادت و طاعتِ الٰہی کے حالات آلِ رسولؐ کی خدمت کے کارنامے جات کس کی زبان ہے جو بیان کر سکے۔ اور کس کا کلیجہ ہے کہ سن سکے۔

سنسان جنگل ہے۔ رات کا اندھیرا چھایا ہوا ہے۔ گرم ہوائیں چل رہی ہیں خاک برس رہی ہے۔ بھوک کی شدت ہے۔ پیاس کی حدت ہے۔ پانی ندارد ہے خیموں میں بچے پیاس سے تڑپ رہے ہیں۔ العطش العطش پکار رہے ہیں مگر سبحان اللہ خدا ان کے صبر و استقلال کے قربان ان کے صبر و رضا کے جوشِ ایمانی سے سرشار ہیں محبت حسینؑ میں محو ہیں۔ درود و استغفار کی صدائیں بلند ہیں۔ تسبیح و تقدیس کی آوازیں گونج رہی ہیں۔ تکبیر کے نعرے لگا رہے ہیں کبھی تلاوتِ قرآن مجید فرماتے ہیں تو کبھی بارگاہِ قدس میں راز و نیاز کی مناجاتیں کر رہے ہیں۔ حسینی کیمپ بیت المعمور کا نقشہ دکھلا رہا ہے۔ "کان لاصحاب الحسین دوی کدوی النحل بالتلاوۃ و الصلوٰۃ" (اصحاب حسینؑ کی تلاوت و نماز کی آوازیں ایسی گونجتی تھیں جیسے کہ شہد کی مکھیوں کے بدن سے گونج نکلتی ہے" ابو مخنف، طبری، ینابیع المودۃ کبھی حسینؑ کی حمایت ہے تو کبھی آلِ رسولؐ کی خدمت۔ کوئی بزرگوار حسینؑ کے خیمہ کا پہرہ دے رہا ہے تو کچھ جان نثار خیام حرم کے گرد تلواریں لیے طلایہ پھر رہے ہیں۔

بریر ہمدانی بچوں کی فریاد العطش سے بے چین ہو جاتے ہیں۔ چند رفقا کو ساتھ لیتے ہیں۔ تاروں کی چھاؤں میں گھاٹ پہ پہنچتے ہیں۔ نہر میں اترتے ہیں۔ ٹھنڈے پانی کو دیکھ کر آلِ رسولؐ کی پیاس یاد آتی ہے۔ خون کے گھونٹ پیتے ہیں۔ آنسو بہاتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ہاں بھائیو! تمہارے نبیؐ کی آلؑ پیاسی ہے۔ ان کے جگر کباب ہیں۔ یہ پانی ہم کو حرام ہے جب تک وہ سیراب نہ ہولیں، اور مشکیزہ بھرتے ہیں اور پیاسے نکل آتے ہیں۔ دشمن گھیر لیتے ہیں

مزاحمت کرتے ہیں، تلواریں چلاتے ہیں، تیر برساتے ہیں مگر یہ وفادار مشک کو بچاتے ہیں۔ خود تیر کھاتے ہیں۔ گردن سے خون بہتا ہے۔ لہو میں نہاتے ہیں۔ شکر خدا کرتے ہیں کہ مشک تو بچ رہی۔ جلدی کرتے ہیں اور تلواروں کی چھاؤں میں، تیروں کی بارش میں پانی کو بچاتے، مشک کو سنبھالے لڑتے بھڑتے خیام حسینؑ کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ حسینؑ کے بچے، باغ رسول الہٰی کے پھول کٹورے لیے دروازۂ خیام پر کھڑے انتظار کر رہے ہیں۔ ننھے ننھے پھنکتے ہوئے کلیجوں کو کچھ امید بندھ گئی ہے کہ شاید کچھ پانی مل جائے مگر ہائے

ع اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

بر در خیمہ میں مشک پہنچاتے ہیں۔ پیاسے بچے ہجوم کرتے ہیں اور مشک پر گر پڑتے ہیں، مشک کا تسمہ کھل جاتا ہے اور سب پانی زمین پر بہہ جاتا ہے۔ اور معصوم بچے پیاسے کے پیاسے رہ جاتے ہیں۔

حسینؑ نے اور اصحاب و اقربائے حسینؑ نے عبادت و طاعتِ الہٰی میں تحمید و تقدیس اور حمایت آلِ رسولؐ میں اس آخری رات کو تمام فرمایا۔ جانے والی رات نے ان غربت زدہ گرفتارانِ بلا وطن آوارہ مرنے والے مسافروں کو بصد حسرت و یاس آخری الوداع کہی اور سلام رخصت کیا۔ تارے پھوٹ پھوٹ کے روئے اور دریائے غم میں ڈوب گئے۔ چاند کا کلیجہ غمِ آلِ محمدؐ سے شق ہوا اور غم کی چادر اوڑھ کر زمانہ سے رخصت ہو گیا۔ صبح کا ستارہ رنج و الم کی نشانی اور موت کا پیام لے کر آیا۔ نسیم سحری خاک اڑاتی چلی۔ دسویں محرم ۶۱ھ کی صبح گریباں چاک، شبنم کے آنسو بہاتی نمودار ہوئی۔ وہ غمناک صبح جو نہ کبھی پہلے دنیا میں آئی اور نہ آیندہ کبھی آئے گی۔ وہ صبح جس نے رسولؐ کے گھر میں صفِ ماتم بچھائی، وہ صبح جس نے عالم قدس کو سوگ نشین کیا ؎

Marfat.com

آں بارگاہِ قدس کہ جائے ملال نیست — سرہائے قدسیاں ہمہ بر زانوئے غم است

# صبحِ عاشور

وہ صبح جس نے دنیا کو ماتم کدہ بنایا، وہ صبح جس نے عالم کو سیہ پوش کیا وہ صبح جس نے زمانہ کو خون رلایا، وہ صبح جس نے آسمان سے لہو برسایا، وہ صبح جس نے زمین کو ہلا دیا، پہاڑوں کو پگھلا دیا، دنیا میں زلزلہ آگیا ؎

تزلزلت الدنیا لآلِ محمد — کادت لھم صم الجبال تذوب

یعنی آلِ محمدؐ کی مصیبت سے دنیا میں زلزلہ آگیا اور اس غم سے پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے اور پتھر پگھل گئے (دیکھو امام شافعی علیہ الرحمہ کا مرثیہ غمِ حسینؑ میں جس کو حافظ جمال الدین زرندی مدنی نے اپنی کتاب معارج الوصول میں لکھا ہے اور شیخ سلیمان قندوزی نقشبندی کی کتاب ینابیع المودۃ صـ ۴۳۲ پر درج ہے)

سحر کے قریب عالمِ قدس کا جلوہ نظر آیا حسینؑ پر کچھ غنودگی طاری ہوئی تو عالمِ رویا میں نانا رسول اللہ تشریف لائے۔ کلیجہ سے لگایا اور فرمایا۔ اے ہمارے فرزند نانا کی جان حسینؑ! تم تو شہیدِ آلِ محمدؐ ہو، اہلِ آسمان ساکنانِ عالمِ قدس مقربانِ ملاءِ اعلیٰ اے بیٹا! تم کو آج بشارت دے رہے ہیں۔ بس اے حسینؑ جلدی کرو۔ آج شام کو تمہارا افطار ہمارے پاس ہوگا۔ یہ خواب دیکھ کر اٹھتے ہیں۔ اصحاب کو سناتے ہیں اور بہشت عنبر سرشت کی بشارت دیتے ہیں۔

سپیدۂ صبح نمودار ہوا۔ گلزارِ محمدی میں بلبلِ حسینی چہکا، علی اکبرؑ شبیہِ پیغمبرؐ نے اذان دی۔ اللہ اکبر کی صدا اور کلمۂ توحید و رسالت سے زمین و آسمان گونج اٹھے حسینؑ سجادۂ طاعت پر تشریف لائے اصحابِ اعزہ نے پیچھے صفیں باندھ لیں۔ اقامت کہی گئی اور نماز شروع ہوئی۔ تاروں کی چھاؤں میں حسینؑ نے مع رفقاءِ طاعتِ الٰہی فریضۂ صبح کو ادا فرمایا اور "بعد از سلام ہوگئی رخصت نماز بھی"

بارگاہِ قدس میں بعد نماز بصد راز و نیاز دعا فرمائی :-

اللھم انت ثقتی فی کل کرب وانت رجائی فی کل شدۃ و انت لی فی کل امر نزل بی ثقۃ وعدۃ "کم من کرب یضعف فیہ الفواد وتقل فیہ ویخذل فیہ الصدیق و یشمت بہ العدو وقد انزلتہ بک وشکوتہ الیک رغبۃ منی الیک عمن سواک ففرجتہ وکشفتہ فانت ولی کل نعمۃ وصاحب کل حسنۃ ومنتھی کل رغبۃ

اے میرے مالک! میرے رب! ہر ایک مصیبت و کرب میں بس تو ہی میرا معتمد ہے اور تجھ پر ہی میرا بھروسہ ہے اور ہر ایک سختی و شدت میں تو ہی میری امید ہے تو ہی میری آس ہے اور ہر ایک بلاء و مصیبت میں جو مجھ پر نازل ہو بس تو ہی میری پناہ ہے اور تو ہی میرا کارساز ہے۔ اے میرے مالک بہت سی ایسی مصیبتیں پڑتی ہیں کہ دل بیٹھ جاتے ہیں حیلے اور تدبیریں بیکار ہو جاتی ہیں۔ دوست چھوڑ دیتے ہیں دشمن طعنہ زنی کرتے ہیں مگر میرے آقا! جب میں نے دلی رغبت سے اور حضور قلب سے تجھ سے عرض کی اور اپنے درد دل کی شکایت کی کیونکہ میرا سوائے تیرے کوئی نہیں اور بجز تیرے مجھے کسی سے رغبت نہیں۔ پس تو نے مجھ سے اس مصیبت کو دور کر دیا۔ تو ہی ہر ایک نعمت کا مالک ہے اور تو ہی ہر ایک نیکی کا صاحب اور ولی ہے۔ ہر ایک رجوع کرنیوالے اور ہر ایک رغبت کا مادی اور ملجا تو ہی ہے
(ارشاد شیخ مفید۔ تاریخ کامل طبری ۲۲۵)

تعقیب سے فارغ ہوئے اور سجدۂ شکر بجالائے اور مرنے والے بھی تعقیب و تسبیح سے فارغ ہو کر اٹھے۔ کمریں کسیں اور مرنے پر تیار ہو گئے۔

Marfat.com

آلِ رسولؐ کے غم و غصہ سے لرزتے ہوئے سورج نے بھی مشرق سے منہ نکالا۔ تند و تیز نظر سے بے رحم دنیا کو دیکھا۔ کلیجہ سے دھواں اٹھا اور غم و الم کے شعلے نکلے۔ فوجِ شام میں درد یاں بجیں۔ باجوں کا شور و غل ہوا۔ عمر سعد نے جنگ کی تیاری کی۔ پرے باندھے جھنڈیں جمائیں۔ میمنہ و میسرہ قائم کیا۔ مورچے قائم کیے گئے۔ آلِ محمدؐ کا خون بہانے کیلئے کمانوں میں تیر جوڑے گئے۔ ذریتِ رسولؐ کے گلے کاٹنے کو تلواریں صاف کی گئیں۔ نیمچے اٹھائے گئے اور دل بادل کی طرح شامی لشکر آلِ محمدؐ کی طرف بڑھا۔ حسینؑ حرم میں گئے۔ بزرگوں کے تبرکات زیب تن فرمائے۔ نانا رسولؐ کا عمامۂ سحاب سر پر رکھا۔ محبوب الہیٰ کی زرہ پہنی بابا علیؑ کی ذوالفقار کمر سے باندھی ؎

معراج پائی دوش پہ حمزہ کی ڈھال نے

کلام مجید گلے میں ڈالا۔ ذریتِ رسولؐ اہلبیت اطہار کو رخصت فرمایا۔ سکینہ کو پیار کیا بہن کو وصیتیں فرمائیں اور صبر کی تلقینؑ کی اور آفتابِ محمدی برجِ امامت سے برآمد ہوا اصحابِ حسینؑ نے، مرنے والوں نے صفیں باندھیں شانِ محمدی چمکا۔ تکبیر کا نعرہ بلند ہوا۔ اسلامی پھریرا ہوا میں لہرایا اور عباس علمدارؑ کے دوش مبارک پر زینت پائی۔ بتیس ۳۲ سوار، چالیس پیادوں کے لشکر سے جس میں کچھ بچے، کچھ بوڑھے، کچھ جوان سب شامل ہیں۔ شہید آلِ محمدؐ حسینؑ مظلوم لاکھوں کے مقابل میں آکر کھڑے ہوئے بیشک ؎

حوصلہ تھا یہ جوانانِ حسینی کا فقط ۔۔۔ ورنہ لاکھوں سے بہتر کی لڑائی کیسی

# حسینؑ کا خطبہ روزِ عاشور

حسینؑ اتمامِ حجت کے لیے بڑھے۔ قرآنِ مجید کو کھولا، ہاتھوں پر رکھا۔ نانا رسول اللہؐ کی حدیث انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی اھلبیتی ما ان تمسکتم بھما لن تضلوا بعدی لن یفترقا حتی یردا علی الحوض (میں تم میں دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جاتا

ہوں ایک تو میری عترت اہلبیت ہے اور دوسری قرآن۔ اگر تم دونوں سے متمسک رہو گے تو میرے بعد ہرگز ہرگز گمراہ نہ ہو گے اور یہ دونوں چیزیں ایک دوسری سے جدا نہ ہونگی جب تک کہ میرے پاس حوض کوثر پر پہنچیں) کا اصلی نظارہ دکھلایا اور بتایا کہ قرآن ہمارے ساتھ ہے اور ہم قرآن کے ساتھ ہیں۔ یہ خدا کی کتاب صامت ہے تو ہم خدا کے کلام ناطق ہیں۔ اس کا علم ہمارے سینوں میں ہے۔ فی صدور الذین اوتوا العلم ہماری ہی شان ہے یہ کتاب الہٰی کبھی ہم سے علیحدہ نہیں ہو گی اور نہ ہم اس سے جدا ہونگے۔ ہمارا کلام وہی ہے جو اس کا کلام ہے اور ہمارا فعل وہی ہے جو اس کا حکم ہے۔ دونوں صفوں کے بیچ میں کھڑے ہو کر وعظ شروع فرمایا۔ فصاحت اور بلاغت کے دریا بہائے، علم و حکمت کے چشمے جاری کیے۔ صراطِ مستقیم کے راستے دکھلائے۔ وعظ و نصیحت فرمائی۔ اپنی صداقت و حقانیت کو ظاہر کیا اور حمد و ثنائے الہٰی کے بعد فرمایا۔ خدائے جلیل ہی تمام تعریفوں اور حمد و ثنا کا مستحق ہے۔ اس نے اس دنیا کو فنا ہونے والا گھر اور زائل ہو جانے والا مقام بنایا اس کی حالتیں آناً فاناً بدلتی اور یوماً فیوماً متغیر ہوتی رہتی ہیں۔ اس کے فتنہ سے بچو اس کے فریب میں نہ پڑو جس نے اس پر اعتماد اور بھروسہ کیا اور جس نے دل لگایا۔ اسی کی امیدوں کو اس نے توڑا جس نے دنیا کی طمع کی وہی خائب و خاسر ہوا اور وہی ٹوٹے میں رہا۔ ظالمو! میرے خون سے ہاتھ نہ رنگو۔ اپنے رسول کے فرزند کا خون نہ بہاؤ۔ دنیا نے تم کو فریب دیا۔ شیطان تم پر غالب آگیا ہے تم نے خدا کو بھلا دیا۔ قسم خدا کی جو بات تم مجھ سے چاہتے ہو میں ہرگز ہرگز اس کو منظور نہ کروں گا۔ یہاں تک کہ اپنے خون میں ڈوب کر، رنگین ہو کر، اپنے خدا سے جا ملوں۔ اے ظالمو! بے دینو! دیکھو جلدی نہ کرو، میری بات کو سنو اور سوچو، غور کرو اور انصاف سے کام لو۔ میرے کلام کو سن لو پھر تم کو اختیار ہے جو چاہو سو کرنا اور مجھے مہلت دینا یا نہ دینا بیشک میرا خدا، میرا رب وہی ہے جس نے اپنے حبیب پر قرآن نازل فرمایا اور جس نے ہمیشہ اپنا ولی اور دوست نیکو کاروں ہی کو بنایا۔ کیا مجھے قتل کرنا، میرا خون بہانا، میری ہتک

Marfat.com

حرمت کرنا تم کو جائز اور مناسب ہے ؟ دیکھو میں کون ہوں۔ کیا تم نہیں جانتے میں تمھارے نبیؐ کا فرزند، ان کی بیٹی فاطمہ زہراؑ کا لختِ جگر ہوں۔ کیا میرے باپ علی مرتضیٰؑ نہیں ہیں ! کہ جو رسولؐ کے بھائی اور سابق الاسلام ہیں اور اوّل امیرالمومنین، رسول اللہؐ کی سب سے پہلے تصدیق کرنے والے ہیں۔ کیا حمزہ سید الشہدا اور جعفر طیّار میرے چچا نہیں ہیں ؟ کیا تم نے نہیں سنا کہ میرے نانا رسول اللہؐ نے مجھے اور میرے بھائی کو سید اشباب اھل الجنّۃ (سردار جوانان اہل بہشت) اور ریحانۂ قلب فرمایا۔ اگر تم کو میرے قول کا یقین نہیں ہے (معاذ اللہ) تم مجھے جھوٹا سمجھتے ہو تو رسول اللہؐ کے جو صحابی ابھی زندہ ہیں۔ جابر ابن عبداللہ انصاری۔ انس بن مالک، زید بن ارقم، ابو سعید خدری، ابو برزہ اسلمی، سہل ساعدی، ان سے پوچھ لو اور میرے قول کی تصدیق کر لو۔ ارے ظالمو! دنیا میں زمین و آسمان مشرق سے مغرب تک، جابلقا جابلسا، تک اگر ڈھونڈو گے تو سوائے میرے کسی کو بھی اپنے نبی محمدؐ مصطفےٰؐ کا پیارا فرزند، جان و جگر، اور اس کی بیٹی فاطمہؑ کا نورِ نظر نہ پاؤ گے۔ ارے ظالمو! یہ تو بتاؤ کیا میں نے کسی سنت و طریقِ رسولؐ کو بدلا ہے ؟ کیا میں نے شریعتِ الٰہی میں، حکمِ خدا میں کوئی تغیر و تبدّل کیا ہے ؟ کیا میں نے کسی کو تم میں سے قتل کیا ہے ؟ کسی کا مال چھینا ہے ؟ جس کے بدلے میں تم میرے خون کے پیاسے ہو رہے ہو اور میرا خون مباح جانتے ہو۔ پھر فرماتے ہیں کہ اے ظالمو! تم نے خود خط بھیج کر مجھے بلایا تو میں تمھاری طرف تمھاری ہدایت و رہنمائی کے لیے آیا تھا۔ بدبخت و ملعون شمر۔ اور شبث ربعی جواب میں کہتے ہیں کہ اے حسینؑ! ہم نہیں سمجھتے ہیں کہ تم کیا کہہ رہے ہو بس یزید کی اطاعت کرو اور اس کی بیعت میں داخل ہو جاؤ۔ تب ہی امان ملے گی۔ حسینؑ یہ سن کر فرماتے ہیں قسم ہے

Marfat.com

خدا کی۔ میں کبھی یہ ذلت گوارا نہ کروں گا۔ کبھی کسی کے ہاتھ پر ہاتھ نہ رکھوں گا۔ کبھی تم لوگوں کے سامنے غلاموں کی طرح اقرار کرنے کا عار قبول نہ کروں گا۔ (ارشادِ مفیدؒ۔ تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۲۱، ۲۲)

حسین علیہ السلام نے اور اصحابِ حسینؑ نے روزِ عاشور متعدد خطبے فرمائے ہیں اور بار بار امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فرض کو ادا فرمایا حجت تمام فرمائی۔ دیکھو زہیر قین کے خطبے۔ بریر ہمدانی کی تقریریں۔ حُر کے مکالمے مگر ان مغرور دُنیا کے اندھے، یزید کے پیرو بے دینوں پر کچھ اثر نہ ہوا۔ اور یہی کہا کہ اے حسینؑ ہم جانتے ہیں جو کچھ تم کہتے ہو صحیح ہے مگر ہم تمہارے باپ سے عداوت اور بغض کی بنیاد پر تم سے لڑتے اور جنگ کرتے ہیں۔ دیکھو ینابیع المودہ صفحہ ۳۴۶ جب کہ حسینؑ نے فرمایا:۔

یا ویلکم اتقتلونی علیٰ سنۃ بدلتھا ام علیٰ شریعۃ غیرتھا ام علیٰ جرم فعلتہ ام علیٰ حق ترکتہ فقالوا لہ انا نقتلک بغضاً لابیک

یعنی حسینؑ نے فرمایا کہ اے قوم! کیا تم مجھے اس لیے قتل کرتے ہو کہ میں نے کسی سنت رسولؐ کو بدل دیا ہے* یا تمہارا کوئی جرم و گناہ مجھ سے سرزد ہوا ہے یا کوئی تمہارا حق چھین لیا ہے۔ اس پر ان ظالموں نے جواب دیا کہ نہیں ہم تو تم کو اس لیے قتل کرتے ہیں کہ تمہارے باپ سے ہم کو دشمنی اور عداوت ہے۔

* یعنی کسی شریعت کو بدل دیا ہے

حسینؑ کے ان خطبات اور وعظ و پند کی تقریروں کو تمام مورخین علمائے اسلام نے اپنی کتابوں میں درج فرمایا ہے۔ علامہ ابن جریر طبری امام حسینؑ کے ایک خطبہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں کہ "حسینؑ نے اپنے خطبہ میں وہ

Marfat.com

معارف و نکات ارشاد فرمائے ہیں کہ جن کو خدا ہی جانتا ہے اور جن کا بیان شمار سے باہر ہے۔ خدا کی قسم میں نے نہ حسینؑ سے پہلے اور نہ حسینؑ کے بعد ایسی فصیح و بلیغ تقریر جو حسینؑ نے فرمائی کسی سے سُنی (فذکر من ذٰلک ما اللہ اعلم وبالا یحصی ذکرہ قال فواللہ ما سمعت متکلما قط قبلہ ولا بعدہ ابلغ فی منطق منہ۔ تاریخ طبری ۲۲۶)

مولوی احسان اللہ صاحب تاریخ اسلام میں تحریر فرماتے ہیں کہ "دونوں صفوں کے درمیان جو خطبہ امام حسینؑ نے پڑھا وہ بہت ہی پُراثر تھا لوگ سمجھ سکتے ہیں کہ امام حسینؑ کا صرف یہی قصور تھا کہ وہ ایک گمراہ (یزید) کو اپنا رہنما بنانا پسند نہیں کرتے تھے۔ اس پر لوگ اِن کے خون کے پیاسے کھڑے تھے۔ بیشک دنیا کو چھوڑ دینا کوئی آسان کام نہیں ہے (ذبح عظیم صـ ۱۷۶)

الغرض پند و نصیحت اور اتمام حجّت کا میدان ختم ہوگیا اور حسینؑ نے فرمایا قسم ہے خدا کی ہمارے بعد تم زیادہ عرصہ دنیا میں نہ رہو گے۔ موت کی چکی تمہارے سر پر گھومے گی اور تم پامال و فنا ہو جاؤ گے۔ بیشک یہ ایک عہد ہے اور میرے بابا علیؑ نے میرے جدّ امجد رسولؐ کی زبانی یہ خبر دی ہے بس تم اپنا کام شروع کرو اور اپنے مددگاروں اور شریک ہونے والوں کو بلا لو جو امر ہے وہ ظاہر ہو جائے گا۔ بس ہم پر حملہ کرو اور ہم کو مہلت نہ دو۔ بس ہم نے اپنے تمام امور کو خدائے قادرِ مطلق کے سپرد کر دیا ہے۔ کوئی مخلوق اُس کی قدرت سے باہر نہیں ہے۔ یقیناً میرا خدا صراطِ مستقیم پر ہے۔

Marfat.com

# حُر کا حسینؑ کی طرف آنا

حُر کا ستارا چمکا۔ شام کے بادلوں سے نکلا۔ محبت حسینؑ نے راستہ دکھلایا صراطِ مستقیم پر آیا۔ لشکرِ یزید کو چھوڑا، گھوڑا بڑھایا۔ حسینؑ کے لشکر کی طرف آیا اور ڈرتا کانپتا ہاتھ جوڑے حسینؑ کے قدموں پر گرا۔ حسینؑ نے شفقت و محبت سے فرمایا بھائی تم کون ہو؟ سر اٹھاؤ۔ حُر نے عرض کی اے آقا! اے مولا! میں وہی آپ کا خطاوار، گنہگار غلام حُر ہوں جس نے آپ کی راہ روکی اور یہاں پہنچ کر لایا۔ خدا کی قسم مولا! مجھے علم نہ تھا کہ یہ قوم دغا کرے گی اور ایسا جرم وجور حضور کے ساتھ روا رکھے گی۔ میں بہت شرمندہ اور نہایت نادم ہوں۔ توبہ کرتا ہوں مولا! کیا میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ اب میں اپنی جان حضور پر فدا کرنے کو اور اس گناہ کا کفارہ پیش کرنے کو حاضر ہوا ہوں۔ حسینؑ نے فرمایا۔ اے بھائی حُر! بے شک خدا تیری توبہ قبول فرمائے گا اور تجھے بخشے گا مگر مناسب ہے کہ ابھی تھوڑی دیر تم آرام کرو۔ حُر نے عرض کی مولا! بس میرا آرام تو اب اسی میں ہے کہ حضور پر اپنی جان فدا کردوں۔ لشکرِ یزید کے سامنے جاتے ہیں اور وعظ و پند فرماتے ہیں کہ اے اہلِ کوفہ! اے ظالمو! اے آلِ رسولؐ کے دشمنو! تمھاری مائیں تمھارے سوگ میں بیٹھیں۔ تم کیسے بدبخت شقی ہو کہ تم نے خود اس بزرگوار فرزندِ رسولؐ کو اپنی ہدایت و رہبری کیلئے بلایا اور جب وہ نورِ ہدایت آگیا تو اب تم ہی اس سے پھر گئے۔ اس کے قتل پر آمادہ ہو گئے اور اس نور کو بجھانے پر تل گئے۔ وہ واپس جانا چاہتا ہے تو اس کو واپس بھی جانے نہیں دیتے۔ گویا تم نے اپنا قیدی بنا لیا ہے اور اے بدبختو! تم نے اس پر بھی بس نہیں کی دیکھو کیسا ظلم ہے تم نے فرزندِ رسولؐ، آلِ نبیؐ پر پانی بھی بند کر دیا ہے حالانکہ عام لوگ یہودی، نصرانی اور کافر و مشرک بلکہ کتے اور سوٗر تک پانی پیتے ہیں،

لیکن ذریتِ رسول، آلِ محمد بن پانی پیاس سے تڑپ رہی ہے اور تم کو رحم نہیں آتا بیشک رسول کے بعد تم نے بہت بُرا سلوک آلِ رسول سے کیا ہے۔ خدا تم کو قیامت کے دن کبھی سیراب نہ کرے (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۳۳۔ تاریخ طبری صفحہ ۳۲۹)

حُر فوجِ یزید کو یہ وعظ و پند فرما کر حجت تمام کر کے پھر لشکرِ حسینی میں آ کر شامل ہو جاتے ہیں اور عمر سعد اپنے غلام علمدار لشکرِ شام کو حکم دیتا ہے کہ علم بڑھاؤ اور سپاہیوں کو گھیر لو خود تیر کمان منگواتا ہے۔ حکومت رے کے شوق میں اعلانِ جنگ کرتا ہے۔ تیر کو چلّے میں جوڑ کر حسین کی طرف پھینکتا ہے اور کہتا ہے گواہ رہنا کہ فرزندِ رسول حسین مظلوم پر پہلا تیر عمر سعد کا چلا ہے۔ (تاریخ طبری صفحہ ۳۲۹)

بس اِس کے ساتھ ہی ایک دم سیکڑوں ترکش خالی ہو جاتے ہیں اور لشکرِ شام کے بادلوں سے حسین اور حسین کے بھوکے پیاسے رفقا و انصار پر دس ہزار تیروں کا مینہ برس جاتا ہے۔ بہت سے اصحاب و انصار زخمی ہو جاتے ہیں خون میں نہاتے ہیں اور بہشت کو سدھار جاتے ہیں۔ حُر اور لنکے سعادتمند بیٹے الولد سر لابیہ کے مصداق دونوں باپ اور بیٹا اجازت لیکر گھوڑا بڑھاتے ہیں۔ میدان میں آتے ہیں۔ پر جوش رجزیں پڑھتے ہیں۔ جنگ کرتے ہیں اور بڑے بڑے نامی بہادروں کو واصل جہنم کرتے ہیں۔ شامی بھاگتے ہیں اور دُور سے تیر برساتے ہیں۔ حُر زخمی ہو کر گرتے ہیں خون میں ڈوبتے ہیں اور دونوں باپ بیٹا محبتِ حسینی کا جام پی کر حسین پر قربان ہو جاتے ہیں۔ حسین لاش پر تشریف لاتے ہیں اور اپنے فدائی اور اپنے جاں نثار کو دیکھ کر آنسو بہاتے ہیں اور مرثیہ پڑھتے ہیں ؎

نعم الحرّ حر ابن الرّیاحی　　　صبور عند مشتبک الرّماح

(حُر کیا ہی اچھا بندہ ہے جو تیروں کی آمد و رفت میں بہت بڑا صابر و ثابت قدم ہے)

بعض مورخین نے لکھا ہے کہ حُر کے بھائی مصعب اور ان کا غلام عروہ بھی لشکرِ یزید سے علیحدہ ہوئے اور حسین پر قربان ہو گئے۔

Marfat.com

# حسینؑ کے اصحاب و اقرباء کی جنگ

فوجِ یزید، لشکرِ کوفہ و شام بادل کی طرح بڑھتا ہے۔ ذریتِ رسولؐ، رفقائے حسینؑ کو چاروں طرف سے گھیر لیتا ہے۔ معرکۂ کارزار گرم ہو جاتا ہے۔ اسلام کے شیدائی، رسولؐ کے فدائی ضرغامِ حیدری گھوڑے بڑھاتے ہیں، میدان میں آتے ہیں، تلواریں کھینچتے ہیں اور پروانوں کی طرح شمعِ امامت پر گرتے ہیں اور قربان ہو جاتے ہیں۔ ایک دوسرے پر مرنے کیلئے سبقت کرتا ہے اور حسینؑ پر فدا ہو جاتا ہے۔

اُدھر یزید کے لشکروں میں گرز اٹھتے ہیں۔ نیزے چلتے ہیں بھالے پڑتے ہیں کمانیں کھنچتی ہیں۔ تیر برستے ہیں۔ عمر سعد کی فوج حملہ کرتی ہے۔ ادھر بہادرانِ حسینیؑ شجاعانِ حجازی کی تلواریں اٹھتی ہیں اور بجلی کی طرح چمکتی ہیں۔ سر برستے ہیں لاشیں گرتی ہیں۔ شامی بھاگتے ہیں، کوئی تڑپتے ہیں، صفیں الٹتی ہیں، پرے ٹوٹتے ہیں رن بولتا ہے اور تکبیر کے نعروں سے میدانِ کربلا گونج اٹھتا ہے۔ حسینؑ کا ایک ایک بھوکا جاں نثار اور پیاسا مددگار ہزاروں پر بھاری اور لاکھوں پر بوجھل ہے

(دیکھو تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۲۵)

| | |
|---|---|
| وقاتل اصحاب الحسین | یعنی اصحابِ حسینؑ نے جو تعداد میں صرف |
| قتالا شدیدا وھم اثنان | بتیس ۳۲ ہی تو تھے ایسی سخت و شدید |
| وثلاثون فارسا فلم تحمل علی | جنگ کی کہ لشکرِ کوفہ کی جس صف پر گرتے |
| جانب من خیل الکوفۃ الا | تھے بھگا کر چھوڑتے تھے۔ عروہ بن قیس |
| کشفتہ فلما رای ذلک عروہ | لشکرِ کوفہ کے کمانیر نے جب یہ حالت |
| بن قیس وھو علی خیل | اپنی فوج کی دیکھی تو یزید کے سپہ سالار عمر کو |
| الکوفۃ بعث الی عمر فقال | کہلا بھیجا کہ کیا تم نہیں دیکھتے کہ حسینؑ کے |

الاترى ما تلقى خيلى هٰذا اليوم من هٰذا العدة النيسرة ابعث اليهم الرجال والرماة

ان تھوڑے سے بہادروں نے میرے سواروں کی کیاگت بنائی ہے۔ پس جلدی کمک بھیجو تیراندازوں کے دستے اور پیادہ فوج ہماری امداد کیلئے روانہ کرو۔ (تاریخ طبری ص ۲۳۵)

واقعی حسینؑ کا ہرایک جاں نثار میدانِ جنگ میں نئی شان سے جاتا ہے نئی دھج سے شہید ہوتا ہے اور عجب آن بان سے جنگ کرتا ہے ہزاروں کو قتل کرتا ہے۔ صفوں کو الٹتا ہے تلواریں کھاتا ہے۔ خون میں نہاتا ہے اور اپنے پیارے مظلوم آقا پر جان نثار کردیتا ہے۔

# عابس کی شہادت

عابس شاکری جیسا بہادر وفا کا پتلا، محبت کا سچا، صف سے نکلتا ہے اپنے غلام شوذب سے فرماتا ہے کیوں شوذب! کیا ارادہ ہے؟ با وفا غلام عرض کرتا ہے۔ بس حسینؑ کی رکاب میں مرجانا، جانِ رسولؐ پر فدا ہونا، یہی ارادہ ہے اور یہی تمنا ہے۔ عابس فرماتے ہیں جزاک اللہ۔ بس تو آقا سے اجازت لیں اور قربان ہو جائیں۔ پھر اب دیر کیوں ہے؟

دونوں آقا اور غلام بڑھتے ہیں حسینؑ کے روبرو کھڑے ہوکر ادب سے سلام ادا کرتے ہیں اور عابس عرض کرتے ہیں آقا! حضور سے زیادہ کوئی شے ہم کو عزیز و محبوب نہیں اور اِس جان کے سوا کوئی بہتر چیز ہمارے پاس نہیں جو حضور پر قربان کریں بس یہ سر ہے، جان ہے جو حضور پر قربان کرنے کو لائے ہیں۔ گواہ رہیئے کہ آپ کے نانا کی شریعت پر قربان و فدا ہوتے ہیں۔

اجازت لیتے ہیں، میدان کو جاتے ہیں اور آگ کے دریا میں کود پڑتے

Marfat.com

ہیں، سر سے خود پھینک دیتے ہیں۔ جسم سے زرہ اتار ڈالتے ہیں۔ شیر غضبناک کی طرح تلوار لے کر حملہ کرتے ہیں۔ ہزاروں کو بھگاتے ہیں سیکڑوں کو قتل کرتے ہیں دشمن بھاگتے ہیں۔ دُور سے پتھر برساتے ہیں، تیر مارتے ہیں، نیزے چلاتے ہیں، دونوں بزرگوار زخمی ہو کر گرتے ہیں اور شہید ہو جاتے ہیں۔

کوئی جانباز فرزندِ رسولؐ کعبۂ حقیقی کے گرد پھرتا ہے طواف کرتا ہے، جو تیر آتا ہے، جو نیزہ گرتا ہے دوڑ کر بڑھتا ہے سینہ سپر ہوتا ہے اور جانِ رسولؐ حسینؑ مظلوم کو بچاتا ہے لشکرِ یزید کو مخاطب کر کے کہتا ہے۔ ارے ظالمو! خدا سے ڈرو فرزندِ رسولؐ کو قتل نہ کرو، رسولؐ کا خون نہ بہاؤ، کہیں ثمود و عاد کی طرح تم بھی مبتلائے عذاب نہ ہو جاؤ اور اسی طرح پروانہ وار شمع امامت پر صدقہ ہو جاتا ہے۔

# مسلم ابن عوسجہ

مسلم ابن عوسجہ حجاز کا بہادر، عراق کا شیر دادِ شجاعت دے کر بڑے بڑے نامی پہلوانوں کو خاک میں ملا کر زخمی ہو کر گھوڑے سے گرتے ہیں۔ حسینؑ لاش پر پہنچتے ہیں۔ حبیب ابن مظاہر بھی ساتھ ہیں۔ حسینؑ مسلم کو پکارتے ہیں اور کہتے ہیں رحمك یا مسلم لے مسلم خدا تم پر رحم فرمائے ؎

چلو تم آگے آگے ہم بھی پیچھے پیچھے آتے ہیں

منهم من قضٰی نحبه ومنهم من ینتظر — (آیۂ کلام مجید یعنی بعض ان میں سے درجۂ شہادت حاصل کر چکے اور بعض ابھی منتظر ہیں) مسلم غش سے آنکھیں کھولتے ہیں، حبیب کی طرف دیکھتے ہیں۔ حبیب مسلم سے کہتے ہیں مسلم! تمھیں جنت کی بشارت ہو۔ تمھاری شہادت مجھے بہت شاق ہے اگر مجھے یقین ہوتا کہ میں تمھارے بعد زندہ رہوں گا تو تم سے وصیت کرنے کو

Marfat.com

کہتا۔ مسلم جواب دیتے ہیں کہ اوصیک بھذا رحمک اللہ وادما بیدہ ان تموت دونہ یعنی ہاتھ اٹھا کر حسینؑ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے حبیب! بس میری وصیّت یہی ہے۔ حسینؑ کا دامن نہ چھوڑنا جب تک زندہ ہو حسینؑ پر آنچ نہ آئے۔ حسینؑ پر قربان ہو جانا (تاریخ کامل جلدم صفحہ ۲۵)

پھر حسینؑ سے عرض کرتے ہیں یا ابن رسول اللہؐ! یہ حضور کا فدائی بس رخصت ہوتا ہے اور حضور کی تشریف آوری کا مژدہ حضور کے نانا رسول اللہؐ اور بابا علی مرتضیٰ کو سنانے جاتا ہے۔ یہ کہتے ہیں اور جنّت کو سدھار جاتے ہیں۔

مسلم کا بیٹا بڑھتی جوانی، بھیگتی مسیں، چاند سا چہرہ، تلوار لے کر نکلتا ہے اور باپ کے قدم بقدم حسینؑ پر جان فدا کرنے جاتا ہے۔

حسینؑ فرماتے ہیں کہ بیٹا ٹھہرو۔ تم اپنی بیوہ ماں کی زندگی کا سہارا ہو۔ تمہاری جوانی اور تمہاری صورت خاک میں ملنے کے قابل نہیں۔ بیچاری بیوہ کس کے سہارے پر جئے گی۔ ماں خیمہ سے نکلتی ہے، بیٹے کو پکارتی ہے، اے میرے نورِ نظر، اے میرے حلال زادے پسر، دیکھنا جان رسولؐ سے اپنی جان کو پیارا نہ سمجھنا، میری خوشی اسی میں ہے جاؤ، خون میں نہاؤ۔ برچھیاں کھاؤ، اور فاطمہ زہراؑ کے چاند پر قربان ہو جاؤ۔

بیٹا۔ مسلم عوسجہ کی یادگار اجازت لے کر میدان کو سدھارو، ماں بھی پیچھے پیچھے ساتھ آتی ہے۔ بیٹے کو ہمّت دلاتی ہے۔ احسنت و شاباش کہتی ہے اور کہتی ہے کہ بس بیٹا تھوڑی ہی دیر میں اپنے مولا ساقیٔ کوثر کے ہاتھ سے سیراب ہوں گے۔ باپ کے پاس پہنچو گے، بہشت میں کھیلو گے۔ نوجوان حسینی بہادر حملہ کرتا ہے۔ تیس نامردوں کو خاک پر سلاتا ہے۔ زخمی ہو کر گرتا ہے۔ ظالم دشمن سر کاٹ کر ماں کی طرف پھینک دیتے ہیں۔ ماں سر کو اٹھا

Marfat.com

کر کلیجہ سے لگاتی ہے۔ منہ چومتی ہے۔ آنسو بہا کر صبر و شکر الہٰی کرتی ہے۔

## وہب کلبی

وہب عبداللہ کلبی، جوان رعنا، سبزہ آغاز، ماں کا اکلوتا بیٹا، مرادوں والا، نوداماد، جوانی کی راتیں مرادوں کے دن، مع ماں رکابِ حسینی میں حاضر ہے۔ سترہ روز کی بیاہی دلہن بھی ساتھ ہے۔ معرکۂ جنگ گرم ہو رہا ہے حسینؑ کے فدائی جانیں قربان کر رہے ہیں۔ لاش پر لاش گر رہی ہے اصحابِ حسینؑ خون میں نہا رہے ہیں۔ ماں راسخ الاعتقاد بی بی، ایمانِ کامل کی دیوی، قمرہ نام خیمہ سے نکلتی ہے، بیٹے کو دیکھتی ہے، بلائیں لیتی ہے اور کہتی ہے پیارے لختِ جگر! میرے نورِ نظر! تم سے زیادہ مجھے کوئی چیز دنیا میں عزیز و پیاری نہیں مگر آج حسینؑ سے زیادہ کوئی پیارا نہیں۔ میری بی بی خاتونِ جنت سے مجھے شرمندہ نہ کرنا۔ بس میری یہی تمنا ہے کہ میں بی بی فاطمہؑ کے جانی حسینؑ پر سے تم کو صدقہ اتاروں، جاؤ، تلواریں کھاؤ، جانِ رسولؐ پر قربان ہو جاؤ۔ آج دربارِ رسولؐ میں مجھے سرخرو کرو گے تو میرا دودھ تم کو حلال ہو گا۔ عشقِ حسینؑ کا متوالا، محبت کا پتلا، کامل الایمان بیٹا عرض کرتا ہے کہ اماں جان! اطمینان رکھو ایسا ہی ہو گا۔ میں آقا حسینؑ پر جان قربان کروں گا اور ضرور فدا ہو جاؤں گا۔ میں نے محبتِ حسینؑ میں ایسی کمر نہیں باندھی کہ جسے کوئی کھول سکے۔

غرض دلہن سے رخصت ہوتے ہیں وہ نیک بخت بی بی آہِ سرد بھر کر خون کے آنسو بہا کر عرض کرتی ہے۔ میرے غمگسار، میرے سر کے تاج، آقا حسینؑ پر سے ہزار جانیں قربان۔ کاش عورتوں پر بھی جہاد واجب ہوتا، میں بھی اپنے

مظلوم آقا پر جان قربان کرتی بسم اللہ۔ جاؤ، مدد صادو، خون میں ڈوبو، بہشت کے نظارے کرو۔ حوروں سے کھیلو اور کوثر کے جام پیو مگر شرطِ وفا یہ ہے کہ مجھے نہ بھولنا بغیر میرے بہشت میں داخل نہ ہونا۔

وہب جاتے ہیں، جنگ کرتے ہیں تلواریں کھاتے ہیں، زخمی ہوتے ہیں لہو میں نہاتے ہیں، ماں کے پاس آتے ہیں اور پوچھتے ہیں کیوں اماں! تم راضی ہوئیں؟ ماں کہتی ہے کہ نہیں نہیں بیٹا! ابھی نہیں۔ بس میں تو اس وقت راضی ہوں گی۔ جب تم خون میں ڈوب کر خاک پر لوٹو گے شہید راہِ الٰہی ہو گے اور میرے امام مظلوم کے نام پر قربان ہو جاؤ گے۔ وہب پھر جاتے ہیں جنگِ شدید کرتے ہیں، زخموں سے چور ہو کر گھوڑے سے گرتے ہیں۔ ظالم سر کاٹ کر ماں کی طرف پھینک دیتے ہیں۔ ماں ممتا بھری محبت سے سر کو اٹھاتی ہے، سینہ سے لگاتی ہے، بوسہ دیتی ہے اور کہتی ہے کہ اے میرے نورِ نظر! اے حلال زادے بیٹے! شاباش، میں تم پر فدا، تم فدیۂ حسینؑ بنے، شہیدِ راہِ الٰہی ہوئے۔ میرا دودھ تم کو حلال، میں راضی، میرا خدا راضی۔ یہ کہہ کر سر کو قاتل کے سر پر دے مارا۔ شام کے لشکر کی طرف پھینک دیا اور فرمایا جو چیز راہِ خدا میں دے دی جاتی ہے اُسے واپس نہیں لیا کرتے۔

بی بی جوشِ محبت سے نکلتی ہے۔ لاش پر پہنچتی ہے۔ شمر ملعون اپنے غلام کو بھیجتا ہے جو اس غمزدہ کے سر پر گرز مار کر اس کا کام بھی تمام کر دیتا ہے۔ دونوں حسینؑ کی محبت میں ایک ساتھ بہشت میں پہنچتے ہیں۔ (تاریخ طبری صفحہ ۲۲۷۔ تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۳۶۰ و دیگر کتب مقاتل)

ایک اور وفاشعار، ماں کا لاڈلا، سعادت مند، دُرِ یتیم، جس کا باپ ابھی ابھی جام شہادت پی چکا ہے۔ میدان کو جاتا ہے۔ ماں نے کہا ہے

Marfat.com

اخرج یا بنی وقاتل بین یدی ابن رسول اللہ۔ ہاں اے فرزند! نکلو اور آقا حسینؑ پر قربان ہو جاؤ، چاند سا مکھڑا، ہتھیار سجائے، تلوار لگائے حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے۔ مرنے کی اجازت طلب کرتا ہے۔ حسینؑ فرماتے ہیں۔ اے فرزند! تم تو ابھی پورے جوان بھی نہیں ہوئے۔ تمہارا باپ ابھی شہید ہو چکا ہے۔ باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا تیری بیوہ ماں تیری جدائی کیونکر گوارا کرے گی یہ حسینؑ کا عاشق، مرنے کا متوالا عرض کرتا ہے آقا میں قربان، میرے ماں باپ قربان، میری ماں ہی نے تو حضور کی نصرت و حمایت کیلئے حضور پر جان قربان کرنے کیلئے یہ تلوار میری کمر میں اپنے ہاتھ سے باندھی ہے۔ غرض کہ رخصت لے کر میدان میں جاتے ہیں۔ رجز پڑھتے ہیں :۔

| | |
|---|---|
| حسین امیری و نعم الامیر | میرا امیر تو حسینؑ ہے اور کیا ہی اچھا |
| سرور الفواد البشیر النذیر | امیر ہے۔ رسولِ عربی بشیر و نذیر کا راحت |
| لہ طلعۃ مثل شمس الضحیٰ | جان ہے آفتاب نصف النہار کی طرح روشن |
| لہ غرۃ مثل بدر منیر | اور ماہِ کامل کی طرح درخشاں ہے۔ |

حملے کرتے ہیں۔ شجاعت و بہادری کے جوہر دکھاتے ہیں۔ زخموں کے پھول کھلاتے ہیں۔ برچھیاں کھا کر گھوڑے سے گرتے ہیں اور حسینؑ پر قربان ہو جاتے ہیں۔ ظالم انکا بھی سر کاٹ کر لشکر حسینی کی طرف پھینک دیتے ہیں۔ ماں بیٹے کے چہرہ کو اٹھاتی ہے، گود میں لیتی ہے، کلیجہ سے لگاتی ہے اور پھر فوج یزید کی طرف پھینک دیتی ہے اور جوش ایمانی سے رجز پڑھتی ہوئی فوج پر حملہ کرنے کیلئے جاتی ہے اور کہتی ہے کہ میں اگرچہ ضعیف و کمزور نحیف و زار ہوں مگر اے ظالمو! میں اپنی بی بی فاطمہؑ زہرا کے جانی کی حمایت و نصرت میں تم سے لڑوں گی اور دو بے دینوں کو قتل کر دیتی ہے۔ حسینؑ کو خبر ہوتی ہے تو فوراً واپس بُلا لیتے

Marfat.com

ہیں۔ (ذبح عظیم)

سبحان اللہ یہ ہیں دین و ایمان اور محبت رسولؐ پر اپنا دھن دولت لٹاتے والی، صداقت شعار کامل الایمان بی بیاں۔ کیا دنیا کی کوئی قوم، کوئی فرقہ، گروہ نسواں میں ایسی راسخ الاعتقاد، دین و ایمان کی متوالی، حق و صداقت پر مرمٹنے والی مثالیں دکھلا سکتا ہے۔ جنھوں نے اس طرح اور اس کیفیت سے اپنے دین و ایمان پر اپنے پیارے رہبر و ہادی کی محبت میں اس طرح اپنے جگر کے ٹکڑوں کو قربان کیا ہو اور اپنی چہیتی اولاد کو اپنی بی بی فاطمہؑ کی اولاد پر نثار کر دیا ہو، نہیں نہیں ہرگز نہیں۔ یہ وہی بی بیاں کر سکتی ہیں جنھوں نے خانۂ رسالت سے نورِ معرفت حاصل کیا ہو اور جنھوں نے آلِ محمدؐ سے صداقت و حقانیت کی تعلیم پائی ہو۔

## جابر ابن عروۂ غفاری

جابر بن عروۂ غفاری، رسولؐ کے صحابی ہیں۔ ابتدائے اسلام سے رسولؐ کی رکاب میں بدر وغیرہ کی لڑائیاں لڑے ہوئے ہیں۔ رسولؐ کی محبت و پیار کو حسینؑ کے سلسلے میں دیکھے ہوئے ہیں۔ معرفت حسینی اور نورِ ایمان سے دل روشن ہے غلام کو بہت [illegible] بڑھاپے سے کمر جھک گئی ہے۔ آنکھوں پر بھویں لٹک آئی ہیں، بال سفید ہو گئے ہیں، اٹھتے ہیں کمر کو مضبوط باندھتے ہیں۔ بھوؤں پر پٹی کستے ہیں تلوار لے کر حسینؑ کے سامنے آتے ہیں۔ مرنے کی اجازت طلب کرتے ہیں۔ حسینؑ فرماتے ہیں یا شیخ شکر اللہ سعیک خدا تمھاری سعی مشکور فرمائے۔ ہمت میں برکت دے۔ میدان میں جاتے ہیں۔ رجز پڑھتے ہیں۔ آلِ محمدؐ کی صداقت و حقانیت کو بیان کرتے ہیں

Marfat.com

حملے کرتے ہیں، تلواریں کھاتے ہیں اور اسّی نامردوں کو تلوار کے گھاٹ اتارتے ہیں اور شہید ہو جاتے ہیں (ذبح عظیم)

## جونؑ

ابوذر غفاری کے آزاد کردہ غلام جونؑ فدا ہونے کیلئے بڑھتے ہیں۔ حسینؑ فرماتے ہیں نہیں نہیں جون! تم واپس چلے جاؤ۔ میں تم کو خوشی سے اجازت دیتا ہوں۔ جونؑ بیتاب ہو کر عرض کرتے ہیں۔ یا ابن رسول اللہؐ! میرے مولا! میرے آقا! کیا اس غلام وفادار سے یہ ہو سکتا ہے کہ راحت و آرام کے زمانوں میں تو حضور کے دستر خوانوں سے پرورش پاؤں۔ حضور کی کاسہ لیسی کروں اور اب بلا کے زمانہ میں، مصیبت کے وقت میں جان چرا کر چلا جاؤں۔ نہیں نہیں مولا! یہ ہرگز نہیں ہوگا۔ کیا حضور یہ نہیں چاہتے کہ میں جو ایک حبشی غلام ہوں اور میرا حسب و نسب بھی حقیر و ذلیل ہے۔ رنگ بھی سیاہ ہے، جسم بھی بدبودار ہے۔ میں حضور کے نانا رسولِ الٰہیؐ کی خدمت میں بہشت میں حاضر ہوں۔ میرا سیاہ خون حضور کے نورانی و پاک خون سے مل جائے اور میرے جسم میں خون حسینی کی عطریت اور خوشبو پیدا ہو جائے۔ میرا سیاہ چہرہ سفید و نورانی بن جائے۔ غرض یہ کہ اجازت لے کر میدان میں جاتے ہیں۔ دشمنوں سے جنگ کرتے ہیں اور حسینؑ پر فدا ہو جاتے ہیں۔ حسینؑ لاش پر پہنچتے ہیں اور دعا فرماتے ہیں کہ خدایا اس میرے فدائی اور میرے عاشق کو اپنے گروہ ابرار میں محشور فرما اور ہمارے ساتھ شامل کر۔ اس کے چہرہ کو نورانی بنا دے اور ہماری خوشبو اس کے جسم میں پیدا فرما دے۔

## حبیب ابن مظاہر

حبیب ابن مظاہر قبیلۂ بنی اسد کے سردار، حسینؑ کے جاں نثار، بچپنے کے یار، کامل الایمان، فقیہ جلیل، صاحب بصیرت انسان، رسول اللہؐ کا زمانہ دیکھے ہوئے، صحبت

Marfat.com

رسولؐ کا شرف پائے ہوئے بچپن سے ہی حسینؑ کے فدائی و شیدائی ہیں۔ حسینؑ کی خاکِ قدم حبیب کا کحل البصر ہے۔ میدانِ کربلا میں سایہ کی طرح حسینؑ کے ساتھ ساتھ ہیں فوجِ حسینی کے میسرہ کے سردار ہیں۔ حسینؑ کی امداد کیلئے قبیلۂ بنی اسد کے لوگوں کو تبلیغ کرنے جاتے ہیں۔ نوّے بہادروں کو ساتھ لاتے ہیں۔ عمر سعد کو خبر ہوتی ہے۔ راستہ میں ہی فوج بھیج کر روکا جاتا ہے۔ لڑائی ہوتی ہے۔ بنی اسد کے کچھ لوگ شہید ہو جاتے ہیں مگر حبیب لڑتے بھڑتے کربلا میں پہنچ جاتے ہیں۔ روزِ عاشور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے خطبے دیتے ہیں۔ حسینؑ کی صداقت و حقانیت کو ثابت کرتے ہیں۔ محبتِ رسولؐ و حقوقِ اسلامی کو ادا فرماتے ہیں۔

جب کہ ابو ثمامۂ صیداوی نمازِ ظہر کو یاد دلاتے ہیں اور حسینؑ کے حکم سے نماز کے لیے فوجِ یزید سے مہلت مانگی جاتی ہے مگر فوجِ یزید مہلت نہیں دیتی اور حصین بن نمیر ملعون کہتا ہے کہ اے حسین تمہاری نماز قبول نہیں ہوگی۔ حبیب غصہ سے کانپ جاتے ہیں ضبط نہیں کر سکتے تلوار تول کر بڑھتے ہیں اور فرماتے ہیں او بدبخت شقی، گدھے کے بچے! کیا بکتا ہے کیا تیری نماز تو قبول ہے اور فرزندِ رسولؐ کی نماز قبول نہیں۔ حملہ فرماتے ہیں حصین کا گھوڑا بھڑکتا ہے ملعون گرتا ہے مگر ساتھی آ کر بچا لے جاتے ہیں لیکن حبیب حمایتِ دین میں غصہ سے کانپتے ہیں۔ حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں پاؤں چومتے ہیں اور عرض کرتے ہیں کہ بس مولا! مجھے اب تابِ ضبط نہیں۔ میں تو نماز اب حضور کے نانا رسولِ عربیؐ اور بابا علی مرتضےٰؑ کے ساتھ ہی بہشت میں پڑھوں گا۔ اس جاں نثار کو بس اب اجازت دیجئے۔ میدانِ کارزار میں جاتے ہیں۔ نہایت بے جگری، شجاعت و دلیری سے جنگِ عظیم فرماتے ہیں۔ پینتیس ۳۵ آدمیوں کو فی النار کرتے ہیں۔ زخموں سے چُور ہو جاتے ہیں۔ ایک ظالم نیزہ کا وار کرتا ہے۔ گھوڑے سے گرتے ہیں۔ حصین بن نمیر سر پر تلوار مارتا ہے۔ حبیب خون میں نہاتے ہیں اور حسینؑ کو پکارتے ہیں السلام علیک یا بن رسول اللہ حسینؑ

Marfat.com

لاش پر پہنچتے ہیں۔ غمزدہ ہوتے ہیں اور فرماتے ہیں حبیب مرد فاضل، حافظ قرآن، رات بھر میں قرآن ختم کرنے والا ہے۔ حبیب آنکھ کھول کر حسینؓ کے روئے انور کو دیکھتے ہیں اور حسینؓ سے نعمات بہشت کی بشارت سن کر مسکراتے ہیں اور بہشت کو سدھار جاتے ہیں۔

زہیر قین حسینؓ کے چہرۂ انور پر رنج و ملال، حزن و افسردگی کے آثار دیکھ کر بے چین ہو جاتے ہیں۔ سامنے آتے ہیں اور عرض کرتے ہیں اے مولا! اے فرزند رسولؐ! ہمارے ماں باپ قربان، ہم فدا و نثار۔ کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ ایک جاں نثار حبیب کے مرنے پر حضور کیوں افسردہ دل اور محزون ہوتے ہیں؟ حسینؓ فرماتے ہیں کہ اے زہیر! بلاشک ہم تم سب حق و ہدایت پر ہیں۔ زہیر عرض کرتے ہیں کہ مولا! پھر ہم کو کیا پروا ہے ہم تو جنت کی طرف جا رہے ہیں۔ پھر مرنے کا کیا غم ہے۔ بس اجازت دیجئے کہ ہم بھی اپنی جانیں ان قدموں پر قربان کریں اور بہشت میں پہنچ جائیں (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۲۱ شہید اعظم۔ تاریخ احمدی وغیرہ)۔

پس ایسے ہیں حسینؓ کے انصار، جاں نثار اور اصحاب وفادار۔ یہ سب کے سب اسی طرح محبت و وفا کے جوہر دکھلا کر، ایمان کامل و یقین صادق کے نمونے پیش کر کے خوشی سے تلواریں کھاتے ہیں۔ خون میں ڈوبتے ہیں اور نصرت آل محمدؐ میں شہید راہ الٰہی ہو جاتے ہیں۔

حنظلہ ابن سعد شامی۔ عمرو ابن قرظۃ الانصاری۔ زہیر قین بجلی، بریر ہمدانی، ابو ثمامہ صیداوی، ہلال ابن نافع جیسے فقیہ و مقدس بزرگواروں۔ شجاع و دلیر بہادروں کے واقعات جنگ۔ نصرت دین الٰہی۔ حمایت آل رسولؐ کے حالات۔ وفا و محبت حسینی کے کارنامے۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی پرجوش تقریریں۔ زبردست خطبے۔ شیرانہ مقابلے بہادرانہ لڑائیاں۔ برچھیاں کھانا۔ خون میں ڈوبنا، حسینؓ پر فدا ہو جانا، سب واقعات یادگار زمانہ ہیں۔ ایک ایک بہادر نے اپنی تلواروں سے خون کے دریا بہا دیئے۔ زمین کربلا کو ہلا دیا۔ ہزاروں کو بھگایا۔ سینکڑوں کو خاک پر گرایا۔ عبادت میں عبادت اور طاعت میں

Marfat.com

طاعت کے سین دکھلائے۔ تیروں کی بارش میں، تلواروں کی چھاؤں میں، اوّل وقت میں امام کے پیچھے فریضۂ الہیٰ۔ نماز ظہر کو ادا کر کے تلواروں کے گھاٹ پر خون میں غوطے لگائے اور کوثر کے کنارے پہنچے، شجاعت کے جوہر دکھلا گئے اور وفا کا نام چمکا گئے

(تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۳۴، ۳۵، ۳۶)

اقربائے حسینؑ، اٹھارہ بنی ہاشم کا گلدستہ۔ فاطمہ زہراؑ کے پھول، رسولؐ کے رشتہ دار علیؑ کے گلعذار۔ جعفر کے دلدار، عقیل کے نونہال جو اسلام و ایمان الہیٰ کی گود میں پلے ہوئے ہیں جنھوں نے صبر و یقین کی چھاتیوں سے صبر و رضائے الہیٰ کی دھاریں پی کر پرورش پائی ہے اور جو توحید کے گہواروں میں حق و صداقت کی نیندیں سوئے ہیں اور جنھوں نے معرفت کے جھولوں میں عرفان الہیٰ کی لوریاں سُنی ہیں۔ عصمت و طہارت کی چادریں اوڑھی ہیں۔ خانۂ رسالت میں تربیت پائی ہے۔ احسان و ایثار کے سبق پڑھے ہیں۔ وفا و محبت کے درس لیے ہیں۔ بیشۂ شجاعتِ مرتضوی میں تلواروں سے کھیلے ہیں کس کی مجال اور کس کی تاب و طاقت ہے کہ ان نیک ہستیوں اور پاک روحوں۔ بزرگ شہیدوں کے حق و صداقت عرفان و معرفت۔ ایثار و مروّت اور کامل الایمانی کے واقعات کو شجاعت و بہادری کے کارناموں کو اور وفا و محبت کے افسانوں کو بیان کر سکے۔ ہر ایک بہادر، کیا بچہ، کیا جوان جو ایمان کامل کا پتلا ہے۔ حق و صداقت کا مجسمہ ہے۔ عشق الہیٰ کا شیفتہ ہے۔ دینِ محمدی کا فریفتہ ہے ہنسی خوشی ماں بہنوں سے رخصت ہوتا ہے اور اپنے آقا حسینؑ فرزند رسولؐ سے اجازت لے کر میدان کارزار میں جاتا ہے۔ شجاعت علوی کے جوہر دکھاتا ہے۔ دشمنانِ دین کی صفوں کو الٹتا ہے۔ خون کے دریا بہاتا ہے اور زخمی ہو کر قربان گاہِ توحید میں سر نثار کرتا ہے اور شہید ہو جاتا ہے رسول عربیؐ کے دربار میں، علیؑ کے حضور میں، کوثر کے کنارے پہنچ جاتا ہے۔

Marfat.com

# شہادت حضرت علی اکبر علیہ السلام

مستند مورخین اور محقق علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ بنی ہاشم میں سب سے پہلا شہید راہِ الٰہی میدان کربلا میں حسینؑ کا گیسوؤں والا علی اکبرؑ شبیہ پیغمبرؐ اٹھارہ برس کا لال ہے (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۳۸۔ ارشاد شیخ مفید و دیگر کتب تواریخ)

اوّل قتیل من نسل خیر سلیل جناب علی اکبرؑ کی شان ہے حسینؑ اپنے نونہال کو جو گھر کا اُجالا ہے۔ بہن کی گود کا پالا ہے۔ صورت و سیرت میں۔ رفتار و گفتار میں نانا رسولِ عربیؐ کی تصویر ہے قربان گاہ توحید میں نانا کے دین پر قربانی چڑھاتے ہیں اور جلوۂ ابراہیمی دکھلاتے ہیں۔ علی اکبر سے فرماتے ہیں تقدم یا بنی۔ ہاں اے فرزند لختِ جگر بڑھو۔ اسلام پر قربان ہو جاؤ۔ برچھیاں کھاؤ اور خون میں نہاؤ۔ بہشت میں پہنچو اور نانا رسولِ الٰہیؐ کے ہاتھ سے جام کوثر پیو۔

علی اکبرؑ پہلے سے ہی شہادت کے آرزومند، حق پر جان دینے اور اسلام پر مرمٹنے کو تیار کھڑے تھے السنا علی الحق لا ابالی بالموت کربلا پہنچنے سے پہلے ہی فرما چکے تھے، خلیل کربلا حسینؑ، وارثِ ابراہیمی اپنے ہاتھ سے اپنے کڑیل جوان، برابر کے لال کو دولہا بناتے ہیں۔ ہتھیار سجاتے ہیں تلوار لگاتے ہیں اور خود اپنے گھوڑے عقاب نامی پر سوار کراتے ہیں اور مرنے کو بھیجتے ہیں۔ علی اکبرؑ پھوپھیوں، ماں بہنوں سے رخصت ہو کر میدان کو جاتے ہیں۔

حسینؑ محبت بھری نگاہ سے کڑیل جوان کی شان کو دیکھتے ہیں اور اپنے محبوب خدائے جلیل کی بارگاہ میں ہاتھ اٹھا کر عرض کرتے ہیں۔ اللّٰھم اشھد علیٰ ھؤلاء القوم قد برز الیھم غلامٌ اشبہ الخلق برسولک خلقاً وخلقاً ونطقاً وکنا اذا اشتقنا الیٰ زیارت نبیک نظرنا الیٰ وجھہ۔

"اے میرے معبود! میرے محبوب! تو گواہ رہنا کہ اب اس قوم جفاکار کی طرف مرنے کیلئے میرا وہ فرزند جاتا ہے جو صورت و سیرت میں کلام و گفتار میں تیرے نبیؐ کے مشابہ ہے۔ میں جب تیرے پاک و برگزیدہ نبیؐ کی زیارت کا مشتاق ہوتا تھا تو اس کے چہرے کو دیکھ لیا کرتا تھا۔"

اور پھر قرآن شریف کلام الٰہی کی اس آیت مبارکہ کو تلاوت فرمایا۔ ان اللّٰہ اصطفیٰ اٰدم و نوحاً و اٰل ابراھیم و اٰل عمران علی العالمین ذریۃ بعضہا من بعض واللّٰہ سمیع علیم۔ اس سے ظاہر فرماتے ہیں کہ ہم اولاد انبیاء ہیں۔ ہم وارث خلیل ہیں۔ ہم ہی ذریت ابراہیمی ہیں۔

علی اکبرؓ شبیہ پیغمبرؐ گیسو لٹکائے۔ چاند سا مکھڑا، ہتھیار سجائے۔ گھوڑا اڑاتے رجزیں پڑھتے میدان میں پہنچتے ہیں۔ جلوہ محمدی کا عکس پڑا۔ شان اسمٰعیلؑ نظر آنے لگی۔ علی اکبرؓ نے نعرہ تکبیر لگایا۔ اللّٰہ اکبر کی آواز سے میدان کربلا گونج اٹھا۔ فوجیں بڑھیں تلواریں اٹھیں۔ نیزے چمکے تیر برسے، حملہ شروع ہوا۔ علی اکبرؓ کی تلوار میان سے نکلی شام کے بادلوں میں بجلی سی کوندی۔ شجاعت علوی کے جوہر دکھائے۔ شیرانہ حملے فرمائے پرجوش رجزیں پڑھیں۔ او ظالمو! میں ہوں علیؓ، حسینؓ کا فرزند۔ شیر الٰہی علی بن ابی طالبؓ کا پوتا۔ ہمارے نانا رسول کریمؐ ہیں۔ قسم ہے خدا کی ہم کبھی کسی ولد الزنا کافر کی اطاعت و فرمانبرداری نہیں کریں گے۔ جب تک دم میں دم ہے اپنے باپ کی حمایت کروں گا۔ جوش ہاشمی دکھلاؤں گا اور ضرب حیدری سے تم کو تلوار سے کاٹوں گا۔ فوجوں کے پرے الٹے صفوں کو درہم برہم کیا۔ ہزاروں کو بھگایا۔ سینکڑوں کو مارا۔ زخم کھائے، دھوپ کی شدت۔ زخموں کی حدت نے پیاس بھڑکائی۔ خون میں ڈوبے۔ باپ کے پاس آئے اور عرض کی:-

یا ابتا العطش قد قتلنی وثقل      اے بابا جان! پیاس کی شدت نے اور

الحدید اجہدنی فهل الی شربة من الماء سبیل اتقوی بها علی الاعداء
لوہے کی حدت نے مجھے مار ڈالا ہے کیا ایک گھونٹ پانی مل سکتا ہے کہ جس سے قوی ہو کر دشمنوں پر غالب ہو جاؤں۔

حسینؑ بیٹے کی اس درخواست کو سُن کر بیتاب ہو جاتے ہیں اور آہ سرد بھر کر فرماتے ہیں کہ اے لختِ جگر کس قدر سخت اور گراں ہے کہ تم پانی مانگو اور میں نہ دے سکوں لاؤ بیٹا اپنی زبان میرے منہ میں دو۔ حسینؑ نے پیاسے بیٹے کے سوکھے ہونٹوں کو چوما علی اکبرؑ نے باپ کے منہ میں زبان دے دی اور فوراً نکال لی اور عرض کی۔ بابا آپ کی زبان تو مجھ سے بھی زیادہ خشک ہو رہی ہے۔ کانٹے پڑے ہوئے ہیں۔ حسینؑ نے دست مبارک سے انگوٹھی نکالی اور علی اکبرؑ کے منہ میں رکھ کر فرمایا بیٹا یہ انگوٹھی چوسو سوار ہو جاؤ۔ خدا پر بھروسہ کرو۔ بس اب جلد نانا رسول اللہؐ کے ہاتھ سے کوثر کا لبریز جام پی کر ایسے سیراب ہو گے کہ پھر پیاسے نہ ہو گے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ؎

بود ند دیو و دد ہمہ سیراب و می مکید خاتم ز قحطِ آب سلیمان کربلا

علی اکبرؑ شعر پڑھتے، رجزیں سناتے پھر میدان کو جاتے ہیں بھاگی ہوئی یزیدی فوج پھر لوٹ آئی ہے۔ حملہ فرماتے ہیں اور اسیؔ بے دینوں کو پھر قتل فرماتے ہیں ظالم بے دینوں نے ہجوم کیا اور چاروں طرف سے تلواریں لے کر تصویرِ پیغمبرؐ پر ٹوٹ پڑے اور شبیہ پیغمبرؐ کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ علی اکبرؑ زخموں سے چور ہوئے۔ نیزہ کھا کر گھوڑے سے گرے اور باپ کو آخری سلام کیا اور پکارا۔ السلام علیك یا ابتاہ هذا جدی رسول الله یقرء بك السلام۔ بابا اپنے فدائی بیٹے کا آخری سلام قبول فرماؤ۔ یہ نانا رسول اللہ تشریف لائے ہیں۔ دو جام کوثر کے لبریز چھلکتے ہوئے لائے ہیں۔ مجھے سیراب فرما دیا ہے۔ آپ کو سلام فرماتے ہیں اور فرماتے

Marfat.com

ہیں حسینؑ جلدی آؤ۔ آپ کے لیے کوثر کا چھلکتا ہوا جام لیے منتظر کھڑے ہیں حسینؑ بیقرار ہوکر لاش پر پہنچتے ہیں۔ اٹھارہ برس کے چودھویں رات کے چاند کو، نانا رسولؐ اللہ کی تصویر کو خون میں غلطاں، خاک پر لوٹتا پاتے ہیں۔ لاش پر گر پڑتے ہیں اور فرماتے ہیں یا بنی، علے الدنیا بعدک العفا۔ اے علی اکبرؑ، اے نورِ نظر! تمہارے بعد دنیا کی زندگی پر خاک ہے۔ علی اکبرؑ آنکھوں کے سامنے دم توڑتے ہیں اور دنیا سے سدھار جاتے ہیں۔ حسینؑ کڑیل جوان کی لاش خیمہ میں لاتے ہیں۔ فاطمہؑ کی جائی، رسولؐ کی نواسی نوحہ کرتی ہوئی۔ اے میرے چاند۔ اے میرے گیسوؤں والے، گود کے پالے کس نے تجھے خاک میں ملایا۔ کس نے نانا رسولؐ کی تصویر کو مٹایا۔ اے میرے کڑیل جوان! ع

گھوڑا تو ہے کوتل کدھر اُتری ہے سواری

بین کرتی خیمہ سے نکل آئی ہے اور لاش پر گر پڑی ہے۔ حسینؑ بہن کو سمجھاتے ہیں تسلی تشفی دیتے ہیں۔ صبر کی تلقین فرماتے ہیں اور ہاتھ پکڑ کر خیمہ میں لے آتے ہیں (ارشاد شیخ مفید، روضتہ الاحباب، مقتل ابو اسحاق اسفرائنی وغیرہ)۔

# شہادت فرزندانِ مسلم و اولادِ عقیل

عقیل کی یادگاریں، مسلم کے لاڈلے آتے ہیں۔ مرنے کی اجازت طلب کرتے ہیں۔ حسینؑ فرماتے ہیں پیارو! مسلم بھائی کا داغ میرے دل سے نہیں مٹا بہتر ہے کہ تم اپنی غمزدہ بیوہ ماں کا ہاتھ پکڑو اور اس میدانِ بلا سے نکل جاؤ۔ یہ جاں نثار مرنے والے بہادر عرض کرتے ہیں۔ آقا! ہم ایسے بزدل نہیں کہ حیاتِ جاودانی پر دُنیائے فانی کو ترجیح دیں۔ مولا! ہماری ناچیز جان، حقیر ہدیہ قبول فرماؤ۔ حسین رو کر سر جھکا لیتے ہیں مسلم کے چاند میدان کو جاتے ہیں۔ حملے کرتے ہیں صفوں کو چیرتے ہیں۔ تلواریں پڑتی ہیں تیروں کا مینہ برستا ہے نیزے کھاتے ہیں۔ زخموں سے چور

Marfat.com

ہو کر گرتے ہیں اور جام شہادت پی کر جنت کو رخصت ہو جاتے ہیں۔

## اولاد حضرت جعفرؑ فرزندان حضرت زینبؑ کی شہادت

زینبؑ، فاطمہؑ کی جائی اپنے کلیجوں، جعفر کے لالوں، عبداللہ کے چاندوں کو فرزند رسولؐ پر سے صدقہ اتارتی ہیں۔ دونوں بیٹوں کو دولھا بنا کر ٹیچے کمر سے باندھ کر، ہتھیار سجا کر بلائیں لیتی ہیں۔ منہ چومتی ہیں اور تلواریں کھاتے، خون میں نہاتے کیلئے میدان میں بھیجتی ہیں۔ بھائی سے اجازت دلاتی ہیں اور بچوں کو رخصت کرتی ہیں۔

دونوں جعفر کے لال، زہرا کے چاند، گھوڑے اڑاتے، نیچے ہلاتے، حیدری نشان دکھلاتے قتل گاہ میں پہنچتے ہیں اور شام کے بادلوں میں ڈوب جاتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے نیچے بجلی کی طرح تڑپتے نظر آتے ہیں۔ کوئی گر رہے ہیں۔ شامی کٹ رہے ہیں۔ بچے شجاعت حیدری و دلاوری جعفری کے جوہر دکھلاتے ہیں۔ برچھیاں کھا کر زخمی ہو کر گھوڑوں سے گرتے ہیں اور حسینؑ پر صدقہ ہو جاتے ہیں۔

## فرزندان حضرت حسنؑ کی شہادت

بھائی کی نشانیاں، شبرؑ کے لاڈلے، حسنؑ کے چاند، قاسم، عبداللہ، احمد میدان کارزار میں علیحدہ علیحدہ اجازت لے کر جاتے ہیں۔ بڑے بڑے نامی بہادر، جنگجو ہزاروں سے لڑنے والے پہلوانوں کو تلواروں سے کاٹتے ہیں۔ فوجوں کو بھگاتے ہیں برچھیاں کھا کر زخموں سے گھائل ہو کر گھوڑوں سے گرتے ہیں۔ لاشے پامال ہوتے ہیں۔ ایڑیاں رگڑتے ہیں۔ لہو میں نہا کر خلعت شہادت پہن کر، خون کی مہندی لگا کر دولہا بنے جنت کو سدھار جاتے ہیں۔

حسینؑ لاشں پر پہنچتے ہیں۔ آنسو بہاتے ہیں اور فرماتے ہیں قاسم! پیارے قاسم!

Marfat.com

بہت ہی گراں اور سخت ہے چچا پر کہ تم پکارو اور میں مدد کو نہ پہنچ سکوں اور اگر پہنچوں تو کچھ مدد نہ کر سکوں۔ لاش کو اٹھاتے ہیں۔ خیمہ میں آتے ہیں اور اہلبیتؑ کو صبر و رضا کی ہدایت فرماتے ہیں۔

# اولادِ علیؑ فرزندانِ حیدرِ کرارؑ کی شہادت

باغ مرتضوی کے پھول، اُمّ البنین کی آنکھ کے تارے، دریائے فنا میں ڈوبنے شروع ہوئے۔ حسینؑ کے بازو ٹوٹنے لگے۔ باپ کی نشانیاں، علیؑ کی یادگاریں، خاک میں ملنے لگیں۔ حضرت عباسؑ نے بھائیوں کی طرف دیکھا اور فرمایا کہ پیارو! تم مجھے جان سے زیادہ عزیز اور پیارے ہو مگر آج میری خواہش یہی ہے کہ تم سب مجھ سے پہلے بابا علیؑ کی خدمت میں، دربارِ رسولؐ میں سرخرو کوثر کے کنارے پہنچ جاؤ۔ تمہارے داغ ہم سینے پر اٹھائیں اور تمہارے غم میں صبر و رضائے الٰہی کے درجات بھی حاصل کریں۔ یہ بہادر بھائی کے فدائی، حسینؑ کے عاشق پہلے سے ہی شوقِ شہادت میں بے چین تھے خوش ہو کر عرض کرتے ہیں۔ ہماری یہی تمنّا اور یہی آرزو ہے کہ آپ سے پہلے خون میں ڈوبیں اور اپنے پیارے بزرگ بھائی، آقا حسینؑ پر نثار و قربان ہو جائیں۔ ہتھیار سجتے ہیں۔ تلواریں اٹھاتے ہیں۔ سلام و وداع عرض کر کے حسینؑ سے رخصت ہوتے ہیں۔ حسینؑ ایک ایک کو حسرت بھری نظر سے دیکھتے ہیں اور رخصت فرماتے ہیں۔ بیشۂ حیدری کے شیر میدان میں جاتے ہیں۔ شجاعت علوی کے جوہر دکھلاتے ہیں۔ شیرانہ حملے فرماتے ہیں۔ تیر لگتے ہیں برچھیاں پڑتی ہیں۔ زخمی ہو کر گرتے ہیں اور بھائی پر قربان ہو جاتے ہیں۔ حسینؑ لاشوں کو اٹھاتے ہیں۔ اشکبار ہوتے ہیں اور خون بھری لاشوں کو خیمہ میں لے آتے ہیں۔

---

Marfat.com

# حضرت عباسؑ کی شہادت

## ڈھلتی تھی دوپہر کہ عَلم سرنگوں ہوا

ضرغام بیشۂ حیدری، شیر نیستانِ مرتضوی، سرتاج شجاعت و دلاوری، جعفر ثانی، علیؑ کی نشانی، ام البنین کی آنکھوں کا تارا، حسینؑ کا قوتِ بازو، ماہ بنی ہاشم حضرت عباس علمدار، فوج حسینی کی زیب، لشکر کی زینت، شجاعت کا دھنی، محبت کا پتلا، وفا کا مجسمہ۔ اسلام کا جاں نثار، دینِ محمدی کا مددگار، توحیدِ الٰہی پر جان دینے والا، حق و صداقت پر سر کٹانے والا، شبیرؑ کی گود کا پالا، بہنوں کی ڈھارس، بچوں کا سہارا، بھائی کا فدائی، دین الٰہی کا شیدائی، پیاسے بچوں کی سقائی کرتا ہے۔ شانے کٹاتا ہے خون میں نہاتا ہے۔ دین کی نصرت میں خدا کے پیارے رسولؐ کے پیارے اور اپنے مظلوم بھائی پر جاں نثار کرتا ہے۔

جناب عباسؑ کی شان و منزلت نہایت رفیع و عالی ہے۔ علم و فضل، معرفت و عرفانِ الٰہی، عبادت و طاعتِ خداوندی، یقین باللہ، وثوق علی اللہ، اتقا و بصیرت، ایمان و دیانت میں عباسؑ، حسینؑ کے تربیت یافتہ ہیں۔ سجدۂ الٰہی کے عاشق ہیں عبادت و طاعت کے شائق ہیں۔ بیشک عباسؑ کو حسینؑ سے وہی منزلت ہے جو امیرالمومنین علیؑ کو حضرت سرور عالم جناب ختمی مرتبت محمد مصطفٰےؐ سے ہے جس طرح حسینؑ رسول نما آئینہ ہیں اسی طرح عباس جمال علوی کا پرتو ہیں۔ جس طرح رسولؐ علی کو بھائی فرماتے ہیں یاعلی انت اخی فی الدنیا والاخرۃ اور علیؑ عرض کرتے ہیں۔ انا عبد من عبید محمد۔ میں محمدؐ کے غلاموں میں سے ایک ادنیٰ غلام ہوں۔ اسی طرح عباسؑ بھی عرض کرتے ہیں۔ میں تو اپنے آقا حسینؑ کا غلام ناچیز ہوں۔ عباسؑ نے کبھی حسینؑ سے بھائی کہہ کر خطاب نہیں کیا مولا اور آقا ہی کے الفاظ سے خطاب فرماتے ہے

Marfat.com

اور حسینؑ فرماتے ہیں عباسؑ تم میرے بھائی ہو، قوت بازو ہو، راحت جان ہو، میرے جاں نثار ہو، میرے بچوں کے پرستار ہو۔

جس طرح علیؑ پیدا ہوتے ہیں تو آنکھیں نہیں کھولتے۔ دنیا کو نہیں دیکھتے جب تک رسول اللہؐ تشریف نہیں لاتے۔ رسولؐ تشریف لاتے ہیں۔ گود میں لیتے ہیں۔ منہ چومتے ہیں۔ علیؑ آنکھیں کھول دیتے ہیں اور اول جو دنیا میں دیکھتے ہیں تو روئے محمدیؐ جلوۂ الٰہی پر نظر ڈالتے ہیں بس عباسؑ بھی جب دنیا میں آتے ہیں تو حسینؑ بھائی کو گود میں لیتے ہیں۔ منہ چوم کر شانوں کو بوسہ دیتے ہیں اور عباسؑ رسول نما آئینہ حسین منیؑ کے روئے مبارک پر نظر ڈالتے ہیں اور جمال محمدیؐ کو دیکھ کر مسکراتے ہیں اور جس طرح رسول عربیؐ نے علیؑ کو آغوش رحمت میں پالا، تربیت فرمائی۔ اسی طرح حسینؑ، عباسؑ کو گودوں میں کھلاتے ہیں اور تربیت فرماتے ہیں جس طرح علیؑ سایہ کی طرح رسولؐ کے ساتھ ساتھ ہیں اور ہر وقت خدمت رسولؐ کے لیے کمربستہ ہیں اسی طرح عباسؑ بھی حسینؑ کے ساتھ ساتھ ہیں اور ہر وقت دست بستہ خدمت میں کھڑے ہیں اگر علی مرتضیٰؑ نے نعلین مبارک نبوی کو اٹھایا اور کفش رسالت کو مرمت فرمایا تو اسی طرح عباسؑ بھی کفش حسینؑ کو اٹھانا، رکاب حسینؑ کو تھامنا اور سوار کرانا اپنا فخر اور شرف سمجھتے ہیں۔ اگر علیؑ جنگ خندق میں رسول اللہؐ کے ساتھ خندق کھود رہے ہیں تو عباسؑ بھی کربلا میں شب عاشورا حسینؑ اور حسینؑ کے بچوں کی پیاس بجھانے کے لیے کنوئیں کھودتے ہیں اور حفاظت خیام کے لیے خندق بنا رہے ہیں۔ مدینہ سے مکہ اور مکہ سے کربلا تک ہر ایک منزل پر بھائی کی رکاب تھامتے ہیں۔ سوار کرتے ہیں خیمے لگاتے ہیں۔ آل رسولؐ کی حفاظت کرتے ہیں۔ راتوں کو خیمہ کے گرد طلایہ پھرتے ہیں جس طرح علیؑ شب ہجرت بستر نبوی پر رسول اللہؐ کی سبز چادر اوڑھ کر بجائے رسولؐ لیٹتے ہیں جان دینے کو تیار ہوتے ہیں اور رسول اللہؐ کا فدیہ بنتے ہیں۔ اسی طرح عباسؑ بھی روز عاشورا

Marfat.com

حسینؑ پر جان دیتے، شانے کٹاتے اور قربان ہو جاتے ہیں۔

حسینؑ کربلا میں یزیدی فوجوں کے اندر گھرے ہوئے ہیں۔ عمر ابن سعد حسینؑ کے قتل کا بیڑا اٹھا کر کربلا میں پہنچ چکا ہے اور اس کی امداد کے لیے یزید کے حکم سے ابن زیاد کی فوجیں نواسۂ رسولؐ کو قتل کرنے کے لیے برابر آ رہی ہیں لشکر پر لشکر آتا ہے۔ فوج پر فوج پہنچتی ہے۔ کبھی خولی آتا ہے۔ کبھی شیث پہنچتا ہے کبھی قیس اور کبھی شمر ملعون۔

شمر ذی الجوشن اسی قبیلہ سے ہے جس قبیلہ کی حضرت ام البنین زوجۂ جناب امیر علاوہ حضرت عباسؑ ہیں۔ اس لیے شمر ملعون کو دعوئے قرابت در رشتہ حضرت ام البنین کی اولاد جناب عباسؑ اور ان کے بھائیوں سے تھا اور اس وجہ سے بھی اور نیز چونکہ حضرت عباسؑ کی شجاعت و دلیری شہرۂ آفاق تھی اس خیال سے بھی کہ حسینؑ کی قوت کو توڑ دیا جائے اور عباسؑ کو حسینؑ سے علیحدہ کرنے کی کوشش کی جائے۔ شمر ابن زیاد سے حضرت عباسؑ اور ان کے بھائیوں کے لیے امان نامہ لکھوا کر لاتا ہے اور امام حسینؑ کے لشکر کے قریب جا کر آواز دیتا ہے کہاں ہیں میری بہن کی اولاد، عباسؑ، عبداللہ جعفر، عثمان۔ حسینؑ خود اس کی آواز کو سن کر جناب عباسؑ سے فرماتے ہیں بھائی! اگرچہ شمر فاسق و فاجر دشمن خدا ہے مگر تمہارے ساتھ رشتۂ قرابت رکھتا ہے۔ اس لیے مناسب ہے کہ اس کا جواب دو اور اس سے مل لو۔ امام کے حکم سے چاروں بھادر خیمہ سے نکل کر اس کے پاس جاتے ہیں اور حضرت عباس فرماتے ہیں۔ او ملعون غدار! تو نے ہم کو کیوں بلایا ہے کہ کیا مطلب ہے؟ شمر کہتا ہے عباس! تم چاروں بھائی میری بہن کی اولاد ہو۔ میں تمہارے لیے حفاظت و امان کا حکم امیر کے پاس سے لایا ہوں۔ تم حسینؑ سے علیحدہ ہو جاؤ اور حسینؑ کے لیے بے فائدہ اپنی جانوں کو ضائع نہ کرو۔ ہلاکت میں نہ پڑو۔ یزید کی بیعت و اطاعت اختیار

کرلو۔ تمہارے لیے ہر طرح کی آسائش و راحت و آرام و دولت و عزت حاصل ہے بس اتنا سننا تھا کہ چار وفا دار، بہادر، جاں نثار، ایمان و حقانیت پر مر مٹنے والے غصہ سے کانپ جاتے ہیں اور حضرت عباسؑ غضب ناک ہو کر فرماتے ہیں کہ او ملعون و شقی! تبت یدا خدا تیرے ہاتھ کاٹے۔ خدا کی لعنت تجھ پر اور تیرے ایمان پر۔ او دشمن خدا تو چاہتا ہے کہ ہم اپنے پیارے سردار اور آقا حسینؑ بھائی فرزند رسولؐ کو چھوڑ دیں اور یزید شقی فاسق فاجر شرابی کی اطاعت و بیعت کر لیں۔ ہم کو تو امان دیتا ہے اور فرزند رسولؐ کو امان نہیں ہے۔ شمر یہ جواب سن کر حواس باختہ ہو جاتا ہے اور بھاگ جاتا ہے۔ دیکھو جناب عباسؑ کی شان۔ حضرت عباسؑ شمر ملعون کو انھی الفاظ سے مخاطب فرماتے ہیں۔ جن الفاظ میں خدائے جلیل نے اپنے کلام پاک میں اپنے حبیب رسول کریمؐ کے دشمن اور رشتہ کے چچا ابولہب کو متنبہ فرمایا ہے تبت یدا ابی لہب اشارۃً فرماتے ہیں کہ او شمر لعین! تو بھی اسی طرح دشمن دین، ہمارا رشتہ دار اور قرابت دار ہے۔ جس طرح ابولہب حضور سرور عالم رسول اکرم حضرت ختمی مرتبت کا رشتہ دار اور چچا کہلاتا تھا۔ ایک کافر کا مسلمان سے رشتہ کیسا؟ (تاریخ طبری صفحہ ۲۱۶)

دوپہر ڈھل چکی ہے۔ سب رفیق و انصار، عزیز و اقربا، گلے کٹا کر سرخرو ہو کر دربار رسولؐ میں پہنچ چکے ہیں۔ لاشے خونی کفن پہنے دھوپ میں ریگ گرم پر پڑے ہیں۔ فریاد العطش اور بیواؤں کے دلخراش بین کی آوازیں آرہی ہیں حسینؑ اور عباسؑ ایک دوسرے کا عاشق حسرت بھری نگاہوں سے ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہیں۔ عباسؑ یہ حسرت ناک، دل سوز سین نہیں دیکھ سکتے بیتاب ہو جاتے ہیں اور بھائی سے مرنے کی اجازت اور قربان ہو جانے کے لیے رخصت طلب کرتے ہیں۔ حسینؑ نہایت یاس بھری نظر عباسؑ پر ڈالتے ہیں اور

فرماتے ہیں۔ اے میرے قوتِ بازو! بس یاد رکھو تمہارے بعد ہم بھی نہیں ہیں
عباسؑ اجازت لیتے ہیں اور بھائی بچوں سے رخصت ہو کر، سب کو تڑپتا چھوڑ
کر میدانِ جنگ کو جاتے ہیں۔ بچوں کے لیے پانی لانے کا قصد بھی ہے۔ ایک مشکیزہ
بھی ساتھ دوش پر رکھا ہوا ہے۔ نہر کی جانب دشمنوں کے مقابلہ پر پہنچ کر حملے
کرتے ہیں۔ تیغِ حیدری بجلی کی طرح شام کے بادلوں میں چمکتی ہے۔ شامی گرتے ہیں
سر برستے ہیں۔ نہر کے کنارے خون کی ندیاں بہتی ہیں۔ صفیں الٹتی ہیں۔ پرے درہم برہم
ہو جاتے ہیں۔ عباسؑ نہر میں داخل ہوتے ہیں۔ مشک بھرتے ہیں اور بلا لب تر
کیے تین دن کا پیاسا سقہ مشک لے کر نہر سے نکل آتا ہے۔ دشمنوں کی فوجیں بھاگا
ہوا لشکر، پھر سمٹ کر جمع ہو جاتا ہے چاروں طرف سے علیؑ کے جانی جعفرِ ثانی عباسؑ
کو گھیر لیتا ہے۔ تیر برساتے ہیں۔ نیزے چلاتے ہیں تلواریں لگاتے ہیں وار پر وار کرتے
ہیں۔ عباسؑ مشک کو بچاتے ہیں۔ علمِ محمدی کو سنبھالتے ہیں اور ہزاروں دشمنوں
سے جنگ کرتے ہیں اور خیمہ گاہِ حسینی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ سینہ تیروں سے
فگار ہے۔ بدن زخموں سے چور ہے۔ سر پر تلواریں پڑ رہی ہیں۔ بدن سے خون
بہہ رہا ہے مگر دل میں یادِ خدا ہے اور محبتِ حسینی کی لو لگی ہوئی ہے۔ بلا شک
عباسؑ باپ (علیؑ) کا فخر ہے۔ چچا (جعفر) کا شرف ہے۔ جس طرح علمدارِ لشکر
محمدی جعفرِ طیار جنگ موطہ میں حمایت دینِ الٰہی نصرتِ رسالت پناہی میں شانے
کٹاتے ہیں۔ تلواریں کھاتے ہیں اور شہید راہِ الٰہی ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح عباسؑ
علمدارِ لشکرِ حسینی بھی اسلام اور دینِ الٰہی پر جان قربان کرتے ہیں۔ ایک ملعون درخت
کے پیچھے سے چھپ کر تلوار کا وار کرتا ہے۔ دایاں شانہ کٹ کر گر جاتا ہے عباسؑ
مشک سنبھالتے ہیں اور بائیں شانہ پر لے لیتے ہیں۔ تلوار کو بائیں ہاتھ میں تول
کر حملہ کرتے ہیں اور یہ رجز پڑھتے ہیں ؎

واللہ لو قطعتموا یمینی — حسین مجاہد عن دینی
وعن امام صادق الیقین — سبط النبی الطاہر الامین
نبی صدق جائنا بالدین — مصدقا بالواحد الامین

"خدا کی قسم تم نے میرا دایاں ہاتھ کاٹ دیا (تو کاٹ دو)
جس وقت کہ میں اپنے دین اور سچے یقین والے امام کی جانب
سے جہاد کر رہا تھا وہ تو پاک و پاکیزہ اور امین نبی کے فرزند ہیں
وہ بہت ہی سچے نبی تھے۔ ہمارے پاس دین لے کر آئے اور
یکتا اور امین خالق خلق کی تصدیق کرنے والے تھے"

دیکھو عباسؑ کا یقین کامل اور ایمان صادق۔ ان اشعار میں اصول دین کو بیان فرما گئے اور تبلیغ اسلام اور ہدایت دین کر گئے۔ اسی اثنا میں دشمن کی تلوار کا دوسرا وار پڑتا ہے کہ بایاں شانہ بھی کٹ کر خاک پر گر جاتا ہے۔ عباس مشک اور تلوار دونوں کو دانتوں میں سنبھالتے ہیں اور گھوڑے کو تیزی سے خیمہ گاہ کی طرف بڑھاتے ہیں۔ فوجوں نے گھیر لیا ہے۔ نیزے چلا رہے ہیں۔ تیغیں لگا رہے ہیں تیر برسا رہے ہیں ایک تیر آتا ہے۔ مشک پر لگتا ہے۔ پانی بہہ جاتا ہے عباسؑ کا دل ٹوٹ جاتا ہے۔ سر اطہر پر گرز پڑتا ہے۔ گھوڑے سے تیورا کر گرتے ہیں حسینؑ کو آواز دیتے ہیں۔ حسینؑ لاش پر پہنچتے ہیں۔ بھائی کو خون میں لوٹتا زمین پر تڑپتا دیکھتے ہیں۔ بھائی کے لاشہ سے لپٹ جاتے ہیں اور فرماتے ہیں بھائی! الآن انکسر ظہری وقلت حیلتی۔ اے عباسؑ! میری کمر ٹوٹ گئی اور اب کوئی چارا نہ رہا۔ سر کو اٹھا کر زانو پر رکھتے ہیں۔ منہ چومتے ہیں آنسو بہاتے ہیں۔ عباسؑ کا سر الود شگافتہ ہے۔ خون بہہ کر آنکھوں پر جم گیا ہے آنکھیں بند ہیں کھول نہیں سکتے۔ ہاتھ نہیں ہیں کہ خون کو صاف کریں۔ حسینؑ

Marfat.com

سے گویا عرض کرتے ہیں مولا! آقا! حضور کا یہ وفادار غلام جب دنیا میں آیا تھا تو اس وقت بھی اسی جمالِ محمدی، روئے حسینی کو آنکھ کھول کر دیکھا تھا۔ اب بھی یہی تمنا ہے کہ آخری وقت میں بھی دنیا سے جاتا ہوا جمالِ حسینی کی زیارت کر کے حضور سے رخصت ہو۔ حسینؑ قبا کے دامن سے عباسؑ کی آنکھوں کو صاف کرتے ہیں۔ عباسؑ آنکھ کھول کر حسینؑ کے چہرۂ انور کو دیکھتے ہیں۔ مسکراتے ہیں اور خلد بریں کو تشریف لے جاتے ہیں۔ سبحان اللہ یہ ہے سچی وفا۔ یہ ہے سچا دین۔ یہ ہے سچا اسلام۔ یہ ہیں پکے مسلم۔ یہ ہیں پختہ عقیدت شعار۔ یہ ہیں سچے دیندار، بیشک لیس لہٗ شیئہٗ فی الارض

اے کربلا کے غربت زدہ مسافرو! اے مدینۂ رسولؐ کے وطن آوارو! اے پیاسے شہیدو! اے حق و صداقت پر جان دینے والو! اے اسلام کے جاں نثارو! اے توحید پر مر مٹنے والو! وفا و محبت کے روشن ستارو! مظلومو! مظلوم امام کے وفادار انصارو! فاطمہ زہراؑ کے گلعذارو! محمدؐ و علیؑ کے رشتہ دارو! بہادرو! جانبازو! بظاہر تم دنیا سے مٹ گئے مگر اسلام کو زندہ کر گئے۔ تم نے اسلام کے لیے گلے کٹائے۔ زخم کھائے مگر توحید اور نبوّت کی تصدیق کر گئے۔ تم شہید ہو گئے مگر دین کا بول بالا کر گئے۔ تم خود خاک میں رل گئے مگر وفا کا چمن لگا گئے۔ صداقت کے پھول کھلا گئے۔ تم دنیا سے پیاسے اٹھ گئے مگر ہدایت کے دریا بہا گئے۔ حق کی سبیلیں لگا گئے۔ بیشک تم فنا نہیں ہوئے۔ تم زندہ ہو۔ تمہاری یاد زندہ ہے۔ تمہارے نام آسمانِ وفا پر ہمیشہ روشن رہیں گے۔ ہمیشہ ہمیشہ فلکِ ہدایت پر چمکیں گے۔ دنیا کی رہبری کریں گے۔ خلقت کو ہدایت کے راستے دکھلائیں گے۔ وفا کے سبق پڑھائیں گے صداقت و حقانیت کی تعلیم دیں گے۔ دنیا کی اسلامی مجلسیں تمہارے نام سے روشن ہوں گی۔ توحیدِ الٰہی کی محفلیں تمہارے ذکر سے معطر ہوں گی۔ قومی جلسے تمہارے حالات سے پر رونق ہوں گے۔ تمہاری عبادت و طاعتِ الٰہی کے ذکر ہوں گے۔ تمہارے

Marfat.com

صبر و وفا کے بیان پڑھے جائیں گے۔ تمہاری ثابت قدمی اور ایثار کے تذکرے ہوں گے۔ زمانہ ہمیشہ یاد کرے گا اور تمہاری مظلومیت پر خون کے آنسو بہائے گا۔

بابی انتم و امی طبتم و طاب الارض التی فیها دفنتم و فزتم فوزاً عظیماً فیالیتنا کنا معکم فنفوز فوزاً عظیما۔

مرحبا اے کربلا والو مرحبا! آفرین صد آفرین! خدا تمہارا مداح، نبیؐ تمہارا معرف، بیشک یہ تمہاری ہی شان ہے۔ تم ہی اس کے مصداق ہو۔

ان اللہ اشتریٰ من المومنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ یقاتلون فی سبیل اللہ فیقتلون ویقتلون وعدا علیہ حقا فی التوراۃ والانجیل والقرآن ومن اوفیٰ بعھدہٖ من اللہ فاستبشروا ببیعکم الذی بایعتم بہٖ وذٰلک ھو الفوز العظیم۔ التائبون العٰبدون الحامدون السائحون الراکعون السٰجدون الاٰمرون بالمعروف والناھون عن المنکر والحافظون لحدود اللہ۔

(آخر سورۂ توبہ)

یعنی خدا نے مومنوں سے جنت کے بدلے میں ان کی جانوں کو اور ان کے مال کو خرید لیا ہے۔ وہ راہِ الٰہی میں مقابلہ کرتے ہیں۔ قتل کرتے ہیں اور پھر خود قتل ہو جاتے ہیں یہ وعدۂ الٰہی حق ہے جو توریت و انجیل و قرآن مجید میں درج ہے۔ کون ہے جو اپنے اس عہد کو جو خدا سے کیا ہے پورا کرے بس بشارت ہو تم کو اس معاملہ کی جو تم نے خدا کے ساتھ کیا ہے یہی بڑی کامیابی ہے۔ (یعنی یہ کون لوگ ہیں انکی صفات کیا ہیں؟) خدا کی طرف رجوع کرنے والے ہیں خدا کے عبادت گزار بندے ہیں۔ اسکی حمد و ثنا کرنے والے ہیں۔ روزہ رکھنے والے، نمازیں قائم کرنیوالے رکوع کرنیوالے سجدہ کرنیوالے یہی ہیں نہی عن المنکر اور امر بالمعروف سے ہدایت کرنیوالے اور حدود الٰہی کے محافظ ہیں۔

Marfat.com

اے شبیرؑ کے صحابیو! اے حسینؑ کے ناصرو! اے رسولؐ کے رشتہ دارو! ذرا تمہارے ایمانِ کامل کے۔ صدقے تمہارے یقین جازم کے۔ قربان تمہاری وفا و محبت کے۔ نثار تمہاری صدق و صفا کے۔ نہ فتح کا وعدہ ہے نہ مالِ غنیمت کی امید ہے گھربار کی تباہی۔ اہل و عیال سے جدائی۔ قتل و غارت حتمی اور یقینی۔ بس سب کچھ خوشی سے منظور کیا مگر امام کو نہ چھوڑا صداقت و وفا سے منہ نہ موڑا۔ آلِ احمدؐ کے دشمنوں کو۔ اسلام کے مخالفوں کو قتل کیا اور خود قتل ہو گئے۔ شہید راہِ الٰہی ہوئے اور سرخرو دنیا سے اٹھے۔ بے شک تم سے زیادہ وفادار، جاں نثار، اسلام کے فدائی، ایمان کے شیدائی، ایسی حالت، ایسی کیفیت کے ساتھ حق پر ثابت قدم رہنے والے دنیا میں نہ ہوئے ہیں، نہ ہوں گے۔ واقعات کے دیکھنے والے، تاریخیں پڑھنے والے، انصاف پسند، حق بین نگاہیں خوب جانتی ہیں اور سمجھتی ہیں جزاکم اللہ خیر الجزا۔ جس طرح حسینؑ مظلوم عاشقانِ الٰہی کا امام، جانِ رسولؐ، جگر گوشہ بتولؑ، اپنے جد و اب کا فخر اور ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ کا شرف ہے بیشک اسی طرح اے کربلا والو! اے حسینؑ کے بھوکے پیاسے جاں نثارو! تم بھی تمام انبیاء و اولیاء کے اصحاب و انصار کا شرف و فخر ہو۔ یقیناً حسینؑ نے جو تمہارے لیے فرمایا اصحابی خیر الاصحاب بالکل درست اور ٹھیک ہے۔ اے شہیدو! اے مظلومو! اسلام کے فدائیو! دین کے مددگارو! محبت و وفا کے پیشواؤ! صدق و صفا کے رہنماؤ ہمارے سلاموں کے تحفے منظور کرو۔ ہمارے اشک خونی کے ہدیے قبول فرماؤ ۔

اے صبا اے پیک دور افتادگاں اشکِ ما بر خاکِ پاکِ شاں رساں (اقبال)

## شہادت حضرت علی اصغرؑ

اے پیارے مسلمان بھائیو! تمہارا آقا، تمہارا مولا، تمہارا امام آسمانی سالت

Marfat.com

کا مہر درخشاں، باغ ابراہیمی کا گل سر سبد، گلدستہ محمدی کا شگفتہ پھول، وارث امامت ابراہیمی، حامل عہدِ خداوندی بمصداق آیہ وافی ہدایہ اذابتلیٰ ابراهیم ربه بکلمات فاتمهن فقال انی جاعلك للناس اماما قال ومن ذریتی قال لا ینال عهدی الظالمین[1] امامت خلق کا اہل، ابراہیمؑ کا وارثِ حقیقی، ہادیٔ برحق، مظلوموں کا سرتاج، شہید آلِ محمدؐ حسینؑ مظلوم خلیلِ کربلا، قربان گاہِ امتحان میں اپنے مرادوں والے، گھر کے اجالے، نورِ نظر، علی اکبرؑ شبیہ پیغمبرؐ کو فدیہ چڑھا چکے ہیں۔ برابر کا فرزند، اٹھارہ برس کا لال، برچھیاں کھا کر۔ خون میں نہا کر، آنکھوں کے سامنے دم توڑ چکا ہے۔ عزیز و انصار شہید ہو کر دربارِ الٰہی میں پہنچ چکے ہیں۔ سب قربانیاں سرکارِ احدیت میں قبول ہو چکی ہیں۔ دیکھو۔ اب حسینؑ محبت و عشق الٰہی کا آخری نذرانہ چھ مہینہ کا لال، دُردانۂ محمدی، سرکارِ الٰہی میں پیش کرتے ہیں اور انتہائی دردناک نظارہ، مظلومی کا جلوہ، ہدایت کی مثال، صبر کے جوہر دکھاتے اور اتمام حجت فرماتے ہیں۔ صداقتِ اسلام و حقانیتِ توحید کی قربان گاہ میں وہ آخری و گراں بہا قربانی چڑھاتے ہیں جو سوتی دنیا کو جگائے گی۔ پتھر دلوں کو پگھلائے گی۔ عالم کو خون کے آنسو رلائے گی اور اس کی نظیر کسی مذہب و ملت اور کسی عہد و زمانہ میں

---

[1] ترجمہ یہ کہ ابراہیمؑ کا امتحان چند کلموں سے لیا گیا اور ابراہیمؑ امتحان میں پورے اترے تو ہم نے فرمایا کہ ہم نے تم کو تمام لوگوں کا امام بنا دیا۔ ابراہیمؑ نے عرض کی کہ بارِ الٰہا! یہ شرف، یہ عہدہ، امامت میری ذریت میں بھی ہو۔ جواب ملا ہمارا عہد ظالموں کو نہیں پہنچ سکتا۔ ۱۲

Marfat.com

بھی نظر نہ آئے گی۔[1]

کوکھ جلی ماں کی آنکھ کا تارا، کلیجہ کا ٹکڑا، بہنوں کا لاڈلا، علیؑ اصغر شیر خوار حسینؑ کے ہاتھوں پر ہے۔ عبا کا دامن اڑھائے ہوئے ہیں۔ دھوپ میں سامنے کھڑے ہیں۔ اصغرؑ پیاس سے نڈھال ہیں۔ زبان تالو سے لگی ہوئی ہے۔ گلاب

---

[1] اسی جرمنی حکیم میسو ماربین نے اپنے رسالہ فلسفہ شہادت اصغرؑ شیر خوار کے متعلق جو لکھا ہے اس کو بھی ملاحظہ فرمائیے۔ ڈاکٹر موصوف لکھتا ہے:۔" حسینؑ نے اپنی زندگی کے آخری وقت میں اپنے طفل شیر خوار کے باب میں وہ کام کیا کہ زمانہ بھر کے فلاسفر حضرات کی عقول کو متحیر کر دیا یعنی اس وقت آخر میں ان جانکاہ مصائب کے ہجوم میں ان افکار کثیرہ کے تراکم میں۔ اس تشنگی میں۔ اس کثرت جراحات میں بھی اپنے مقصد عالی سے چشم پوشی نہ کی اور باوجودیکہ جانتے تھے کہ ان کے فرزند صغیر پر بنی امیہ رحم نہ کریں گے محض اس غرض سے کہ اپنی مصیبت کی عظمتوں کو بڑھا دیں تاکہ یہی مصائب زیادہ تر عظیم الشان ہو جائیں۔ اس بچہ کو اپنے ہاتھ پر بلند کر کے سب سے اس کے لیے پانی کی خواہش کی اور زبان تیر سے اس کا جواب سُنا۔ گویا اس عمل سے حسینؑ کی یہ غرض تھی کہ تمام اہل لشکر واقف ہو جائیں کہ بنو امیہ کی عداوت بنی ہاشم کے ساتھ کس حد تک تھی اور تصدیق کر لیں کہ یزید دفاع کے لیے ایسے ظلم وستم کرنے پر مجبور نہ تھا۔ اس لیے کہ شیر خوار بچہ کا ایسی حالت میں اس وحشت ناک طریقہ سے قتل کر دینا سوائے وحشت اور بہیمانہ عداوت کے جو ہر دین و مذہب و قانون وقاعدہ کے منافی ہے اور کچھ ظاہر نہ کرتا تھا اور یہی ایک نکتہ قبائح اعمال اور نیات فاسدہ اور عناد بنی امیہ کا اچھی طرح پردہ فاش کر سکتا ہے۔

اور تمام اہل عالم علی الخصوص مسلمانوں پر ظاہر کر دیا کہ بنی امیہ فقط احکام اسلام ہی کی مخالفت ایسی حرکات سے نہیں کرتے بلکہ جاہلانہ تعصب کی وجہ سے کوشاں ہیں کہ ایک متنفس بھی بنی ہاشم میں خصوصاً عترت محمدی کا باقی نہ چھوڑیں۔"

Marfat.com

کی پتی کے سے ہونٹ خشک ہیں۔ ننھی کلائیاں ضعف سے بل کھائے ہوئے ہیں
تین روز سے نہ پانی کا قطرہ ملا ہے نہ دودھ کی بوند گلے سے اتری ہے۔ ننھے
ننھے انگوٹھے منہ میں لیے ہیں۔ حسینؑ دامن کو اٹھاتے ہیں۔ ہاتھ آسمان کی طرف
بلند کرتے ہیں۔ بارگاہِ الٰہی، دربارِ محبوبی میں عرض کرتے ہیں۔ اللھم ھٰذا
اعز جواہر خزائنی واخر مالیق فی صفتی۔ اے میرے خالق! اے میرے پیارے مالک
تیرے بے بضاعت عاشق کے خزانہ کا یہ آخری گراں بہا جواہر ریزہ ہے اور تیرے
حسینؑ کے رشتۂ محبت میں اب کوئی اور موتی باقی نہیں ہے۔ پس میں اپنی سچی
محبت اور سچی خواہش سے اس کو بھی تیرے عشق و محبت پر نثار کرتا ہوں اور
اس آخری نذرانہ کو پیش کش کے لیے لایا ہوں۔ یہ دعا فرما کر دشمنوں کو مخاطب
فرماتے ہیں۔ سخی سخی کا فرزند، ساقی کوثر کا لال، پانی جیسی عام چیز کا سوال، اُن
کمینہ صفت، ناہنجار، جفاکار، ظالموں، احسان فراموشوں سے کرتا ہے۔ جن کو ابھی
کربلا پہنچنے سے پہلے پانی پلایا تھا۔ موت سے بچایا تھا۔ ارشاد فرماتے ہیں۔ اے
ظالمو! اے معاویہ کے دوست دارو! اے یزید کے ہواخواہو! اگر تمہارے خیال
میں مَیں مجرم و گنہگار ہوں تو یہ معصوم بچہ تو کسی مذہب و ملت میں بھی قصور وار و
خطا دار قرار نہیں پا سکتا۔ اے ظالمو! ارے بے رحمو! یہ بچہ نادان پیاسا مر رہا
ہے۔ دو قطرے پانی کے اس کے خشک گلے میں ٹپکا دو۔ اس کی جان بچ جائے
گی۔ اگر مجھ پر اعتبار نہیں مجھے پانی نہ دو خود آکر اس کو پانی پلا دو مگر افسوس!
حسینؑ کے اس سوال کا کوئی جواب نہیں ملتا البتہ ایک ظالم شقی ازلی جواب
دیتا ہے مگر زبان سے نہیں۔ پانی سے نہیں، سہ پہلو تیر سے جواب دیا جاتا ہے
بچہ سہم کر باپ کے ہاتھوں پر تڑپ جاتا ہے۔ انگوٹھے منہ سے نکل آتے ہیں دودھ
اگلتا ہے۔ آنکھیں کھولتا ہے۔ گلے سے خون کی دھار جاری ہوتی ہے۔ مسکرا کر

Marfat.com

باپ کو دیکھتا ہے اور دنیا سے سدھار جاتا ہے گویا زبان بے زبانی سے کہتے ہیں کہ مبارک ہو آپ کا فدیہ بارگاہِ الٰہی میں منظور و قبول ہو گیا ہے۔ حسینؑ اصغرؑ کے گلے سے خون کا چلّو بھرتے ہیں اور منہ پر مل لیتے ہیں شکر الٰہی کرتے ہیں اور فرماتے ہیں ھٰکذا القیٰ جدّی رسول اللہ (میں اپنے نانا رسول اللہؐ سے اس صورت سے ملاقی ہوں گا) اور بارگاہِ قدس میں عرض کرتے ہیں۔ خداوندا! یہ میرا اصغرؑ تیری سرکار میں بچۂ ناقۂ صالحؑ سے کم نہیں ہوگا ؎

چشم ایں دارم کہ از بہرِ رسولؐ ساز ایں قربانیٔ ما را قبول

عاشق حقیقی کو دربارِ محبوب سے جواب محبت ملتا ہے۔ آسمان سے آواز آتی ہے۔ دعہ یا حسین فان لہ مرضعۃ فی الجنّۃ۔ ہاں ہمارے پیارے عاشق! اے حسینؑ! تمہاری نذر قبول۔ بس اب اصغرؑ کو چھوڑ دو اور رخصت کرو۔ ہم نے اس کے لیے دایہ مقرر کر دی ہے (دیکھو خواص الامہ علامہ سبط ابن جوزی صفحہ ۱۴۲)

## حسینؑ کی اہل بیتؑ سے آخری رخصت

چشم دُر بار ہے خالی ہوا دربارِ حسینؑ
اب اصغرؑ کے بعد کوئی نہ تھا، خاتمہ ہوا ؎
نہ لشکر نہ سپاہ نہ کثرت الٰہ نہ قاسم نہ علی اکبر نہ عباس

نہ سرکار ہے نہ دربار نہ لشکر ہے نہ علمدار۔ علی اصغرؑ کو ننھی سی قبر کھود کر دفن فرماتے ہیں اور تن تنہا خیام حرم کی طرف آتے ہیں اور گویا مادر علی اصغرؑ سے فرماتے ہیں کہ ؎

ہو مبارک اصغرِ معصومؑ کا رتبہ بڑھا پھول تیرا ان شہیدوں کے مزاروں پر چڑھا

اہلبیتؑ سے رخصت ہوتے ہیں اور فرماتے ہیں اے زینب! اے کلثوم!

اے بانو! اے رقیہ! اے رباب! اے سکینہ! علیکن منی السلام۔ سلام الوداع۔ بس یہ میری آخری رخصت ہے۔ لے بہنو! اے بی بیو! اے بیٹیو! بس خدا حافظ و ناصر ہے اور وہی حامی و مددگار ہے۔ بہن زینب! دیکھنا ہر مصیبت میں، ہر بلا میں، خدا کو یاد رکھنا۔ اپنے رحیم و کریم خالق کو نہ بھولنا۔ صبر کو ہاتھ سے نہ دینا، راہِ الٰہی میں ہر ایک رنج و مصیبت کو راحت سمجھنا۔ رسّی سے ہاتھ بندھیں تو اُف نہ کرنا۔ چادر چھنے تو غم نہ کھانا۔ اماں کے صبر اور بابا کے حلم کے جوہر دکھلانا۔ نانا رسولؐ تمہارے مددگار اور خدا تمہارا حامی ہے۔ ہاں لٹنے کیلئے تیار ہو جاؤ۔ قید ہونے کے لیے کمروں کو کس لو چادروں کو اچھی طرح اوڑھ لو مقنعوں کو مضبوطی سے باندھ لو۔ اے بہن زینبؑ یہ یتیم بچے، یہ اسیرانِ اہلبیتؑ کا قافلہ بس تمہارے ساتھ ہے۔ بیمار کربلا سید سجاد زین العابدین کو غش سے جگا دو ہوشیار کر دو۔ اب طوق و زنجیر پہننے اور قید و اسیر ہونے کا وقت آگیا ہے بیڑیاں پہننے اور کانٹوں پر پیدل چلنے کا زمانہ قریب ہے۔ اب جنگل کے کانٹوں بھرے راستہ ہیں اور صحرا نوردی ہے۔ کبھی شام و کوفہ کے بازار ہیں اور خلقت کا ہجوم ہے تماشائیوں کا مجمع ہے۔ ماں بہنوں کے اونٹوں کی مہار ہے اور زین العابدین ہے یزید و ابنِ زیاد کے دربار ہیں۔ شمر کے تازیانے ہیں اور ہمارا پیارا لاڈلا بیمار ہے کہنا اے زین العابدین سے

پیاسا گلا کٹائیے یہ حصہ ہے باپ کا
پہنو گلے میں طوق یہ عہدہ ہے آپ کا

بس ہمارے بعد دنیا کے امام تم ہو۔ اے جانِ پدر! اس کشتی کی ملاحی اب تیری ذات پر ہے۔ دیکھنا۔ باپ کی محنت رائیگاں نہ جائے۔ صبر و تحمل ہاتھ سے نہ چھوٹے۔ کربلا سے کوفہ اور کوفہ سے شام تک ماں بہنوں کے قافلہ

Marfat.com

کے ساتھ تم بیڑیاں پہنے، طوق ڈالے ننگے پاؤں جاؤ۔ صبر و رضائے الٰہی کے جوہر دکھاؤ توحید کے خطبے پڑھو۔ ہدایت کے راستے بتاؤ۔ ہاں ہاں بیٹا! دیکھنا۔ بیڑی پہن کر سلسلۂ صبر چھوٹ نہ جائے۔ بس ہم سر سے راہ قطع کریں اور قدم سے تم۔ راہِ الٰہی میں خاردار طوق کو پھولوں کے ہار سمجھنا اور عشقِ الٰہی میں لوہے کی تپتی بیڑیوں کو محبتِ خدا کی زنجیریں جاننا۔

پھٹے پرانے کپڑے منگاتے ہیں۔ پوشاک کے نیچے پہنتے ہیں۔ انہیں بھی جگہ جگہ سے زیادہ چاک فرما دیتے ہیں۔ سبب پوچھا جاتا ہے تو فرماتے ہیں کہ میرے شہید ہو جانے کے بعد یہ ظالم شقی میرا لباس بھی لوٹیں گے اور کپڑے اتار لیں گے۔ شاید یہ پھٹے پرانے کپڑے نیچے دیکھ کر چھوڑ دیں۔ (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۴۰ طبری صفحہ ۳۴۴)

بہن کو رخصت فرما کر، بی بیوں کو الوداع کہہ کر، ماں کی کنیز فضہ پالنے والی کو بھی سلام کر کے بالی سکینہ، سینہ پر سونے والی، لاڈلی بیٹی کو چھاتی سے لگا کر منہ چومتے اور فرماتے ہیں۔ بیٹی! اب یوں بسر کرو جو یتیموں کا طور ہے۔ غرض کہ سب کو رخصت فرما کر صبر و رضا کی ہدایت فرمائی۔ خدا کے سپرد کیا۔ خیمہ کا پردہ اٹھا۔ باہر تشریف لائے۔ بہن نے رکاب تھامی۔ ذوالجناح پر سوار ہوئے۔ میدانِ کارزار کو روانہ ہوئے۔ میدان میں پہنچے۔ دشمنوں بے دینوں کو پھر آخری خطبہ دیا۔ اتمام حجت فرمائی۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرض کو ادا کیا اور فرمایا اے ظالمو! میرے قتل سے باز آؤ۔ میرے خون سے ہاتھ نہ رنگو۔ تم جانتے ہو میں تمہارے نبیؐ کا نواسہ ہوں۔ میرے بابا علیؑ سابق الاسلام ہیں میری ماں فاطمہ زہراؑ تمہارے نبیؐ کی بیٹی ہے اور تم جانتے ہو کہ میرے نانا رسول اللہؐ نے مجھے اور میرے بھائی حسنؑ کو سردارِ جوانانِ بہشت فرمایا ہے۔ افسوس ہے تم کیسی بری قوم اور کیسی بری امت ہو کہ نہ تم کو خدا کا خوف ہے نہ رسولؐ سے شرم ہے۔ تم اپنے نبیؐ کی ذریت اور اپنے رسولؐ کی آل کا خون بہاتے ہو اور میرے خونِ ناحق پر آمادہ ہونے

Marfat.com

ہو حالانکہ نہ میں نے کسی کو قتل کیا ہے نہ کسی کا مال چھینا ہے کہ جس کے بدلے میں تم مجھ کو قتل کرتے ہو۔ میں تو دنیا سے بے تعلق، اپنے نانا رسولؐ کی قبر کا مجاور بنا بیٹھا تھا۔ تم نے مجھے ہدایت کیلئے بلایا اور مجھے نہ نانا کی قبر پر بیٹھنے دیا نہ خدا کے گھر میں رہنے دیا۔

انی عذت بربی و ربکم ان ترجمون وان لم تؤمنوا لی فاعتزلون

(یقیناً میں پناہ مانگتا ہوں اپنے رب کی اور تمھارے رب کی اس بات سے کہ تم مجھ پر پتھر برساؤ اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے علیحدہ ہو جاؤ۔ سورۂ دخان) اگر تم میرے قتل سے اب بھی ہاتھ اٹھالو اور مجھے چھوڑ دو تو میں خدا کے گھر میں پناہ لے لوں یا نانا کی قبر پر جا بیٹھوں (ذبح عظیم۔ تاریخ طبری وغیرہ وغیرہ)

اُن بے دین ظالموں نے کچھ جواب نہ دیا حملہ کے لیے بڑھے۔ مظلوم امام کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ تیر برسنے لگے اور جنگ شروع ہو گئی۔

# حسینؑ کا آخری جہاد

حسینؑ نے شجاعت کے دو حصے پائے ہیں۔ نانا رسولِ عربی کی شجاعت بھی ورثہ میں ملی ہے اور بابا علیؑ کی جرأت و بہادری بھی حصہ میں آئی ہے۔ دیکھو حدیث رسول کہ جب مرض الموت کے زمانہ میں حسینؑ کی والدہ فاطمہؑ بنت الرسولؐ بابا کی خدمت میں حسنؑ و حسینؑ دونوں کو لیکر حاضر ہوئی ہیں اور عرض کرتی ہیں۔ بابا! یہ دونوں آپ کے بچے ہیں ان کو کچھ عطا فرمائیے تو رسول اللہؐ نے فرمایا:۔

| | |
|---|---|
| اما الحسن فلہ سوددی وھیبتی | حسنؑ کو میں نے اپنی سرداری اور ہیبت |
| واما الحسین فلہ شجاعتی | بخشی اور حسینؑ کو اپنی شجاعت |
| وجودی۔ | اور سخاوت بخشی۔ |

(صواعق محرقہ صفحہ ۱۱۴ اور طبرانی و خصائل و ناسخ التواریخ وغیرہ)

نیز رسول اللہؐ نے فرمایا حسنؑ و حسینؑ سیف العرش ہیں ۔ (صواعق محرقہ صفحہ ۱۱۴)

پس حسینؑ سیف الٰہی عرش اعظم کی تلوار ہے۔ اپنے نانا رسولِ عربیؐ کی شجاعت اور بابا علی مرتضیٰؑ کی جرأت و بہادری کا جلوہ دکھاتے ہیں اور جہاد دفاعی فرماتے ہیں۔ ذوالفقار حیدری میان سے نکلتی ہے۔ شامی، کوفی، یزیدی لشکر پر بجلی کی طرح کوندتی ہے۔ سر برستے ہیں۔ دھڑ گرتے ہیں۔ ضربت حیدری سے زمین ہلتی ہے۔ آسمان تھر تھراتے ہیں صفیں الٹتی ہیں۔ پرے درہم برہم ہو جاتے ہیں۔ ضرغام حیدری بپھرا ہوا شیرانہ حملے کرتا ہے۔ شامی، کوفی بھیڑ بکریوں کی طرح بھاگ رہے ہیں ؎

اللہ رے حسینؑ کا وہ آخری جہاد  ہر وار پر علیؑ دلی دے رہے تھے داد

کبھی میسرہ کو الٹتے ہیں۔ کبھی میمنہ کو توڑتے ہیں۔ کبھی قلب میں در آتے ہیں کبھی جناح پر حملہ فرماتے ہیں۔ شامی کٹ رہے ہیں۔ کوفی گر رہے ہیں۔ لاشوں کے ڈھیر لگ رہے ہیں حملہ کرتے ہوئے اور فوجوں کو بھگاتے ہوئے نہر کی طرف پہنچ جاتے ہیں۔ بھائی کی لاش ترائی میں پڑی نظر آتی ہے تو زبان حال سے فرماتے ہیں ؎

یہ حملے نہ دیکھے یہ صف آرائی نہ دیکھی  افسوس کہ تم نے مری تنہائی نہ دیکھی

جب نہر سے پلٹتے ہیں۔ شہداء کے لاشوں کی طرف حملہ کرتے ہوئے آتے ہیں تو فرماتے ہیں

الموت اولیٰ من قبول العار  
والعار اولیٰ من دخول النار

اے میرے بہادرو! جاں نثارو! بیشک ذلت و عار کی زندگی سے موت بہتر ہے مگر دین اور حق کے مقابلہ میں جہنم میں داخل ہونے سے عار قبول کرنا افضل ہے۔

کبھی حملہ کرتے ہوئے، لڑتے لڑتے خیام اہلبیت اطہار علیہم السلام کے قریب جب پہنچ جاتے ہیں تو غریب و بیکس غمزدہ بی بیوں اور بچوں کی ڈھارس بندھانے کے لیے اور انکا اطمینان دلانے کیلئے فرماتے ہیں۔ حسینؑ ابھی زندہ ہے۔ جب تک دم میں دم ہے

Marfat.com

اپنے اہلبیتؑ کی حمایت کروں گا اور نانا رسولؐ کے دین پر جان دے دوں گا۔

انا حسین ابن علی ہ البیت ان لا انثنی　　احمی عیالات ابی : امضی علیٰ دین النبی

(میں ہوں حسینؑ، علیؑ کا بیٹا۔ جب تک میرے دم میں دم ہے اپنے باپ کی ذریت و عیال کی حمایت کیلئے جاؤں گا اور دینِ نبیؐ پر جان دے دوں گا) واقعی حسینؑ سا بہادر اور شجاع، حسینؑ سا دلیر اور جری دُنیا میں نہ ہوا ہے اور نہ ہو گا۔ حسینؑ بیشک نانا کا فخر ہے۔ بابا کا شرف ہے۔

نہایت تعجب اور حیرت کا مقام ہے کہ حسینؑ فرزندِ رسولؐ، وارثِ شجاعتِ محمدیؐ کی شجاعت و بہادری کے سکے غیر مذہب اور غیر قوموں کے دلوں پر تو بیٹھیں اور علماء مورخین اسلام و غیر اسلام بالنصاف پسند اصحاب حسینؑ کی بے مثل و بے نظیر بہادری و شجاعت کا اعتراف و اقرار کرتے ہوئے اپنی تالیفات میں لکھ جائیں کہ حسینؑ پر بہادری کا خاتمہ ہے، حسینؑ سا بہادر، شجاع کوئی نہیں ہوا مگر خود حسینؑ کے نانا کے بعض کلمہ گو، مسلمان کہلانے والے اصحاب یزید کی طرفداری و حمایت میں حسینؑ کے شرف و منزلت کو مٹانے کیلئے حسینؑ کو معاذ اللہ بزدل اور درجۂ شجاعت سے گرا ہوا دکھلانے کی کوشش کریں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون ۔

گر مسلمانی ہمیں است کہ حافظ دارد　　وائے گر از پس امروز بود فردائے

ملاحظہ ہو علامہ ابو اسحاق اسفرائنی کا قول جو علامہ موصوف نے اپنے مقتل نور العین میں لکھا ہے (صفحہ ۴۹) علامہ موصوف لکھتے ہیں، ۔

ثم انہ خرج من الخیمہ و رکب جواد و حمل علی القوم فانہزموا من بین یدایہ کالجراد المنتشر فرجع و قال لاحول ولا قوۃ الا باللہ

پھر حسینؑ خیمہ سے نکلے اور اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے اور دشمنوں پر حملہ کیا پس حسینؑ کے سامنے سے یہ لوگ اس طرح بھاگتے تھے جس طرح ٹڈیاں اُڑ جاتی ہیں۔ حسینؑ

Marfat.com

العلی العظیم ثم رجع الیهم ثانیا وقال لهم ویلکم لما ذا تقتلونی اعلی عهد نکثته ام علی سنة غیرتها ام علی شریعة بدلتها ام علی حق ترکته فقالوا نقتلك بغضا منا لابیك فعند ذلك غضب الحسین غضبا شدیدا

لوٹے اور فرمایا لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پھر حسینؑ دوسری مرتبہ بڑھے اور فرمایا افسوس ہے تم پر تم مجھے کیوں قتل کرتے ہو۔ کیا میں نے کوئی عہد توڑ دیا ہے یا کسی حکم شریعت کو بدل دیا ہے یا کسی حق کو چھوڑ دیا ہے! ان بے دینوں نے جواب میں کہا کہ ہم تو آپ کو اس بغض اور عداوت کی وجہ سے قتل کرتے ہیں جو ہم کو تمہارے باپ سے ہے (نوٹ: حسینؑ کے قاتلوں کو شیعہ علیؑ بتلانے والے ان لوگوں کے اس جواب پر ضرور غور فرمائیں) یہ سن کر حسینؑ نے غضبناک ہو کر حملہ فرمایا اور ایک زبردست رجز پڑھتے تھے اور حملہ فرماتے تھے۔

ثم حمل علی القوم وصرخ فی اوسطهم ودار فیهم وجعل یحصد الابدان حصدا ویضرب فیهم ذات الطول والعرض وذات الیمین والشمال حتی ترك الرجال تحت سنابك الخیل ودماهم كالانهار

پھر حسینؑ نے دشمنوں پر حملہ فرمایا (شیر غراں کی طرح) صفوں کے بیچ میں در آئے۔ ان کے بیچ میں تلواریں چلاتے، وار کرتے اور دورہ فرماتے تھے اور دشمنوں کے جسموں کو (تلوار سے) کھیتی کی طرح کاٹ کاٹ کر پھینکتے تھے کبھی طول میں حملہ فرماتے تھے اور کبھی عرض میں، کبھی میمنہ پر چلتے تھے اور کبھی میسرہ پر۔ یہاں تک کہ لوگ گھوڑوں کے سموں سے پامال ہو گئے اور ان کا خون

Marfat.com

نہر کی طرح بہتا تھا۔

نیز ملاحظہ ہو کہ علامہ ابن اثیر جزری تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۴۰ میں حسینؑ کے اس آخری جہاد کے حالات کو اس طرح درج فرماتے ہیں۔

وحمل الناس علیہ عن یمینہ وشمالہ فحمل علی الذین یمینہ فتفرقوا ثم حمل علی الذین عن یسارہ فتفرقوا ما روی مکثورا قط قد قتل ولدہ واہل بیتہ و اصحابہ اربط جاشا منہ و لا امضی جنانا ولا اجراء مقدما منہ ان کانت الرجالۃ لتنکشف عن یمینہ وشمالہ انکشاف المعزی اذا اشتد فیہا الذئب فبینما ھو کذلک اذا خرجت زینب وھی تقول لیت السماء انطبقت علی الارض وقد دنا عمر بن سعد فقالت یا عمر ایقتل ابو عبد اللہ وانت تنظر فدمعت عیناہ

حسینؑ کو دشمنوں نے دائیں بائیں دونوں جانب سے گھیر لیا۔ پس حسینؑ نے دائیں جانب حملہ کر کے سب کو بھگا دیا پھر پلٹ کر جب بائیں جانب حملہ کرتے ہوئے آئے تو سب کو مار کر ہٹا دیا۔ راوی بیان کرتا ہے خدا کی قسم! حسینؑ سے بڑھ کر کسی شخص کو ایسا قوی دل ثابت قدم بہادر نہیں دیکھا گیا جو ہمہ تن کی طرح شکستہ دل ہو۔ صدمے اٹھائے ہوئے۔ بیٹوں، عزیزوں اور دوست احباب کے داغ بھی کھائے ہوئے ہو اور پھر حسینؑ کی سی ثابت قدمی اور بے جگری سے جنگ کر سکے بخدا دشمنوں کی فوج کے سوار اور پیادے حسینؑ کے سامنے اس طرح بھاگتے تھے کہ جس طرح بھیڑ بکریوں کے گلے بھیڑیئے کے حملے سے بھاگتے ہیں۔ حسینؑ اسی طرح جنگ کر رہے تھے کہ جناب زینبؑ (رسولؐ کی نواسی حسینؑ کی ماں جائی) خیمے سے نکل آئیں اور فرمایا کاش آسمان زمین پر گر پڑتا۔ اے عمر سعد تو دیکھ رہا ہے اور ابو عبد اللہ قتل کیے جا رہے ہیں یہ سنکر عمر سعد رو پڑا۔ آنسو داڑھی پر بہنے لگے اور اس نے منہ

حتی سالت دموعه علی
خدیه ولحیته وصرف
وجهه عنها وکان علی
الحسین جبة من خز وکان
معتما مخضوبا بالوسمة
وقاتل راجلا قتال الفارس
الشجاع یتقی الرمیة ویفترص
العورة ویشد علی الخیل
وهو یقول اعلی قتلی تجتمعون
اما واللہ لا تقتلون بعدی عبدا من
عباد اللہ اللہ اسخط علیکم لقتلہ منی
وایم اللہ انی لارجوان یکرمنی اللہ
بهوانکم ثم ینتقم لی منکم من حیث لا
تشعرون اما واللہ لو قتلتمونی لالقی اللہ
باسکم بینکم وسفک دماءکم ثم لا یرضی
بذالک منکم حتی یضاعف لکم العذاب الالیم (ملخ)

پھرالیا اور حسینؑ اس وقت خز کا جبہ پہنے ہوئے
تھے سر پر عمامہ بندھا ہوا تھا اور وسمہ کا خضاب
لگائے ہوئے تھے۔ حسینؑ نے گھوڑے سے گر کر
بھی اسی طرح جنگ فرمائی ہے جس طرح جنگجو بہادر
سوار جنگ کرتے ہیں تیروں کو بچاتے تھے حملوں کو
روکتے تھے اور سواروں کے پرّوں پر حملے فرماتے تھے
اور کہتے تھے اے ظالمو! میرے قتل پر تم جمع ہوئے ہو
قسم خدا کی میرے بعد تم کسی ایسے شخص کو قتل نہ کرسکو
گے کہ جس کے قتل کرنے سے میرے قتل سے بڑھ کر
خدائے جلیل تم پر زیادہ غضبناک ہو قسم ہے خدا کی
مجھے پوری امید ہے کہ جسقدر بھی تم مجھے ذلیل کرتے ہو اسی
قدر خداوند عالم مجھے عزت دیگا پھر میرا خدا اچانک
تم کو خبر بھی نہ ہوگی تم سے میرا انتقام لیگا اور قسم ہے خدا
کی جب تم مجھ کو قتل کردو گے تو خدا تم کو آپس میں ہی
لڑا دیگا۔ تمہارے خون بہائے گا اور پھر بھی تم سے راضی
نہ ہوگا یہاں تک کہ تم پر اپنے سخت عذاب کو دگنا فرمائے

ابیشک حسینؑ کی یہ سچی پیش گوئی کیسی صحیح ثابت ہوئی۔ م

مٹ گئے آپ زمانہ سے مٹانے والے

اور حسینؑ کا نام نامی تا قیامت زندہ ہے اور زندہ رہے گا اور ہر جگہ عزت و
محبت سے یاد کیا جاتا ہے اور یاد کیا جاتا رہے گا۔ روحی لہ الفداء
اب ہم امام حسینؑ کی بے نظیر و بے مثال شجاعت و بہادری اور جنگ حسینی کے

Marfat.com

متعلق ایسے شخص کی شہادت پیش کرتے ہیں جو خود معرکۂ کارزار میں موجود ہے حسینؑ سے مقابلہ میں جنگ کر رہا ہے اور خود حسینؑ پر حملہ کرتا ہے حسینؑ کا دشمن ہے جس کو علامہ محمد ابن جریر طبری جیسے معتبر و محقق مورخ نے اپنی مشہور تاریخ طبری جلد ۶ صفحہ ۲۵۹ میں درج فرمایا ہے وہو ہذا۔

عن الحجاج ابن عبد اللہ بن عمار بن عبد یغوث البارقی وعتب علی عبد اللہ بن عمار بعد ذلک منشہدہ قتل الحسین فقال عبد اللہ بن عمار ان لی عند بنی ہاشم لیدا قلنا لہ وما یدک عندہم قال حملت علی الحسین بارمہ فانتہیت الیہ فواللہ لو شئت لطعنتہ ثم انصرفت عنہ غیر بعید وقلت ما اصنع بان اتولی قتلہ یقتلہ غیری قال فشد علیہ رجالۃ ممن عن یمینہ وشمالہ فحمل علی من عن یمینہ حتی ابذعروا وعلی من عن شمالہ حتی ابذعروا وعلیہ قمیص لہ من خز وہو معتم قال فواللہ ما رایت مکثورا قط قتل ولدہ واہل بیتہ واصحابہ اربط جاشا ولا امضی جنانا منہ ولا اجراء مقدما واللہ ما رایت قبلہ ولا بعدہ مثلہ ان کانت الرجالۃ لتنکشف من عن یمینہ وشمالہ انکشاف المعزیٰ اذا شد فیہا الذئب۔ الخ

یعنی حجاج اپنے باپ عبد اللہ ابن عمار ابن یغوث البارقی سے روایت کرتا ہے اور یہ عبد اللہ ابن عمار لشکر یزید کی طرف سے معرکۂ کربلا میں خود شریک تھا واقعۂ کربلا کے بعد لوگوں نے اس پر ناراضی و عتاب کا اظہار کیا کہ تو کیوں قتل حسینؑ کے لیے گیا تھا۔ اس نے کہا کہ گو میں قتل حسینؑ کے لیے گیا تھا مگر میں نے اس معرکہ میں بنی ہاشم پر ایک بڑا احسان کیا ہے اس سے پوچھا گیا کہ وہ احسان کیا ہے

تو اُس نے کہا کہ میں نے نیزہ کا حملہ حسینؑ پر کیا تھا اور اُن کے پاس پہنچ گیا تھا۔ خدا کی قسم اگر میں چاہتا تو اُن کو نیزہ مارتا مگر ان کے پاس سے پلٹ آیا اور تھوڑی دُور ان سے جا کر کھڑا ہو گیا اور دل میں کہا کہ مجھے ایسے شخص کے قتل کرنے کی کیا ضرورت ہے جس کو دوسرا قتل کر دیگا اتنے میں کیا دیکھتا ہوں کہ پیادوں کے ایک دستہ نے داہنی طرف سے اور دوسرے نے بائیں طرف سے حسینؑ پر یکبارگی حملہ کر دیا۔ امام حسینؑ نے معاً اس دستہ پر حملہ کیا جو داہنی طرف تھا پس حسینؑ کے حملہ کرتے ہی وہ سب کے سب بھاگ کھڑے ہوئے پھر حسینؑ بائیں طرف مُڑے اور ان پر بھی اسی طرح حملہ کیا۔ پس ایک شخص بھی حضرت کے پاس ٹھہرنے کی جراٗت نہ کر سکا۔ حسینؑ صرف خز کا ایک کُرتہ پہنے ہوئے تھے اور سر پر عمامہ بندھا ہوا تھا پھر عبداللہ بیان کرتا ہے قسم ہے خدا کی۔ میں نے کبھی ایسے مجروح و زخمی، دل شکستہ شخص کو جس کا تمام کنبہ، بیٹے، بھائی، عزیز، اصحاب سامنے قتل کیے جا چکے ہوں نہ حسینؑ سے پہلے نہ حسینؑ کے بعد۔ حسینؑ جیسا مضبوط دل، بے دھڑک، نہایت اطمینان اور شجاعت و بہادری سے دشمن پر حملہ کرنے والا اور کمال استقلال و جراٗت سے لڑنے والا نہیں دیکھا ہاں قسم ہے خدا کی میں نے حسینؑ جیسا بہادر بے مثل و بے نظیر نہ پہلے کسی کو دیکھا اور نہ بعد کو یہ حالت تھی کہ پیادوں کی صفیں جب ان پر ٹوٹ پڑتی تھیں تو حسینؑ کے ذرا سے اِدھر اُدھر مڑ جانے سے اِس طرح دائیں بائیں کی صفوں میں بھاگڑ پڑ جاتی تھی جس طرح بکریوں بھیڑوں کے گلے میں کسی بھیڑیے کے حملہ کرنے سے اضطراب پیدا ہو جاتا ہے۔

اب ایک غیر مسلم یوروپین محقق، مورخ کی تحریر کو بھی ملاحظہ فرمایا جائے۔ اس انصاف پسند مورخ نے کس خوبی و عمدگی سے بدلائل ثابت کیا ہے کہ حسینؑ پر بہادری و شجاعت کا خاتمہ ہے۔ حسینؑ سا بہادر و شجاع دُنیا میں نہیں گزرا۔

مسٹر جیمس کارکرن اپنی تاریخ چین دفتر دوم باب ۱۶ جلد ۲ میں لکھتے ہیں۔

" دُنیا میں رستم کا نام بہادری میں مشہور ہے لیکن کئی شخص ایسے

Marfat.com

گزر گئے ہیں کہ ان کے سامنے رستم کا نام قابل لینے کے نہیں ہے چنانچہ اوّل درجہ میں حسینؑ ابن علیؑ کا مرتبہ بہادری میں ہے کیونکہ میدانِ کربلا میں گرم ریت پر اور گرسنگی میں جس شخص نے ایسا ایسا کام کیا ہو اُس کے سامنے رستم کا نام وہی شخص لیتا ہے جو تاریخ سے واقف نہیں ہے کس کے قلم کو قدرت ہے کہ امام حسینؑ کا حال لکھے۔ کس کی زبان میں یہ لطافت و بلاغت ہے کہ ان بہتر۷۲ بزرگواروں کی ثابت قدمی اور تہور و شجاعت اور تیس ہزار سوار خونخوار شامی کے جواب دینے اور ایک ایک کے ہلاک ہو جانے کے باب میں مدح جیسا کہ چاہیئے کر سکے۔ کس کی نازک خیالی کی یہ رسائی ہے کہ ان لوگوں کے دلوں کے حال کو تصوّر کرے کہ کیا کیا اُن پر گزرا اس وقت سے جبکہ عمر سعدؑ نے دس ہزار سوار سے ان کو گھیر لیا۔ اس وقت تک کہ جب شمر ملعون نے سر کاٹ لیا کیونکہ ایک کی دوا دو مشہور ہیں اور مبالغہ کی یہی حد ہے کہ جب کسی کے حال میں یہ کہا جاتا ہے کہ دشمن نے چار طرف سے گھیر لیا لیکن حسینؑ اور بہتر۷۲ تن کو آٹھ قسم کے دشمنوں نے تنگ کیا تھا اور اس پر بھی قدم نہ ہٹا۔ چنانچہ چار طرف سے تو دس۱ ہزار فوج یزید کی تھی۔ جن کے نیزوں اور تیروں کی بوچھاڑ مثل آندھی کے آتی تھی اور پانچواں دشمن عرب کی دھوپ تھی جس کی مثال کسی سے زیر فلک نہیں ملتی اور یہی کہنا ہوتا ہے کہ عرب کی دھوپ کی مانند عرب ہی کی دھوپ ہے اور چھٹا دشمن وہ ریگ کا میدان تھا جو آفتاب کی تمازت میں شعلہ زن اور تنور کے خاکستر سے زیادہ پُرسوز تھا بلکہ اس کو دریائے قہار کہنا چاہیئے جس کے بلبلے بنی فاطمہؑ کے پاؤں کے آبلے تھے اور دو دشمن سب سے ظالم بھوک اور پیاس مثل دغاباز ہمراہی کے جس کے

برابر عدو نہیں ساتھ تھے اور تشنگی سے زبان پھول کر کے جب پھٹ جاتی تھی تب ہی اُن کی خواہش اند کے تھمتی تھی۔ پس جنہوں نے ایسے معرکہ میں ہزار ہا کافروں کا مقابلہ کیا ہو اُن پر خاتمہ بہادری کا ہو چکا۔"

بس حسینؑ کی بے مثال شجاعت و بہادری کے متعلق غیر متعصب انصاف پسند حضرات کیلئے کافی سے زیادہ ثبوت پیش ہو چکے ہیں۔ واقعی میر انیس مرحوم نے شجاعتِ حسینیہ کا نقشہ نہایت لطافت کے ساتھ اپنے ان اشعار میں اتارا ہے ؎

دو دن کی بھوک پیاس میں کیا کیا لڑے حسینؑ     حیدرؑ کی شان سے لبِ دریا لڑے حسینؑ
اللہ رے حرب، لاکھ سے تنہا لڑے حسینؑ     ایسا کوئی لڑا نہیں جیسا لڑے حسینؑ

غُل تھا خدا کی راہ میں بس دو ولی لڑے
یا فاطمہؑ کا لال لڑا یا علیؑ لڑے

بس حسینؑ نانا کی شجاعت اور بابا کی بہادری کے جوہر دکھلا چکے ہیں۔ ایفائے وعدہ کا وقت قریب آگیا ہے۔ ذوالفقارِ حیدری کو میان کر چکے ہیں۔ بھاگا ہوا یزیدی لشکر پلٹ آیا ہے۔ حسینؑ زخموں سے چُور کھڑے ہیں۔ عزیز و اقربا، دوست و انصار کی لاشیں خون میں ڈوبی سامنے پڑی ہیں۔ حسرت بھری نظروں سے خون میں ڈوبے، خاک پر پڑے ستاروں کو دیکھ رہے ہیں اور پکارتے ہیں۔ اے مسلم ابن عقیل! اے ہانی ابن عروہ! اے حبیب ابنِ مظاہر! اے زہیر قین! اے مسلم ابن عوسجہ! اے بریر! اے نافع! اے ہلال! اے حرؑ! اے علی اکبر! اے قاسم! اے عون! اے محمد! یا ابطال الصفا یا فرسان الھیجا۔ اے میرے پیارے بہادرو! اے معرکہ کارزار کے شہسوارو! میرے جانباز جوانو! جاں نثارو! دلیرو! تم کو کیا ہو گیا ہے دیکھو میں تم کو پکار رہا ہوں، تم کو جگا رہا ہوں مگر پیارو تم میری بات کا جواب کیوں نہیں دیتے۔ تم کیوں نہیں اٹھتے۔ تم کیسی نیند سو رہے ہو ؎

عجب طرح کا ہے خوابِ شیریں کہ تو تو رکھلاتے تم جس کا     کچھ ایسے سوئے کہ پھر جاگے تھکے ہم انکو جگا جگا کر

Marfat.com

کیوں پیارو! کیا تمہاری محبت اپنے امام سے بدل گئی ہے کیا تم نے میری نصرت سے ہاتھ اٹھالیا ہے دیکھو یہ تمہارے رسول ص کی آل۔ تمہارے پیارے نبی ص کی ذریت بیکس بیبیاں آہ وزاری کر رہی ہیں۔ آلِ محمد ص کے بچے بلک رہے ہیں کیا میرے پیارو! تم ان مصیبت زدوں غریبوں کی امداد کے لیے نہیں اٹھو گے اور ان ظالم بے دین، خونخوار دشمنوں کو ہم سے نہیں ہٹاؤ گے۔ ہائے افسوس! اے میرے پیارے وفادارو! بیشک تم ہرگز منہ پھرانے والے نہ تھے۔ موت نے تم کو کھالیا۔ دغاباز زمانہ نے تمہارے ساتھ بے وفائی کی ورنہ تم تو کبھی بھی مجھے چھوڑنے والے نہ تھے۔ بیشک پیارو! تم تو موت کی نیند سو رہے ہو میں خود تمہارے فراق میں خون کے آنسو روتا ہوں اور بہت جلد تمہارے پیچھے پیچھے تمہارے پاس پہنچتا ہوں۔ لاریب ہمارا ہادی و ملجا ہمارا رب ہی ہے۔ عنقریب اسی کی طرف ہم جانے والے اور اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

پھر فرماتے ہیں۔

قوم اذا نودوا الدفع مسلمة ۔۔۔ والقوم بین مداعس ومکردس

لبسوا القلوب علی الدروع واقبلوا ۔۔۔ یتھافتون علیٰ زھاب الانفس

نصروا الحسین فیالھا من فتیۃ ۔۔۔ عافوا الحیات والبسوا من سندس

"میرے بہادرو! میرے جاں نثارو! تم تو ایسے باوفا محبت کے پتلے تھے کہ جب دشمن تیزی اور سرگرمی سے لڑائی کی آگ برسا رہے تھے معرکۂ کارزار تیزی کے ساتھ گرم ہو رہا تھا اور تم کو اس مصیبت و بلا کے دور کرنے کیلئے پکارا گیا مگر تم نے میری نصرت میں جانیں دینے کیلئے اپنے بہادر اور شجاعت بھرے دلوں کو زرہوں کے اوپر پہن لیا تھا اور مرنے کیلئے ایک دوسرے پر بڑھتا تھا۔ اے بہتر نوجوان بہادرو! ہائے ہائے تم نے اپنے پیارے حسین ص کی نصرت و محبت میں حیاتِ دنیا کو چھوڑ دیا اور بہشت کے استبرق و سندس کے

Marfat.com

خونی کفن پہن لیے۔"

پھر ابو اسحاق اسفرائنی کی روایت کے مطابق دوسرے اشعار پڑھتے ہیں اور اپنے خالق، مالک، پیارے محبوب سے خطاب فرماتے ہیں۔

یا رب لا تترکنی وحیدا ۔ فقد نزی اکثر العصیان والجودا
قد صیرونا بینہم عبیدا ۔ یرضون فی فعالہم یزیدا
امّا اخی فقد مضیٰ شہیدا ۔ معفّرا بدمہ وحیدا
فی وسط قاع مفردا البعیدا ۔ وانت بالمرفاد لن تحیدا

"اے میرے پیارے رب! مجھے ان کافروں میں تنہا نہ چھوڑ تو دیکھتا ہے کہ ان ظالموں کی سرکشی حد سے بڑھ گئی ہے اور مجھے چاروں طرف سے گھیر کر قید کر لیا ہے اور اپنے ہر فعل میں یزید کی خوشی اور رضا کو چاہتے ہیں میرا بھائی خاک و خون میں غلطاں تن تنہا جنگل بیابان میں شانے کٹائے شہیدِ راہِ الٰہی بنا پڑا ہے۔ اے میرے پیارے مالک! میرے اللہ! تو ضرور ان ظالموں کی گھات میں ہے تیرے عذاب سے یہ بچ نہیں سکتے۔"

## حسینؓ کی مناجات

نینوا کے چلتے ہوئے جنگل میں، کربلا کے چٹیل میدان میں جبکہ آفتاب نصف النہار سے گزر چکا ہے۔ عرب کی دھوپ انگارے برسا رہی ہے۔ گرم ریت چنگاریاں اڑا رہی ہے۔ زمین لوہے کی طرح تپ رہی ہے لوئیں چل رہی ہیں اور گرم شعلے اڑ رہے ہیں۔ خونخوار دشمن جان کے لاگو، لہو کے پیاسے، ایک نہیں ہزاروں، ہزاروں نہیں لاکھوں تلواریں سونتے، نیزے اٹھائے، برچھیاں سنبھالے تیر اور پتھر برسا رہے ہیں ایک انسان کامل مقدس ہستی اپنے محبوب کی یاد، عشق الٰہی میں مستغرق، عالم

Marfat.com

محویت میں کھڑی جھوم رہی ہے اور نورِ محمدی کے جلوے دکھا رہی ہے۔ تسلیم و رضا کے جوہر چمکا رہی ہے۔ دنیائے فانی کی نجس وناپاک لذتوں کو حقارت کی نظر سے دیکھ کر ثابت قدمی سے ٹھکراتی اور عشقِ الٰہی میں انتہائی سختیوں اور مصیبتوں کو جھیل کر بقائے دوام کا تاج پہنتی اور مسلم حقیقی کی شان دکھلاتی ہے۔

حسینؑ ایک و تنہا بے یار و مددگار دشمنوں کے ہجوم میں جلتی بلتی دھوپ میں گرم ریت پر کھڑے ہیں۔ نانا رسولِ عربیؐ محبوبِ الٰہی کا گلابی عمامہ مگر پیچ کٹے، خون میں بھرا سر پر دھرا ہے پیراہن محمدی زیب بدن ہے مگر تیروں سے چھلنی چھلنی اور خون سے رنگین۔ قبا کے دامن علی اکبر کے خون سے لال ہیں۔ علی اصغرؑ کے لہو سے چہرۂ انور گلنار ہے۔ پیشانی مبارک سے خون ٹپک رہا ہے۔ آفتابِ امامت خونی شفق میں جھلملا رہا ہے۔ عباسؑ کے غم سے کمر جھک گئی ہے۔ بدن زخموں سے چور ہے۔ سینہ سے خون کے فوارے بہہ رہے ہیں۔ پیاس سے کلیجہ پھنک رہا ہے۔ دھوئیں اُٹھ رہے ہیں۔ گلزارِ محمدی کے پھول مرجھائے ہوئے خون میں ڈوبے ہوئے خاک پر بکھرے پڑے ہیں۔ انصار و اقربا کی لاشیں خلعتِ شہادت پہنے، خونی کفن اوڑھے خاک پر پڑی ہیں۔ برابر کا بیٹا، کڑیل جوان، شبیہ پیغمبرؐ سینہ پر برچھی کھائے، خون میں ڈوبا خاک پر سو رہا ہے۔ بھائی کی نشانی، حسنؑ کا چاند خون کی مہندی لگائے، لہو نہائے ریگ گرم پر پڑا ہے۔ بہن کے لاڈلے، زخموں سے چور، لہو میں لال سامنے پڑے ہیں۔ لشکر کی زینت، بچوں کی ڈھارس، سکینہؑ کا سقہ، علیؑ کا شیر، قوتِ بازو شانے کٹائے خون میں نہائے، نہر کے کنارے ترائی میں آرام فرما رہا ہے۔ حسینؑ کا آخری ہدیہ، خزانہ احمدی کا جواہر ریزہ، چھ مہینہ کا لال، باچھوں میں دودھ، گلے میں تیر، خون میں لتھڑا، باپ کی آنکھوں کے سامنے ننھی سی قبر میں آرام کر رہا ہے۔ آلِ محمدؐ کی سب قربانیاں قربان گاہ توحید میں قبول ہو چکی ہیں۔ قتل گاہ بازارِ منیٰ کا نقشہ دکھلا رہا ہے۔ خیام اہلبیتؑ سے تین دن کے بھوکے پیاسے بچوں کے بلبلانے اور العطش کی فریاد سنائی دے رہی ہے

Marfat.com

غمزدہ، صدمہ رسیدہ بی بیوں اور بیواؤں کے رونے اور نوحہ و بکا کی دل ہلا دینے والی آوازیں کان میں گونج رہی ہیں مگر یہ عشقِ خدا کا متوالا، اسلام کا فریفتہ، توحید کا شیفتہ، صبر و رضا کا پتلا یادِ محبوب میں محو اور مناجات میں مشغول ہے۔ جوں جوں مصیبت و بلا بڑھتی جاتی ہے رنگ شگفتہ ہوتا جاتا ہے۔ دربارِ محبوب میں عرض کرتے ہیں ؎

بجرم عشق توام می کشند غوغائے　　　　تو لامکاں نظرے کن کہ خوش تماشائے

میرے مالک! میرے آقا! میرے پیارے محبوب! بس یہ تیرا احسان ہے یہ تیری امداد ہے کہ یہ تیرا حسینؓ تیرے عشق کی کٹھن مہم سر کر رہا ہے پس تو نظرِ رحمت سے میری ان قربانیوں اور ان فدائیوں کو قبول فرما اور یہ آخری میرے سر دینے کی مہم بھی سر ہو جائے۔ رب وددت

ان اقتل واحیٰ سبعین مرۃً فی طاعتك ومحبتك سیما اذا کان فی قتلی نصرۃ دینك واحیاء امرك وحفظ ناموس شرعك

اے میرے رب! میں تو اس امر کو دوست رکھتا ہوں کہ تیری محبت و طاعت میں مجھے ستر مرتبہ قتل کیا جائے اور زندہ کیا جائے۔ خاص کر اس وقت جبکہ میرے قتل میں تیرے دین کی نصرت ہو اور تیرا امر زندہ ہو اور تیری شریعت کی، تیرے ناموس کی حفاظت میرے قتل سے ہو۔

پھر عرض کرتے ہیں اے میرے پیارے مالک! ؎

ترکت الکل طرا فی ھواك　　　　وایتمت العیال لکی اراك

تو بہتر جانتا ہے صرف تیری محبت و عشق ہیں میں نے سب سے ہاتھ اٹھا لیا ہے فقط تیرے دیدار کے شوق میں اہل و عیال کو چھوڑ دیا ہے، بچوں کو یتیم بنا دیا ہے۔

ولو قطعتنی فی الحب اربا　　　　لما حن الفواد الی سواك

اے میرے پیارے معبود! اگر تیری محبت میں، تیرے عشق میں میرے ٹکڑے ٹکڑے بھی کر دیے جائیں تب بھی میرا دل سوائے تیرے کسی طرف مائل نہ ہوگا۔

Marfat.com

مرزا دبیر مرحوم نے مناجات حسینی کو خوب نظم فرمایا ہے ؎

دُرِ دنداں مرے نانا نے تجھے نذر دیا — لے گئی نذر کو پہلوئے شکستہ زہرا

سُرخرو ہے ترے دربار میں بابا میرا — دِل کے ٹکڑے مرے بھائی نے کیے تجھ پہ فدا

آج شبیرؑ بھی ان سب کے مقابل ہو جائے
سر مرا اگر تری سرکار کے قابل ہو جائے

یہ خدا کا عاشقِ صادق، رسولِ الہٰی کا جانی حسینؑ مظلوم یادِ محبوب میں مشغولِ مناجات ہے۔ پتھروں کا مینہ برس رہا ہے۔ تیروں کی بوچھاڑ پڑ رہی ہے کوئی ظالم بے دین بڑھ کر نیزہ لگا جاتا ہے کوئی جفا کار قریب آکر تلوار کا وار کر جاتا ہے۔ ایک شقی نے تاک کر سینۂ مبارک پر تین بھال کا تیر مارا۔ عاشق کی زبان پر فوراً محبوب کا نام آیا۔ حسینؑ نے فرمایا۔ بسم اللّٰہ و باللّٰہ علیٰ ملّۃ رسول اللّٰہ۔ حسینؑ نے سینہ سے تیر کھینچا۔ خون کا فوارہ اُبلا، لہو کو چلّو میں لیا اور چہرۂ مبارک پر مل کر فرمایا۔ ھٰکذا القی جدی رسول اللّٰہ میں اسی طرح اپنے نانا رسولِ الٰہی کی خدمت میں حاضر ہوں گا۔ صالح بن وہب مزنی ملعون نے پہلوئے مبارک پر اس زور سے تلوار کا وار کیا کہ وہ عرشِ اعظم کا ستارہ نبیؐ کے کاندھے پر بیٹھنے والا، رسولؐ کے سینہ پر سونے والا، فاطمہؑ کی گود کا پالا زمین پر تشریف لے آیا ؎

نہ ذوالجناح دگر تاب استقامت داشت — نہ سید الشہدا بر جدال طاقت داشت

بلند مرتبہ شاہے ز صدر زین افتاد — اگر غلط نہ کنم عرش بر زمین افتاد

# حسینؑ قربان گاہِ الٰہی میں ایک اور قربانی چڑھاتے ہیں!

عصر کا ہنگام ہے۔ فاطمہ زہراؑ کا چاند لبِ بام ہے۔ فرزند رسولؐ طاعتِ الٰہی اور عبادتِ محبوب میں مصروف ہے کبھی قیام ہے کبھی قعود ہے چلتے چلتے ایک اور

Marfat.com

آخری نذرانہ، حضوری دربار کا تحفہ محبوب کی سرکار میں پیش کرتے ہیں۔ نانا کی شہادت سری کے وارث حسن سبز قبا کی طرف سے ایک اور دُرِ شہوار قربان گاہِ توحید پر چڑھاتے ہیں

حسنؑ کا چاند خیمہ سے نکلتا ہے۔ چچا کی طرف دوڑتا ہے۔ چاند سے چہرہ پر زلفیں بکھر رہی ہیں۔ کانوں میں بُندے ہل رہے ہیں آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا رہے ہیں ہونٹ پیاس کی شدت سے پپڑا گئے ہیں۔ ننگے پاؤں جلتے جلتے ریت پر آگ کے دریا کو تیرتا چچا کی طرف آرہا ہے۔ باپ کی روح یعنی حسن سبز قبا دامن کا سایہ کیے ساتھ ساتھ ہے اور فرما رہی ہے ہاں ہاں بیٹا جانی! دیکھو چچا تلواروں کے سایہ میں ہے۔ جلدی کرو چچا پر قربان ہو جاؤ۔ تم بھی فدیۂ الہٰی بنو۔ نانا رسولؐ کے سلام کو جنت میں آؤ۔ دادا علیؑ کے ہاتھ سے کوثر کا جام پیو۔ بہشت کے گلزاروں میں کھیلو، دادی فاطمہ زہرا کی لوریاں سنو قاسم کے پہلو میں آرام کرو۔

حسینؑ دیکھتے ہیں کہ حسنؑ کا چاند، بھائی کا لاڈلا، چچا کی محبت کا متوالا دوڑا آرہا ہے بہن کو پکارتے ہیں اور فرماتے ہیں یا اختی احبسیہ۔ اے بہن حسنؑ کی نشانی کو سنبھالو، تلواروں کی آگ میں اس یتیم کو نہ آنے دو۔ زینبؑ دوڑ کر بچہ کو پکڑتی ہیں مگر بچہ تلملا کر ہاتھ چھڑا کر عرض کرتا ہے کہ پھوپھی جان خدا کے لیے چھوڑ دو قسم ہے خدا کی لا افارق عمی۔ میں چچا کو کبھی نہ چھوڑوں گا۔ میرے پیارے چچا تنہا ہیں ظالموں میں گھرے ہوئے ہیں۔ بچہ قتل گاہ میں چچا کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ دیکھتا ہے کہ بحر ابن کعب ملعون تلوار کا وار حسینؑ پر کرنا چاہتا ہے۔ بچہ دوڑ کر چچا سے لپٹ جاتا ہے اور ظالم بے دین کو للکار کر کہتا ہے کہ او زانیہ کے بیٹے! حرامزادے! تو میرے چچا کو قتل کرنا چاہتا ہے۔ بڑھ کر ننھے ننھے ہاتھوں پر تلوار کو روکتا ہے۔ ظالم کی تلوار پڑتی ہے، پہنچے قلم ہو کر ہاتھ لٹک جاتے ہیں۔ بچہ غش ہو کر گرتا ہے۔ حسینؑ یتیم حسنؑ کو سینہ سے لپٹاتے ہیں اور فرماتے ہیں یا ابن اخی اصبر نا نزل بک۔ پیارے

Marfat.com

مصیبت میں صبر کرو اور حکم الٰہی کو جو بھی ہو بہتر اور خیر سمجھو۔ حرملہ ملعون، اصغرؑ شیر خوار کا قاتل بڑھ کر تیر مارتا ہے۔ حسنؑ کا چاند حسینؑ کی گود میں خون میں ڈوب کر غروب ہو جاتا ہے۔

اب حسینؑ فریضۂ الٰہی نمازِ عصر کو تمام کر کے سجدۂ شکر میں جھک گئے ہیں بے رحم قاتل خنجر لیے سر پر کھڑا ہے۔ خدا کا عاشق اپنے محبوب کی یاد میں سجدہ میں پڑا شکرِ الٰہی کر رہا ہے۔

صداقت و حقانیت کی قدر کرنے والے حضرات اور ہمارے انصاف و سچائی پسند ناظرین ذرا حسینؑ کے بے مثال اور بلا شک و شبہ صبر و استقلال کے عدیم النظیر کیریکٹر اور محبت و عشقِ الٰہی کے عدیم المثال جلوے کو ملاحظہ فرمائیں اور غور کریں کہ ایک انسانی ہستی جو ایسے سخت مصائب اور شدید آلام کے تراکم میں اور ایسے انتہائی صدماتِ عظیم اور ہموم و غموم کے پے در پے ہجوم میں جبکہ ایک طرف بھوک و پیاس کے انتہائی صدمہ سے بے چین و بے قرار ہو۔ کلیجہ پھک رہا ہو۔ زبان خشک ہو کر پھٹ گئی ہو اور سر سے پاؤں تک نیزہ و تلوار کے زخموں سے چُور چُور ہو۔ رگ رگ سے خون کے فوارے بہہ رہے ہوں۔ اوپر سے دھوپ انگارے برسا رہی ہو۔ نیچے زمین جلتے بلتے ریت سے آگ کا فرش بچھا رہی ہو۔ اور اس زخمی مجروح دل پر ایک نہیں بلکہ ۱۷ عزیزوں، نوجوان بیٹوں پیارے بھانجوں، بھتیجوں، دوستوں اور انصار کے داغ و رنج بھی اٹھا چکا ہو۔ یک و تنہا بے یار و مددگار، ہزاروں خونخوار، لہو کے پیاسے دشمنوں میں گھرا کھڑا ہو اور آنکھوں کے روبرو خاندان کے شگفتہ پھول گرم ریت پر مرجھائے بیٹوں، بھائیوں، عزیز و انصار کی خون بھری تصویریں، بے جان لاشے خاک و خون میں غلطاں بے گور و کفن خاک پر پڑے نظر آ رہے ہوں اور دوسری طرف پیاری بہنوں، نبیؐ کی نواسیوں، لاڈلی بیٹیوں، یتیم بچیوں اور اہلِ حرم پر بعد شہادت سخت و شدید آنے والی مصیبت تباہی و

بربادی اور قید و اسیری کی دردناک آفت کا دلخراش نظارہ آنکھوں کے سامنے پھر رہا ہو بیمار و علیل بیٹے زین العابدین کا طوق و زنجیر سے جکڑا جانا، بھاری بھاری بیڑیاں پہن کر گرم ریت اور جلتے بلتے میدانوں، خاردار جنگلوں میں بادیہ پیمائی کرنا۔ شام و کوفہ کے بازاروں میں یزید و ابن زیاد کے فرعونی درباروں میں بحالتِ اسیری جانا۔ پیاری بہن زینبؑ و کلثومؑ کے اسیر و قید ہونے کا دھیان، لاڈلی بیٹی سکینہؑ کے طمانچے کھانے کا پُر درد نظارہ آنکھوں کے آگے پھر رہا ہو تو ایسا کون بہادر انسان، ثابت قدم، شجاع ہے کہ ایسی سخت و شدید مصیبتوں میں ثابت قدم رہ سکے اور اپنے عزم و ارادہ پر قائم و برقرار رہ سکے۔ بیشک بڑے سے بڑے صابروں کے قدم ڈگمگا جاتے ہیں اور بہادر سے بہادر، قوی دل شجاعوں کے چھکے چھوٹ جاتے ہیں مگر وہ ذات جو صبر و استقلال کا مجسمہ ہو۔ ثابت قدمی اور یقین کامل کا پیکر ہو اور جس نے اپنے نانا رسولِ عربیؐ محبوبِ الٰہی کی زبان چوس کر پرورش پائی ہو اور جو اپنے محبوب خدائے لاشریک کا بے شک عاشق صادق اور سچا شیدائی ہو، وہی اس عشق الٰہی کی کٹھن منزل کو طے کر سکتا ہے ؎

مشکلیں جتنی پڑیں کائیں سب آسانی سے
یہ فقط کام ہوا فاطمہؑ کے جانی سے

بلاشک حسینؑ نے جس شان و کیفیت کے ساتھ اپنے یقینِ کامل اور عشق الٰہی کے جلوے عالم کو دکھلائے اور جس ثابت قدمی اور صبر و استقلال سے اپنی محویت اور ترکِ ماسوا کے نظارے دُنیا میں پیش کیے ہیں نہ یحییٰؑ سے ہو سکے نہ عیسیٰؑ سے نہ ایوبؑ کر سکے نہ زکریاؑ اور بیشک نہ دُنیا کا بہتر سے بہتر، بہادر سے بہادر انسان کر سکا ہے اور نہ کر سکے گا۔

ملاحظہ ہو حضرت عیسیٰ مسیح علیٰ نبینا و آلہ و علیہ السلام آخری مصیبت کے وقت میں جبکہ سولی پر چڑھے ہوئے ہیں (جیسا کہ عیسائی حضرات کا اعتقاد اور ان کی انجیلوں میں درج ہے) کیا فرماتے ہیں ؟ اے میرے باپ! اگر ممکن ہو تو اس پیالے کو

Marfat.com

مجھ سے ٹال دے اور ایلی ایلی لما سبقتنی۔ یعنی اے خدا! اے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا (دیکھو جناب شیخ مشیر حسین صاحب قدوائی بیرسٹرایٹ لا کا رسالہ "دنیا کے مشہور شہدائے ثلاثہ سقراط، مسیحؑ، حسینؑ مطبوعہ ۱۹۲۰ء) ؎

از مسیح پیمبرے نیاید این کار واللہ کہ اے حسینؑ کارے کردی

حسینؑ ان تمام انتہائی مصیبتوں اور رنج والم میں اور سخت و شدید کیفیات درد و غم میں ثبات قدمی اور صبر ہی نہیں بلکہ شکرِ الٰہی کے جلوے اور یقینِ کامل و عشقِ خداوندی کے کرشمے دکھلاتے اور یزیدِ بے دین، فاسق و فاجر کی اطاعت و بیعت کو حقارت اور اس کے تخت و سلطنت کو اپنی ثابت قدمی اور صبر و استقلال سے نفرت کے ساتھ ٹھکراتے ہیں۔ اب نہ حسینؑ کو پانی کی پیاس ہے نہ بھوک کا صدمہ ہے نہ زندگی کی آرزو ہے نہ جان کی تمنّا نہ امان کی خواہش ہے نہ راحت و آرام کی طلب، نہ اہلِ حرم کی اسیری و تباہی کا غم ہے نہ زین العابدینؑ کے بیڑیاں پہننے کا فکر بس خیال ہے تو یہ، اور دھیان ہے تو یہ کہ اپنے معشوقِ اصلی اور معبودِ حقیقی خدائے لاشریک کی آخری عبادت و طاعت ادا ہو اور عاشقِ جاں باز دربارِ محبوب میں عشقِ الٰہی کے نغمے اور توحیدِ معبود کے ترانے سناتا شکر کے سجدے کرتا سرخرو پہنچ جائے ؎

جو خیالِ یار میں محو ہو اُسے ماسوا کی خبر کہاں جسے اپنا دم بھی نہ یاد ہو اُسے دنیا کی خبر کہاں

نہایت خندہ پیشانی، اطمینانِ کامل اور حضورِ قلب کے ساتھ محویت کے عالم میں نمازِ عصر کو ادا کر کے سجدۂ شکر کرنے کیلئے جبینِ نیاز، خون بھری پیشانی خاک پر رکھتے ہیں اور بے رحم قاتل، یزید کا بندہ، پیسے کا لالچی جو سر پر خنجر لیے ذبح پر آمادہ کھڑا ہے۔ اس سے فرماتے ہیں ؎

ذبح کرنا ہے تو کر سجدے میں سر جھکتے ہیں ہم گو نہیں اکبرؑ مگر اللہ اکبر ساتھ ہے

اب نہ زبان کو طاقت ہے نہ قلم کو یارا ہے کہ اس ذبحِ عظیم کے انتہائی دردناک

Marfat.com

خونی منظر کا نقشہ کھینچ سکے ؎

نزدیک ہے کہ نیرِ دین میں چھپے — ظلمت کدہ جہان ہو نورِ میں چھپے
ارضِ بلا میں زینتِ عرشِ بریں چھپے — زہراؑ کا چاند خاک میں زیرِ زمیں چھپے

سیدانیاں فغاں کریں عرشِ علا ہلے
قبرِ رسولؐ و روضۂ مشکلکشا ہلے

خون آسماں سے برسے زمیں سے دھواں اٹھے — شورِ فغاں سے عرصۂ کون و مکاں ہلے
تصویرِ مصطفےٰؐ ہو نہاں خاک کے تلے — ساری بضاعتِ نبوی خاک میں ملے

پڑ جائے لوٹ سرورِ دیں کی کمائی میں
آئے جہازِ آلِ محمدؐ تباہی میں

# حسینؑ کی شہادت

یہ رسولؐ کا جانی، محمدِ عربی کا یادگار، ابراہیمؑ کا فخر، اسمٰعیل کا شرف، یزید لعین کی ہوا و ہوس کا شکار بن کر ایک بے دین کا فرنما مسلمان کے ہاتھ سے سجدۂ الٰہی میں ذبح ہو جاتا ہے اور عشقِ الٰہی کی قربان گاہ میں محبتِ الٰہی کا فدیہ ہو کر اسلام پر جان دے دیتا ہے۔ آفتابِ رسالت کا چاند نیزہ پر جلوہ گر ہوتا ہے۔ محبوب کی یاد میں عشقِ الٰہی میں کلامِ مجید کی تلاوت فرماتا ہے۔ لہو کی بوندیں ٹپکتی ہیں۔ توحیدِ الٰہی کی صدائیں آتی ہیں۔ جسم بے سر خاک و خون میں بھرا خاک پر پڑا تسبیح و تقدیس محبوب کر رہا ہے۔ نانا نواسا کے غم میں خاک بسر ہوتا ہے۔ دیکھو صحیح ترمذی صفحہ ۲۱۸ جلد ۲:-

| | |
|---|---|
| قال ابو سعید حدثتنی سلمیٰ | یعنی ابو سعید بیان کرتے ہیں کہ سلمیٰ نے |
| قالت دخلت علی ام سلمیٰ | مجھ سے بیان کیا کہ میں حضرت ام سلمیٰ (زوجۂ |
| وھی تبکی فقلت ما یبکیک | رسول اللہؐ) کی خدمت میں حاضر ہوئی تو میں |

Marfat.com

قالت رأيت رسول الله يعني في المنام وعلى رأسه ولحيته التراب فقلت مالك يا رسول الله قال شهدت قتل الحسين آنفا۔

نے دیکھا کہ ام سلمٰی رو رہی ہیں۔ میں نے رونے کا سبب پوچھا تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ کو ابھی خواب میں دیکھا ہے رسول اللہؐ کے سر اقدس اور ریشِ مبارک پر خاک پڑی ہوئی ہے۔ میں نے پوچھا کہ یا رسول اللہؐ یہ کیا ہوا۔ تو حضرت نے فرمایا کہ (اے ام سلمہ!) میں ابھی مقتل حسینؑ سے آرہا ہوں

(شہادتِ حسین میاں حسن پھلواری ص۱۷ نیز دیکھو استیعاب عبدالبر مکی قرطبی اندلسی جلد اول صفحہ ۱۴۴)

عبداللہ ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ میں نے ایک دوپہر کو سوتے ہوئے خواب میں رسول اللہ کو دیکھا وھو قائم اشعث اغبر بیدہ قارورة فیھا دم فقلت بابی انت وامی یارسول اللہ ما ھذا قال ھذا دم الحسین لم ازل التقطہ منذ الیوم فوجد قد قتل فی ذلک الیوم۔ یعنی رسول اللہ کھڑے ہیں۔ سر اقدس و چہرۂ انور پر خاک پڑی ہوئی ہے۔ دستِ مبارک میں ایک شیشہ خون سے بھرا ہوا لیے رہے ہیں۔ میں نے عرض کی۔ میرے ماں باپ قربان ہوں یا رسول اللہ یہ کیا حالت ہے؟ تو فرمایا اے ابن عباس یہ حسینؑ کا خون ہے۔ آج تمام دن اسی مصیبت میں خونِ حسینؑ کو جمع کرنے میں مجھے گزرا ہے۔ پس ہم نے دریافت کیا تو وہ دن وہی تھا جس روز حسینؑ کی شہادت واقع ہوئی

ہوا میں آسمانی آواز پیدا ہوتی ہے۔ کہنے والا دکھائی نہیں دیتا ؎

اترجوا امة قتلت حسینا      شفاعة جدہ یوم الحساب

کیا وہ لوگ جنھوں نے حسینؑ کو قتل کیا ہے قیامت کے دن حسینؑ کے نانا سے شفاعت کی امید کر سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ (استیعاب صفحہ ۱۴۴)

محبوب اپنے عاشق کا غم مناتا ہے۔ قدرت سوگ نشین ہوتی ہے۔ دنیا میں صفِ ماتم بچھائی جاتی ہے۔ آسمان تھراتے ہیں۔ زمین کو زلزلہ ہوتا ہے۔ فلک سے خون برستا

Marfat.com

ہے۔ زمین لہو کے آنسو بہاتی ہے۔ دریا جوش کھاتے ہیں۔ ہوا خاک اڑاتی ہے۔ سیاہ آندھیاں آتی ہیں آفتاب کو گہن لگتا ہے۔ دُنیا تاریک ہو جاتی ہے۔ ستارے ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں اور عاشق جانانہ کا ماتم کرتے ہیں[1]۔ زمین و آسمان میں غلغلہ پڑتا ہے

[1] دیکھو تاریخ الخلفاء جلال الدین سیوطی صفحہ ۲۷ لما قتل الحسین مکثت الدنیا سبعۃ ایام والشمس علی الحیطان کالملاحف المعصفرۃ والکواکب یضرب بعضها بعضا وکان قتله یوم عاشوراء وکسفت الشمس ذلک الیوم واحمرت افاق السماء ستۃ اشهر بعد قتله وقیل انه لم یقلب حجر بیت المقدس یومئذ الاوجد تحته دم عبیط۔ حسینؑ کے قتل ہونے پر سات روز تک دُنیا کی یہ حالت رہی کہ دیواروں پر دھوپ مثل زعفرانی چادروں کے معلوم ہوتی تھی۔ ستارے ایک دوسرے سے ٹکراتے تھے حسینؑ عاشورہ کے روز شہید ہوئے تو اس روز آفتاب کو گہن لگا۔ چھ مہینہ تک افق آسمانی خون کے آنسو دیا بیت المقدس میں اس روز جو پتھر اٹھایا گیا بس اس کے نیچے سے خون تازہ نکلا۔

تفسیر درمنثور میں تحت تفسیر آیہ فما بکت علیهم السماء علامہ مذکور لکھتے ہیں۔ لما قتل الحسین احمرت افاق السماء اربعۃ اشهر وعن عطاء قال بکاء السماء حمرۃ افاقها۔ جب امام حسینؑ شہید ہوئے تو چار مہینہ تک آسمان سرخ رہا۔ عطا کہتے ہیں کہ آسمان کا رونا اس کے کناروں کے سرخ ہو جانے سے مراد ہے (تاریخ احمدی صفحہ ۲۰۸)

تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۴۷ قیل وسمع بعض اهل المدینۃ لیلۃ قتل الحسین منادیا ینادی ؎

ایها القاتلون جهلا حسینا — ابشروا بالعذاب والتنکیل
کل اهل السماء یدعو علیکم — من نبی وملائک وقبیل
قد لعنتم علی لسان ابن داؤد — و موسیٰ و صاحب الانجیل

اے حسینؑ کے جاہل قاتلو! تم کو سخت عذاب و عتاب الٰہی کی بشارت ہو۔ تمام اہل آسمان

(باقی برصفحہ آئندہ)

Marfat.com

الا الا قد قتل الحسین بکربلا - واللہ قد قتل حسین ابن علی - واللہ قد قتل امام ابن امام - ہائے ہائے حسینؑ کربلا میں قتل کر دیے گئے - خدا کی قسم حسینؑ ابن علیؑ قتل ہو گئے - قسم ہے خدا کی امام ابن امام شہید ہو گیا - (دیکھو مقتل ابو مخنف)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) ہر ایک نبی ، ہر ایک فرشتہ اور ہر ایک قبیلہ تمھیں بد دعا کرتا ہے اور تحقیق تم پر لعنت نازل ہوئی ہے - زبور ، توریت اور انجیل میں بزبانِ داؤدؑ و عیسٰیؑ و موسٰیؑ -

ومکث الناس شہرین او ثلاثۃ کانما تلطخ الحوائط بالدماء ساعۃ تطلع الشمس حتی ترتفع - دو تین مہینہ تک عالم کی یہ حالت رہی کہ طلوع آفتاب کے وقت ایک گھنٹہ تک گویا در و دیوار خون سے رنگے ہوئے ہیں یہاں تک کہ سورج بلند ہو جاتا تھا (ایسا ہی تاریخ کبیر علامہ جریر طبری جلد اول حصہ دوم صفحہ ۲۸۷ میں ہے)۔

تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۱۲۶ ینابیع ذکر ابونعیم الحافظ فی کتابہ دلائل النبوۃ عن نضرۃ الازدیۃ انہا قالت لما قتل الحسین امطرت السماء دماء فاصبحنا فاذا رحائنا وجرارنا مملوۃ دما - وفی احادیث غیرھا ان السماء اسودت حتی رایت النجوم نہارا ولم یرفع حجر الا تحتہ دم عبیط (صفحہ ۳۲۲)

حافظ ابونعیم اپنی کتاب دلائل النبوہ میں نضرہ ازدیہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب حسینؑ قتل ہو گئے تو آسمان سے خون برسا صبح اٹھ کر ہم نے دیکھا کہ ہمارے مٹکے ، گھڑے ، چکیاں سب خون سے پر ہیں اور دوسری حدیث میں ہے کہ آسمان پر اس قدر تاریکی اور اندھیرا چھا گیا تھا کہ دن کو تارے دکھائی دینے لگے - کوئی پتھر زمین سے نہیں اٹھایا گیا مگر اس کے نیچے خونِ تازہ نظر آیا۔

ابو قبیل لما قتل الحسین انکسفت الشمس حتی بدت الکواکب صفحہ ۳۲۱

بروایت ابو قبیل جب حسینؑ شہید ہوئے آفتاب کو ایسا گہن لگا کہ ستارے دکھائی دینے لگے۔

اخرج الثعلبی وابونعیم انہ امطرت السماء دما - ثعلبی اور ابونعیم بیان کرتے ہیں کہ آسمان سے خون برسا -

شہادت کے بعد یزید و ابن زیاد کے حکم کے موافق لاشِ حسینؓ پر گھوڑے دوڑائے گئے۔ جسم اقدس سے لباس اتار کر لوٹا گیا اور وہ جسم نازنین پھول سا بدن جو سینۂ رسولؐ پر سونے والا، فاطمہؓ کی گود کا پالا، جسے جبرئیلؑ نے جھولے جھلائے۔ میکائیلؑ نے لوریاں سنائیں جسے

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) وذکر ابن سعد ان الحمرة فلم ترفی السماء قبل قتله رضی الله عنه ۔ ابن سعد طبقات میں لکھتے ہیں کہ آسمانی سرخی قتلِ حسینؓ سے پہلے نہیں دیکھی گئی تھی ص۲۳۲

صواعق محرقہ صفحہ ۱۱۶۔ واخرج عثمان بن ابی شیبه ان السماء مکثت بعد قتله سبعة ایام تری علی الحیطان کانها ملاحف معصفرة من شدة حمرتها وضربت الکواکب بعضها بعضا۔ عثمان بن ابی شیبہ بیان کرتا ہے کہ حسینؓ کے شہید ہونے پر سات دن تک آسمان اسی حالتِ غم میں رہا۔ دیواروں پر ایسی تیز سرخی دکھائی دیتی تھی کہ گویا زعفرانی چادریں ڈالی ہوئی ہیں۔ ستارے ایک دوسرے پر ٹوٹ ٹوٹ کر گرتے تھے۔

تذکرہ سبط ابن جوزی صفحہ ۱۵۵۔ قال ابن سیرین لما قتل الحسین ظلمت الدنیا ثلاثة ایام ثم ظهرت هذه الحمرة وقال ابن سعد ما رفع حجر فی الدنیا الا وتحته دم عبیط ولقد مطرت السماء دما بقی اثره فی الثیاب مدة حتی تقطعت وقال سدی لما قتل الحسین بکت السماء وبکاؤها حمرة۔

ابن سیرین بیان کرتا ہے کہ حسینؓ کے قتل ہونے پر دنیا تین روز تک تاریک رہی اور پھر یہ سرخی آسمان پر نمایاں ہوئی۔ ابن سعد صاحب طبقات کہتے ہیں کہ کوئی پتھر زمین پر سے نہیں اٹھایا گیا کہ اس کے نیچے سے خونِ تازہ نہ نکلا ہو۔ تحقیق آسمان سے خون برسا جس کا نشان کپڑوں پر دیر تک قائم رہا۔ یہاں تک کہ کپڑے پھٹ نہ گئے۔ سدی بیان کرتا ہے کہ قتلِ حسینؓ پر آسمان رویا اور آسمان کا رونا اس کی سرخی ہے۔

Marfat.com

شانے پر اٹھانے کیلئے حضرت ابوبکرؓ نے خواہش فرمائی جسے حضرت عمرؓ گود میں اٹھانا اپنے
منبر پر بٹھانا فخر سمجھتے تھے نئی نعلبندی کی جاکر ابن زیاد و یزید کے حکم کے مطابق گھوڑوں کی ٹاپوں
سے پامال کیا گیا (تاریخ طبری صفحہ ۳۱۰ و صفحہ ۳۵۰۔ تاریخ کامل صفحہ ۱۸۱) انا للہ وانا الیہ راجعون

ع۔ اے فلک آں ابتدا ایں انتہائے اہلبیت۔

خیموں میں آگ لگائی گئی۔ مسندِ رسولؐ پھونکی گئی۔ نبیؐ کا گھر جلایا گیا۔ ذریت رسولؐ
لوٹی گئی۔ زر و زیور چھینا گیا۔ آلِ محمدؐ کے سروں سے چادریں تک اتار لی گئیں۔ عابدِ بیمار کے گلے
میں طوق پڑے۔ سکینہؑ کے دُرّ چھینے گئے۔ کان زخمی ہوئے۔ پھول سے بچوں نے طمانچے کھائے۔ آلِ
محمدؐ قیدی و اسیر بنائے گئے۔ نبیؐ کی نواسیوں اور آلِ محمدؐ کے شانے اور گلے رسیوں سے
بندھے۔ چاروں طرف لشکرِ یزید کا ہجوم تھا۔ ظلم و تشدد کا بازار گرم تھا۔ آلِ محمدؐ لٹ رہے
تھے۔ خیمے جل رہے تھے بچے بلک رہے تھے بیکس غریب بے مددگار بیبیاں، قیدی و اسیر
بنی نالہ و فغاں کر رہی ہیں۔ نہ کوئی امن کا مقام تھا نہ بیٹھنے کی جگہ تھی، اندھیری رات، جنگل
بیابان، عزیزوں کے لاشے خون میں بھرے بے گور و کفن پڑے تھے خاک کے ڈھیر تھے اور یہ
بیکس قیدی تھے نہ کوئی تعزیت کرنے والا تھا نہ پُرسا دینے والا تھا۔ کھانے اور پینے کا تو ذکر
کیا ہے ڈراؤنا جنگل تھا اور یہ بھوکے پیاسے بن باپ کے بچے اور بے وارث، بچہ مردہ
غمزدہ آلِ محمدؐ کی بیبیاں تھیں۔ واقعی یہ قیامت کی رات آلِ محمدؐ کیلئے گزشتہ رات سے بھی
زیادہ شدید و سخت مصیبت کی رات تھی مگر ذریتِ رسولؐ دینِ حق کے فدائی، اسلام کے
شیدائی تمام مصائب و آلام کو جھیل رہے ہیں اور اُف نہیں کرتے۔ دل میں خدا کی یاد ہے
زبان پر تسبیح و تقدیس الٰہی ہے۔ ایک ایک بچہ طمانچے کھاتا ہے اور اُف نہیں کرتا اور جیتا
فرماتا ہے کہ ہاں بے دینو! اگر آج تمہارا دن ہے تو تم جس قدر چاہو ہم پر ظلم و جور کر لو، کل
قیامت کے روز ہمارا دن ہے۔ ہمارا خالق و مالک ہمارے صبر کی داد دیگا۔ من
آمن باللہ والیوم الآخر کی تفسیر فرماتے ہیں اور صبر و رضا کے ساتھ ہدایت کے پھول

Marfat.com

لملاتے ہیں۔ جناب مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنی مثنوی "درثمین" کے شعر مندرجۂ ذیل میں یزید کے کفر و الحاد اور آلِ محمدؐ کے حق و صداقت کا نقشہ اور اس مصیبت عظیم کا منظر کیا دیب دکھلایا ہے ؎

ہر طرف کفر است جوشاں ہمچو افواجِ یزید ۔۔۔ دینِ حق بیمار گشتہ ہمچو زین العابدینؑ

رسولؐ کی نواسی اِس لُٹے ہوئے قافلہ کی قافلہ سالار، زینبِ دِل فگار بھائی کی لاش پر پہنچتی ہے۔ نانا رسولِ الٰہی کو پکارتی ہے اور فریاد کرتی ہے۔ یا محمداہ صلی علیک ملائکۃ السماء ھذا حسین بالعراء مرمل بالدماء مقطع الاعضاء یا محمداہ بناتک سبایا و ذریتک مقتلۃ تسفی علیھا الصبا۔ اے پیارے نانا! اے محمد رسول اللہؐ آسمانوں کے فرشتے آپ پر درود بھیجتے ہیں۔ دیکھو یہ آپ کا پیارا حسینؑ خاک و خون میں بھرا، بند بند جدا چٹیل میدان میں گرم ریت پر پڑا ہے۔ اے نانا رسولؐ! دیکھو آپکی بیٹیوں کو قیدی بنالیا ہے اسیر کر لیا ہے۔ آپ کی ذریت کی لاشیں گلے کٹائے زمین گرم پر پڑی ہیں جن پر ہوا خاک اڑا رہی ہے۔

راوی بیان کرتا ہے۔ زینبؑ کے اِس نوحہ نے دوست دشمن کو رُلا دیا (دیکھو تاریخ کبیر علامہ جریر طبری صفحہ ۳۵۱۔ تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۴۲)

عمر سعد نے اپنے نحس و ناپاک مردوں کو، اپنے مقتولوں کی لاشوں کو، نماز پڑھ کر دفن کیا مگر نواسۂ رسولؐ حسینؑ مظلوم اور اصحاب حسینؑ و ذریتِ رسولؐ کی خون بھری لاشوں کو اُسی طرح بے گور و کفن خاکِ گرم پر چھوڑ دیا گیا۔ جن کے بے سر خون میں ڈوبے بدنوں اور لہو میں ڈوبی لاشوں پر دن میں ہوائیں خاک برساتی تھیں۔ رات کو شبنم آنسو بہاتی تھی جانورانِ صحرائی نوحہ خوانی کرتے تھے انوارِ الٰہیہ کا نزول ہوتا تھا۔ حق و صداقت کے ستارے چمکتے تھے اور دینِ اسلام کو روشن کرتے تھے۔ فوجِ یزید کے چلے جانے کے بعد غاضریہ کے رہنے والے قبیلۂ بنی اسد کے غریب مسلمانوں کی حمیتِ اسلامی جوش میں آئی۔ روتے

Marfat.com

پیٹتے لُٹتے ۔ میدان کربلا میں پہنچے اور ان مظلوم شہیدانِ راہِ الٰہی کے لاشوں کو دفن کر گئے (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۴۱)

غربت زدہ، وطن آوارہ مسافروں کی خون بھری بے سر لاشیں بلا گور و کفن خاک پر چھوڑ دی گئیں اور یتیم بچے اور بیکس بیبیاں بظلم و تشدد وارثوں کی لاشوں سے جُدا کی گئیں ۔ آلِ محمدؐ کو اسیر کر کے قیدی بنا کر بے مقنعہ و چادر بے کجاوہ اونٹوں پر بٹھا کر لشکرِ یزید نے کوفہ و شام کی طرف کوچ کیا ۔ اب کوفہ و شام کے بازار میں، یزید و ابن زیاد کے دربار میں خلقت کا ہجوم ہے ۔ تماشائیوں کی دُھوم ہے ۔ شہیدانِ آلِ محمدؐ کے سر نیزوں پر جلوہ گر ہیں* ایک بیمار کے گلے میں طوق، پاؤں میں بیڑیاں پڑی ہیں اور ماں بہنوں کے اونٹوں کی مہار ہاتھ میں ہے اور شمر کے تازیانے ہیں اور عابد بیمار سید سجاد کی زخمی پیٹھ ہے ہر قسم کا ظلم و تشدد ہے جبر و تعدّی ہے مصیبت و بلا ہے مگر یہ اسلام کے شیدائی، دین کے فدائی صبر کے جوہر دکھلاتے ہیں اور اسلام کے خطبے سناتے ہیں تبلیغ کے پھول کھلاتے ہیں ۔ بیشک ؎

ایماں کی بقا ہے شہ مشرقین سے
سر سبز کشتِ دین ہے خونِ حسینؑ سے

حسینؑ نے اسلام کے مرجھائے ہوئے چمن کو اپنے خون سے سینچا اور اسلام کی صداقت و حقانیت کو اِس طرح پر ہمیشہ کے لیے سرسبز و شاداب فرمایا ۔ سوتی دُنیا کو جگایا ۔ یہ کلمۂ حق سنایا اور دنیا کو دکھلا دیا کہ نانا رسولِ عربیؐ کا فقرہ انا من الحسین کے یہی معنی اور یہی تفسیر ہے

سر داد و نداد دست در دستِ یزید
حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسینؑ

اور سچے اسلام اور مسلم حقیقی کے معنی سمجھا دیے ؎

ماسوا اللہ را مسلماں بندہ نیست
پیش فرعونے سرش افگندہ نیست

غرضیکہ الحمد للہ جس طرح حسینؑ کی پاک شخصیت قدسی شان اور سچائی و حقانیت انصاف بین نظروں میں آفتاب سے زیادہ روشن و درخشاں نظر آتی ہے اُسی طرح یہ امر

* اور آلِ محمدؐ کے قیدی رسیوں میں جکڑے ہوئے ماتم زدہ گریباں چاک بیڑیاں پہنے ہیں

بھی روزِ روشن سے زیادہ نمایاں اور واضح ہے کہ حسینؑ کا مقابل و مخالف یزید خبیث طینت فرعون خصلت بلاشک وشبہ دشمن اسلام مخالفِ دین ہے اور یہی بدبخت یزید ابن معاویہ اس واقعۂ جاں سوز حادثۂ کربلا واسلام کی مصیبت عظیم اور خاندانِ رسالت کی تباہی وبربادی کا بانی مبانی ہے اور یہی یزید یقیناً حسینؑ کا دشمن اور حقیقی قاتل ہے حسینؑ کے پیارے نانا، مسلمانوں کے نبی کریم بانیٔ اسلام صادق مصدق کی خود قابلِ تسلیم شہادت کہ یزید قاتلِ حسینؑ ہے اور یزید باغی وطاغی پر خدا کی لعنت ہو دیکھو رسولِ عربیؐ کی پیشن گوئیاں مندرجہ صفحہ ۱۴ تا ۱۶ اور نیز حضرت عبداللہ ابن عباس ابن عم وصحابیٔ رسولؐ کی وہ پُر زور شہادت کہ جس میں انھوں نے بڑے شدومد کے ساتھ قتل امام حسینؑ، اسیری اہلبیتؑ اور بہ تفصیل ان تمام مظالم وشدائد اور کفر والحاد یزید کو بیان فرمایا ہے وہ دعوے کیلئے کافی سے زیادہ قوی اور پُر زور ثبوت ہیں کہ جن سے کوئی مسلمان رسولِ عربیؐ کا کلمہ گو کبھی بھی انکار نہیں کرسکتا (دیکھو عبداللہ ابن عباس کا خط یزید کے نام مندرجہ حاشیہ صفحہ ۱، ۲۷) اور علاوہ ازیں بزرگانِ دین، علمائے جلیل القدر، مستند مؤرخین اسلامی اور غیر اسلامی کھُلّم کھُلّا یزید کو ہی قاتلِ امام حسینؑ بتاتے اور ظاہر فرماتے چلے آئے ہیں اور اپنے پیارے نبیؐ کی پیروی اور تاسّی میں اسی جرم والزام قتل امام حسینؑ پر یزید کے کفر وزندقہ کی گواہی دیتے ہوئے اور اس سے نفرت وبیزاری کا اظہار کرتے ہوئے لعنت کا طوق اس کے گلے میں ڈالتے چلے آئے ہیں ملاحظہ ہو امام غزالی کا بیان مندرجہ تذکرۂ خواص الامہ علامہ سبط ابن جوزی صفحہ ۲۷۔ یہ امام غزالی مشہور ومعروف بڑے مستند ومعتبر عالم جلیل القدر حضرات اہلسنت والجماعت کے ائمہ دین میں شمار ہوتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| قال الغزالی ایضاً: زعمت طائفة ان یزید ابن معاویة لم یرضیٰ لقتل الحسین وادّعوا ان قتله وقع غلطا قال کیف تکون هذا | امام غزالی فرماتے ہیں ایک گروہ یہ گمان کرتا ہے کہ قتلِ حسینؑ سے یزید ابن معاویہ راضی نہ تھا اور کہتے ہیں کہ حسین کا قتل غلطی سے واقع ہوگیا۔ |

Marfat.com

وحال الحسين لا يحتمل الغلط۔ لما
جرى من قتاله ومكاتبته
الى ابن زياد ليسية وحثه على
قتله ومنعه من الماء وقتله
عطشانا وحمل رأسه واهله سبايا
عرايا على اقتاب الجمال اليه و
قرع ثناياه بالقضيب ولما دخل
علی ابن الحسين على يزيد قال
انت ابن الذي قتله الله۔ فقال
انا علی ابن من قتلت انت ثم
قرء "من قتل مومنا متعمدا فجزاءه
جهنم" ثم استفاض لعن على
على المنابر الف شهر وكان
ذلك بامر معاوية تواهم امرهم
بذلك كتاب او سنة او اجماع
هذا صورة كلام الغزالی۔

امام غزالی فرماتے ہیں کہ یہ کیونکر ہو سکتا ہے درآنحالیکہ
قتل حسینؓ کے واقعات ایسے ہیں کہ جن میں کسی
غلطی کا احتمال نہیں کیا جا سکتا۔ یزید نے ابن
زیاد کو خط لکھے۔ قتل حسینؓ پر اسکو برانگیختہ اور
آمادہ کیا۔ پانی بند کرنے اور پیاسا قتل کرنے کا حکم دیا
ذریت و اہلبیت حسینؓ کو سر برہنہ قید کر کے مع
سر حسینؓ بغیر محمل و کجاوہ اونٹوں پر سوار کرا کے یزید
کے پاس بھیجا گیا۔ یزید نے دندانِ مبارک حسینؓ
پر چھڑی ماری اور جب حسینؓ کا بیٹا علیؓ (امام
زین العابدین قید ہو کر) یزید کے سامنے لایا
گیا تو یزید نے کہا کہ تو اس کا فرزند ہے جسکو خدا نے
قتل کیا۔ اسکے جواب میں امام زین العابدینؓ نے
فرمایا کہ نہیں میں علیؓ اسکا بیٹا ہوں جسکو تو نے
قتل کیا ہے (دیکھو یہ تیسری شہادت ہے جو خود
حسینؓ کے فرزند اور اس کے وارث خون کی ازیزید کے
خلاف ہے) پھر امام زین العابدین نے کلام مجید
کی اس آیت کو تلاوت فرمایا من قتل مومنا متعمدا
فجزاءہ جہنم (جس شخص نے کسی مومن کو عمداً قتل
کیا ہو اسکی جزا جہنم ہے) پھر ایک ہزار مہینہ
تک بالائے منبر علیؓ پر سب و لعن ہوتا رہا جو
امیر معاویہ کے حکم سے تھا پس کیا یہ سب

Marfat.com

باتیں کتاب، سنت یا اجماع کے حکم سے
تھیں؟ یہ امام غزالی کا کلام ہے۔

نیز دیکھو شرح عقائد تفتازانی صفحہ ۱۱۷۔

ولبعضهم اطلق اللعن عليه لما انه كفر حين امر بقتل الحسين واتفقوا على جواز اللعن على من قتله او امر به اذا اجازه ورضي به والحق ان رضا يزيد بقتل الحسين واستبشاره بذلك واهانته اهل البيت مما تواتر معناه وان كان تفاصيله احادا فنحن لا نتوقف في شانه بل في ايمانه لعنة الله عليه وانصاره واعوانه

بعض علماء نے یزید پر لعنت کا اطلاق کیا ہے کیونکہ وہ قتلِ حسینؓ کے حکم دینے کا فر ہو گیا اور علماء کا اتفاق ہے کہ وہ شخص جو حسینؓ کو قتل کرے یا اس کا حکم دے اور اجازت دے اور قتلِ حسینؓ سے راضی ہو اس پر لعنت کرنا جائز ہے اور حق تو یہ ہے کہ یزید کا قتل حسینؓ سے راضی ہونا اور خوش ہونا اور اہلبیتؓ کی اہانت کرنا تواتر سے ثابت ہے اگرچہ تفصیل احاد سے ہے پس ہم کو اس کے حال بلکہ اس کے ایمان کے متعلق کسی امر کی تحقیق کی ضرورت نہیں پس اس پر اور اس کے یار و انصار اور اس کے مددگاروں پر خدا کی لعنت ہو۔

شرح فقہ اکبر ملا علی قاری صفحہ ۸۸۔

اختلف في اكفار يزيد قيل نعم يعني لما روي عنه ما يدل على كفره من تحليل الخمر ومن تفوهه بعد قتل الحسين واصحابه اني جازيتهم بما فعلوا باشياخ قريش وصناديدهم

ملا علی قاری اپنی مشہور کتاب شرح فقہ اکبر میں لکھتے ہیں۔ یزید کو کافر بتلانے میں اختلاف کیا گیا ہے اس کو کافر بتایا گیا ہے اس لیے کہ اس کے متعلق اس کے ایسے افعال و اقوال ہیں جو اس کے کفر پر دلالت کرتے ہیں، شراب

فی بدر وامثال ذلک و لعله وجه ما قال الامام احمد بتکفیره لما ثبت عنده۔

کو حلال جاننا، قتلِ حسینؓ اور اصحابِ حسینؓ کے بعد ایسی بکواس بکنا کہ میں نے حسینؓ کو یہ سزا اس کے سلوک کے بارے میں دی ہے جو انھوں نے سرداران و شیوخ قریش کے ساتھ جنگِ بدر میں کیا تھا وغیرہ وغیرہ اور غالباً انہی وجوہات سے امام احمد حنبل نے یزید کے کفر کا فتویٰ دیا جبکہ اس کے یہ افعال پایۂ ثبوت کو پہنچ گئے۔

بس ہم یہاں اسی قدر مستند اور معتبر اقوال و حوالہ جات علماء کا درج کر دینا کافی سمجھتے ہیں انشاء اللہ حصہ دوم میں یزید کے یہ اشعار و اقوال جن کا اشارہ ملا علی قاری نے کیا ہے مع دیگر حوالہ جات جو یزید کے کفر و الحاد اور قاتلِ امام حسینؓ ہونے پر دلالت کرتے ہیں درج کیے جائیں گے۔

بلاشک یزید بدبخت اور اس ننگِ اسلام کے بعض خادم و حمایتی جو بنی امیہ کے پیرو اور حسینِ مظلوم کے در پردہ دشمن ہیں یزید کی حمایت میں دھوکے کی ٹٹیاں کھڑی کرکے اور ریت کے پادر ہوا قلعے بنا کر کسی طرح بھی اپنے پیر و مرشد یزید بدبخت کو قتلِ حسینؓ کے بدترین گناہ اور کفر و الحاد کے جرم سے کبھی بھی بری نہیں کر سکتے پھر بھی اگر اپنی ہٹ دھرمی اور تعصب اور محبت یزید میں راسخ اور پختہ ہونے کی بنیاد پر ایسے مکمل اور پُرزور ثبوت کا انکار کریں تو ختم اللہ علی قلوبھم کے بعد ہم یہی کہیں گے ؎

نہیں ہے کچھ دُور روزِ محشر چھپے گا کشتوں کا خون کب تک
زبانِ قاتل جو چپ رہے گی تو خوں پکارے گا آستیں کا

وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔

# حسینؑ کی خدمت میں مؤلف کا مؤدبانہ و مخلصانہ خطاب

اے ہمارے پیارے مولا! اے ہمارے مظلوم آقا! اے شہیدِ آلِ محمدؐ! اے عرشِ اعظم کے تارے! اے رسولؐ کے پیارے! اے حسینؑ! بیشک ؎

ایمان و عرفان ہے گواہ — تو ہے بنائے لا الٰہ

تباہی میں سفینہ آچکا تھا اُمتِ جد کا — یہ کشتی بحرِ خوں میں ڈوب کر تم نے نکالی ہے

اسلام کو تم نے بچایا۔ دین کو تم نے رکھا جو کام آپ نے کیا وہ نہ کسی سے ہوا اور نہ ہوگا ؎

کارے کہ حسینؑ اختیارے کردی — در گلشنِ مصطفٰےؐ بہارے کردی

از ہیچ پیمبرے نیامد ایں کار — واللہ کہ اے حسینؑ کارے کردی

بیشک ؎ نقشِ توحید کا ہر دل پہ بٹھایا تم نے — زیرِ خنجر بھی یہ پیغام سنایا تم نے

مولا! اگر آپ سر نہ دیتے، گھر بار نہ لٹاتے، جان قربان نہ کرتے یہ مصیبتیں نہ اٹھاتے سختیاں اور تکلیفیں نہ جھیلتے اور خدانخواستہ یزید فاسق و فاجر، نااہل و ناقابل، ظالم و جابر کی بیعت و اطاعت قبول کر کے اسکو خلیفۂ رسولؐ مسلمانوں کا امیر اور اسلام کا پیشوا تسلیم کرتے تو بیشک چند روزہ دنیاوی عیش و آرام، دولت و ثروت، جاگیروں اور ملک و املاک کے مالک بن جاتے [1] مگر خدا کا دین اور نانا کا کلمہ، اسلامِ الٰہی قیامت تک کیلئے رخصت

---

[1] دیکھو کتاب الامامة والسیاسة ابن قتیبہ دینوری جلد اول صفحہ ۲۰۱۔ جن لوگوں نے یزید کی بیعت کی وہ کیسے مالا مال اور جاگیر و املاک کے مالک بن گئے اور دنیا کے عیش اڑائے۔

فلما قدم معاویہ الشام اتاہ سعید بن عثمان بن عفان وکان شیطان قریش ولسانھا قال یا امیرالمومنین علیٰ ما تبایع لیزید وتترکنی فواللہ لتعلم ان ابی خیر من ابیہ وامی خیر من امہ وانا خیر منہ وانك انما قلت ما انت فیہ بابی فضحك معاویہ وقال یا بنی اخی اما قولك ان اباك خیر من ابیہ فیوم عن عثمان خیر من معاویہ واما قولك ان

( باقی برصفحہ آئندہ )

Marfat.com

ہو چکا تھا۔ دنیا دیکھتی اور یہی سمجھتی کہ جس مذہب اور ملت کا پیشوا اور سردار اور جس دین کے بانی اور نبی کا خلیفہ و جانشین یزید جیسا بد افعال شرابی و کبابی فاسق و فاجر

الملك خير من امه فقضل قرشية على كلبية فضل بين واما ان اكون قلت ما انا فيه بابيك فانما هو الملك يوتيه الله من يشاء فقتل ابوك رحمة الله فتواكلته بنو العاص وقامت فيه بنو حرب فنحن اعظم بذلك منة عليك واما ان تكون خير من يزيد فوالله ما احب ان داري مملوءة رجالا مثلك بيزيد ولكن دعني من هذا القول وسلني اعطيك فقال سعيد بن عثمان يا امير المومنين لا يعدم يزيد مزكيا مادمت له وما كنت لارضى به لبعض حقي دون بعض فاذا ابيت فاعطني مما اعطاك الله فقال معاوية لك خراسان قال سعيد وما خراسان قال انها لك طعمة وصلة رحم فخرج راضيا

پس جبکہ معاویہ شام میں آیا تو حضرت عثمان کا بیٹا سعید جو قبیلۂ قریش کا شیطان اور بڑا زبان دراز تھا معاویہ کے پاس آیا اور کہا کہ اے امیرالمومنین! آپنے کس بنا پر یزید کے لیے بیعت لی اور مجھے چھوڑ دیا۔ قسم ہے خدا کی تم جانتے ہو کہ میرا باپ اس کے باپ سے بہتر ہے اور میری ماں اس کی ماں سے اچھی ہے اور میں خود اس سے بہتر ہوں اور آپ کو جو کچھ یہ ملا ہے میرے ہی باپ کا صدقہ ہے۔ یہ سن کر امیر معاویہ ہنسے اور کہا کہ اے بھتیجے تیرا یہ کہنا کہ تیرا باپ یزید کے باپ سے اچھا ہے پس عثمان کا ایک دن بیشک معاویہ سے اچھا ہے اور تیرا یہ بیان کہ تیری ماں اسکی ماں سے اچھی ہے پس بلا شبہ قرشیہ کی بزرگی کلبیہ پر ظاہر ہے مگر تیرا یہ قول کہ مجھے یہ جو کچھ ملا ہے تیرے ہی باپ سے ملا ہے پس سمجھ لے کہ یہ تو ایک بادشاہت ہے جس کو اللہ چاہتا ہے دیتا ہے تیرا باپ قتل ہو گیا تو بنی عاص نے اس کو آپس میں کھانا چاہا پس اس کے لیے بنو حرب کھڑے ہو گئے پس اس میں ہم کو تجھ پر عظمت ہے لیکن یہ بات کہ تو یزید سے بہتر ہے تو میں یزید کے عوض میں یہ بات درست نہیں رکھتا کہ تجھ جیسوں سے میرا گھر بھرا ہوا ہو۔ خیر یہ تو جانے دو۔ تم کو جو مانگنا ہو مانگو۔ (بقیہ صفحہ آئندہ)

ہے جس کے مذہب و ملت میں شراب و زناکاری اور ماں بہنیں بیٹیاں مباح و حلال اور ہر قسم کی بدافعالی و بدکاری اس کا کھلم کھلا دن رات کا شغل ہے اور حسینؑ جیسے صالح بزرگ، نیک افعال و اطوار مقدس ہستی نے جو اس اسلام کے بانی کا فرزند و جان و جگر ہے نانا کے دینِ اسلام کی حقیقت اور ماہیت و اصلیت سے واقف ہے اس کی اطاعت کا قلادہ اپنی گردن میں ڈال لیا ہے اور اس کو اپنا امیر اور اسلام کا دینی و دنیوی پیشوا و خلیفہ قبول کر لیا ہے تو ایسا مذہب اور ایسا اسلام جس کے ایسے پیشوا اور رہبر و خلیفہ ہیں کبھی سچا مذہب اور خدائی دین نہیں ہو سکتا۔

بیشک مولا! اے مظلوم آقا! یزید نجس و ناپاک کی بیعت و اطاعت سے انکار فرما کر آپ نے اسلام کو اس مصیبت سے بچایا اور مسلمانوں پر احسان فرمایا۔ نجات کا راستہ دکھلایا توحیدِ الٰہی کے چمن لگائے اور اسلام کا گلزار کھلا دیا۔ بیشک حضور کا نام نامی ہمیشہ زندہ ہے اور زندہ رہے گا ؎

ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ تو

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ) میں تمہیں دے دوں گا۔ پس سعید نے کہا کہ جب تک میں یزید کا حامی و مددگار ہوں گا تو یزید میرے جیسے خیر خواہ سے خالی نہیں رہے گا اور یہ بھی یاد رکھو کہ میں اپنا کچھ تھوڑا حق لے کر راضی نہ ہوں گا پس اگر تو اس بات کو منظور نہیں کرتا تو جو کچھ اللہ نے تجھے دیا ہے اس میں سے کچھ مجھے بھی دیدے۔ پس معاویہ نے کہا تو خیر اچھا تم خراسان لے لو۔ سعید نے کہا۔ اس کا کیا مطلب ہے کہ میں خراسان لے لوں؟ معاویہ نے کہا کہ وہ تیرے لیے بطور وظیفہ اور صلۂ رحم ہے تو یہ سن کر معاویہ کی تعریف کے شعر پڑھتا ہوا وہ باہر چلا گیا اور راضی ہو گیا۔ فلما انتھی قولہ الی معاویہ امر یزید ان یزودہ وامر الیہ بخلعۃ و شیعہ فرسخا۔ پس جب معاویہ نے یہ شعر اور اس کی رضامندی سُنی تو یزید کو حکم دیا کہ اس کے سفر کے لیے زادِ راہ کا انتظام کرے اور اس کو خلعت دیا گیا اور تین میل تک اس کی مشایعت کی گئی اور رخصت کیا گیا۔

Marfat.com

میں ہی یہ عرض نہیں کرتا خود رب جلیل خدائے کریم اپنے کلام پاک میں اپنے عاشق کے بقائے دوام اور حیاتِ جاودانی کا اعلان فرماتا ہے۔ لا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء ولکن لا تشعرون (اُن لوگوں کو جو اللہ کی راہ میں قتل ہوئے مردہ مت کہو وہ تو زندہ ہیں لیکن لوگ نہیں جانتے) پھر دوسری جگہ لا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا ط بل احیاءٌ عند ربھم یرزقون۔ فرحین بما اٰتٰھم اللہ من فضلہ ویستبشرون بالذین لم یلحقوا بھم من خلفھم الا خوف علیھم ولاھم یحزنون۔ ترجمہ آیۂ مذکورہ (تو محسوب نہ کر اُن لوگوں کو جو قتل کیے گئے اللہ کی راہ میں مُردے بلکہ زندہ ہیں وہ اپنے رب کے پاس سے رزق پاتے ہیں۔ وہ اس سے فرحناک ہیں جو انکو اللہ نے عطا کیا ہے اپنے فضل سے اور خوشخبری پاتے ہیں ان لوگوں کی جو ہنوز ان سے ملحق نہیں ہوئے انکے بعد والوں میں سے۔ اس لیے کہ نہ ان پر کچھ خوف ہے اور نہ وہ محزون ہوں گے (سورہ آلِ عمران رکوع ۱۷ آیت ۱۷۰)

اے ہمارے پیارے حسینؑ! اے ہمارے مولا! ہم سب مسلمان آپ کے نانا کے کلمہ گو آپ کے جد بزرگوار کے نام لیوا، آپ کے غلام، آپ کے نانا کے غلام، مولا! ہم سب آپ پر قربان ہمارے ماں باپ قربان ہماری آل اولاد فدا، ہمارے گھر بار نثار۔ کاش مولا! ہم حضور میں حاضر ہوتے۔ اپنا خون حضور کے پسینہ پر بہاتے۔ اپنی جانیں قربان کرتے۔

بیشک آپ نے اسلام کی سچی اور عملی زندگی کا سبق دیا اور بتایا کہ صداقت کے فدائی، حق کے شیدائی، توحید کے متوالے، اسلام اور دین پر مرمٹنے والے اس طرح تبلیغ حق کرتے ہیں۔

بزرگانِ دین علمائے اسلام جن کے دل حضور کی معرفت سے بھرپور ہیں جو حضور کی شخصیت اور حقیقت و صداقت کو سمجھ چکے ہیں۔ اسلام کا درد اور رسولؐ کی محبت دل میں لیے ہوئے ہیں۔ حضور کے غم و مصیبت میں اور حضور کی دردناک شہادت میں

Marfat.com

خون کے آنسو بہاتے اور محبت بھرے دل سے حضور کا مرثیہ کہتے اور دُنیا کو حضور کی صداقت وحقانیت کا اعلان سناتے ہیں جیسا کہ امام شافعی علیہ الرحمۃ حضور کے غم میں مرثیہ کہتے اور خون کے آنسو روتے ہیں۔

وممانفی وشیب لمتی تصاریف ایام لھن خطوب

اور منجملہ ان باتوں کے کہ جن سے میری نیند اڑ گئی ہے اور میرے بال سفید ہو گئے ہیں وہ گردش ایام ہے جس میں بڑے بڑے حادثات واقع ہوئے۔

تاوہ نفسی والفواد کئیب وارق عینی والرقاد غریب

میرا نفس آہیں کھینچتا ہے۔ دل غمگین ہے آنکھ بیدار ہے اور نیند کا آنا عجیب ہے

تزلزلت الدنیا لآل محمد وکادت لھم صم الجبال تذوب

آلِ محمد ص کی مصیبت سے دُنیا میں زلزلہ آگیا۔ قریب تھا کہ سخت سے سخت پہاڑ اس غم میں پگھل جائیں۔

ومن مبلغ عنی الحسین رسالۃ وان کرھتہا النفس وقلوب

کون ہے جو میرا پیغام حسین ؓ تک پہنچائے اگرچہ میں جانتا ہوں کہ لوگوں کے نفس اور دل اس سے کراہت کرتے ہیں۔

(امام شافعی نے اس شعر میں امیر معاویہ اور بنی امیہ کے اس پروپیگنڈا کی طرف اشارہ کیا ہے جو آلِ محمد ص کے ذکر اور یاد کو مٹانے اور دلوں سے بھلانے کیلئے پھیلایا گیا تھا اور لوگوں کو ذکر آلِ محمد ص سے جبراً بند کیا جاتا تھا۔ جس کی تفصیل انشاء اللہ حصہ دوم میں کی جائے گی۔ مؤلف)

قتیل بلاجرم کان قمیصہ ضویغ بتسیہ ذلك لعجیب

یہ حسین ؓ وہ ہے جو بے جرم وگناہ قتل کیا گیا گویا کہ اس کا کُرتا لہو سے ارغوانی رنگ میں ڈوبا ہوا ہے۔

Marfat.com

نصلی علی المختار من آل ہاشم — ونغزی بنیہ ذٰلک لعجیب

کیسے تعجب اور حیرت کی بات ہے کہ مختار آل ہاشم یعنی رسول اللہؐ پر تو ہم نمازوں میں درود بھیجتے ہیں اور پھر انہی کی اولاد کو قتل کرتے ہیں (ریاسین کنند حفظ و امام مبیں کشند)

لئن کان ذنبی حبّ آل محمد — فذٰلک ذنب لست عنہ اتوب

بس اگر میرا گناہ محبت آلِ محمدؐ ہی ہے تو یہ تو ایسا گناہ ہے جس سے میں کبھی توبہ نہ کروں گا۔

ہم شفعائی یوم حشری و موقفی — وحبّہم للشافعی من ای وجہ ذنوب

جبکہ قیامت کے دن حشر میں اور ہر مقام میں آلِ محمدؐ ہی میرے شفیع اور مددگار ہیں پھر شافعی کے لیے ان کی محبت کیونکر گناہ ہو سکتی ہے؟۔

(ینابیع المودۃ شیخ الاسلام قندوزی ص۳۶۲)

فخر قوم و ملت، ہندوستان کی اسلامی دنیا میں مشہور و معروف مسلم لیڈر ڈاکٹر سر اقبالؒ عشقِ حسینی سے سرشار ہو کر حسینؑ کی صداقت و حقانیت کو ظاہر کرتے ہوئے حسینؑ کا مرثیہ لکھتے اور محبتِ حسینؑ کا نغمہ سناتے ہیں جو اُن کی مشہور مثنوی "رموزِ بیخودی" میں شائع ہو چکا ہے۔ واقعی للہ درّہ من قال

علامہ اقبال کے چند اشعار ہدیۂ ناظرین کیلئے درج کیے جاتے ہیں۔

آں امام عاشقان پورِ بتولؑ — سروِ آزادے دبستانِ رسولؐ

اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر[1] — معنی ذبحِ عظیم[2] آمد پسر

درمیان امت آں کیواں جناب[3] — ہمچو حرف قل ھو اللہ در کتاب

---

[1] امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب کے ارشاد انا نقطۃ تحت الباء کی طرف اشارہ ہے۔ رسولِ کریم خدا کی کتاب توحید ہے اور علیؑ اس کتاب کی بسم اللہ ہے۔ حدیث نبوی انا مدینۃ العلم و علیّ بابھا اسی پر دال ہے۔ [2] حسین ذبح عظیم ہے۔ خدائے جلیل کے کلام پاک وفدیناہ بذبح عظیم کی تفسیر یہی ہے [3] سین امت محمدی میں ایسا ہے جیسا کہ کلام مجید میں سورۂ توحید قل ھو اللہ احد قرآن شریف کی جان ہے اسی طرح امتِ محمدی میں اسلام کی روح ذات حسینی ہے۔

Marfat.com

بہر آں شہزادۂ خیر الملل | دوش ختم المرسلین نعم الجمل[1]
موسیٰ[2] و فرعون و شبیرؓ و یزید | ایں دو قوت از حیات آمد پدید
زندہ حق از قوتِ شبیری است | باطل آخر داغ حسرت میری است[3]
چوں خلافت[4] رشتہ از قرآں گسیخت | حریت از زہر اندر کام ریخت
خواست[5] آں سر جلوۂ خیر الامم | چوں سحاب قبلہ باراں در قدم
بر زمینِ کربلا بارید و رفت | لالہ در ویرانہ ہا کارید و رفت
تا قیامت قطع استبداد کرد | موج خونِ او چمن ایجاد کرد
بہر حق در خاک و خوں غلطیدہ است | پس بنائے لا الٰہ گردیدہ است
مدعایش[6] سلطنت بودے اگر | خود نہ کردے با چنیں ساماں سفر

---

[1] حضرت عمرؓ کی روایت حسینؓ کا دوشِ اقدس رسولؐ پر سوار ہونا اور حضرت عمرؓ کا فرمانا نعم الجمل جملک یا ابا عبداللہ رسول اللہؐ کا فرمانا نعم الراکب یا عمر ملاحظہ فرماؤ۔ [2] حسینؓ مثل موسیٰؑ کے خدا کا برگزیدہ ہے اور یزید مثل فرعون خدا کا دشمن ہے۔ حسینؓ نے حق کو زندہ کیا۔ یزید داغ حسرت لے کر فنا ہو گیا [3]۔ [4] خلافت الٰہیہ قرآن سے وابستہ ہے اور قرآن و خلافت رسول آلِ محمدؐ کے ساتھ ہے دیکھو مشہور حدیث رسولؐ انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ و عترتی اھل بیتی لن یفترقا حتیٰ یردا علی الحوض

[5] حسینؓ نے جو جلوۂ نورِ محمدی ہے اسی طرح اٹھا اور رحمت کا بادل برسایا جس طرح اس رحمۃ للعالمین نے دُنیا کو اپنی ہدایت سے سرسبز و شاداب فرمایا تھا اور اسلام کا نور چمکایا تھا اسی طرح حسینؓ نے اپنے خون کی موجوں سے توحید کے باغ اور اسلام کے چمن کو شاداب فرمایا اور لا الٰہ الا اللہ کی بنیاد قائم کی۔

[6] حسین کی خواہش دولت و سلطنت حاصل کرنے کی نہیں تھی اگر حسینؓ کا مدعا سلطنت و حکومت حاصل کرنا ہوتا تو ایسی بے سرو سامانی، تھوڑے سے رفیقوں، عورتوں اور بچوں کے ساتھ لڑنے کو نہ نکلتے۔

Marfat.com

دشمناں از ریگِ صحرا لاتعد | دوستانِ او بہ یزداں ہم عدد[1]
سرِ ابراہیمؑ و اسمٰعیلؑ بود[2] | یعنی آں اجمال او تفصیل بود
تیغ بہر عزت دین است و بس[3] | مقصد او حفظ آئین است و بس
ماسوا اللہ را مسلماں بندہ نیست[4] | پیشِ فرعونے سرش افگندہ نیست
خونِ او تفسیر ایں اسرار کرد[5] | ملتِ خوابیدہ را بیدار کرد
تیغ لا چوں از میاں بیروں کشید[6] | از رگِ اربابِ باطل خوں کشید
نقش الا اللہ بر صحرا نوشت[7] | سطرِ عنوانِ نجاتِ ما نوشت
رمزِ قرآں از حسینؑ آموختیم[8] | ز آتشِ او شعلہا اندوختیم!
شوکتِ شام و فرِ بغداد رفت[9] | سطوتِ غرناطہ ہم از یاد رفت
تار ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز | تازہ از تکبیر او ایماں ہنوز
اے صبا! اے پیکِ دور افتادگاں[10] | اشکِ ما بر خاکِ پاک او رساں

---

[1] حسینؓ کے ساتھی سب اللہ والے، خدا کے فدائی اور اسلام کے شیدائی ہیں جن کی تعداد ہم عدد یزداں ۷۲ ہی ہے اور دشمن لاکھوں ریگ بیاباں کے برابر ہیں [2] ابراہیمؑ خلیل اللہ و اسمٰعیلؑ ذبیح اللہ کا واقعہ مجمل ہے حسینؓ نے اس کی تفصیل کر کے دکھلائی ہے [3] حسینؓ کا مقصد صرف قانونِ اسلام کی حفاظت تھی اور جہاد اسلامی کی صرف یہی غرض و غایت ہے [4] مسلم حقیقی صرف اپنے خالق و مالک وحدہٗ لاشریک کا ہی مطیع و فرمانبردار بندہ ہے اور اصل توحید یہی ہے کسی باغی و طاغی فرعون و یزید صفت قاہر و جابر انسان کے آگے حق کے مطالبہ میں سر تسلیم خم نہیں کریگا [5] حسینؓ نے اپنا سر دیکر، اپنا خون گرا کر، گھر لٹا کر اسکی تفسیر فرمائی اور سوتی دنیا کو بیدار کر دیا ہے [6] حسینؓ نے بیعت یزید سے انکار کر کے حرف لا سے ارباب باطل، جھوٹے جابر و ظالم دنیا پرستوں کی رگوں سے خون کھینچ لیا ہے اور اپنے خون سے قیامت تک نہ مٹنے والا کلمۂ توحید الا اللہ کا مبارک نقش صحرائے کربلا پر لکھ کر ہمارے صحیفۂ نجات کا عنوان قائم کیا ہے [8] قرآن کے نکات کتاب الٰہی کے رموز ہم کو حسینؓ نے پڑھائے ہیں [9] دیکھو نہ شام کا تخت و تاج ہے نہ بغداد کا کر و فر ہے نہ غرناطہ کا جاہ و جلال باقی رہا۔ سب خاک میں مل گئے اور پردۂ دنیا سے نابود ہو گئے لیکن حسینؓ کے نغمۂ توحید سے ہمارا تار اب بھی اسی طرح متحرک ہے اور حسینؓ کی تکبیر نعرۂ اللہ اکبر سے روح ایمان و اسلام اب بھی زندہ و تر و تازہ ہے۔

Marfat.com

اے حسینؑ! اے آقا! اے نورِ درخشانِ رسالت! اے آفتابِ امامت! ہمارا کیا ذکر ہم تو سب مسلمان، حضور کے گھر کے غلام، حضور کے نانا کے کلمہ گو ہیں۔ حضور نے تو اپنی صداقت و حقانیت کے سکے غیر مذہب، غیر قوموں کے دلوں پر بھی بٹھائے ہیں ہر قوم و ملک، ہر مذہب و ملت کے سربرآوردہ لیڈر و ریفارمر، علماء، حکماء، کیسی عزت و عظمت کی نگاہ سے حضور کو یاد کرتے ہیں اور اپنی ہدایت و رہبری کے لیے حضور کے عمل اور حضور کے صبر و استقلال اور ثبات قدم کو اپنا لائحہ عمل بناتے ہیں۔ ان کے لیکچروں میں۔ انکی سپیچوں میں، ان کی تصنیفوں میں انکی کتابوں میں حضور کا نام نامی آفتاب کی طرح روشن نظر آتا ہے۔

روحِ اسلامی کو زندہ کرنے کیلئے، باغِ اسلام کی سرسبزی و شادابی کے لیے واللہ ثم باللہ حضور کی یادگار کا قائم کرنا۔ حضور کی عزا کا برپا کرنا۔ حضور کے کارناموں اور صبر و استقلال کے حالات اور دینِ حق کی حمایت کے لیے سخت ترین مصیبتوں کے جھیلنے کے واقعات کو سننا اور سنانا۔ دنیا کو بتانا اسی طرح آج بھی مسلمانوں کی ہدایت و رہبری کا کام دے رہے ہیں اور اسی طرح حق و صداقت اور تبلیغ کا سبق پڑھا رہے ہیں جس طرح اس وقت ۶۱ھ میں حضور کا مدعا اور منشا تھا۔ مسلمان اگر غور کریں اور انصاف و حق کی نظر سے دیکھیں تو اے فرزندِ رسولؐ! بیشک ہر مسلمان کا فرض ہے کہ آپ کی یاد کو تازہ کرے اور آپ کی یادگاروں کو ترقی دے اور آپ کے عمل سے صداقت و حق کا سبق سیکھے اور سچا اور حقیقی مسلمان بن کر رسولِ عربیؐ کا عملی پیرو، سچا کلمہ گو کہلائے۔

کوئی شک نہیں کہ جس طرح حسینؑ کی محبت رسولؐ کی محبت اور خدا کی محبت ہے اور اتباعِ نبیؐ و اسوۂ رسولؐ ہے اور ہر مسلمان پر فرض اور واجب ہے جیسا کہ عملاً و قولاً ثابت کیا جا چکا ہے اسی طرح بلاشک حسینؑ کا ذکر خدا کا ذکر اور رسولؐ کا ذکر ہے حسینؑ کی یاد رسولؐ کی یاد اور خدا کی یاد ہے۔ حسینؑ کی مجلسیں اسلام کی مجلسیں ہیں اور حسینؑ کی محفلیں توحید کی محفلیں ہیں۔ احیائے امرِ حسینی احیائے امرِ الٰہی ہے

Marfat.com

حسینؑ کا غم واللہ ثم باللہ اسلام کا غم ہے اور حسینؑ کی عزا اسلام کی عزا ہے۔ اتباعِ رسولؐ اور اسوۂ نبیؐ ہے۔ رسول اللہؐ کی حدیثوں اور پیش گوئیوں کو دیکھو رسولؐ کے عمل اور حزن و بکا اور رنج و بکا اور رنج و ملال کے اظہار فرمانے پر غور کرو اور سمجھو حسینؑ کی یاد کو تازہ کرنا۔ حسینؑ کے ذکر کو زندہ کرنا۔ حسینؑ کی یادگاریں بنانا۔ حسینؑ کی عزا کا برپا کرنا بلاشک موجبِ رضائے رسولؐ اور باعثِ خوشنودیٔ خدا ہے اتباعِ نبیؐ اور اسوۂ رسولؐ ہے محب کیلئے محبوب کی یاد اور اس کا ذکر لازمی اور ضروری ہے بغیر ذکر و یادِ محبوب دعوائے محبّت غلط اور ذکرِ مصیبت اور یاد مصائب پر تاثرِ قلبی، رنج و صدمہ، آہ و بکا فطرتِ انسانی اور فعلِ اضطراری ہے اگر محبت ہے تو ضرور محبوب کی تکلیف اور رنج و صدمہ سے دلِ پرملال اور چشمِ گریاں ہوگی۔ دیکھو جس طرح روزہ عبادتِ الٰہی اور فریضۂ خداوندی ہے اور حسبِ ارشادِ نبوی روزہ دار کے افعالِ اضطراری نفوسکم فیه التسبیح ونومکم فی عبادۃ روزہ دار کا سونا، سانس لینا بھی تسبیح الٰہی اور عبادتِ خدا میں شمار ہوتا ہے اور موجبِ رضائے الٰہی بن جاتا ہے اُسی طرح محبّتِ حسینؑ میں غمِ حسینؑ سے دلِ محزون و مغموم ہونا جو سچی محبّت کا لازمی امر ہے معرفت کا آنسو یقینی رضائے الٰہی اور خوشنودیٔ رسولؐ اور جنتِ عدن اور بہشتِ الٰہی کا موجب ہوگا۔[۱]

---

[۱] مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ملا علی قاری میں بروایت امام احمد حنبل مروی ہے۔ قال اخرج احمد فی المناقب عن منذر کان حسین یقول من دمعت عیناہ فینا دمعۃ او قطرت عیناہ فینا قطرۃ عطاہ اللہ عزّ وجل الجنّۃ۔ یعنی امام احمد حنبل نے مناقب میں منذر سے روایت کی ہے کہ حسینؑ نے فرمایا جس شخص کی آنکھ ہمارے غم میں اشکبار ہوئی یا جس نے ہماری مصیبت کو یاد کرکے ایک قطرہ آنسو کا بہایا خدائے جلیل اس کو جنت عطا کریگا (تاریخ احمدی نواب احمد حسین خاں صفحہ ۳۰۰) نیز وسیلۃ النجاۃ ملا محمد مبین فرنگی محلی لکھنؤ صفحہ ۳۰۵ میں ہے وفی مسند احمد حنبل من دمعت عیناہ لقتل الحسین دمعۃ وقطرت بواہ الجنّۃ۔ یعنی مسند احمد حنبل میں ہے کہ جو آنکھ قتلِ حسینؑ پر روئی اور آنسو کے قطرے بہائے اس کا ٹھکانہ جنّت میں ہے۔

Marfat.com

اگرچہ ہر زمانہ میں دنیا پرستوں اور ہوا و ہوس کے بندوں، معاویہ شاہی غلاموں اور خادمانِ یزید ناسعید، بنی امیہ کے پیروکاروں نے کبھی کھلم کھلا اور کبھی دوستی کے پردے میں اسلام کا برقعہ اوڑھ کر دُنیا کو دھوکا دینے کیلئے اس نورِ محمدی کو بجھانا اور شمعِ ہدایت کو گل کرنا چاہا اور حسینؑ کی ذات عصمت صفات کی تنقیص و عیب جوئی کیلئے ایڑی چوٹی کے زور لگائے۔ بے بنیاد باتوں کے بند باندھ کر حسینؑ کی یاد کو دُنیا سے بھلانے اور اس لعدشن نام محمدی کو اسلام سے مٹانے کیلئے کوششیں کیں اور کرتے ہیں مگر الحق یعلو ولا یعلیٰ ؎

چراغے را کہ خالق برفروزد | اگر کس پُف زند ریشش بسوزد

چاند کا تھوکا اپنے ہی منہ پر گرتا ہے۔ ہمیشہ منہ کی کھائی اور کھا رہے ہیں خدائے جلیل خود اپنے عاشق کا عاشق ہے اور وہی اس کے نام کا محافظ اور شائع کرنے والا ہے یریدون لیطفئوا نور اللہ واللہ متم نورہ ولوکرہ الکافرون ولوکرہ المشرکون دشمن نورِ الہیٰ کو بجھانا چاہتے ہیں اور اللہ اپنے نور کو پورا روشن کرتا ہے گو کافر کراہت کریں اور گو مشرک دلتنگ ہوں۔

جس طرح یزید ملعون اور اس کے حامی موالی اس کا تخت و تاج اور بنی امیہ کی سلطنت و ثروت سب خاک میں مل گئے اور زمانہ سے مٹ گئے۔ آج کوئی نام لیوا اور پانی دیوا بھی باقی نہیں ہے اور بقول یزید کے نیک بخت بیٹے الجیلیلے معاویہ[1] ابن یزید

---

[1] ملاحظہ ہو صواعق محرقہ ابن حجر مکی صفحہ ۱۳۴ ینابیع المودہ امام قندوزی صفحہ ۳۲۷ تاریخ خمیس جلد ۲ صفحہ ۳۲۶ اور تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۴ میں بھی یہ خطبہ مختصراً درج ہے۔ ہم صواعق محرقہ اور ینابیع المودہ سے اصل خطبہ مع ترجمہ درج کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| معاویہ بن یزید بن معاویہ لما | معاویہ یزید کا بیٹا اور امیر معاویہ کا پوتا جب یزید |
| ولی العہد صعد المنبر فقال ان ھذہ | کے بعد خلیفہ بنایا گیا تو منبر پر گیا اور یہ خطبہ بیان کیا |
| الخلافۃ حبل اللہ تعالیٰ وان جدی | کہ یہ خلافت مسلمین خدا کی رسی ہے جس کیلئے میرے |

کے جو بیشک یخرج الحی من المیّت ، کا مصداق ہے۔ آج بھی اپنی قبر کے گڑھے میں پڑے اپنی کرتوتوں کی سزا بھگت رہے ہیں اور دُنیا جس نیکی اور خوبی سے یاد کرتی ہے وہ بھی ظاہر ہے۔ دوست جو محبت و دوستی کا بھی اگرچہ درپردہ دم بھرتے ہیں مگر بظاہر یزید کہلانا اُن کو بھی گوارا نہیں ہے۔ بس اسی طرح اب بھی اس کے پیرو اور حسینؑ کے دشمن یہی داغ حسرت لیکر صفحہ ہستی سے مٹ جائیں گے مگر حسینؑ کا نام نامی اور حسینؑ کی یادگار، حسینؑ کی صداقت و حقانیت روز بروز دنیا میں روشن ہوتی جارہی ہے اور ہوتی جائے گی اُس کو دیکھنا چاہیئے اور سمجھنا چاہیئے کہ یہ رازِ الٰہی ہے۔ قدرت کا

---

معاویه فازع الامر اهله ومن هو احق به منه علی ابن ابیطالب وركب بكم ما تعلمون حتی اتته منیته فصار فی قبره رهینا بذنوبه ثم قلد ابی الامر و كان غیر اهله ونازع ابن بنت رسول الله فقصف عمره و ابتر عقبه وصار فی قبره رهینا بذنوبه ثم بكی وقال من اعظم الامور خسارة علینا علمنا بسوء مصرعه وبئس منقلبه وقد قتل عترة رسول الله و اباح الخمر وخرب الكعبة ولم اذق حلاوة الخلافة فلا ازول مرارتها

دادا امیر معاویہ نے اس شخص سے جو اس سے اس کا زیادہ مستحق اور اہل تھا یعنی علیؑ ابن ابی طالب سے جھگڑا اور تنازعہ کیا اور تم جانتے ہو کہ اس نے تمھاری امداد و نصرت سے خلافت کو علیؑ سے چھین لیا۔ آخر موت نے آدبوچا اور اب اپنی قبر میں اس کی سزا بھگت رہا ہے۔ اس کے بعد میرے باپ یزید نے اس خلافت کی رسّی کو اپنے گلے میں ڈالا جو وہ بھی کسی طرح اس کا اہل و مستحق نہ تھا اور اس نے رسولؐ کی بیٹی (فاطمہؑ) کے بیٹے (حسینؑ) سے جنگ کی۔ آخر اس کی عمر کی رسّی بھی کٹ گئی اور قطع نسل کا سامان ہوگیا اور اب وہ بھی قبر میں اپنے گناہوں کا مزہ چکھ رہا ہے یہ کہہ کر رو پڑا اور پھر کہا کس قدر عظیم خسران ہمارے لیے ہے کہ ہم اس کے (باقی بر صفحہ آئندہ)

ہاتھ اپنا کام کر رہا ہے اور خود خدائے جلیل اپنے پیارے عاشق اور اپنے جاں نثار فدائی کے نام کو روشن فرما رہا ہے اور ہم اپنے ان مہربانوں سے وہی کہتے ہیں کہ جو جناب مکرم و محترم حسن میاں صاحب پھلواری مرحوم فرزند جناب مستطاب سرخیل صوفیائے زماں شاہ سید سلیمان صاحب دام مجدہم نے مرزا حیرت صاحب دہلوی سے فرمایا تھا کہ خدا آپ کا حشر یزید بن معاویہ کے ساتھ کرے اور ہم لوگوں کا حشر سبط رسول سید اشباب اہل الجنہ غریب حسینؑ ابن علیؑ کے ساتھ ہو۔ آمین ثم آمین ~

جس کا جی چاہے ہو یزید کیساتھ ۔۔۔ ہم ہیں اور دامنِ امام حسینؑ

(رسالہ شہادت حسینؑ صفحہ ۱۵)

---

ولا تقلدها فشأنكم فی امر كم والله لئن كانت الدنيا خيرا فقد نلنا منها حظا وان كانت شرا فكفى ذرية ابی سفيان ما اصابوا منها ثم تغيب فی منزله حتى مات بعد اربعين يوما.

بُرے انجام اور سخت پاداش کو جانتے ہیں اس نے عترتِ رسولؐ کو قتل کیا۔ شراب کو جائز کیا اور خانۂ خدا کو غارت کیا اور پھر خلافت کا کوئی مزہ نہ چکھا۔ میں اس کی تلخی کو نہ چکھوں گا اور اس رسی سے اپنا گلا نہ بندھواؤں گا۔ تم جانو تمھارا کام۔ قسم ہے خدا کی اگر دنیا کچھ اچھی چیز ہے تو ہم کافی حصہ لے چکے اور اگر یہ سراسر بری اور شر ہے تو آلِ سفیان کو جو کچھ مل چکا ہے وہی بہت کافی ہے یہ کہہ کر گھر میں چلا گیا اور پھر نہ نکلا یہاں تک کہ وہیں چالیس دن کے بعد مرگیا۔

اور تاریخ کامل میں لکھا ہے قیل مات مسموما۔ یعنی زہر دے کر اس کا کام تمام کیا گیا۔ واقعی نیک بخت حق شناس انسان تھا۔ کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے۔

Marfat.com

اب ہم اپنی ناچیز تالیف کے اس حصہ اوّل 'کربلا کے خونی منظر (ٹریجڈی آف حسینؑ) کو یہاں ہی ختم کرتے ہیں اور اپنے معزز ناظرین، حسینؑ مظلوم کے غمزدہ اور اشک فشاں سوگ نشین دوستوں سے رخصت ہوتے ہیں۔ انشاء اللہ یار زندہ صحبت باقی۔ اگر توفیق الٰہی شامل حال ہے تو عنقریب حصہ دوم بھی جو اس ذبح عظیم کے مابقی حالات اور اسباب شہادت، بنی امیہ کے ظلم و جور اور عیش پرستی پر کافی روشنی ڈالنے والا ہوگا۔ شائقین عالی قدر کی خدمت میں پیش کیا جائے گا اور جو ہم کو امید ہے کہ انشاء اللہ ناظرین با تمکین کی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ والسلام مع الاکرام۔

پٹیالہ

۱۸ ذیقعدہ ۱۳۴۴ھ

Marfat.com

# برادرانِ اسلامی کی خدمت میں ایک مخلصانہ التماس

قبل از خاتمہ تحریر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ میں اپنے بزرگ بھائیوں یعنی حسینؑ مظلوم کے پیارے عزاداروں، مسلمان جاں نثاروں کی خدمت میں بھی بصد ادب کچھ عرض کرتا چلوں۔

حسینؑ کے دوستو! حسینؑ کے عزادارو! میرے بزرگ بھائیو! سوچو اور غور فرماؤ کہ حسینؑ کا مشن اسلام کا مشن ہے اور حسینؑ کا مقصد اصلی تبلیغ اسلام اور حفاظت اسلام اور حمایتِ دینِ محمدی ہے یا کچھ اور؟

بلاشک حسینؑ نے اسلام ہی کیلئے سر دیا اور اسی کی حفاظت و بقائی کیلئے تکلیفیں اٹھائیں۔ مصیبتیں جھیلیں۔ گھر بار لٹایا اور قیامت تک کیلئے اس مشن کو قائم فرما گئے۔ حسینؑ کی مجالس اور حسینؑ کی عزاداری کا اصلی مقصد اور حقیقی مشن بس یہی ہے کہ حسینؑ کے کارنامے اور اسکی بے مثال و بے نظیر خدمات اسلام اور اسکی حق و صداقت قیامت تک زندہ رہے عام طور پر سنی اور سنائی جائے تاکہ اس سے مسلم و غیر مسلم سچے اور حقیقی اسلام کا سبق سیکھیں اور دینِ محمدی کے حقیقی پیرو بنیں۔ حسینؑ کی صداقت و حقانیت روشن ہو۔ دینِ محمدی چمکے اور حسینؑ کی عملی تعلیم سے حسینؑ کے نام لیوا' اسلام کے سچے نمونے بنکر دنیا کو دکھلا دیں اور حسینؑ کے حقیقی پیرو کہلائیں اور دنیا کو اپنی خوبیوں سے اپنی طرف کھینچ بلائیں ؎

مدرسہ ہے مجلس ماتم الہیات کا ۔۔۔۔۔ جان اخلاق حسن ہے شاہ دیں کی سرگزشت

بس اب دیکھو نظر انصاف فرماؤ کہ ہماری کیا حالتیں ہیں حسینی آثار ہم میں کہاں تک پائے جاتے ہیں۔ ہماری مجلسوں کی کیا کیفیت ہے اور ہماری عزاداری کا کیا رنگ ہے آیا ہم اس مقصدِ حسینؑ کو پورا کر رہے ہیں یا نہیں؟

بھائیو! پیارے بزرگو! بلاشک ہماری حالتیں نہایت ناگفتہ بہ ہیں بہت زیادہ قابل اصلاح ہو گئی ہیں حسینؑ کے مقصد سے۔ حسینی مشن سے ہم بہت کچھ دور جا پڑے ہیں

Marfat.com

دوسری قوموں نے حسینؓ کے مدعا کو اور حسینؓ کے مشن کو سمجھا اس کی خوبیوں کو دیکھا اور حسینؓ کے عمل سے اپنے لیے لائحہ عمل تیار کیا اور دنیاوی ترقی میں کامیاب ہو گئے مگر نبی عربیؐ کے کلمہ گویوں نے حسینؓ کے نام لیواؤں نے حسینؓ کے سبق کو بھلا دیا اور غفلت کی نیند سو گئے اور دین و دنیا دونوں کھو بیٹھے۔ بیشک ہم میں نہ حسینی تبلیغ قائم رہی نہ حسینی تنظیم باقی رہی نہ وہ جوش دینی ہے نہ وہ عزم و ارادہ ہے نہ علم و عمل نہ محبت ہے نہ اخلاص نہ طاعت رہی نہ عبادت، ایثار کو ہم نے کھو دیا۔ ہمدردی کو ہم نے مٹا دیا۔ ثابت قدمی و استقلال کو ہم نے چھوڑ دیا صبر سے منہ موڑ لیا۔ صدق و صفا کو ہم چھوڑ گئے۔ ایفائے عہد کو ہم بھول گئے شبیری مشن حسینی اصول، شریعت محمدی کے قاعدے، اسلام الہٰی کے قانون ہم نے سب بھلا دیے اور اسلام حقیقی سے کوسوں دُور جا پڑے۔ مسلمانان در گور و مسلمانی در کتاب بس ایسی ہی حالت پر صادق آتا ہے۔

اگر غور سے دیکھو اور انصاف سے نظر ڈالو تو ہمارے ہر فعل میں اور ہر عمل میں خواہ دین کا ہو یا دُنیا کا صرف رسم و رواج کا زور اور خلاف شریعت محمدی کے جلوے نظر آئیں گے یا ذاتی اغراض اور ہوا و ہوس نفسانی کے کرشمے دکھلائی دیں گے۔ ہم کو نہ نماز سے غرض ہے نہ روزے سے کام، نہ عبادت سے تعلق، نہ جماعت سے واسطہ مگر ہر شخص اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد ضرور علیحدہ بنانے میں منہمک ہے ؎

مسجد تو بنا لی شب بھر میں ایماں کی حرارت والوں نے
دِل اپنا پُرانا پاپی ہے برسوں میں نمازی بن نہ سکا

کبھی امامت پر جھگڑا ہے تو کبھی مسجد پر لڑائی ہے۔

مجلس حسینی کی غرض و غایت بالائے طاق، مقصد حسینی بالائے پشت حسینی مشن کی تکمیل اور تبلیغ حسینی کی تعمیل غیر ضروری مگر نام و نمود اور رسم و رواج کی پابندی لازمی اور واجب۔

Marfat.com

اگر کہیں مجلسوں کے متعلق دنگا فساد ہے تو کہیں آگے پیچھے ہونے پر لڑائیاں ہیں اگر کہیں ذاکرین و واعظین پر خفگیاں ہیں تو کہیں آگے پیچھے پڑھنے پر ناراضیاں ہیں کبھی نیاز و تبرک کی کمی بیشی پر لڑائیاں ہیں تو کبھی اوقاتِ مجلس پر مقابلہ آرائیاں ہیں اس کے علاوہ بعض مکروہ و قبیح حرکات سے دوسرے بھائیوں کی دل آزاریاں ہیں۔ نہ اتحاد کی مہک ہے نہ اتفاق کی جھلک نہ وعظ و پند کی خواہش ہے نہ مقصدِ حسینی کی ضرورت۔

وہ نماز جس کو خدا نے رکنِ دین بنایا۔ اسلام کی علامت اور نشانی قرار دیا اپنی عبادت و اطاعت کا ایک قاعدہ بنایا۔ رسولِ عربیؐ حسینؑ کے نانا نے جس کو سکھایا اور وہ نماز جس کو حسینؑ نے تلواروں کی چھاؤں میں پڑھا۔ خنجر کے نیچے سجدہ کر کے دکھلایا۔ ذریتِ طاہرہ اہلبیتِ نبویؐ، اسیرانِ آلِ محمدؐ نے بیڑیاں پہن کر شام و کوفہ کے کانٹوں بھرے راستہ میں تنگ و تاریک قید خانوں میں فاقوں سے نڈھال، تازیانوں کے درد سے بے حال ہو کر بھی کسی وقت نہ چھوڑا ہر حال میں ادا فرمایا۔ آہ آہ! اُسی نماز کو ہم نے بھلا دیا کبھی بھول کر بھی دو سجدے کرنے یاد نہیں آتے اگر کبھی یاد بھی دلایا تو بس یہی جواب پایا کہ بھائی صاحب! خدا ہماری نماز کا محتاج نہیں ہے اور دوسرے ضروری مشغلے نماز سے بہتر ہیں یہ اٹھک بیٹھک غیر ضروری ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

خمس و زکوٰۃ کا ذکر تو (معاذ اللہ) بالکل ہی فضول ہے یہ تو گویا شریعت محمدی میں حکم ہی نہیں ہے کیونکہ

گر زر طلبی سخن در ایں است

اور روزہ بیچارا تو سب سے زیادہ مظلوم، قابلِ ذکر ہی نہیں کیونکہ بھوک پیاس کی تکلیف ناقابلِ برداشت کمزوری و ضعف خرابی صحت کا ڈر، سوء ہضمی کا خوف۔ غرضیکہ روزہ نماز، خمس و زکوٰۃ۔ حج۔ عبادت۔ اطاعت۔ وفا کے عہد، ادائے نذر، ایثار، ہمدردی خلق و مروت وغیرہ وغیرہ سب احکام محمدیؐ، قانونِ اسلامی بس رسولِ عربیؐ محمدؐ و آلِ محمدؐ

Marfat.com

اور اس کے پیارے حسینؑ کی ہی ذات کیلئے ہیں - وہی روزے بھی رکھیں - نمازیں بھی پڑھیں خمس و زکوٰۃ بھی دیں - ایفائے وعدہ بھی کریں - ادائے نذر بھی فرمائیں اپنے پیٹ کاٹیں - فاقہ پر فاقہ کریں - روزہ پر روزہ رکھیں یتیموں، فقیروں، اسیروں کی خبر بھی لیں اور ان کے پیٹ بھریں اور خود بھوکے رہیں یہ ان کا ہی کام تھا - یہ سب قصے سننے کیلئے ہی ہیں ہمارے عمل کیلئے نہیں انا للہ وانا الیہ راجعون - واویلا صد واویلا - رسولِ عربیؐ کے جگر گوشے حسینؑ و آلِ محمدؐ اندھیری راتوں میں روٹیوں، کھجوروں اور کھانے کے انبار پیٹھوں پر لادیں یتیموں بیواؤں کے گھروں پر پہنچائیں، لولے لنگڑے، اندھے اپاہج مخلوقِ خدا کی خبرگیری فرمائیں خود ہاتھ سے لقمے بنائیں اور ان کے منہ میں ڈالیں - چکی فرمائیں ٹانگیں دبائیں بیماروں کی خدمت کریں - ایثار کے سبق پڑھائیں بیواؤں کی پرستاریاں کریں، یتیموں کی پرورش فرمائیں اپنے بچوں سے زیادہ سمجھیں - محتاجوں، غریبوں کی تلاش کریں منہ چھپا کر سوتوں کو کھانا دے آئیں مگر افسوس! ہماری آنکھوں کے سامنے پسِ دیوار ہمسایہ میں قوم کے یتیم بچے بھوکے تڑپیں - سردی سے برہنہ کانپیں - عزت زدہ بیکس محتاج بیوائیں فاقہ کشی کریں غریب محتاج بیمار بے دوا کے مریں اور ہم کو خبر تک نہ ہو اور اگر خبر بھی ہو تو کچھ اثر نہ ہو دوسری قومیں ہمارے یتیموں کو سنبھالیں - ہماری غفلت سے اسلامی باغوں کو اجاڑیں اور ہمارے پھولوں سے اپنے گلزاروں کی بہاریں بنائیں - اور ہم بے حس مردہ قوم بن جائیں انا للہ وانا الیہ راجعون ؕ

کیوں بھائیو! کیوں حسینؑ کے عزادارو! حسینؑ کی محبت کا دم بھرنے والو! حسینی قوم کہلانے والو! کیا حسینؑ کا یہی مشن تھا کیا حسینؑ کا یہی مقصد تھا کیا حسینؑ کے یتیم بچوں نے اسی لیے طمانچے کھائے تھے کہ ہم قومی احساس کو کھو دیں - ہمدردی اسلامی کو بھلا دیں اور اسلام کے نورانی احکام کو بھول جائیں - عبادت و طاعت الٰہی کو بالائے طاق رکھ دیں ایثار کے زریں اصولوں کو فراموش کر دیں - ہمدردیٔ قوم کو مٹا دیں - صداقت و حقانیت کو چھوڑ

Marfat.com

دیں اور بے حس مردہ قوم بن جائیں۔ اور ہماری غفلت ولاپروائی سے ہماری قوم کا شیرازہ بکھر جائے۔ ہمارے یتیم بچے تباہ و برباد ہو جائیں اور اسلام کو خیرباد کہہ جائیں۔ ہم کو نہ خدا کی خبر ہو نہ رسولؐ کی آگاہی۔ نہ دین کو جانیں نہ شریعت کو پہچانیں بس صرف دو آنسو بہا کر حسینؑ کے حق کو ادا کر دینا اپنا فرض سمجھیں اور بہشت کا قبالہ لینے کیلئے آستینیں چڑھالیں لا و اللہ، لا و اللہ ہرگز ہرگز حسینؑ کی شہادت کا یہ مقصد اور مدعا نہیں ہے اور ہرگز ہرگز حسینؑ کا یہ مشن نہیں ہے۔ بیشک حسین ہماری ان حالتوں سے کبھی راضی اور خوش نہیں ہیں۔ بلاشک حسینؑ نے ہم کو پکے مسلمان بننے کیلئے ایک زندہ قوم بنا دینے کیلئے سر دیا ہے گھر بار لٹایا ہے اور اسلام کو بچایا ہے پس بھائیو! غفلت کی نیند سے اٹھو اور اپنے مظلوم آقا کی تبلیغ اور مشن کو سمجھو، کمرِ ہمت باندھو اور مقصدِ حسینی پر کاربند ہو کر حسینؑ کے غلاموں کے حقیقی نمونے دنیا کو دکھلاؤ اور اسلامی زندگی اختیار کرو۔ پکے مسلمان بن کر دینِ محمدی کے پابند ہو کر حسینؑ کے اصلی نام لیوا کہلاؤ۔

دیکھو آج ہمارے افعال پر، خلافِ شریعت اعمال پر، ہماری غفلت ولاپروائی پر اور پھر ہمارے حسینی کہلانے پر دوسری قومیں کیا کیا مضحکے اڑاتی ہیں اور ہمارے پیشوایانِ دین ہمارے مظلوم آقا، جانِ اسلام اور جانِ رسولؐ پر ہمارے اعمال و افعال کی وجہ سے اعتراض کی زبانیں کھولتے ہیں بھائیو خدا کے واسطے غور کرو کہ جب ہم حسینؑ مظلوم کے غلام اور نام لیوا کہلاتے ہوں تو اس مظلوم کو تو اپنی نسبت سے شرمندہ نہ کریں ہماری حالتیں اور ہماری مجلسیں، ہماری عزاداریاں بلاشک بہت کچھ اصلاح اور درستی کے قابل ہیں۔ ہم کو لازم اور ضروری ہے کہ حسینی مقصد کے ساتھ انکی اصلاح اور درستی کریں اور ہمارا فرض ہے کہ حسینؑ کی عملی تعلیم کو اور اس عظیم الشان جلیل القدر بیمثال دردناک حق و صداقت کی یادگار کو انتہائی فروغ و شیوع پر پہنچائیں اور ان عزائے حسینی کی یادگاروں کو تبلیغ و تنظیم حسینی کے اصلی اور سچے ذریعے اور نمونے بنا کر حسینی مشن کو پورا کریں۔ دُنیا کے لوگ حسینی نمونوں

Marfat.com

کو دیکھیں اور حسینؑ کی صداقت و حقانیت کے گرویدہ ہو کر دینِ محمدی اور اسلام الٰہی کی جانب آئیں اور مشکلیں راسخ الاعتقاد بن جائیں۔

نیز ہم اپنے کل برادران ملت اسلامی اور اپنے جملہ پیارے مسلمان بھائیوں رسولِ کریمؐ کے کلمہ گویوں کی خدمت میں عموماً اور اپنی قوم کے مایۂ فخر و ناز قابلِ احترام ان بزرگ ہستیوں کی خدمت میں خصوصاً جو کہ اس زمانہ میں مسلمانوں کے مسلمہ لیڈر اور قوم کے سربرآوردہ قابلِ فخر سردار تسلیم کیے جا چکے ہیں اور کیے جا رہے ہیں اور واقعی جن کے دل قومی احساس اور درد اسلامی سے بے چین و بے قرار ہیں اور جو حسینؑ کی شخصیت اسلامی اور ان کے اس عظیم الشان کارنامے، بے مثل خدمت اسلامی اور احیائے ملت و دین کے اس بے نظیر واقعہ سے بخوبی واقف اور معترف ہیں بہ ادب کچھ گزارش کرنا بھی مناسب سمجھتے ہیں۔

ہمارا روئے سخن ان نام نہاد مسلمانوں سے نہیں ہے جو درحقیقت رسولؐ اور آلِ رسولؐ کے مخالف اور حسینؑ کے دشمن ہیں اور جو بیشک بنی امیہ کے غلام بے دام امیر معاویہ اور یزید کے حلقہ بگوش خادم ہیں جن کا مقصد زندگی صرف اسلام میں تفرقہ ڈالنا ہے اور امیر معاویہ کے اسی پروپیگنڈا اور سنت بنی امیہ کے مطابق صرف علیؑ و آلِ علیؑ اہلبیت اطہار و ذریت رسول کو برا بھلا کہنا۔ گالیاں[1] دینا ہی جن کا شعار ہے ہم تو صرف انہی پیارے مسلمان بھائیوں اور نیک نہاد انصاف پسند لیڈران قوم سے جو حسینؑ کی قدر کرنے والے اور حسینؑ سے

---

[1] ملاحظہ ہو رسولِ کریم کی حدیث من سب علیا فقد سبنی ومن سبنی فقد سب اللہ ومن سب اللہ ادخلہ النار ولہ عذاب مہین۔ یعنی رسول اللہؐ نے فرمایا جس نے علیؑ کی سب کی، جس نے علیؑ کو گالی دی اس نے مجھے گالی دی جس نے مجھے گالی دی اس نے خدا کو گالی دی اور جس نے خدا کو گالی دی اور خدا کی سب کی اس کو خدا جہنم میں ڈالے گا اور اس کے لیے سخت اہانت والا عذاب ہے۔

(اخرجہ دیلمی واحمد نسائی والحاکم ارجح المطالب مولانا عبداللہ امرتسری ص۵۱۶ ینابیع المودہ ص۱۸۲)

Marfat.com

محبّت کا دم بھرنے والے حسینؑ کے بے مثل کارناموں کو سراہنے والے ہیں التماس کرتے ہیں کہ آپ حضرات نے بلاشک اپنے پیارے نبیؐ کے پیارے نواسے حسینؑ مظلوم کی قدسی شخصیت اور شان کو سمجھا اور سمجھتے ہیں اور حسینؑ کے اس عظیم الشان کارنامے اور احیائے ملّت و قوم کو محبت کی نگاہ اور قدر و منزلت کی نظر سے پرکھا اور پرکھتے ہیں کہ حسینؑ نے ہی اسلام کو دوبارہ زندہ کیا۔ حسینؑ نے ہی مسلمانوں میں حریّت و مساوات کی روح کو دوبارہ تازہ کیا اور حسینؑ نے ہی اپنے آپ کو مٹا کر اسلام پر اپنی پاک قربانی چڑھا کر ایثارِ کامل اور انتہائی صبر و ثابت قدمی کے جوہر دکھلائے اور قوم و ملّت کے زندہ کرنے کیلئے صداقت و حقانیت پر مر جانے کا پہلا مثالیہ حسینؑ نے ہی قائم فرمایا۔ ظلم و جور اور استبداد کو بیخ و بُن سے اکھاڑا۔ حریّتِ اسلامی کی پہلی کانفرنس حسینؑ نے ہی کربلا کے چٹیل میدان میں قائم فرمائی۔ احیائے اسلام اور حریّتِ قومی کے ریزولیوشن پاس کیے ظلم و جور کو مٹانے اور سچائی و صداقت پر مر جانے کے پروگرام بنائے اور حسینؑ نے ہی ظالمانہ و جابرانہ نفس پرست بے دین حکومتوں کے خلاف سچائی اور صداقت سے ووٹ آف سنسر (Vote of Censor) پاس کرنے کے اصول بتائے ؎

سرِ پیشِ حکومت خم نہ کیا جو منہ سے کہا وہ کر گزرا
ایسا انساں کامل تھا اسلام ترے انسانوں میں (ساغرؔ)

قتلِ حسینؑ اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد (مولانا محمد علی)

اِسی لیے حسینؑ کے اس لاجواب مثالیہ کو، ان لاثانی کارناموں کو اور ان بے نظیر خدماتِ اسلامی و قومی کو ہمارے ہمدرد نیک نہاد لیڈرانِ قوم ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور سچی محبت سے سراہتے ہوئے اپنی مردہ قوم کو زندہ کرنے اور اس میں روحِ احساس پیدا کرنے کیلئے ہمیشہ سچے جوش ہمدردی کے ساتھ اپنی قومی تقریروں اور لیکچروں میں یاد دلایا کرتے اور پیش فرمایا کرتے ہیں اور واقعی ہر ایک ایسے عظیم الشان واقعہ کا ذکر اور ہر ایک ایسے

Marfat.com

مصلح و ریفارمر قوم و ملک کی یاد کہ جس نے سچائی کے فرض اور حق کی خدمت کو قوم کی بہبود کے لیے ادا کیا ہو اور اصلاح ملک و قوم میں بلا خوف و خطر ہر ایک مصیبت اور کلفت کو راحت سمجھا ہو سچائی اور حق کی حمایت میں تلواروں کے زخموں کو پھولوں کے ہار جانتا ہو گلے کے طوق اور پاؤں کی بیڑیوں کو قوم کی رہائی اور دین کی حمایت کا سبب سمجھ کر پھولوں کی بدھیاں خیال کرتا ہو ایسے مصلحانِ قوم و ملت اور ریفارمرانِ ملک کی یاد و ذکر کو اور ان کی یادگاروں کو قائم و برقرار رکھنا نہ صرف اُن کے ہی اعزاز و احترام کے لیے بلکہ موجودہ اور آئندہ قوموں اور آنے والی نسلوں کے زندہ کرنے اور ان میں احساس قومی پیدا کرنے کیلئے ضروری اور لازمی سمجھا گیا ہے جو ہر ایک قوم و ملک کا بدیہی مسلمہ اصول ہے۔

اور اسی زرین اصول کی بنیاد پر مصلحانِ قوم اور ریفارمرانِ ملک و ملت کی یادگاروں کو قائم کیا گیا ہے اور قائم کیا جاتا ہے۔ ظالم و جابر حاکموں کے ظلم و تشدد کو نفرت سے دیکھنے اور قوم و ملک پر جان دینے والے مظلوموں کی مظلومیت کی یاد تازہ رکھنے کیلئے ماتمی جلسے اور برسیاں منائی جاتی ہیں۔ معمولی سے معمولی ریفارمر اور مصلح قوم کی معمولی موت پر بڑے بڑے غمناک مظاہرے کیے جاتے ہیں اور ہمارے مسلمان بھائی لیڈرانِ قوم سچی عقیدت اور جوشِ قومی و ہمدردی سے کاندھے دیتے۔ سر و پا برہنہ نوحہ خوانیاں کرتے اور ماتم داری کی رسموں کو ادا فرماتے ہیں اور اس عمل کو نہایت مستحسن سمجھا جاتا ہے لیکن حسینؑ جیسے بزرگ و مقدس اور حسینؑ جیسے مصلح و ریفارمر اعظم کی یاد کو تازہ کرنے کیلئے جو صدق و صفا کا مجسمہ اور ہدایت و رہبری کا پتلا ہے اور ریفارم و اصلاح اسلامی کا بانی اور اپنے پیارے نانا کا حقیقی مبلغ ہے اور جس کے کارنامے خدمات اسلامی اور لیڈرانِ قوم کے نزدیک محبوب اور پسندیدہ ہیں اور جس نے صرف اپنی ہی قوم کو زندہ کرنے کیلئے ہی نہیں بلکہ دوسری قوموں کو بھی اپنے مثالیہ سے ہدایت و رہبری پانے اور زندہ رہنے اور قومی احساس پیدا کرنے کے سبق پڑھا دیے ہیں تو تعجب اور نہایت ہی تعجب ہے کہ نہ تو اس کے لیے

کوئی عظیم الشان یادگار قائم کی جائے اور نہ حسینؑ جیسے بے مثال ریفارمر کی برسیاں منائی جائیں اور نہ اس کی مجلسیں برپا کی جائیں نہ ماتمی جلوس نکالے جائیں اور نہ اس کے دردناک واقعہ کی یاد کیلئے قوم و ملک کے زندہ کرنے کو اور احساس ملی پیدا کرنے کو غم و الم کے مظاہرے کیے جائیں بلکہ الٹا خادمانِ یزید، نام کے مسلمان، غریب عام مسلمانوں میں تفرقہ اندازی کے لیے امیر معاویہ کی چال بازیوں کے مطابق اپنی دھوکا بازی کی ٹٹیاں کھڑی کر کے حسینؑ کی یاد کو مٹانے اور اسلام کو برباد کرنے کیلئے کمربستہ ہوں۔ بس یہ وہی امیر معاویہ کا پروپیگنڈا ہے کہ جس پر معاویہ شاہی گروہ اور پیروانِ یزید عمل پیرا ہو کر حسینؑ جیسی پاک و معصوم ذات پر دریدہ دہنی کرتے اور زبان اعتراض کھول کر بیچارے ناواقف مسلمانوں کو دھوکا دیتے چلے آرہے ہیں۔

کیا دنیا کا کوئی ملک، کوئی قوم کسی اپنے ایسے ہادی و رہبر اور اپنے کسی ایسے لیڈر و ریفارمر کو حسینؑ کے مقابلہ میں پیش کر سکتا ہے کہ جس نے حسینؑ کی طرح حق و صداقت کے لیے انتہائی ظلم و جور کی سختیوں کو خوشی کے ساتھ صبر و استقلال اور ثابت قدمی سے اٹھایا ہو اور ملک و قوم کو سچی ہدایت فرمانے کے لیے حسینؑ کی طرح سر دیا ہو اور گھر بار لٹایا ہو سخت سے سخت مصیبتیں جھیل کر تکلیفیں اٹھا کر قومی درد اور دینی احساس پیدا کرنے کے لیے ایسے لاثانی مثالیے قائم کیے ہوں۔ ہرگز نہیں۔ ہرگز نہیں ؎

بس تنگ نہ کر ناصحِ ناداں مجھے اتنا ۔۔۔ یا چل کے دکھا دے دہن ایسا کمر ایسی

کیوں انصاف پسند دوستو! ہمارے پیارے مسلمان بھائیو! کیا ہم سب مسلمان بھائیوں کا خواہ ہم کوئی عقیدہ رکھتے ہوں فرض نہیں ہے کہ ہم سب اکٹھے ہو کر اپنے ایسے عظیم الشان محسن، ہادی و رہبر لیڈر اور ریفارمر کی درد بھری داستان کا ذکر اور مظلومی کی یاد کو ہمیشہ زندہ اور برقرار رکھیں اور اس کی غمناک یادگاروں کو قائم کریں۔ اس کی ماتم داری اور عزا کے جلسوں کو انتہائی جوش اور پوری کوشش سے ہمیشہ زندہ رکھیں اور اس کی

Marfat.com

اندوہناک برسیاں مناتے اور تعزیتی مجلسیں برپا کرتے ہیں اس کے حق و صداقت کے کارناموں اور اسکی مظلومی و مصیبت کی داستانوں کو سنتے اور سناتے رہیں۔ ماتمی جلوس نکالے جائیں اور ہر قسم کے غم والم کے مظاہرے قائم کرکے اس کی اس عظیم الشان یاد کو تازہ اور زندہ رکھیں جو یقینی خوشنودی خدا اور رضائے رسولِ الٰہیؐ کا موجب بھی ہے اور جو بلاشک قوم میں زندگی کی روح اور اصلی احساس، حریت و مساوات اسلامی پیدا کرنے اور ظلم وجور جھوٹ اور باطل کے مقابلہ میں ثابت قدمی سکھلانے اور حق و صداقت کے سبق پڑھانے اور حفاظت و حمایت دین کی تعلیم و تدریس کیلئے بھی بہترین ذریعہ اور اعلےٰ ترین مدرسہ یہی ہے

ہم نہیں سمجھ سکتے کہ اس محسنِ اسلام کی غمناک یادگار کو قائم و زندہ کرنے کے بجائے ہم کیونکر اس کے تعزیتی جلسوں کو اور اس کے ماتمی جلوسوں کو اور ان میں شامل ہونے کو اور اسکی مظلومی کی یاد دلانے والے غم والم کے مظاہروں کو دیکھنے اور ان میں شریک ہونے کو کفر و بدعت بتائیں اور سوانگ وغیرہ حقارت آمیز ناپاک الفاظ کہہ کر حسینؑ مظلوم کی توہین و تحقیر کرنا مباح و جائز سمجھیں اور حسینؑ کی یاد مٹانے اور بند کرنے کی ہدایت و تلقین کریں حالانکہ ان حسینی یادگاروں اور ان ماتمی مظاہروں کا ہی اثر اور نتیجہ ہے کہ آج تیرہ سو برس گزر جانے پر بھی حسینؑ کی یاد اسی طرح تازہ اور باقی ہے اور حق و صداقت کی آواز اسی طرح گونج رہی ہے جیسے ۶۰ سنہ ہجری میں گونجتی تھی اور بنی امیہ کے مظالم اور ان کے جور و تشدد اور بے دینی کو روشن کرتی تھی اور جس کو آج قوم میں احساس پیدا کرنے اور سچائی اور قومی ہمدردی پر مرجانے اور ظالموں کے ظلم و جور سے نفرت دلانے کے لیے ہمارے لیڈرانِ قوم حسینؑ کے مثالیہ کو پیش کیے بغیر نہیں رہ سکتے۔ بیشک ؎

تارہا از زخمہ اش لرزاں ہنوز  تازہ از تکبیر او ایماں بود (اقبال)

پس اے ہمارے انصاف پسند بزرگو! اے مسلمان بھائیو! اور اے لیڈرانِ قوم و سربرآوردگان ملت حضرات! بمفحوائے کلام ربانی واعتصموا بحبل اللّٰہ جمیعا

Marfat.com

حسینؑ کی ذات جو واقعی سب مسلمانوں کے لیے یکساں پیاری اور یکساں محبوب ہے اور واقعی جو خدائے جلیل کی توحید اور اس کے اسلام کی مضبوط رسّی ہے (قرآن اور اہلبیت محمدی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہیں) ہمارا فرض ہے کہ ہم سب مسلمان محبت حسینؑ کی رسّی کو مضبوط پکڑ کر اتحاد و اتفاق کے ساتھ حسینؑ کی اس عظیم الشان اسلامی یادگار کو جو ہمارے لیے اور ہماری آئندہ نسلوں کے لیے دین و دنیا کے فوائد کا ذریعہ اور قوم کے زندہ رہنے کا بہترین وسیلہ ہے قائم و برقرار رکھیں اور اس کی اشاعت و تبلیغ میں انتہائی کوشش کریں اور اس حسینی مشن کے ذریعہ سے جس سے زیادہ بہتر اور پراثر کوئی ذریعہ نہیں ہو سکتا۔ اسلام کے زرّیں اصول احیائے قوم و ملّت اور اتفاق و اتحاد باہمی کو قائم اور مضبوط کریں۔

وما علینا الا البلاغ والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

Marfat.com

# خاتمۂ کتاب

للہ الحمد ٹھکانے لگی محنت میری
طے ہوئی آج کی منزل پہ مسافت میری

خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ وہ عظیم کام جسکی انجام دہی کیلئے میں کسی طرح بھی اپنے آپکو قابل و لائق نہیں سمجھتا تھا آج تکمیل کو پہنچا یہ محض اسی رب العزت، واہب العطایا خالق ارض و سما حسینؑ کے پیارے رب کی تائید اور خدا کے عاشق صادق، میرے مظلوم آقا حسینؑ کی روحانی نصرت و امداد کا نتیجہ ہے کہ مجھ جیسے ایک جاہل و ناقابل ضعیف و کمزور مبتلائے دنیا ہستی نے اپنی بساط کے موافق جگہ جگہ کے گلزاروں سے کانٹوں کو ہٹا کر ریاض محمدی و گلشن مرتضوی کے سدا بہار پھولوں کو چنا اور اس گلدستۂ حسینی کو اپنے پیارے رسول مقبول نبی عربی حسینؑ کے پیارے نانا کی سرکار میں شہنشاہ دین و دنیا کے دربار میں محبت و اخلاص کا تحفہ پیش کرنے کے لیے سجایا۔

یہ گدائے بے نوا، درِ محمدی کا درویش دلریش محبوب الٰہی کے دربار میں رحمۃ للعالمین کی سرکار میں بصد عجز و نیاز اس حسینی گلدستہ کو پیش کر کے عرض کرتا ہے۔ اے عرب کے داتا! دنیا کے شہنشاہ! اے یثرب کے والی! بطحا کے مالک! غریبوں کے ماوا! فقیروں کے ملجا! خدا کے پیارے! مدینہ والے! حسینؑ کے عاشق! ہمارے مولا! ہمارے آقا! یہ حضور کا حقیر و ناچیز غلام بھی بس اُسی نادار و مفلس غریب و محتاج بڑھیا کی طرح جو ایک سُوت کی انٹی لیکر خریداری حضرت یوسف کیلئے نکلی تھی۔ یہ اپنا حقیر و ناچیز تحفہ جو حضور ہی کے پھولوں کا گلدستہ ہے محبت و اخلاص بھرے دل سے دربارِ رسالت میں پیش کرتا ہے اور عرض کرتا ہے مولا بچشم آستیں بر دار و گوہر را تماشا کن۔

اپنے پیارے حسینؑ، شہید آلِ محمدؐ کے صدقہ سے اِس حقیر نذر کو قبولیت کا شرف

Marfat.com

عطا فرمایئے ؂

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

میرے داتا میرے مولا! تیرے حسینؑ کا صدقہ مانگتا ہوں اور تیری پیاری بیٹی فاطمۃ الزہراؑ کا واسطہ دیتا ہوں اور یہی تمنا اور یہی آرزو رکھتا ہوں کہ اس گلدستۂ حسینیہ کے سدا بہار پھولوں کی مہک ہمیشہ ہمیشہ دنیا کی محفلوں میں تیرے پیارے حسینؑ کی صداقت و حقانیت کے چمن لگائے اور ہدایت و رہبری کے پھول کھلائے اور یہ ناچیز خدمت بارگاہ قدس میں مقبول و منظور ہو کر یہ گنہگار عاصی حضور کے پیارے جانی حسینؑ مظلوم کے ادنیٰ ترین غلاموں میں شمار فرمالیا جائے اور ہم سب اے مولا! اے آقا! جو حضور کے گھر کے غلام اور حسینؑ کے نام لیوا کہلاتے ہیں تعلیم حسینی کی عملی صورت اختیار کر کے سچے مسلم اور حسینؑ کے حقیقی پیرو بنکر حسینؑ کے اصلی غلاموں کا نمونہ دنیا کو دکھلادیں ؎ ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد بحق النبیؐ وآلہ الطاہرین علیہم السلام۔

اب بمقتضائے حدیث شریف رسولِ کریمؐ من لم یشکر الناس فلم یشکر اللہ میں یہ بھی اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ ان مکرم و محترم بزرگوں کا بھی شکریہ ضرور عرض کروں کہ جن حضرات نے میری ہمت افزائی فرمائی اور وقتاً فوقتاً اس عظیم الشان کام کی ترتیب و تکمیل میں قریب و دور سے اپنی امداد فرمائی سے میرا ہاتھ بٹایا اور میرے بوجھ کو ہلکا کیا۔

میرے استاذ معظم اجل الاعظم سیدی و سندی حضرت قدسی منزلت سرکار شریعت مدار فخر العلماء مولانا و مقتدانا مولوی سید محمد سبطین قبلہ دام ظلہم العالی لازالت شموس افاداتہم پروفیسر گورنمنٹ کالج لدھیانہ (پنجاب) کا میں خاص طور پر شکر گزار اور احسان مند ہوں جن کے فیضِ تعلیم سے میں اکثر بہرہ یاب ہوتا رہا ہوں اور جن کی ہمت افزائی نے مجھے اس خدمت کے لیے آمادہ کیا ایسا ہی میں اپنے مخدوم و محترم جناب جلالت مآب شریعت انتساب مولانا المعظم مولوی خواجہ ظفر حسن صاحب انصاری پروفیسر مہندر کالج پٹیالہ ادام اللہ برکاتہم و اجلالہم کی

Marfat.com

زحمت فرمائی کا نہایت شکر گزار ہوں کہ جناب ممدوح نے اپنی اس خاص مخلصانہ محبت و شفقت سے جو ہمیشہ مجھ پر فرماتے رہے ہیں میرے بعض ترجموں کو ملاحظہ فرما کر وقتاً فوقتاً میری امداد فرمائی اور میرے اس کام کو ہلکا کیا۔

خدائے جلیل ان ہر دو بزرگواروں کو اجرِ جمیل کرامت فرمائے اور دین و دنیا کی برکات عطا کرے اور ہمارے سروں پر سلامت رکھے بحق النبی وآلہ الامجاد علیہم السلام۔

نیز میں اپنے معظم و محترم بزرگ جناب میر عطا حسین صاحب قبلہ (پینشنر اسسٹنٹ فائنشل منسٹر ریاست پٹیالہ) و نیز میں اپنے پیارے بھتیجے خلیفہ سید محمد اسلم صاحب بی اے علیگ فرزند جناب اخی المعظم مولوی خلیفہ سید محمد قاسم مرحوم و مغفور کا بھی نہایت ہی شکر گزار ہوں کہ ان حضرات نے بعض انگریزی مضامین اور مطالب متعلقہ کو انگریزی کتابوں اور تاریخوں سے بہم پہنچانے اور اُن کے ترجمے سے میری امداد فرمائی۔ خدا ان حضرات کو اپنے فیضِ عمیم سے عمر و دولت عطا فرمائے اور انکی سعی سرکارِ حسینی میں مشکور ہو۔

اب میں اپنے ان سب قدیمی عنایت فرما احباب و اعزّہ کا شکریہ بھی ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جن حضرات نے ازراہِ کرم و عنایت میرے مسودات کو بار بار صاف فرمانے کی اور مقابلہ و تصحیح کی زحمت کو گوارا فرمایا اور اپنا وقت عزیز اس خدمتِ حسینی میں صرف کیا۔ اپنے کاموں کا ہرج کیا اور اس خدمت حسینی کو مقدم سمجھا اور مجھے ممنون منت بنایا بالخصوص میرے بزرگ محترم برادر مکرم حکیم سید عون محمد صاحب رضوی سامانوی اور بھائی سید مراتب علی صاحب و عزیز مکرم ماسٹر محمد نذیر صاحب جو زیادہ تر حصہ لیتے رہے ہیں خدائے جلیل ان سب میرے کرم فرما حضرات کی سعی کو مشکور فرمائے اور اجرِ جمیل عنایت کرے۔

اور نیز جملہ ناظرین و مومنین و مسلمین کو دین و دُنیا میں آبادانی و رضائے خدا و رضائے محمدؐ و آلِ محمدؐ عنایت ہو۔

اب میں اپنے حضرات ناظرین باتمکین کی خدمات زاکیات میں بصد ادب دست بستہ ملتمس ہوں کہ میری استعداد علمی کچھ زیادہ نہیں ہے۔ میں ایک بہت ہی معمولی لکھا پڑھا انسان ہوں نہ مجھے علمی لیاقت کا دعوےٰ ہے اور نہ اہل زبان ہونے کا ادعا۔ اردو دانی کے لحاظ سے بھی میں پنجاب کے ایک چھوٹے سے بہت قدیمی پرانے قصبہ سامانہ ریاست پٹیالہ کا رہنے والا ہوں اور ہمیشہ سے میری بود و باش اور سکونت شہر پٹیالہ پنجاب میں ہی رہی ہے جہاں عموماً پنجابی زبان ہی بولی جاتی ہے۔ مجھے کبھی حضرات اہل زبان کا شرف صحبت بھی حاصل نہیں ہوا۔ پس حضرات علمائے عالی مرتبت اور صاحبان علم و فہم ماہرانِ زبانِ اردو کی شفقت و کرم سے مجھے کامل امید ہے کہ الحق زعمہ کلام الناس کے اصول کے مطابق اگر کوئی علمی لغزش یا زبان و محاورۂ اردو کے متعلق کسی غلط استعمال کی فرو گذاشت پائیں گے تو اس خاکسار ہیچمدان کو معاف فرمائیں گے اور عنداللہ ماجور و مثاب ہوں گے۔ والسلام مع الاکرام۔

---

خاکسار
ہیچمدان بندۂ آثم
محمد ہاشم

یکم جون ۱۹۲۶ء ، ۲۰ ذیقعدہ ۱۳۴۴ھ
پٹیالہ

Marfat.com

# تقریظ

## از قلم صداقت رقم جناب جلالتمآب صدر المحققین تاج المتکلمین شریعتمدار راس العلماء العظام عمدۃ الفضلاء الکرام مولانا مقتداءنا

## مولوی سید محمد سلطین صاحب قبلہ

پروفیسر عربی، گورنمنٹ کالج لدھیانہ پنجاب مدظلہم العالی

"ناموسِ اسلام" یا "شانِ اسلام" ایک جدید تصنیف نہیں ہے جس کے مصنف محترم فضائل مآب فواضل نصاب سیادت انتساب جناب خلیفہ سید محمد ہاشم صاحب زید فضلہ ہیں میں نے اس کتاب کا قریباً بہت کچھ حصہ حرف بحرف حتی الامکان بغور تمام سنا اور ہر مقام پر جو کچھ کہنا تھا کہتا گیا۔

اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ نام کے ساتھ اس کا مضمون بھی باوجود مشہور ہوتے کے بالکل جدید اور تازہ ہے۔ امام حسین علیہ السلام کے متعلق ہر زبان میں تصنیفات کا ذخیرہ موجود ہے اور زبان اردو اس دولت سے مالامال ہے ہر سال بلکہ ہر ماہ کچھ نہ کچھ اس عنوان پر لکھا اور طبع کیا جاتا ہے۔ پھر بھی جو کچھ اس کتاب میں لکھا گیا ہے وہ بالکل اچھوتا ہے۔ یہ امام حسینؑ کی تاریخ نہیں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے بلکہ تاریخی واقعات کے ضمن میں حسینی شان دکھائی گئی ہے اور اس خوبی سے دکھائی گئی ہے کہ ہر صفحہ بلکہ ہر فقرہ اور ہر جملہ میں مصنف کے انتہائی جوش عقیدت کے ساتھ ساتھ شانِ حسینؑ روحانیت حسینؑ، نورانیتِ حسینؑ صاف نمایاں نظر آتی ہے اور ہر سطر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مصنف موصوف محبتِ حسینؑ میں غرق اور حسن عقیدت میں شرابور ہے۔ اسی ضمن میں اس واقعۂ شہادت کے متعلق اور بعض عقائد اہلِ حق کی نسبت بعض ملاحدۂ اسلام

Marfat.com

کی ابلہ فریب روباہ بازیوں کی قلعی کھولی گئی ہے اور شبہات کا مکمل محقق دندان شکن جواب دیا گیا ہے اور یقیناً اس صورت میں قوم کی ایک بڑی کمی کو پورا کیا گیا ہے جس کی اشد ضرورت تھی اور اسی خصوصیت سے کتاب نے خاص تجارت حاصل کر لی ہے۔

گو یہ مصنف کی سب سے پہلی تصنیف ہے اور اس سے پیشتر شاید کبھی کوئی مضمون یا آرٹیکل بھی نہیں لکھا لیکن جو ہر قابل خواہ کتنے عرصہ تک بیکار پڑا رہے عالم میں آشکار اور نمایاں نہ ہو اس کا ذاتی کمال مفقود نہیں ہو سکتا۔ مال و دولت کی طرح صفات میں بھی توارث مسلم ہے۔ وزیر الدولہ خلیفہ سید محمد حسن اعلی اللہ مقامہٗ کا برادرزادہ اور جناب زین العلماء خلیفہ سید محمد کاظم مرحوم و مغفور قدس سرہٗ کا فرزند ارجمند کیونکر جوہر اسلاف سے عاری اور خالی ہو سکتا تھا۔ پہلی تصنیف میں دکھا دیا کہ ہم بزرگوں کی مٹی ہوئی یادگار ہیں اور خاک میں ملے ہوئے ——— ذروں کی طرح اب بھی اصلی چمک دمک دکھا رہے ہیں۔

خدا کرے کہ یہ کتاب اہل ایمان و اسلام میں مقبول اور بارگاہ حسینی میں منظور ثابت ہو۔ اس کا دوسرا حصہ زیر تصنیف ہے ناظرین منتظر رہیں۔ والسلام خیر ختام

احقر الدارین سید محمد سبطین سرسوی

پروفیسر گورنمنٹ کالج لدھیانہ

# تقریظ

از خامۂ محبت شمامہ جناب فضائل و محامد انتساب سرکار شریعت مآب اجل الاکرم حجۃ العلماء الاعظام

## مولانا مولوی خواجہ ظفر حسن صاحب

پروفیسر مہندر کالج ریاست پٹیالہ دام ظلہم العالی

جناب مستطاب سیادت انتساب سعادت مآب مکرمی خلیفہ سید محمد ہاشم صاحب زاد فضلہ

کے خلوص قلب وجوش عقیدت وکمال اسلامی کا یہ کتاب "ناموس اسلام یا شان حسینؑ" ایک آئینہ ہے۔ میں نے اس کتاب کے اکثر وبیشتر مقامات کو غور سے دیکھا ہے۔ واقعاً یہ کتاب اگرچہ اپنے موضوع میں پہلی کتاب نہیں ہے کیونکہ بہت سے حضرات نے اس مضمون کو اپنے اپنے قلم سے اپنی اپنی زبان میں لکھا ہے اور لکھتے رہتے ہیں لیکن اس بحث محبوب میں میں نے آج تک اس عنوان سے کوئی تالیف وتصنیف نہیں دیکھی اس لیے میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ کتاب واقعات مخصوصہ بنات اقدس سردار جوانانِ بہشت سبط اصغر رسول کبریا آقائی وسیدی وسید الثقلین امام الکونین حضرت ابی عبداللہ الحسین علیہ صلوٰۃ رب المشرقین پہلی تصنیف ہے اور یہ خصوصیت صرف کتاب موصوف میں دیکھی کہ باوجود تاریخی کتاب ہونے کے دلچسپ بھی ہے اور جملہ واقعات کو کتب فریقین سے حوالہ دیکر اس خوش اسلوبی سے تحریر فرمایا ہے کہ آج تک کسی بزرگ مولف نے اس طرز کو اختیار نہیں فرمایا۔ یہ اس با اخلاق ستودۂ صفات مولف کا پہلا شرف ہے کہ کوئی مضمون طبع زاد نہیں اور تاہم مثل دیگر کتب تاریخ کے خشک اور پھیکی تالیف نہیں جیسے کہ اس مضمون کی تالیفات بالعموم اس صفت سے عاری ہیں۔ غرض میں تو اس تالیف مبارک کو بے حد پسند کرتا ہوں اور خدا سے دعا کرتا ہوں کہ تمام مسلمان اس سے نفع حاصل کریں اور شمع ایزدی کے نور و آفتاب امامت کی شعاعوں سے تمام عالم مستفیض و منور ہو۔

اذل الزمن عبدالباری

خواجہ ظفر حسن انصاری

---

Marfat.com

# قطعۂ تاریخ

تالیف و تصنیف کتاب ہذا از جناب سلالۃ الاطیاب مخدوم و محترم شاعر شیریں مقال
ناظمِ نازک خیال قدسی زبان فصیح اللسان میر علمدار حسین صاحب بنوڑی زاد مجدہم العالی

امیہ کو ہاشم سے تھی جو عداوت — وہ اظہر من الشمس ہے طشت از بام
ابو سفیاں کے ہاتھ سے ظلم و سختی — اٹھاتے رہے تھے رسولؐ ذوالاکرام
اور اس کے پسر نے علیؑ کو ستایا — حسنؑ کو دیے زہر کے جام پر جام
نہ اس دشمنی کا تسلسل تھا ٹوٹا — کہ آ پہنچا دورِ یزیدِ بد انجام
اب و جد کی سنت پہ عامل ہوا وہ — علم کی حسین ستم کش پہ صمصام
حسینؑ عاشق و محسنِ قوم و ملت — علیؑ کا جگر اور نبیؐ کا دلِ آرام
کیا دین خود کلمہ گویوں نے رسوا — مسلمان ثابت ہوئے ننگِ اسلام
جو ہوتی حیا تو دکھاتے نہ منہ پھر — نہ لیتے کبھی اپنے کرتوت کا نام
یہ بے غیرتی کا برا ہو کہ الٹا — دیا کرتے ہیں محسنِ دیں کو الزام
یہ وہ واقعہ ہے کہ تاریخِ عالم — مثال ایسی ہے پیش کرنے میں ناکام
ضرورت بڑی تھی کہ کوئی حق آگاہ — کرے مستند واقعات اس کے ارقام
سو الحمد للہ کہ ناموسِ اسلام — ہوئی حسبِ دلخواہ ختم و سرانجام
الٰہی بحق شہِ ہر دو عالم — عطا کر مصنف کو تو اس کا انعام
نہیں گو یہ تصنیف مافوقِ عادت — نہ ہے یہ علمدار گو وحی و الہام

یہ کہتا ہوں بے دین کا سر اڑا کر
چراغِ ہدایت ہے ناموسِ اسلام
۱۹۲۶ء

Marfat.com

# ایضاً

## من جنابہ السامی

دے گئی سچ کو آنا کانی    حد سے گزری تلخ بیانی
پہلی صدی کی بدعنوانی    کرتی رہی تجدیدِ عداوت

جاری تھی قلمی سفاکی    شوخی گستاخی بیباکی
دل پر چوٹ پہ چوٹ لگا کی    کوہ کو بھی آخر ہوئی حرکت

ایک بزرگ مقدس ہستی    خوگرہ دعادی خودپرستی
دیکھے یہ اخلاقی پستی    اٹھے باندھ کے کمرِ ہمت

راحت و آسائش کو چھوڑا    منہ آرام و سکوں سے موڑا
وضع قدیم سے رشتہ توڑا    نکلے چھوڑ کے گوشۂ عزلت

سرورِ ریاضِ محمد کاظم    عابد، زاہد، مومن مسلم
یعنی میر محمد ہاشم    کنزِ لیاقت گنجِ سعادت

خیرِ مجسم و پیرو اسلاف    اکرم سادات عز اخلاف
فیض رسان و محسن اشراف    اٹھے کرنے قوم کی خدمت

دیں وہ ہوئے جیتے چڑھائی    یا اسلام کی سنتے برائی
دل آزاروں کی تلخ نوائی    سُن نہ سکی بس انکی غیرت

تاریخوں کو دیکھا بھالا    معتقدات کو بھی پڑتالا
نقلِ حدیث، کتاب رسالا    دیکھ گئے با غور و بصیرت

سب کے عقیدے جانچے تولے    بے دینوں کے پتر کھولے
جادو وہ سر چڑھ کے جو بولے    راوی ظلم ہیں اہلِ ضلالت

حق نہیں چھپتا کبھی چھپائے    باتیں کوئی لاکھ بنائے
گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے    جرم کی لی مجرم سے شہادت

دیکھ کے ان کا کچا چٹھا    سفاکوں کا بھانڈا پھوڑا
تسمہ ایک لگا نہیں رکھا    صاف ہے ثابت جورِ حکومت

مژدہ اے یارانِ خوش ایام    کھل گئی ناموسِ اسلام
سیکھ لے اس سے او دلِ بدنام    عشق و محبت نفس کی عزت

جس کیلئے تھی روح تڑپتی    جس شے کو تھی طبع ترستی
آنکھیں جس کی راہ تھیں تکتی    فضل میں آئی بعدِ قوت

شکر یہ نسخہ ہوا مہیا    دفترِ ظلم بنی امیہ
ہیں اسکے اسباب مہیا    فتح یزید اسرار شہادت

بے کم و کاست ہے سالِ اتمام    اس مصرع میں علمدار اقام
اے زہے سعی مصنف علام    اصلاً ہے یہ حق کی دعوت

سنہ ۱۳۴۴ھ

Marfat.com

# قطعۂ تاریخ

تالیف کتاب ہذا از جناب شاعر رنگیں کلام الملقب بہ ضیاء الاسلام مکرم و محترم ڈاکٹر حاجی سید زیرک حسین صاحب رضی کربلائی کاتب کتاب ہذا زید فضلہ

ہاشم خوش مقال نے جس دم — لکھے حالات سید الشہدا
نیز جو کچھ بنی امیہ نے — ظلم و جور آلِ مصطفٰے پہ کیا
لکھ کے دکھلا دی ساری دنیا کو — شانِ صبر و شکیب آلِ عبا
آئی ہاتف کی غیب سے آواز — مرحبا اے محبِ شاہِ ہدا
جتنے مقتل ہیں اور تاریخیں — سب سے شان اس کتاب کی ہے جُدا
تو کتابوں کا لکھ کے لبِ لباب — بھر دیا ایک کوزے میں دریا
اُسے ہو جس کے پاس شانِ حسینؑ — نہیں درکار دوسرا نسخا
بلکہ للہ کی ہے خدمت دیں — ہے مصنف کا اجر پیشِ خدا

با دلِ زار لکھ رضی تاریخ
تذکرہ شاہِ کربلائی کا

سنہ ۱۹۲۶ء

## قطعۂ تاریخ طبع کتاب ہذا من جنابہ السّامی

جب محمد ہاشم ذی جاہ نے — کی رقم تاریخ شاہِ مشرقین
پہلے آئینہ کیا جورِ یزید — پھر دکھایا جوہرِ صبرِ حسینؑ
اس مبارک خدمتِ اسلام سے — خوش ہوئی روحِ شہ بدر و حنین
للہ الحمد آج وہ نادر کتاب — چھپ گئی لاہور میں با زیب و زین
پھر نہ ہو تاریخ اس کا کیا سبب — جان کر اس کو رضی تو فرض عین

لکھ حروفِ معجمہ میں سالِ طبع
آج ثابت کی گئی شانِ حسینؑ

سنہ ۱۳۴۵ھ

Marfat.com

# قطعۂ تاریخ طبع کتاب ہذا

## امیر الشعراء جناب سیّد اطفر حسین صاحب منتظر

تلمیذ ملک الکلام قوّی امروہوی زاد لطفہ

ہاشم شیریں مقال حامیٔ دیں مرحبا ۔۔۔ سیّدِ مظلوم کا خوب لکھا تذکرا
تجھ کو بروزِ جزا رتبہ عالی ملے ۔۔۔ حق سے عطا ہو تجھے خلد میں اس کا صلا
بھر کے علیؑ دیں تجھے جام شراب طہور ۔۔۔ دیں دعائیں فاطمہؑ پیار کریں مصطفےٰ
جز غم سبطِ رسولؐ غم نہ ہو کوئی تجھے ۔۔۔ مشکلیں آساں کریں آن کے مشکل کشا
بیکس و مظلوم کی لکھی ہیں تو نے صفات ۔۔۔ کس کو خبر پیشِ حق کیا ہے ترا مرتبا
اس کی ثنا کس سے ہو لکھے جو شانِ حسینؑ ۔۔۔ کہنا تھا جو کہہ دیا میں نے بعز دعا

طبع کی تاریخ بھی خوب ہے یہ منتظر
رنگِ سخن دلپذیر ، تذکرۂ بے بہا

۱۳۴۵ھ ۔۔۔ ۱۹۲۶ء

# فہرست ان کتابوں کی

## جن سے اس کتاب میں استفادہ کیا گیا ہے

| نمبر شمار | نام کتاب | نام مولف و مصنف | مذہب مصنف | زبان |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | قرآن مجید | کلام الحمید | | عربی |
| ۲ | تفسیر کبیر | امام فخر الدین رازی | سنی المذہب | " |
| ۳ | تفسیر علامہ ابی السعود بر حاشیہ تفسیر کبیر | علامہ ابی سعود | " | " |
| ۴ | تفسیر حسینی | ملا حسین کاشفی | " | " |
| ۵ | تفسیر جامع البیان | علامہ سید معین الدین | " | " |
| ۶ | تفسیر معالم التنزیل | محی السنہ علامہ ابو محمد الحسین الفراء البغوی | " | " |
| ۷ | تفسیر اکلیل | جلال الدین سیوطی | " | " |
| ۸ | تفسیر مدارک | ابو البرکات علامہ نسفی | " | " |
| ۹ | تفسیر نیشاپوری | علامہ حسن بن محمد القمی نظام نیشاپوری | " | " |
| ۱۰ | تفسیر جلالین و کمالین | جلال الدین محلی و جلال الدین سیوطی | " | " |
| ۱۱ | صحیح البخاری تفسیر عسقلانی | امام اسمٰعیل بخاری | " | " |

Marfat.com

| نمبر شمار | نام کتاب | نام مؤلف و مصنف | مذہب مصنف | زبان |
|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | صحیح مسلم بتفسیر نودی | مسلم | سنی المذہب | عربی |
| ۱۳ | صحیح ترمذی | محمد بن عیسیٰ ترمذی | " | " |
| ۱۴ | مشکوٰۃ | ابو محمد الحسین البغوی | " | " |
| ۱۵ | تاریخ کامل | ابن اثیر جرزی | " | " |
| ۱۶ | تاریخ طبری | علامہ ابن جریر طبری | " | " |
| ۱۷ | تاریخ خمیس | شیخ حسین دیار بکری | " | " |
| ۱۸ | تاریخ الخلفاء | جلال الدین سیوطی | " | " |
| ۱۹ | تاریخ ابوالفداء | اسمٰعیل | " | " |
| ۲۰ | تاریخ الامامۃ والسیاسۃ | امام ابی محمد ابن قتیبہ دینوری | " | " |
| ۲۱ | سیرت محمدی | مولوی کرامت علی دہلوی | " | " |
| ۲۲ | سیرت ہشام | امام عبدالملک ابن ہشام | " | " |
| ۲۳ | سیرۃ النبی | علامہ شبلی | " | اردو |
| ۲۴ | رحمۃ للعالمین | قاضی حاجی محمد سلیمان صاحب | " | " |
| ۲۵ | مدارج النبوۃ | شاہ عبدالحق محدث دہلوی | " | فارسی |
| ۲۶ | سر الشہادتین | شاہ عبدالعزیز دہلوی | " | عربی |
| ۲۷ | تذکرۃ خواص الآمہ | علامہ سبط ابن جوزی | " | " |
| ۲۸ | روضۃ الصفا | محمد بن خاوند شاہ | " | فارسی |
| ۲۹ | حبیب السیر | غیاث الدین ہروی | " | " |
| ۳۰ | ینابیع المودہ | شیخ سلیمان القندوزی | " | عربی |
| ۳۱ | فصول المہمہ | ابن صباغ مالکی | " | " |

Marfat.com

| نمبر شمار | نام کتاب | نام مؤلف و مصنف | مذہب مصنف | زبان |
|---|---|---|---|---|
| ۳۲ | مطالب السؤل | علامہ ابوطلحہ شافعی | سنی المذہب | عربی |
| ۳۳ | صواعق محرقہ | علامہ ابن حجر مکی | " | " |
| ۳۴ | التطہیر اللسان و الجنان | " | " | " |
| ۳۵ | روضۃ المناظر | علامہ ابی الولید محمد بن شحنہ | " | " |
| ۳۶ | استیعاب | عبدالبر مکی اندلسی | " | " |
| ۳۷ | شرح عقائد نسفی | علامہ تفتازانی | " | " |
| ۳۸ | کنز العمال | ملا شیخ علی متقی | " | " |
| ۳۹ | الشفاء فی تعریف مصطفٰے | قاضی عیاض | " | " |
| ۴۰ | مکتوبات مجدد صاحب سرہندی | مجدد صاحب سرہندی | " | فارسی |
| ۴۱ | حدیقۃ الحقیقہ | حکیم سنائی | " | " |
| ۴۲ | وسیلۃ النجات | ملا محمد مبین فرنگی محلی | " | " |
| ۴۳ | سعادت الکونین | مفتی اکرام الدین تیرہ<br>شیخ عبدالحق محدث دہلوی | " | " |
| ۴۴ | اعجاز التنزیل | جناب وزیر الدولہ خلیفہ سید محمد حسن صاحب بہادر وزیر اعظم ریاست پٹیالہ | شیعہ | اردو |
| ۴۵ | ہدایت المسائل | نواب صدیق حسن خاں بھوپالی | سنی المذہب | فارسی |
| ۴۶ | تاریخ احمدی | نواب احمد حسین خاں پریانواں | شیعہ | اردو |
| ۴۷ | ارجح المطالب | مولوی عبید اللہ امرتسری | سنی المذہب | " |
| ۴۸ | یزید نامہ | خواجہ حسن نظامی دہلوی | " | " |

Marfat.com

| نمبر شمار | نام کتاب | نام مؤلف و مصنف | مذہب مصنف | زبان |
|---|---|---|---|---|
| ۴۹ | محرم نامہ | خواجہ حسن نظامی دہلوی | سنی المذہب | اردو |
| ۵۰ | بہجت المحافل | شیخ زکریا محمد المکی | " | عربی |
| ۵۱ | النبی والاسلام | ڈاکٹر عبد الحکیم خاں | " | اردو |
| ۵۲ | مقتل نور العین | علامہ ابو اسحاق اسفرائنی | " | عربی |
| ۵۳ | تحریر الشہادتین | شاہ سلامت اللہ کانپوری | " | فارسی |
| ۵۴ | مقتل ابو مخنف | ابو مخنف | " | عربی |
| ۵۵ | ارشاد | علامہ شیخ مفید | شیعہ | " |
| ۵۶ | ناسخ التواریخ | میرزا محمد تقی لسان الملک | " | فارسی |
| ۵۷ | شہادت حسینؓ | میاں حسن پھلواری مرحوم ابن شاہ سلیمان پھلواری | سنی المذہب | اردو |
| ۵۸ | شہید اسلام | مولوی محمد ہارون زنگی پوری | شیعہ | " |
| ۵۹ | شہید اعظم | سید ریاض علی صاحب ریاض بنارسی | " | " |
| ۶۰ | ذبح عظیم | خاں بہادر اولاد حیدر صاحب فوق | " | " |
| ۶۱ | تاریخ زوال روم | مسٹر گبن | عیسائی | انگریزی |
| ۶۲ | لٹریری ہسٹری آف پرشیا | سی براؤن | " | " |
| ۶۳ | ہسٹری آف سارسین | آنریبل سید امیر علی | شیعہ | " |
| ۶۴ | مثنوی دُرِّ ثمین | جناب مرزا غلام احمد صاحب قادیانی | سنی قادیانی | فارسی |
| ۶۵ | خصائصِ نسائی | احمد محدث نسائی | سنی المذہب | عربی |

Marfat.com

# ناموسِ اسلام

یعنی

# شانِ حسینؑ

## (حصّہ اوّل)

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَآءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ یُرْزَقُوْنَ ۝

مُصنّفہ

فضیلت مآب سیادت انتساب خلیفہ سیّد محمّد ہاشم صاحب

بٹیالوی مرحوم و مغفور

ناشر

مکتبہ امامیہ مشن پاکستان

پاک نگر، اکرم روڈ

پوسٹ بکس ۴۸۵

لاہور